عاشقانِ رسول ﷺ کی خدمت میں قرآن و حدیث اور
معترضین کی کتب سے ۲۴۰ دلائل پر مشتمل مایہ ناز کتاب

# عطائے خدا عزوجل
# اختیاراتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

شرفِ تالیف
ولانا پیر سید شبیر حسین شاہ

شاکر پبلی کیشنز لاہور

Marfat.com

Marfat.com

عاشقانِ رسول کی خدمت میں قرآن و حدیث اور
معتبر مصنفین کی کتب سے ۲۴۰ دلائل پر مشتمل مایہ ناز کتاب

# عطائے خدا عزوجل
# اختیاراتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم


شرف تالیف: مولانا پیر سید شبیر حسین شاہ
خطیب مسجد سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا گنجی پور



DATA ENTERED



شاکر پبلی کیشنز
اردو بازار لاہور
فون: 042-37240084



Marfat.com

جملہ حقوقِ ملکیت بحق ناشر محفوظ ہیں

# عطائے خدا عزوجل اختیاراتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

297.9921
35 عطا
142382

باہتمام ملک محمد شاکر
سن اشاعت مارچ 2017ء
طابع اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
قیمت =/350 روپے

ملنے کا پتہ:

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور فون: 042-7246006

نظامیہ کتاب گھر
زبیدہ سنٹر، اردو بازار لاہور 0301-4377868

احمد بک کارپوریشن
اقبال روڈ نزد کمیٹی چوک راولپنڈی
051-5558320

مکتبہ بابا فرید
چوک چٹی قبر، پاک پتن شریف

اسلامک بک کارپوریشن
اقبال روڈ نزد کمیٹی چوک راولپنڈی
051-5536111

مکتبہ قادریہ
داتا دربار مارکیٹ لاہور
042-37226193

معراج کتب خانہ
اندرونی بوہڑ گیٹ ملتان
0323-7210125

**تنبیہ**

ہمارے ادارے کا نام بغیر ہماری تحریری اجازت بطور ملنے کا پتہ، ڈسٹری بیوٹر، ناشر یا تقسیم کنندگان وغیرہ میں نہ لکھا جائے۔ بصورت دیگر اس کی تمام تر ذمہ داری کتاب طبع کروانے والے پر ہوگی۔ ادارہ ہذا اس کا جواب دہ نہ ہوگا اور ایسا کرنے والے کے خلاف ادارہ قانونی کاروائی کا حق رکھتا ہے۔

**ضروری التماس**

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تا کہ وہ درست کردی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

Marfat.com

# حُسنِ ترتیب



| صفحہ نمبر | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۱۶ | تقریظات | 01 |
| ۲۵ | شرفِ انتساب | 02 |
| ۲۷ | عقیدت کے پھول | 03 |
| ۲۸ | پیش نظر | 04 |
| ۳۳ | حمدِ باری تعالیٰ عزوجل | 05 |
| ۳۴ | نعت رسول ﷺ | 06 |
| ۳۸ | در مدح چار یار رضوان اللہ علیہم اجمعین | 07 |
| ۳۹ | در مدح اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین | 08 |
| ۴۰ | اختیاراتِ مصطفیٰ ﷺ قرآن وحدیث کی روشنی میں | 09 |
| ۴۱ | ہم نے آپ ﷺ کو غنی کر دیا | 10 |
| ۴۳ | میرے رب نے مجھے زمین کے خزانوں کی چابیاں دی ہیں | 11 |
| ۴۷ | خدا کے خزانوں کی چابیاں میرے آقا ﷺ کے ہاتھوں میں | 12 |
| ۴۹ | میرے رب نے مجھے سرخ وسفید خزانے عطا کیے ہیں | 13 |
| ۵۱ | چتکبرے گھوڑے پر زمین کی چابیاں | 14 |
| ۵۲ | منگتوں کو خالی دامن مت بھیجنا | 15 |
| ۵۳ | میرے نبی کریم ﷺ نے منگتوں کو کبھی ناں نہیں کی | 16 |
| ۵۵ | اسلام قبول کرنے پر جو بھی چیز مانگو گے آقا ﷺ ضرور دیں گے | |



Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 17 | تیز ہوا سے بڑھ کر سخاوتِ مصطفیٰ ﷺ | |
| 18 | اولادِ آدم میں سب سے زیادہ سخی کون ہے | ۵۷ |
| 19 | میری بارگاہ میں حاجت مندوں کی سفارش کیا کرو | ۵۸ |
| 20 | نبی کریم ﷺ لوگوں کو حکومت بھی عطا فرماتے ہیں | ۶۰ |
| 21 | میرے محبوب ﷺ کے پاس آؤ | ۶۱ |
| 22 | جرم ہونے کے بعد نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہونے کا عملی | |
| 23 | مظاہرہ | ۶۲ |
| 24 | صحابہ کرام کا بارش کے لیے آپ ﷺ کی بارگاہ میں عرض کرنا | ۶۶ |
| 25 | لیجیے صاحب ایک اور دلیل | ۷۱ |
| 26 | ایک اور دلیل | ۷۳ |
| 27 | زندگی میں حج کتنی مرتبہ فرض ہے | |
| 28 | اگر میں ہاں کر دیتا تو ہر سال حج فرض ہو جاتا | ۷۴ |
| 29 | ہر نماز کے ساتھ مسواک کا حکم | ۷۷ |
| 30 | اگر میں سجدہ کا حکم دیتا تو عورت سے کہتا کہ وہ اپنے خاوند کو سجدہ | |
| 31 | کرے | ۷۸ |
| 32 | ریشم اور سونا مردوں پر حرام فرما دیا | ۷۹ |
| 33 | سونے کی انگوٹھی پہننے میں رخصت | ۸۳ |
| 34 | سونے کی ناک لگوانے کی اجازت | ۸۵ |
| | حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں میں سونے کے کنگن | |
| | ریشم پہننا حرام ہے | ۸۶ |


Marfat.com

| صفحہ نمبر | عنوان | نمبر شمار |
| --- | --- | --- |
| ۹۱ | ریشم کا کپڑا پہننے کی اجازت دینا | 35 |
| ۹۴ | پالتو گدھوں کا گوشت حرام ہے | 36 |
| ۹۵ | نکاح متعہ کیا ہے؟ | 37 |
| | آپ ﷺ کا رب آپ ﷺ کو راضی کردے گا | 38 |
| ۹۶ | حافظ ابن کثیر کا نقطہ نظر | 39 |
| ۹۶ | حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی ایک تائید | 40 |
| | خدا عزوجل چاہتا ہے رضائے محمد ﷺ | 41 |
| | سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا عقیدہ خدا عزوجل چاہتا ہے رضائے | 42 |
| | محمد ﷺ | 43 |
| ۹۹ | صحابہ کرام بھی چاہتے ہیں رضائے محمد ﷺ | 44 |
| | اے عائشہ اگر میں چاہوں تو سونے کے پہاڑ میرے ساتھ چلیں | 45 |
| ۱۰۰ | اگر میں چاہوں تو مکہ کے سنگریزے سونا بن جائیں | 46 |
| ۱۰۱ | اگر میں دعا کرتا تو میرا رب مجھے قیصر و کسری کا مالک بنا دیتا | 47 |
| | میں تو اللہ تعالیٰ کے خزانوں کو تقسیم کرنے والا ہوں | 48 |
| ۲۰۲ | میں تو بانٹنے والا خزانچی ہوں | 49 |
| ۱۰۳ | ساری زمین اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی ہے | 50 |
| ۱۰۴ | میرے نبی کریم ﷺ نے لوگوں کو جاگیروں کا مالک مختار بنا دیا | 51 |
| ۱۰۶ | کھجوروں کے درخت بطور جاگیر کے دے دیئے | 52 |
| ۱۰۸ | حضرت فاروق اعظم قاسم بھی ہیں خازن بھی ہیں | |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 53 | اللہ تعالیٰ نے مجھے سب کچھ عطا فرما دیا ہے | ۱۰۸ |
| 54 | جنت میں ایک ہزار محل | ۱۰۹ |
| 55 | نبی کریم ﷺ اور دین اسلام کی برکت سے لوگ مالدار ہو گئے | ۱۱۰ |
| 56 | حضرت ابو ہریرہ کو حافظہ عطا فرما دیا | |
| 57 | قصاص کا حکم | ۱۱۲ |
| 58 | قصاص میں معافی | ۱۱۳ |
| 59 | میرا نبی ﷺ مطلق مالک ومختار ہے | ۱۱۴ |
| 60 | اختیارات مصطفیٰ ﷺ پر عملی مظاہرہ | ۱۱۵ |
| 61 | مومنوں پر نماز مقررہ وقت پر فرض ہے | ۱۱۷ |
| 62 | نماز عشاء کا وقت مقرر کرنے میں اختیارات | ۱۱۸ |
| 63 | دو نمازوں کی شرط پر مسلمان ہونا | ۱۱۹ |
| 64 | نبی کریم ﷺ کا اپنی نواسی کو اپنے کندھوں پر بٹھا کر نماز پڑھنا | ۱۲۲ |
| 65 | عطائے حوض کوثر | ۱۲۵ |
| 55 | شان نزول | |
| 67 | کوثر کیا ہے؟ | ۱۲۶ |
| 68 | اسلام میں گواہوں کی تعداد | ۱۲۹ |
| 69 | حضرت خزیمہ کی گواہی دو مردوں کے برابر | ۱۳۰ |
| 70 | لیجیے صاحب امام بخاری کا حوالہ | ۱۳۲ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 71 | اسلام میں کتنی شادیاں جائز ہیں | ۱۳۴ |
| 72 | مولا علی رضی اللہ عنہ سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کی موجودگی میں دوسری شادی | |
| 73 | نہیں کر سکتے | |
| 74 | جھوٹ بولنے والے لعنتی ہیں | ۱۳۹ |
| 75 | جھوٹ کی ممانعت | |
| 76 | منافق کی تین نشانیاں | ۱۴۰ |
| 77 | جھوٹ بولنے والے سے فرشتے ایک میل دور ہو جاتے ہیں | ۱۴۰ |
| 78 | جھوٹ بولنے والے کی سزا | ۱۴۱ |
| 79 | تین مقامات پر جھوٹ کی رخصت | ۱۴۲ |
| 80 | حالت جنابت میں کوئی مسجد سے نہ گزرے | ۱۴۵ |
| 81 | تمام دروازے بند کر دو سوائے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے | ۱۴۶ |
| 82 | جناب ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے لیے رخصت | |
| 83 | اے علی میں اور تم حالت جنابت میں بھی مسجد میں رہ سکتے ہیں | ۱۴۷ |
| 84 | نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حلال وحرام کا اختیار | ۱۴۸ |
| 85 | نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اختیارات کو تسلیم نہ کرنے والوں کے متعلق پشین | |
| 86 | گوئی | ۱۵۱ |
| 87 | حضرت اُم عطیہ کو نوحہ کرنے کی اجازت دینا | ۱۵۲ |
| 88 | بکری کے چھوٹے بچے کی قربانی کرنے میں اجازت دینا | ۱۵۵ |
| | میرا نام رکھو لیکن میری کنیت نہ رکھنا | ۱۵۷ |
| | حضرت علی رضی اللہ عنہ کو نام اور کنیت رکھنے کی اجازت دینا | ۱۶۱ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 89 | اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ملکوں کی بادشاہیاں عطا فرماتا ہے | ١٦٢ |
| 90 | ربیعہ مانگ کیا مانگتا ہے | ١٦٤ |
| 91 | حضرت مُلا علی قاری کا تبصرہ | ١٦٦ |
| 92 | حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی کا اظہار خیال | ١٦٧ |
| 93 | غیر مقلد نواب صدیق کا نکتہ نظر | ١٦٨ |
| 94 | اللہ تعالیٰ بھی دیتا ہے اور اس کا رسول ﷺ بھی دیتا ہے | |
| 95 | اللہ تعالیٰ کے حبیب ﷺ بھی دولت مند کرتے ہیں | ١٦٩ |
| 96 | حضرت قتادہ کو آنکھ عطا فرمادی | |
| 97 | نبی کریم ﷺ کے وسیلہ سے آنکھیں مل گئیں | ١٧٢ |
| 98 | حضرت سیدنا امام اعظم حضرت امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کا عقیدہ | ١٧٣ |
| 99 | حضرت علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا فیصلہ | ١٧٤ |
| 100 | قبلہ کی تبدیلی میں آپ ﷺ کی رضامندی | ١٧٥ |
| 101 | آپ ﷺ حاکم اور مختار کل ہیں | ١٧٧ |
| 102 | نبی پاک ﷺ کا مختار کل ہونے کا عملی مظاہرہ | ١٧٨ |
| 103 | میرے دو وزیر آسمان میں ہیں اور دو زمین میں | |
| 104 | ڈوبا سورج واپس پلٹ آیا | ١٨٣ |
| 105 | حضرت سلیمان علیہ السلام کے لیئے ڈوبا سورج واپس آ گیا | ١٨٤ |
| 106 | حضرت یوشع علیہ السلام کے لیے سورج رک گیا | |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 107 | جو نبی کریم ﷺ کو مختار کل نہ مانے اس کی سزا فاروق اعظم کی نظر میں | ۱۸۷ |
| 108 | اختیارات مصطفیٰ ﷺ نہ ماننے والوں کی نشانیاں | ۱۸۹ |
| 109 | حکم خدا پیارے آقا ﷺ جنت بھی تقسیم کرتے ہیں | ۱۹۵ |
| 110 | قرآن کی وضاحت ایمان کیا ہے | ۱۹۶ |
| 111 | حدیث مبارکہ سے ایمان کی تفسیر | |
| 112 | سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کو جنت کی سرداری دے دی | ۱۹۸ |
| 113 | نبی پاک ﷺ کا | |
| 114 | حسنین کریمین کو جنت کی سرداری عطا فرمادی | ۱۹۹ |
| 115 | حضرت سیدنا عبد المطلب کی اولاد جنت کی سردار ہے | ۲۰۰ |
| 116 | جس نے زمین پر چلتا ہوا جنتی آدمی دیکھنا ہو | ۲۰۱ |
| 117 | میرے نبی کریم ﷺ نے جنت کی حامی دے دی | ۲۰۳ |
| 118 | اصحاب ثلاثہ کو جنت کی بشارت | ۲۰۴ |
| 119 | عشرہ مبشرہ کو جنت کی بشارت | ۲۰۵ |
| 120 | اے ثابت بن قیس تو جنتی ہے | ۲۰۷ |
| 121 | زمین پر چلتا پھرتا جنتی | ۲۱۱ |
| 122 | حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جنت کی سرداری دے دی | ۲۱۲ |
| 123 | حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے جنت واجب کر لی | ۲۱۴ |
| 124 | جنت میں آپ ﷺ کے پڑوسی کون ہیں | ۲۱۵ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 125 | اے زید بن ارقم تو بغیر حساب کتاب کے جنت میں جائے گا۔ | ۲۱۶ |
| 126 | حضرت مرثد غنوی تم عمل نہ بھی کرو پھر بھی کوئی حرج نہیں ہے | ۲۱۸ |
| 127 | اے عثمان رضی اللہ عنہ تو کچھ بھی کرے تیرا مواخذہ نہیں ہوگا | ۲۲۰ |
| 128 | حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے میرے نبی ﷺ سے جنت خرید لی | ۲۲۳ |
| 129 | زمین پر جنتی عورت | ۲۲۵ |
| 130 | سورۃ اخلاص پڑھنے والے پر جنت واجب ہوگئی | ۲۲۶ |
| 131 | تین عملوں پر جنت کی ضمانت | ۲۲۸ |
| 132 | دو عملوں پر جنت کی ضمانت | ۲۲۹ |
| 133 | ایک عمل پر جنت کی ضمانت | ۲۳۰ |
| 134 | آقا ﷺ جنت عطا فرماتے ہیں کچھ نرالے انداز میں | ۲۳۲ |
| 135 | تم پر جنتی شخص آنے والے ہیں | ۲۳۳ |
| 136 | بخار کی وجہ سے صبر کرنے پر جنت کا انعام | ۲۳۴ |
| 137 | قرآن کی تلاوت سن کر رونے والوں کے لیے جنت | ۲۳۶ |
| 138 | جو کسی جنتی آدمی کو دیکھنا چاہتا ہو | ۲۳۸ |
| 139 | جہنم پر بھی آپ ﷺ کے اختیارات | ۲۳۰ |
| 140 | ایک اعرابی کے متعلق فرمایا کہ جہنمی ہے | ۲۴۰ |
| 141 | اسلام کا دعویٰ کرنے والا جہنم میں | ۲۴۱ |
| 142 | میں مختار کل ہوں | ۲۴۳ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 143 | مسلمان سے ترک کلام کتنے دن تک جائز ہے | ۲۴۶ |
| 144 | **معترضین کی کتب سے حوالہ جات** | ۲۴۸ |
| 145 | نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں دیوبندیوں کے مولوی قاسم کی التجا | |
| 146 | مولوی اشرف علی تھانوی کا فتویٰ مولوی قاسم پر ہی لگ گیا | ۲۴۹ |
| 147 | ان دو حوالوں پر تبصرہ | ۲۵۰ |
| 148 | مولوی قاسم نانوتوی سے پھر نہ رہا گیا | ۲۵۱ |
| 149 | مولوی اشرف علی تھانوی کا نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں التجا کرنا | ۲۵۲ |
| 150 | حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نے نبی پاک ﷺ کو مشکل کشا مان لیا | ۲۵٦ |
| 151 | آپ کے پیر و مرشد حاجی امداد اللہ مہاجر مکی کا عقیدہ | ۲۵۳ |
| 152 | حاجی امداد اللہ مکی مہاجر نے حضرت علی کو مشکل کشا مان لیا | ۲۵٦ |
| 153 | تبصرہ | |
| 154 | حاجی امداد اللہ صاحب اپنے پیر و مرشد سے مدد مانگتے ہیں | ۲۵۸ |
| 155 | تبصرہ | |
| 156 | مرید کو مُرشد کی قبر سے پیسوں کا ملنا | ۲۵۴ |
| 157 | مرید کے لئے شیخ مشکل کشاء ہے | ۲۶۰ |
| 158 | مولوی قاسم نانوتوی کے اختیارات روزہ توڑ دینے پر بھی | ۲۶۱ |
| 159 | اجر و ثواب | |
| 160 | | |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 161 | مولوی رشید گنگوہی کے اختیارات گنگوہی کے بندے دوزخ میں نہیں | ۲۶۲ |
| 162 | جائیں گے | |
| 163 | دیوبندیوں کو کھلا چیلنج | ۲۶۳ |
| 164 | مولوی تھانوی کے اختیارات تھانہ بھون غرق ہونے سے بچا ہوا ہے | ۲۶۴ |
| 165 | اختیارات جناب حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ | |
| 166 | حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے ڈوبتا جہاز بچالیا | ۲۶۵ |
| 167 | قبر میں مرید نے حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ پاک کا تعارف کروایا تو | |
| 168 | مشکل حل ہوگئی | |
| 169 | حاجی امداد اللہ نے ڈوبتوں کو بچالیا | ۲۶۶ |
| 170 | حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ کی مریدنی نے اپنا مردہ بیٹا زندہ کردیا | |
| 171 | نبی کریم ﷺ نے ایک شخص کی مردہ لڑکی کو زندہ کردیا | ۲۶۷ |
| 172 | حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے بیٹوں کو زندہ فرمادیا | |
| 173 | نبی پاک ﷺ کے وسیلہ سے بوڑھی مائی کا لڑکا زندہ ہوگیا | ۲۶۸ |
| 174 | نبی کریم ﷺ نے اپنے والدین کریمین کو زندہ کردیا | |
| 175 | غیر مقلدوں کی ایک تصدیق | ۲۶۹ |
| 176 | تکلیف کے وقت نبی کریم ﷺ سے مدد مانگنا جائز ہے | |
| 177 | تکلیف کے وقت یا محمد ﷺ کہنا | |
| 178 | | |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 179 | مشکل وقت میں نبی پاک ﷺ کی پناہ مانگنا | ۲۷۱ |
| 180 | وہابیوں، دیوبندیوں کے مولوی ابن تیمیہ لکھتے ہیں | ۲۷۴ |
| 181 | وہابیوں، دیوبندیوں کے مولوی ابن قیم لکھتے ہیں | |
| 182 | نواب صدیق حسن خاں بھوپالی کا عقیدہ | ۲۷۵ |
| 183 | مزید لکھتے ہیں | |
| 184 | الطاف حسین حالی لکھتے ہیں | |
| 185 | مولوی سرفراز گکھڑوی کا عقیدہ | ۲۷۶ |
| 186 | دیوبندیوں کی متفقہ گواہی | ۲۷۶ |
| 187 | حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کا محبت بھرا عقیدہ | ۲۷۷ |
| 188 | کفر کی ایک خفیہ سازش | ۲۷۸ |
| 189 | انگریز کا پروگرام | ۲۷۹ |
| 190 | انگریزی مولویوں کی تبلیغ | ۲۸۰ |
| 191 | اختیارات جناب حضرت عیسیٰ علیہ السلام | ۲۸۱ |
| 192 | حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے مردہ زندہ کر دیا | ۲۸۵ |
| 193 | حضرت سلیمان علیہ السلام کے اختیارات | ۲۸۷ |
| 194 | حضرت سلیمان علیہ السلام کے تابع چیزیں | ۲۸۸ |
| 195 | آپ کے اختیارات پر حدیث مبارکہ کی تائید | ۲۸۹ |
| 196 | حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اختیارات | |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 197 | حضرت موسیٰ علیہ السلام کو زندگی اور موت کا اختیار | ۲۹۰ |
| 198 | حضرت حزقیل علیہ السلام کی دعا سے مردے زندہ | ۲۹۲ |
| 199 | اختیارات حضرت یوسف علیہ السلام | ۲۹۳ |
| 200 | حضرت یوسف علیہ السلام کا اقرار | ۲۹۴ |
| 201 | حضرت یعقوب علیہ السلام کے وسیلہ سے مصر میں قحط ختم ہو گیا | ۲۹۵ |
| 202 | حضرت ذوالقرنین کے اختیارات | |
| 203 | حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ایک سوال | ۲۹۶ |
| 204 | حضرت داؤد علیہ السلام کے اختیارات | |
| 205 | حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت سلیمان علیہ السلام کے متفقہ اختیارات | ۲۹۸ |
| 206 | حضرت آصف بن برخیا رضی اللہ عنہ کے اختیارات | ۲۹۹ |
| 207 | ایک اعتراض اور اس کا جواب | ۳۰۱ |
| 208 | ہر شخص کو اختیارات دیے گئے ہیں | ۳۰۲ |
| 209 | **چند اعتراضات اور ان کے دندان شکن جواب** | ۳۰۴ |
| 210 | اعتراض نمبر 1 اور اس کا جواب | |
| 211 | اعتراض نمبر 2 اور اس کا جواب | ۳۰۶ |
| 212 | اعتراض نمبر 3 اور اس کا جواب | ۳۰۷ |
| 213 | اعتراض نمبر 4 اور اس کا جواب | ۳۰۹ |
| | اعتراض نمبر 5 اور اس کا جواب | ۳۱۰ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 214 | اعتراض نمبر 6 اور اس کا جواب | ۳۱۲ |
| 215 | اعتراض نمبر 7 اور اس کا جواب | ۳۱۵ |
| 216 | اعتراض نمبر 8 اور اس کا جواب | ۳۱۶ |
| 217 | خارجیوں اور بے دینوں کی نشانی | ۳۱۹ |
| 218 | توحید کی آڑ میں اسلام سے دشمنی | ۳۲۰ |
| 219 | پہلا نقصان | |
| 220 | دوسرا نقصان | ۳۲۲ |
| 221 | تیسرا نقصان | |
| 222 | آخر کلام | ۳۲۳ |
| 223 | دلیل نمبر 240 | ۳۲۴ |
| 224 | آخری التماس | |


Marfat.com

# تقریظات

اَلحَمدُ لِلّٰہِ وَ کَفٰی وَ الصَّلوٰۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی مَنِ اسمُہُ الاَعظَمُ المُتَحَلّٰی المُتَجَلّٰی المُصطَفَی المُصفًّا وَ عَلٰی آلِہٖ وَ خُلَفَائِہٖ وَ اُولِی الصِّدقِ وَ الوَفَا اَمَّا بَعدُ فَاَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ ۔
بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ۔

اللہ پاک نے بنی نوع انسان کی رشد و ہدایت کے لیے انبیاء کرام علیہم السلام کو مبعوث فرمایا۔ اپنی جناب سے انہیں کمالاتِ عُظمیٰ سے نوازا۔ جب اپنے آخر الزماں نبی، خاتم المرسلین ﷺ کے وجودِ باجود کو منصب شہود پر جلوہ گر فرمایا تو جنت کے داروغہ حضرت رضوان کو اپنے محبوب ﷺ کی خدمت میں بھیج کر اس بشارت سے نوازا:

اِبشِرُ یَا مُحمدُ! فَمَا بَقِیَ لِنَبِیٍّ عِلمٌ اِلَّا وَ قَد اُعطِیتَہٗ فَاَنتَ اَکثَرُ ھُم عِلمًا وَّ اَشجَعُھُم قَلبًا (بحوالہ فتاویٰ عبدالحی)

اے محمد ﷺ آپ ﷺ کو خوشخبری ہو، ہر نبی جو بھی علم عطا فرمایا گیا، وہ آپ ﷺ کو (پیدا ہوتے ہی) عطا فرما دیا گیا ہے۔ آپ ﷺ ان سب میں علم میں فوقیت رکھتے ہیں اور ان سب سے بہادر ہیں۔ پھر یہ نوید سنائی گئی وَلَلاٰخِرَۃُ خَیرٌ لَّکَ مِنَ الاُولٰی ۔

آپ ﷺ کی ہر آنے والی گھڑی پہلی گھڑی سے افضل و اعلیٰ ہو گی۔

پھر یہ اعلان بھی فرمایا گیا: اِنَّا اَعطَینٰکَ الکَوثَرَ بے شک ہم نے آپ ﷺ کو خیر کثیر عطا فرمائی۔

Marfat.com

عطائے خیرِ کثیر کو کسی ایک صنف میں مقیّد نہیں فرمایا بلکہ اس عمومی پہلو میں ہمہ جہت مادی، علمی، روحانی اور عملی نعمتوں کی فراوانی اور کثرت کو لفظِ کوثر سے تعبیر فرمایا تاکہ جاننے والے جان لیں کہ رب رحمان نے اپنے محبوب کریم ﷺ کو اتنے بے پایاں انعامات واختیارات سے نوازا ہے کہ جس کی کوئی حد ہی نہیں۔ جو انسانی عقل وشعور سے ورآء ہیں۔ علامہ بوصیری علیہ الرحمہ بھی یہی اظہار کرتے سنائی دیتے ہیں:

فَاِنَّ مِنْ جُوْدِكَ الدُّنْيَا وَ ضَرَّتَهَا

وَ مِنْ عُلُوْمِكَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

یقیناً دنیا وآخرت تو اے نبی رحمت ﷺ! آپ ﷺ کے جود وکرم کا ایک ذرہ ہے اور لوح وقلم کے علوم تو آپ ﷺ کے بحرِ بے کنار کا ایک قطرہ ہیں۔

زیرِ نظر مسودہ بعنوان عطائے خدا اختیارات مصطفیٰ ﷺ اسی فکر کا اظہار ہے کہ کائنات کی ہر چیز کا نبی ﷺ مالک ومختار ہے۔ جہاں تک کہ کبریا کی کبریائی ہے وہاں تک مصطفیٰ ﷺ کی رسائی ہے۔ جب اغیار کی چالوں سے فکرِ عرب کو فرنگی تخیلات کا جامہ پہنایا جانے لگا اور روحِ محمدی کو اہل ایمان کے قلوب واذہان سے نکالنے کی سازش کی جانے لگی تو اس حق کے اقلام شمشیرِ بے نیام بن کر باطل افکار کے پرخچے اڑانے لگے۔ جب بے ادبی کی مسموم ہواؤں نے چراغِ مصطفوی کی ضیا کو کم کرنا چاہا تو اہل حق نے دلائل کے فانوس سے ان کا رخ موڑ دیا۔ جب پراگندہ افکار ونظریات کا سیلاب اہل محبت کے قلوب واذہان کو شکوک وشبہات میں مبتلا کرنے لگا تو قافلہ عشق کے مجاہدین نے دلائل قاہرہ سے اس کے سامنے بند باندھ دیا۔ جب علوم نبوی ﷺ اور اختیارات مصطفوی کا انکار ہونے لگا تو اہلسنّت نے قرآن وحدیث کی روشنی میں ان افکار وعقائد کو روزِ روشن کی طرح عیاں کر دیا۔

زیرِ نظر کتاب عطائے خدا اختیارات مصطفیٰ ﷺ صاحبزادہ سید شبیر حسین شاہ

Marfat.com

صاحب کی شب و روز کاوش کا نتیجہ ہے۔ اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ ہو۔ دعا ہے کہ اللہ پاک یہ گلدستہ پیش کرنے والے سید زادہ اور تمام قارئین کو اپنے حبیب پاک ﷺ کے طفیل خیر و برکت سے نوازے اور شفاعتِ کبریٰ سے حصہ نصیب فرمائے۔ آمین بجاہ النبی الکریم طٰہٰ و یٰسٓ و صلی اللہ تعالٰی علٰی حبیبہٖ سیّدنا محمد وآلہ و اصحابہ اجمعین۔

احقر العباد

**حافظ معاذ احمد قادری**

اسسٹنٹ پروفیسر گورنمنٹ پوسٹ

گریجویٹ کالج عارفوالہ ضلع پاکپتن شریف

20-10-2016

Marfat.com

بسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اخْتَصَّ اَخَصَّ عِبَادِہٖ باِغَاثَۃِ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ وَاخْتَارَ خَیْرَ خَلَائِقِہٖ لِاِعَانَۃِ الْمُسْتَعِیْنِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْمُصْطَفَی الَّذِیْ جَاءَ مُعِیْناً لِّلْمَلْھُوْفِیْنِ وَ مُجِیْباً لِّلدَّاعِیْنَ وَ ھَادِیاً لِّلْحَائِرِیْنِ وَ نَاصِرًا لِّلْمَظْلُوْمِیْنَ وَعَلٰی آلِہِ الْمُطَھَّرِیْنَ وَ اَصْحَابِہِ الْمُھْتَدِیْنَ وَالتَّابِعِیْنَ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ۔

خالق کائنات نے اس عظیم کائنات کو طرح طرح کے رنگ و بو سے سجایا، قسم قسم کے چرند و پرند کو پیدا فرمایا اور پوری روئے زمین کو ہی نہیں بلکہ تحت الثریٰ سے لے کر ثریا کی بلندیوں تک بلکہ لامکاں کو رونقیں بخشیں صرف اور صرف سید الانبیاء، خاتم الانبیاء، امام الانبیاء حضرت محمد ﷺ کے باعث جیسا کہ مصنف عبدالرزاق کی صحیح حدیث پاک سے ثابت ہے۔

الغرض! کائنات کے ذرّے ذرّے نے خدا وحدہٗ لاشریک کی مدح و ستائش بیان کی اور بیان کی جا رہی ہے ساتھ ہی ساتھ ہر ایک نبی رحمت ﷺ کی بھی نعت و قصیدہ گوئی کر رہا ہے۔

نبی کریم ﷺ کی مدح و ستائش اور نعت خوانی حضرۃ العلام صاحبزادہ مولانا پیر سید شبیر حسین شاہ صاحب نے بھی عطائے خدا اختیارات مصطفیٰ ﷺ کی صورت میں پیش فرمائی۔

مجھے عطائے خدا اختیارات مصطفیٰ ﷺ کو مختلف مقامات سے پڑھنے کا شرف

Marfat.com

حاصل ہوا تو بڑی خوشی ہوئی کہ محترم صاحبزادہ علامہ سید شبیر حسین شاہ صاحب نے دلائل قاہرہ سے اس کتاب کو مزیّن کر کے حق ادا کر دیا۔ آخر میں دعا گو ہوں کہ رب ذوالجلال صاحبزادہ علامہ سید شبیر حسین شاہ صاحب کو مزید ہمت و طاقت عطا فرمائے کہ ایسے ہی دین کی اشاعت و ترویج کا کام احسن انداز سے فرماتے رہیں اور انہیں عمر خضری عطا فرمائے۔ والحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سیّد المرسلین آمین بجاہ النبی الامین

از: مفتی عبدالرسول رضوی

صدر مدرس جامعہ حنفیہ غوثیہ عارفوالا (رجسٹرڈ)

10-02-2017

Marfat.com

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَحْدَہٗ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ لَّا نَبِیَّ بَعْدَہٗ
اَمَّا بَعْدُ

تمام تعریفیں اس اللہ کے لیے ہیں جو مالک نگہبان اور سب سے بلند ہے جس نے کائنات کی ہر چیز کو پیدا کیا اور جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔ اور درود وسلام ہوں تمام رسولوں سے معزز ترین ہستی ہمارے سردار جناب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ۔ آپ ﷺ کی تمام آل واصحاب پر۔۔۔۔۔۔ امابعد!

محترم جناب علامہ صاحبزادہ پیر سید شبیر حسین شاہ نے مجھے تقریظ لکھنے کے لئے اپنی کتاب عطائے خدا اختیارات مصطفیٰ ﷺ ارسال کی میں نے اس کتاب کا بغور مطالعہ کیا ہے مولف نے اس کتاب میں قرآن و حدیث اور معترضین کی کتب سے 240 دلائل پر مشتمل مکمل حوالہ جات کے ساتھ نبی کریم ﷺ کے ان اختیارات پر قلم اٹھایا ہے جو آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے عطا کیے ہیں۔ اگر اس کتاب کو تعصب اور گروہ بندی سے ہٹ کر دل میں نور ایمان رکھ کر پڑھا جائے تو میں پورے وثوق سے کہتا ہوں کہ یہ کتاب آقائے دو عالم ﷺ کی محبت کی ترجمانی کرتی ہوئی نظر آئے گی۔ اس بات میں کوئی شک نہیں ہے کہ مولف نے (اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے) اس کتاب کو دیدہ زیب شکل میں لانے کے لئے محنت شاقہ سے کام لیا ہے اور اس کتاب کو ایسے حسین وجمیل انداز میں تالیف کیا ہے کہ ہر پڑھنے والے قاری کے لئے پڑھنے اور سمجھنے میں آسانی میسر ہو۔

میں اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ وہ ذات حق قبلہ پیر سید شبیر حسین شاہ صاحب کو اس

Marfat.com

محنت شاقہ پر جزائے خیر عطا فرمائے اور اس کتاب کو ان کی حسنات میں اضافہ کا سبب بنانے کے ساتھ ساتھ ہمیں بھی اس کتاب کے ذریعے نفع عطا فرمائے اور اللہ کریم بوسیلہ احمد مجتبیٰ ﷺ مولف کے زور قلم میں مزید برکت فرمائے تاکہ وہ مسلک حق اہل سنت و جماعت کی اس طرح ترجمانی کرتے رہیں۔ اللہ تعالیٰ قبلہ شاہ صاحب کے علم وعمل میں اور زندگی میں دگنی برکت فرمائے۔ بے شک اللہ تعالیٰ اس چیز کا نگہبان اور اس چیز پر قادر ہے

و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

دعا گو

علامہ سید ولایت علی شاہ ہاشمی سلطانی

خطیب قصر آس جامع مسجد شہبازیہ غوثیہ

سلطانیہ دربار سید شہباز علی شاہ ہاشمی

ہڑپہ شہر ڈویژن ساہیوال۔

۱۶۲۳۸۲

Marfat.com

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

نَحمَدُہٗ وَ نُصلِّی عَلٰی رَسُولِہِ الکَرِیم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ
اَمَّابَعدُ !

دورِ حاضر میں قرآن وحدیث کا نام لے کر امت مسلمہ کو گمراہ کیا جا رہا ہے اور باطل افکار کی اشاعت زوروں پر ہے۔ قرآن وحدیث کے مفاہیم کو غلط ملط کر کے امت مسلمہ کو صراط مستقیم سے دور کیا جا رہا ہے اس وقت اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ اہل علم حضرات اختلافی مسائل کو قرآن وحدیث، اقوال صحابہ اور بزرگان دین اور اقوال فقہاء کے دلائل قاہرہ سے مزین کر کے امت مسلمہ تک پہنچائیں تا کہ فتنہ پرور لوگوں کی سازشوں کا قلع قمع ہو سکے۔

حضرت علامہ مولانا پیر سید شبیر حسین شاہ صاحب نے اس سے پہلے امت مسلمہ کو دعائے مغفرت برائے میت و ایصال ثواب پر نہایت علمی تصنیف کا تحفہ دیا اور اب عطائے خدا اختیارات مصطفیٰ ﷺ کے موضوع پر تحقیق کا حق ادا کیا ہے۔ اگر تعصب کی رسی ہٹا کر دیکھا جائے تو بات نہایت واضح ہے وہ یوں کہ یہ تمام اختیارات صرف اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کیے گئے ہیں۔ حضرت علامہ نے جو روایات اور احادیث پیش کی ہے ان پر مخالفین کے وارد کردہ اعتراضات کا عالمانہ انداز میں جواب دیا ہے۔

میری دلی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت کے علم وقلم میں برکتیں عطا فرمائے۔ آمین

سعید احمد قادری

امام وخطیب رنگشاہ

صدر سنی تحریک تحصیل عارفوالا

20-10-2016

Marfat.com

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَی النَّبِی الْحَبِیبِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیِّدُ الْعَالَمِینِ مُحَمَّدٌ وَ عَلٰی آلِہٖ وَ اَصحَابِہٖ اَجمَعِین

یہ فقیر اس قابل تو نہیں کہ حضرت موصوف کی کتاب پر تقریظ لکھے لیکن کتاب جس اخلاص و محبت کے ساتھ تالیف کی گئی ہے جس محنت سے مستند کتب کے حوالہ جات اور مندرجات کو نقل کیا ہے اس سے ماسوا یہ کہ جس جذبہ عشقِ رسول حضور پر نور ﷺ کے تحت لکھی گئی ہے وہ کتاب کی ہر سطر میں نمایاں ہے۔

مسلک حق اہل سنت و جماعت میں ایسے علماء صالحین موجود ہیں جو کہ عوام اہلسنّت کے لئے بڑی نعمت ہیں جن کے سینے سے نور کی کرنیں نکل کر سینوں کو منور کرتی ہیں۔ ان ہی میں سے ایک حضرت علامہ پیر سید شبیر حسین شاہ اسدی الہاشمی دامت برکاتھم ہیں جن کی تصنیف و تالیف و تقریر و تحریر کے ذریعے دینی و ملی خدمات موجود ہیں خاص طور پر آپ کی یہ کتاب جو میرے ہاتھوں میں موجود ہے عطائے خدا اختیارات مصطفیٰ ﷺ اس کتاب میں حضور ﷺ کے وہ صفات وطیبات و کمالات تحریر ہیں جس سے ہر قاری کو ایک ایمانی اور روحانی اطمینان حاصل ہو جاتا ہے اور ایک عالم کے لئے بھی اتنی ہی اہم کتاب ہے جیسا کہ دورہ حدیث کے پورے سال چیدہ چیدہ نشانات لگا کر آئندہ کے لئے تازگی حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے اللہ کریم شرف قبولیت عطا فرمائے اور کتاب سے استفادہ کی سعادت نصیب فرمائے اور مجھ سیاہ کار کو اعمال خیر کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

خاکپائے درکوچہ حقانی

صاحبزادہ ابوالعباس سید محمد ذاکر حسین شاہ

سجادہ نشین زیب آستانہ عالیہ

Marfat.com

# شرفِ انتساب

بندہ خاکسار اپنی اس تصنیف کو

## آقائے نامدار ﷺ

☆ مدنی تاجدار ﷺ
☆ امام الانبیاء ﷺ
☆ قائد الانبیاء ﷺ
☆ اشرف الانبیاء ﷺ
☆ سند الانبیاء ﷺ
☆ فخر الانبیاء ﷺ
☆ خطیب الانبیاء ﷺ
☆ سید الانبیاء ﷺ
☆ سید سروراں ﷺ
☆ حامی بیکساں ﷺ
☆ دستگیر دو جہاں ﷺ
☆ غمگسار زماں ﷺ
☆ رونق دو جہاں ﷺ
☆ شفیع مجرماں ﷺ
☆ سید العرب والعجم ﷺ
☆ صاحب الجود والکرم ﷺ
☆ شفیع الامم ﷺ
☆ سید المرسلین ﷺ
☆ خاتم النبیین ﷺ
☆ انیس الغریبین ﷺ
☆ رحمۃ العالمین ﷺ
☆ سید الثقلین ﷺ
☆ نبی الحرمین ﷺ
☆ سیدنا امام القبلتین ﷺ
☆ جد الحسن والحسین ﷺ
☆ احمد مجتبیٰ ﷺ

جناب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ

Marfat.com

کی بارگاہ بے کس پناہ میں عجز وانکساری کے ساتھ پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں جس محبوب ﷺ کی بے حد نوازشوں اور کریمیوں نے مجھے تحریر وتقریر جیسی عظیم سعادت سے بہرہ ورفرمایا

میں اس کرم کے کہاں تھا قابل
حضور ﷺ کی بندہ پروری ہے
گر قبول افتد زہے عزو شرف
گدائے در رسول کریم ﷺ

بندہ عاجز
**سید شبیر حسین شاہ**
(چک نمبر 7/E.B گنجی پور تحصیل عارف والا
ضلع پاکپتن شریف)

Marfat.com

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

# عقیدت کے پھول

مُحَمَّدٌ ﷺ حَاکِمٌ بِالعَدلِ ذُو شَرَفٍ
مُحَمَّدٌ ﷺ مَعدِنُ الاِنعَامِ وَالحِکَمِ
جَاءَت لِدَعوَتِہِ الاَشجَارُ سَاجِدَۃً
تَمشِیءِ اِلَیہِ عَلٰی سَاقٍ بِلَا قَدَمِ

﴿حضرت امام محمد بن سعید البوصیری رحمۃ اللہ علیہ﴾

تیری مرضی پا گیا سُورج پھرا اُلٹے قدم
تیری اُنگلی اُٹھ گئی ماہ کا کلیجہ چِر گیا
کیوں جنابِ ابو ہریرہ کیسا تھا وہ جام شیر
جس سے ستر صاحبوں کا دُودھ سے مُنہ پھر گیا

﴿حضرت امام احمد رضا خاں صاحب قادری بریلوی رحمۃ اللہ علیہ﴾

Marfat.com

# پیشِ نظر

بِسمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

نَحمَدُهٗ وَ نُصَلِّی عَلٰی رَسُولِهِ الكَرِیم صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ

اَمَّا بَعدُ !

تمام تعریفیں اسی ذات کے لئے ہیں جو خالق کائنات ہے۔ جو مالک ارض وسماء ہے۔ ہر طرح کی حمد اس پروردگار عالم کو لائق ہے۔ جس نے امر کُن سے تمام کائنات کو پیدا فرمایا۔ رات کو چاند تاروں سے سجایا اور دن کو سورج کی نور بھری شعاعوں سے منور کیا۔ وہ ذات بڑی قادر ہے جس نے ایک مشت خاک سے انسان بنایا اور اس کو لَقَدۡ کَرَّمۡنَا بَنِیۡۤ اٰدَمَ کا تاج پہنایا۔ سبحان اللہ کیسی رحیم و کریم اور کارساز ہے وہ ذاتِ کریم جس نے اپنے فضل سے ہم پر اپنی نعمتوں کے دریا بہا دیئے ہیں۔ اگر ہمارے بال، زبان بن کر اُس کی نعمتوں کا شمار کرنا چاہیں تو ہر گز نہ کر سکیں۔

گر برتن من زبان شود ہر مو
احسان تیرا شمار نتو انم کرد

کروڑوں محبت بھرے درود وسلام ہوں سرکارِ مدینہ ﷺ کی ذاتِ بابرکات پر جو باعث تخلیق کائنات ہیں۔۔ سبحان اللہ کیسا بادشاہ نبیوں کا سردار، گنہگاروں کا غم خوار، رحمتِ پروردگار، بیکسوں کا کس، بے بسوں کا بس،، بے زوروں کا زور، بے سہاروں کا سہارا، جس کا ذکر پاک بے چین دلوں کا چین، بیقراروں کا قرار۔ کیسے رؤف الرحیم کہ ولادت کے وقت بھی گنہگاروں کو فراموش نہ فرمایا۔ معراج کی رات سیاہ کاروں کو یاد رکھا۔

قیامت میں سب کو جان کی فکر
مگر محبوب ﷺ کو جہان کی فکر

Marfat.com

ہر نظر کانپ اُٹھے گی محشر کے دن
خوف سے ہر کلیجہ دہل جائے گا

اوڑھ کر کالی کملی وہ سرکار ﷺ آ جائیں گے
سارا نقشہ قیامت کا بدل جائے گا

صلی اللہ تعالیٰ علیه و آله و اصحابه و بارك و سلم الیٰ یوم الدین

معزز قارئین گرامی

دُنیا ایک بادشاہی ہے۔ جس کا خالق و مالک اللہ وحدہٗ لاشریک ہے۔ جس طرح قرآن پاک میں ارشاد ربانی ہے۔

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْر

ترجمہ: اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔

یعنی اللہ تعالیٰ کی بادشاہی میں کسی کا کوئی حصہ نہیں ہے۔ مطلب یہ کہ اس کو بادشاہ بنانے میں کسی کا کوئی دخل نہیں ہے۔ وہی سب کو پیدا کرنے والا ہے۔ آسمانوں اور زمینوں کو جن و انسان، نباتات، جمادات، حیوانات، درند، پرند، چرند ہر چیز کا خالق و مالک اللہ وحدہٗ لاشریک ہے۔ سب کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے اور اللہ کو کسی نے پیدا نہیں کیا ہے۔ لہٰذا حقیقی مالک بھی وہی ہو سکتا ہے۔ وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ جو چاہے، جب چاہے، جس طرح چاہے، اسے کچھ کرنے کے لئے کسی سے مشورہ لینا ضروری نہیں ہے اور نہ ہی وہ مجبور ہے اور نہ ہی کوئی طاقت اس کو مجبور کر سکتی ہے۔ سب اختیارات اُسی ذات کو حاصل ہیں کیونکہ وہ ساری کائنات کا مالک ہے، پورب پچھم سب اللہ کا ہے۔

قُلْ لِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ

ترجمہ: اے محبوب ﷺ آپ فرما دیں کہ مشرق و مغرب اللہ ہی کا ہے۔

Marfat.com

یعنی اے محبوب ﷺ تمام کائنات والوں کو بتا دو کہ لوگو مشرق و مغرب، شمال و جنوب میں، بحر و بر میں، خشک و تر میں جو بھی ہے جہاں بھی ہے سب کا خالق و مالک اللہ وحدہٗ لاشریک ہے۔ کسی کے پاس جو کچھ بھی ہے، سب اُسی خدا کا دیا ہوا ہے۔ اگر اللہ تعالیٰ کسی کو کچھ نہ دیتا تو کسی کے پاس کچھ بھی نہ ہوتا۔ نہ عالموں کے پاس علم، نہ پیروں کے پاس پیری نہ امیروں کے پاس امیری، نہ فقیروں کے پاس فقیری، نہ ولیوں کے پاس ولایت، نہ نبیوں کے پاس نبوت اور نہ دولت مندوں کے پاس دولت ہوتی۔ نہ بادشاہوں کے پاس بادشاہت ہوتی۔

## المختصر

جس کے پاس جو کچھ بھی ہے اسیٔ وحدہٗ لاشریک کا دیا ہوا ہے۔ وہ ذات جس پر مہربان ہو جائے اس کو جو چاہے عطا فرما دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کسی کو بھی کوئی چیز دینے میں مجبور نہیں اور نہ ہی اس کو کوئی مجبور کر سکتا ہے۔ وہ ذات جو چاہے وہی ہوتا ہے۔ سب زمین و آسمان والے اس کے محتاج ہیں۔ اللہ تعالیٰ کسی کا محتاج نہیں ہے۔ پوری کائنات میں اسی کا حکم چلتا ہے۔ سورج، چاند، ستارے دن رات اسی کے حکم کے پابند ہیں۔ کائنات کا ذرہ ذرہ اسی قادر مطلق کے سامنے محض مجبور ہے۔ یہ سب کچھ عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اگر وہ کسی کو کچھ عطا کرتا ہے تو مجبوراً نہیں کرتا۔ اس کا کسی کو کچھ عطا کرنا صرف اور صرف اس کی مہربانی اور کرم نوازی پر ہوتا ہے۔ چنانچہ قرآن پاک میں ارشاد گرامی ہے۔ (قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ۔ الاخیر) ترجمہ اے محبوب ﷺ آپ فرمائیں، اے ملکوں کے مالک تو جسے چاہے ملک کی بادشاہی عطا کرتا ہے اور جس سے چاہتا ہے ملک کی بادشاہت چھین لیتا ہے اور جس کو تو چاہے عزت عطا فرماتا ہے اور جس کو تو چاہے ذلیل کرتا ہے۔ تمام تر خوبیوں کا مالک تو ہی ہے اور بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

Marfat.com

معزز قارئین گرامی!

اللہ کریم اپنے محبوب کریم ﷺ کے ذریعے سے تعلیم دے رہا ہے کہ اے لوگو! جان لو کہ یہ لوگ جو حکومت کرنے والے ہیں ان کو یہ ملک اور اس کی بادشاہی میں نے بخشی ہے۔ میں ان کو نہ دیتا تو ان کو کوئی اور دینے والا نہیں تھا۔ اگر میں ان لوگوں سے حکومت چھین لوں تو کوئی ان کو دینے والا نہیں۔ یہ عزت و آبرو جس کے پاس بھی ہے سب میری عطا کردہ ہے اور جب ایسے لوگ ذلیل و خوار ہوتے ہیں تو وہ بھی ان کو میں ہی کرتا ہوں۔ یعنی اے حکومت کرنے والو تم بھی سمجھ لو اور جن سے چھین لی جائے تم بھی جان لو کہ تم دونوں محض مجبور ہو اور قادر مطلق صرف میں اللہ وحدہ' لاشریک ہوں اور ہر بھلائی جو بندے کو ملتی ہے وہ میری ہی عطا کردہ ہے۔

اب ذرا غور فرمائیں!

جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کو مُلک کی بادشاہی عطا کرتا ہے جو کہ قرآن حکیم سے ثابت ہے تو اس کو ملک میں تصرف کا حق بھی حاصل ہوتا ہے۔ اگر اس کو اختیارات حاصل نہ ہوں تو حکومت کا تصور کیا ہوگا؟ یعنی ایک شخص کو اللہ تعالیٰ ملک کی بادشاہی تو دیتا ہے اس کو اس سلطنت کا مالک بنا دیتا ہے۔ اب اگر کوئی مخالف فریق اس کا شریک کھڑا ہو کر یہ کہے کہ نہیں بادشاہی تو ٹھیک ہے اس کے پاس ضرور ہے مگر اس کو اختیارات کچھ بھی نہیں ہیں۔ یہ کر کچھ نہیں سکتا، یہ دے بھی کچھ نہیں سکتا۔ تمام منصف مزاج لوگ اس کو کہیں گے کہ اے عقل کے اندھے جو رب اس کو عزت کے ساتھ ملکوں کی بادشاہی عطا کر سکتا ہے، کیا وہ اس کو ملک میں اختیارات یا تصرفات نہیں دے سکتا؟ اپنا ساڑ پیٹ چھوڑ اور اللہ تعالیٰ کی عطا کو مان جا۔ ارے اگر وہ عدل و انصاف کرنے کا اختیار نہ رکھتا ہو یا کسی ظالم کو اس کے انجام تک نہ پہنچا سکتا ہو یا کسی مظلوم کی مدد نہ کر سکتا ہو تو اس کو حاکم یا بادشاہ نہیں کہا جا سکتا۔ لہٰذا جس کو حکومت دی جاتی ہے اس کو اختیارات بھی دیئے جاتے ہیں۔

تا کہ مظلوم کی فریاد سن کر ظالم کو سزا دے سکے۔ جیسا کہ موجودہ حکومتیں قائم ہیں۔

Marfat.com

جس جس کو اللہ تعالیٰ نے کسی ملک کی حکومت بخشی ہے اسے اس ملک میں اختیار بھی حاصل ہے۔ وہ انصاف کرے یا ظلم کرے، اچھائی کرے یا برائی کرے جو بھی کرے اسے اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا ہے۔ لہٰذا خالق کائنات اپنے بندوں میں سے جس کو عزت وعظمت کے لئے چن لیتا ہے تو پھر اس کو اپنی مہربانیوں سے جب حکومتیں اور سلطنتیں عطا فرماتا ہے تو ان کو اختیارات بھی اسی قدر عطا فرماتا ہے۔ تو اب ہم اللہ کے فضل وکرم سے یہ بات قرآن وحدیث اور معترضین کی کتب سے ثابت کریں گے کہ۔

اللہ رب العالمین نے اپنے نیک بندوں کو اختیارات عطا فرمائے ہیں بالخصوص امام الانبیاء ﷺ کو جو کہ خدا کی خدائی کے بادشاہ ہیں جیسا کہ آپ انشاء اللہ آئندہ اوراق میں پڑھنے کا شرف حاصل کریں گے۔

میں آخر میں اپنے خالق و مالک کی عظیم بارگاہ میں بوسیلۂ سرکارِ مدینہ ﷺ عرض کرتا ہوں کہ وہ میری اس ادنیٰ سی نیکی کو اپنے بلند دربار میں شرف قبولیت عطا فرمائے اور اس نیک کوشش کو میرے گناہوں کا کفارہ بنادے۔ دُنیا میں میرے لئے عزت اور آخرت میں بخشش کا سبب بنادے۔ کل جب بروز قیامت تمام لوگ اپنے اپنے ہاتھوں میں اپنے نامہ اعمال لے کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوں تو میری تمنا ہے کہ یہ کتاب میرے دائیں ہاتھ میں ہو اور میرے لئے یہ کتاب پروانہ نجات بن جائے۔ یہی میری کامیابی ہے کہ میں اپنے رحیم کریم آقا ﷺ کی بارگاہ میں سرخرو ہو جاؤں اور اپنے آقا ﷺ کے مقدس ہاتھوں سے نجات کا سرٹیفکیٹ حاصل کروں آمین (بجاہ النبی الامین ﷺ)

گدائے درِ رسول ﷺ

**سید شبیر حسین شاہ**

گنجی پور

Marfat.com

# حمد باری تعالیٰ

کامل ہے جو ازل سے وہ ہے کمال تیرا
باقی ہے جو ابد تک وہ ہے جلال تیرا

ہے عارفوں کو حیرت اور منکروں کو سکتہ
ہر دل پہ چھا رہا ہے رعب و جلال تیرا

گو حکم تیرے لاکھوں یہاں ٹالتے رہے ہیں
لیکن ٹلا نہ ہرگز دل سے خیال تیرا

پھندے سے تیرے کیونکر جائے نکل کوئی
پھیلا ہوا ہے ہر سو عالم میں جال تیرا

ان کی نظر میں شوکت جچتی نہیں کسی کی
آنکھوں میں بس رہا ہے جن کے جمال تیرا

دل ہو کہ جان تجھ سے کیونکر عزیز رکھے
دل ہے سو چیز تیری جاں ہے سو مال تیرا

بیگانگی میں حالی یہ رنگ آشنائی
سن سن کے سر دُھنیں قال حال تیرا

(مولانا الطاف حسین حالی)

پیشکش: محمد نعمان اکرم 15/E.B مانیکا

Marfat.com

# نعت رسول مقبول ﷺ

پُل سے اُتارو تو راہ گزر کو خبر نہ ہو
جبرائیل پر بچھائیں تو پر کو خبر نہ ہو
کانٹا میرے جگر سے روزگار کا
یوں کھینچ لیجئے کہ جگر کو خبر نہ ہو
فریاد اُمتی جو کرے حالِ زار میں
ممکن نہیں کہ خیر البشر ﷺ کو خبر نہ ہو
کہتی تھی یہ براق سے اس کی سبق روی
یوں جایئے کہ گرد سفر کو خبر نہ ہو
ایسا گما دے اُن کی ولا میں خدا
ڈھونڈا کرے پر اپنی خبر کو خبر نہ ہو
آ دل حرم کو روکنے والوں سے چھپ کے آج
یوں اٹھ چلیں کہ پہلو بر کو خبر نہ ہو
اے شوقِ دل یہ سجدہ گراں ان کو روا نہیں
اچھا وہ سجدہ کیجئے کہ سر کو خبر نہ ہو
ان کے سوا رضاؔ کوئی حامی نہیں جہاں
گزرا کرے پسر پدر کو خبر نہ ہو

(اعلیٰ حضرت الشاہ احمد رضا خاں قادری فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

Marfat.com

# نعت رسول مقبول ﷺ

سبزو شاداب گلستان تمنا ہووے
کاش مسکن میرا صحرائے مدینہ ہووے
مجھ کو بھی روضہ اقدس کی زیارت ہو نصیب
زہے قسمت جو سفر سوئے مدینہ ہووے
جب کہیں قافلے والے کہ مدینے کو چلو
شوق میں پھر تو میرا اور ہی نقشہ ہووے
یوں چلوں خاک اڑاتا ہوا صحرا صحرا
جیسے جنگل میں بگولہ کوئی اڑتا ہووے
کانٹے تلوؤں میں چبھیں برگ گلِ تر سمجھوں
خاک جو اُڑ کر پڑے آنکھوں میں سُرمہ ہووے
باندھ کر ہاتھ کروں عرض بصد عجزو نیاز
خدمت شاہ میں جیسے کوئی بردہ ہووے
یہ غلام آپ ﷺ کا حاضر ہے قدم بوسی کو
وصل کا آج اشارہ شہ والا ہووے
سُن کے اس شوق کو کہتے ہیں ملائک بھی غریب
فضل حق سے تیری حاصل یہ تمنا ہووے

پیشکش: فقیر درِ رسول کریم ﷺ ملک محمد شہزاد اسلم 63/E.B

Marfat.com

# نعت رسول مقبول ﷺ

محمد ﷺ کا نقشہ ہے نقشہ خدا کا
جو منشاہ خدا کا وہی مصطفیٰ ﷺ کا
ھُوا منّ رَانی سے یہ سرّ ظاہر
جمال محمد ﷺ ہے جلوہ خدا کا
جمال الٰہی اگر دیکھنا ہو
تو دیدار کافی ہے خیر الوریٰ ﷺ کا
جو ہے زر کا زیور وہ ہے زرّ خالص
مُحمد ﷺ خدا کا خدا مصطفیٰ ﷺ کا
کہ درِّ بحر کب جدا آب سے ہو
یہ درمصفا ہے بحر بقا کا
ہے طاعت خدا کی یُطِیعُ الرَّسُول ﷺ
ہے قرآن میں قول ربُّ العلیٰ کا
جو تیرا کہاوے وہ کس در پہ جاوے
کہ رحمان کا در ہے در مجتبٰے ﷺ کا
تیرے در جو آوے وہ مقصود پاوے
یہ بھر دینا دامن ازلی گدا کا
اجابت کا دربار گاہ خیر شاہی
یہ مسکین حُسین مُلتجی التجا کا

پیشکش: خاک پائے اولیاء صوفی محمد اسلم سلیمی قادری 63/E.B عارفوالا

Marfat.com

# مناجات در عظیم بارگاہِ نبوی ﷺ

آپ کی فرقت نے مارا یا نبی ﷺ
دل ہوا غم سے دوپارا یا نبی ﷺ
طالب دیدار ہوں دکھلایے
روئے نورانی خدارا یا نبی ﷺ
حق تعالیٰ کے تم ہی محبوب ہو
کون ہمسر تمہارا یا نبی ﷺ
درد ہجراں کے سبب مجھ سے کیا
صبر و طاقت نے کنارہ یا نبی ﷺ
باغ جنت سے زیادہ ہے عزیز
مجھ کو وہ کوچہ تمہارا یا نبی ﷺ
مرتے دم گر دیکھوں روضہ شریف
زندگی ہووے دوبارا یا نبی ﷺ
لیجیے در پر بلا کب تک پھروں
دربدر یوں مارا مارا یا نبی ﷺ
چین آتا ہے میرے دل کو تمام
نام لیتے ہی تمہارا یا نبی ﷺ

Marfat.com

در مدح چار یار کرام رضی اللہ عنہم

چار یار اس کے ہیں چاروں خاص حق
ساری امت کے لیے وہ رکھتے ہیں سبق
ہیں ابوبکر رضی اللہ عنہ وعمر رضی اللہ عنہ وعثمان رضی اللہ عنہ وعلی رضی اللہ عنہ
دوست پیغمبر ﷺ کے اور حق کے ولی
چاروں پیغمبر ﷺ کے ہیں برحق وزیر
ملک اسلام ہے ان سے رونق پذیر
زیب ایوان شریعت ہیں یہ چار
رونق باغ طریقت ہیں یہ چار
ہیں یہ ملک معرفت کے شہر یار
ہیں حقیقت کے چمن کی یہ بہار
جو کوئی ہو ان سے بد اعتقاد
ہے وہ دو عالم میں بے شک نا مراد

پیشکش: چوہدری محمد سعید احمد صدر پاکستان سنی تحریک اڈہ رنگ شاہ

Marfat.com

# در مدح اہل بیت
# رضوان اللہ علیہم اجمعین

جو ہیں اہل بیت اور آل رسول ﷺ
گلشن دین کے ہیں سب مقبول پھول
ہے ہر ایک ان سب کا بیشک و یقین
مغز ملت جان ایمان روح دین
جس قدر ہو ان سے الفت میں کمی
اسی قدر ہے دین ملت میں کمی
ایک کا بھی ان سے جو بد خواہ ہوا
راہ حق سے بے شک گمراہ ہوا
بھیج تو ان سب پر صلوٰۃ و سلام
ہر گھڑی ہر لحظہ ہر دم صبح و شام

پیشکش
ملک محمد سہیل اسلم
63/E.B عارفوالا

Marfat.com

بسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

# اختیاراتِ مصطفٰی ﷺ

## ﴿قرآن وحدیث کی روشنی میں﴾

نَحمَدُہٗ وَ نُصَلِّی عَلٰی رَسُولِہِ الکَرِیم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ

اَمَّا بَعدُ

ہمارے آقا، تاجدار انبیاء، شہ ہر دوسرا، دو عالم کے داتا حضرت محمد ﷺ خدائے ذوالجلال کے حبیب اور تمام مخلوق میں سب سے زیادہ اس کے قریب ہیں۔ محبت کا یہ تقاضا ہے کہ محبّ اپنے محبوب سے کوئی چیز روک نہ رکھے۔ اسے کسی شے سے بھی محروم نہ رکھے۔ اس کی ہر ضرورت کو پورا کرے۔ کسی مقام، کسی موقع اور کسی بھی لمحہ اسے کوئی تنگی، کوئی مشکل اور کوئی بھی کمی نہ آنے دے۔ آخر اللہ سے بڑھ کر محبت کے تقاضوں کو کون پورا کرسکتا ہے۔ الفت کے لوازمات کو اس سے زیادہ کون ادا کرسکتا ہے۔ کیونکہ تمام کائنات میں اس رب سے بڑا جود و فیاض اور کرم فرما کوئی نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس نے اپنے محبوب ﷺ کی محبت کے تمام تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے سرور کائنات ﷺ پر اس قدر عنایتیں اور نوازشیں عنایت فرمائیں اور احسان، انعام، کرم، فضل، بخشش اور رحمت کے دروازے کھول دیئے ہیں کہ کائنات بھر میں کوئی بھی ان کا اندازہ احاطہ اور شمار نہیں کرسکتا تاکہ دنیا والوں کو علم ہو جائے کہ خدا لم یزل نے ہمیں جو محبوب ﷺ اور مطلوب عطا فرمایا ہے وہ بے اختیار، خالی دامن اور خالی ہاتھ نہیں آیا بلکہ منبع فیوض و برکات اور اللہ تعالیٰ کے خزانوں کا مالک و مختار بن کر آیا ہے۔ ہم تنگ دستوں، فاقہ مستوں اور بے سروسامان لوگوں کو اگر ضرورت اور حاجت ہو تو پریشان ہونے کی

Marfat.com

ضرورت نہیں۔ بلکہ بارگاہ رسالت ﷺ سے رابطہ استوار کرلو، درِ نبوت ﷺ پر دست سوال دراز کرلو، محبوب خدا ﷺ سے مانگ لو، ان کی خدمت میں صحابہ کی طرح حرف تمنا پیش کرو، عرض کروتوسہی وہ لجپال اور بندہ پرور ہیں، رؤف الرحیم ﷺ ہیں لہٰذا ضرور کرم فرمائیں گے۔

بقول اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ

لُطف. اُن کا عام ہو ہی جائے گا
شاد ہر ناکام ہو ہی جائے گا
سائلو دامن سخی کا تھام لو
کچھ نہ کچھ انعام ہو ہی جائے گا
مفلسو ان کی گلی میں جا پڑو
باغ خلد اکرام ہو ہی جائے گا

## دلیل نمبر 1

## ہم نے آپ ﷺ کو غنی کر دیا

آیت مبارکہ: وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۔(پارہ نمبر 30 سورۃ الضحیٰ آیت نمبر 8)

ترجمہ: اور آپ ﷺ کو حاجت مند پایا اور پھر غنی کر دیا۔

تفسیر: اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے ان احسانوں میں سے جو اس نے اپنے محبوب ﷺ پر کیے ہیں ایک احسان، ایک نعمت، ایک عطاء کا یہاں ذکر فرما رہا ہے کہ اے محبوب ﷺ میں نے تو آپ ﷺ کو غنی کر دیا ہے۔ کائنات میں ایسی کوئی خوبی ہے ہی نہیں جو میں نے اے محبوب ﷺ آپ کو عطاء نہ کی ہو۔ اب جبکہ اللہ تعالیٰ قرآن میں فرماتا ہے کہ میں نے اپنے محبوب ﷺ کو غنی کر دیا ہے۔ اب اگر کوئی شخص یہ کہے کہ نبی ﷺ معاذ اللہ کچھ نہیں دے سکتا، نبی ﷺ کے پاس کسی چیز کا اختیار نہیں ہے بلکہ

Marfat.com

بعض لوگوں کا یہ عقیدہ ہے کہ جس کا نام محمد یا علی ہو وہ کسی چیز کا مالک ومختار نہیں ہے۔

(تقویۃ الایمان)

قارئین گرامی! فیصلہ اللہ تعالیٰ کے قرآن پر چھوڑ دیں۔ ایک طرف تو یہ عقیدہ ہے کہ نبی ﷺ مالک ومختار نہیں ہے۔ جبکہ دوسری جانب اللہ تعالیٰ کا قرآن ارشاد فرماتا ہے کہ ہم نے تو اپنے محبوب ﷺ کو غنی کر دیا ہے۔ اب اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے آپ ﷺ کو سب کچھ دیا ہے۔ اور بعض یہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ کے پاس کچھ بھی نہیں۔ تو معلوم ہوا کہ ان لوگوں کی بات غلط ہوسکتی ہے مگر اللہ تعالیٰ کا قرآن غلط نہیں ہوسکتا اور نہ ہی میرے نبی ﷺ کی زبان مبارک غلط ہوسکتی ہے۔ ہمارا اہلسنّت کا یہ عقیدہ ہے بقول اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ:

خالقِ کُل نے آپ ﷺ کو مالک کُل بنا دیا
دونوں جہاں ہیں آپ ﷺ کے قبضہ ٔ اختیار میں

کیونکہ ہمارا عقیدہ ہے کہ زمین وآسمان کے جتنے بھی خزانے ہیں سب اللہ تعالیٰ کے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں قرآن پاک

## دلیل نمبر 2

آیت مبارکہ لَهٗ مَقَالِیۡدُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۔

(پارہ نمبر 25 سورۃ الشوریٰ آیت نمبر 12)

ترجمہ: آسمانوں اور زمین کی کنجیاں اُسی کی ہیں۔

قارئین گرامی قرآن پاک سے ثابت ہوا کہ زمین وآسمان کے جتنے بھی خزانے ہیں سب کا مالک ومختار اللہ تعالیٰ ہی ہے اور خزانوں کی کنجیاں اسی کے پاس ہیں اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب کو اپنے فضل وکرم سے اپنے خزانوں کی چابیاں دے کر مالک ومختار بنایا ہے کہ نہیں تو آئیں ملاحظہ فرمائیں فرمان رسول ﷺ

Marfat.com

## دلیل نمبر 3

# میرے رب نے مجھے زمین کے خزانوں کی چابیاں دی ہیں

حدیث مبارکہ: حَدَّثَنَا عَبدُا للّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بن يُوسُفَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا اللّيْثُ يَزِيدُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بنُ أَبِي حَبِيبٍ عَن أَبِي الخَيرِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَن عُقبَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بن عَامِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَن النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَومًا فَصَلَّى عَلَى أَهلِ أُحُدٍ صَلَاتَهُ عَلَى المَيِّتِ ثُمَّ انصَرَفَ اِلَى الـمِنبَرِ فَقَالَ اِنِّي فَرَاطُ لَكُم وَمَا أَنَا شَهِيدٌ عَلَيكُم وَاِنِّي وَاللّٰهِ لَأَ نظُرُ اِلَى حَوضِي الآنَ وَاِنِّي أُعطِيتُ مَفَاتِيحَ خَزَائِنِ الأَرضِ أَو مَفَاتِيحَ الأَرضِ وَاِنِّي وَاللّٰهِ مَا أَخَافُ عَلَيكُم أَن تُشرِكُوا بَعدِي وَلَكِن أَخَافُ عَلَيكُم أَن تَنَافَسُوا فِيهَا ـ

ترجمہ: حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ ایک دن باہر نکلے اور اُحد والوں کے لئے اس طرح نماز پڑھی کہ جیسے میت کے لئے کرتے تھے۔ اس کے بعد منبر کی طرف تشریف لیکر آئے فرمایا ''دیکھو میں تمہارا پیش خیمہ ہوں اور خدا کی قسم میں اپنے حوض کو اس وقت دیکھ رہا ہوں اور مجھ کو زمین کے خزانوں یا زمین کی کنجیاں دی گئی ہیں اور قسم خدا کی کہ میں اپنے بعد یہ نہیں ڈرتا کہ تم مشرک ہو جاؤ گے لیکن یہ ڈر ہے کہ تم دنیا میں نہ لگ جاؤ۔

### حوالہ جات

۱۔ صحیح بُخاری شریف جلد اوّل کتاب الجنائز باب الصَّلاۃ علی الشَّھید حدیث نمبر 1263 ص 598

۲۔ صحیح بُخاری شریف جلد دوم کتاب المناقب باب عَلَامَاتِ النُّبُوَّۃِ فِي الِاسلامِ حدیث نمبر 804 ص 403

Marfat.com

۳۔ صحیح بُخاری شریف جلد سوم کتابُ الرّقاق باب فی الحوض حدیث نمبر 1504 ص 662
۴۔ صحیح مُسلم شریف جلد سوم کتابُ الفضائلِ بابُ اثباتِ حوضِ نبینا ﷺ وصِفاتِہٖ حدیث نمبر 5855 ص 236
۵۔ مشکوٰۃ شریف جلد سوم بابُ وفاۃِ النبی ﷺ پہلی فصل حدیث نمبر 5704 ص 206
۶۔ مسند احمد جلد چہارم ص 169
۷۔ المعجم الکبیر للطبرانی جلد 17 ص 278
۸۔ سنن الکبریٰ لامام بیہقی جلد چہارم ص 114
۹۔ التمہید لابن البر جلد دوم ص 302
۱۰۔ الرحیق المختوم مولوی صفی الرحمٰن مبارک پوری وہابی ص 623
۱۱۔ نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب ﷺ مولنا اشرف علی تھانوی دیوبندی ص 150
۱۲۔ مدارج النبوۃ جلد اول ص 168، شیخ محقق حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ
۱۳۔ تفسیر ابن کثیر جلد اول پارہ نمبر 4 تفسیر سورۃ آل عمران ص 426

## اس حدیث مبارکہ سے ثابت ہونے والے انمول موتی

1۔ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ قبرستان جانا اور وہاں جا کر اہل قبور کے لئے دُعائے مغفرت کرنا نبی پاک ﷺ کی سنت ہے۔

2۔ یہ بھی ثابت ہوا کہ صالحین کے مزاروں پر خصوصی طور پر حاضری کے لئے جانا بھی سنت ہے۔ حالانکہ کچھ حضرات لوگوں کو اس سنت مبارکہ سے بڑی سختی سے منع کرتے ہیں اور نہ جانے کیا کیا کفر و شرک کے فتوے لگاتے ہیں۔

3۔ فرمایا میں اپنے منبر پر کھڑا ہو کر اپنے حوض کو دیکھ رہا ہوں۔ معزز قارئین گرامی خصوصی توجہ فرمائیں کہ میرا نبی ﷺ فرما رہا ہے کہ میں اپنے حوض کو دیکھ رہا ہوں۔ اپنا حوض کہہ کر حضور ﷺ اپنی ملکیت کائنات والوں کو بتا رہے ہیں۔ یعنی کہ لوگو! مجھے میرے رب نے بے اختیار نہیں بلکہ با اختیار بنایا ہے اور مجھے جنت کا اور اپنی پوری کائنات کا مالک و مختار بنایا ہے۔ جیسا کہ انشاء اللہ میں آئندہ اوراق قلم بند کروں گا کہ میرا نبی ﷺ جنت کا بھی مالک و مختار ہے۔

Marfat.com

۴۔ فرمایا: اپنے حوض کو دیکھ رہا ہوں۔ اب قارئین گرامی اندازہ لگائیں کہ نگاہِ مصطفیٰ ﷺ کا کمال مبارک یہ ہے کہ کھڑے منبر پر ہیں اور دیکھ اپنے حوض کو رہے ہیں۔ اب منبر مدینہ منورہ مسجد نبوی ﷺ میں، میرا نبی ﷺ خود صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے جھرمٹ میں اور قربان جاؤں آپ ﷺ کی مبارک بصارت پر جو جنت میں اپنے حوض کوثر کو ملاحظہ فرما رہی ہیں۔ (سبحان اللہ)

## اہل باطل سے ایک سوال

معزز قارئین گرامی کچھ لوگ یہ کہتے ہیں کہ معاذ اللہ نبی ﷺ کو دیوار کے پیچھے کا علم نہیں۔ قارئین گرامی میں ایسا عقیدہ رکھنے والوں سے صرف اور صرف اتنی گزارش کروں گا کہ ازراہ کرم آپ صرف یہ بتا دیں کہ جنت کہاں ہے؟ حدیث پاک میں ہے کہ زمین سے پہلے آسمان کا فاصلہ پانچ سو سال کی مسافت ہے۔ سات آسمان ہیں۔ سات کو پانچ سو سال سے ضرب دیں تو پینتیس سو سال بنتے ہیں آگے سدرۃ المنتہٰی۔ پھر ایک حدیث میں فرمایا گیا ہے کہ جنت کے سو درجات ہیں۔ 99 درجات جنت کے اور 100 واں درجہ جنت الفردوس ہے۔ جنت الفردوس کے اوپر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا عرش عظیم ہے۔ اب ہے کوئی مائی کا لعل جو حوض کوثر کا فاصلہ بتائے۔ میں دعویٰ سے کہہ سکتا ہوں کہ سورج مشرق کی بجائے مغرب سے طلوع ہو سکتا ہے، قلم کی سیاہی خشک ہو سکتی ہے، زمین پھٹ سکتی ہے، آسمان ریزہ ریزہ ہو سکتا ہے، زبانوں میں لکنت آجائے گی، کوئی ملاں یہ نہیں بتا سکتا کہ حوض کوثر کا فاصلہ اتنا ہے جب تم اس چیز کا اندازہ نہیں کر سکتے ہو تو علم مصطفیٰ ﷺ کا اندازہ کیسے کر سکتے ہو؟

۵۔ میرے نبی ﷺ فرما رہے ہیں کہ مجھے میرے رب نے زمین کے خزانوں کی چابیاں دی ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے اپنے خزانوں کی چابیاں اپنے محبوب ﷺ کو دے کر غنی کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں نے چابیاں دی ہیں اور

Marfat.com

حضور ﷺ فرماتے ہیں کہ میں نے چابیاں لی ہیں۔تم کون ہوتے ہو یہ کہنے والے کہ نبی ﷺ کے پاس کچھ بھی نہیں۔

۶۔ جب کسی کو کوئی چیز دی جاتی ہے تو اس کی دو صورتیں ہوتی ہیں۔نمبر 1 بطور امانت اور نمبر 2 بطورِ ہبہ۔جب کوئی چیز بطور امانت کسی کو دی جاتی ہے تو اصل مالک وہی ہوتا ہے جس کی چیز ہوتی ہے۔اس کا جب جی چاہے گا وہ اپنی دی ہوئی چیز واپس لے سکتا ہے۔

**بطور ہبہ:**

وہ چیز ہوتی ہے جو کسی کو خوش ہو کر بطور انعام واکرام کے دے دی جائے کہ یہ میری ملکیت میں تھی، اب میں خوش ہو کر تم کو بطور انعام واکرام ہبہ کرتا ہوں۔اب یہ آپ کی ملکیت ہوئی۔آپ کا جس طرح جی چاہے اس کو استعمال کرلو۔اب کوئی بھی ایسا شخص جو اختیارات مصطفیٰ ﷺ کو نہ مانتا ہو تو کیا وہ یہ ثابت کرسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے زمین کے خزانوں کی چابیاں اپنے حبیب ﷺ کو بطور امانت دی ہیں۔اگر یہ بات نہیں تو پھر ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو اپنے خزانوں کا مالک ومختار بنایا ہے وگرنہ کوئی مجھے یہ بات قرآن وحدیث سے ثابت کردے کہ معاذ اللہ، اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو خزانوں کی چابیاں دینے کے بعد آپ ﷺ سے واپس لے لی ہوں۔ جو کہ کوئی بھی بدعقیدہ ثابت نہیں کرسکتا۔جبکہ یہ تو ثابت ہے کہ خزانوں کی چابیاں دی ہیں، واپس نہیں لیں تو کیوں چند حضرات عوام کو گمراہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ نبی ﷺ کسی بھی چیز کا مالک ومختار نہیں ہے (استغفر اللہ)

7۔ یہ بھی ثابت ہوا کہ میرا نبی ﷺ تو اپنے غلاموں کو اس بات کا سرٹیفکیٹ دے رہا ہے کہ میرے بعد تم مشرک نہیں بن سکتے۔بیڑا غرق ہوان کانگرسی 2 نمبر احراری بدعقیدہ مولویوں کا جو اپنی تقریروں اور تحریروں میں امت محمدیہ ﷺ کو مشرک بنانے کی رٹ لگائے ہوئے ہیں۔اگر کافروں کو آپ مسلمان نہیں کرسکتے ہو تو کم از کم مسلمانوں کو تو

Marfat.com

کافر مت بناؤ۔ اللہ ایسا عقیدہ رکھنے والے لوگوں کے شر سے محفوظ رکھے (آمین)

بحر حال اس حدیث سے ثابت ہوا ہے کہ میرے رب عزوجل نے اپنے حبیب ﷺ کو خزانوں کی چابیاں دی ہیں کیونکہ ان خزانوں کا اصلی مالک و مختار تو اللہ تعالیٰ ہی ہے اور میرے آقا ﷺ اللہ تعالیٰ کی عطا سے مالک و مختار ہیں۔

## دلیل نمبر 4

آیت مبارکہ: وَاِن مِّن شَیءٍ اِلَّا عِندَنَا خَزَآئِنُهٗ ۔

(پارہ نمبر 14 سورۃ الحجر آیت نمبر 21)

ترجمہ: اور جتنی بھی چیزیں ہیں سب کے خزانے ہمارے پاس ہیں۔

اس آیت سے ثابت ہوا کہ تمام چیزوں کے خزانے اللہ تعالیٰ کے پاس ہیں اور تمام چیزوں کے خزانوں کی چابیاں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کے ہاتھوں میں دے کر مالک و مختار بنا دیا ہے۔ آئیں ملاحظہ فرمائیں حدیث مبارکہ

## دلیل نمبر 5

## خدا کے خزانوں کی چابیاں میرے آقا ﷺ کے ہاتھوں میں

حدیث مبارکہ: حَدَّثَنَا یَحییَ بِن بُکَیرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّیثُ عَن عُقَیلٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ عَن ابنِ شِهَابٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ عَن سَعِیدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ بنِ المُسَیَّبِ عَنْ أَبی هُرَیرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ قَالَ بُعِثتُ بِجَوَامِعِ الکَلِمِ وَ نُصِرتُ بِالرُّعبِ فَبَینَا أَ نَا نَائِمٌ ثُمَّ أُوتِیتُ بِمَفَاتِیحِ خَزَائِنِ الأَرضِ فَوُضِعَت فِیی یَدِیی قَالَ أَبُو هُرَیرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ وَ قَد ذَهَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ وَ أَنتُم تَنتِشلُونَهَا ۔

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ میں ایسی باتیں دے کر بھیجا گیا ہوں جو جامع ہیں اور رعب کے ساتھ میری مدد کی گئی ہے۔ میں ایک بار سو رہا تھا کہ اتنے میں تمام روئے زمین کے خزانوں کی کنجیاں لا کر میرے ہاتھوں میں دے دی گئیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آنحضرت ﷺ تو تشریف لے گئے اور تم یہ خزانے حاصل کر رہے ہو۔

**حوالہ جات**

☆ صحیح بُخاری شریف جلد دُوم کتابُ الجہادِ وَالسیَر بابُ قولِ النّبی ﷺ نصرتُ بِالرُّعبِ مَسِیرَۃَ شَھرٍ حدیث نمبر 229 ص 137

☆ صحیح بُخاری شریف جلد سُوم کتابُ التَّعبِیرِ بابُ المَفَاتِیحِ فِی الیَدِ حدیث نمبر 1904 ص 849

☆ صحیح مُسلم شریف جلد اوّل کتابُ المسَاجِدِ وَمَوَاضِعِ الصَّلٰوۃِ بابُ تَحوِیلِ القِبلَۃِ مِنَ القُدسِ اِلَی الکَعبَۃِ حدیث نمبر 1070 ص 416

☆ صحیح مُسلم شریف جلد سوم کتابُ الرُّؤیا حدیث نمبر 5817 ص 222

☆ سُنَنِ نَسائی جلد دُوم کتابُ الجہادِ بابُ وُجوبِ الجہادِ حدیث نمبر 3036 ص 419

☆ مشکوٰۃ شریف جلد سوم بابُ فَضَائلِ سَیِّدِ المُرسَلِینَ ﷺ فصل اول حدیث نمبر 5502 ص 123

☆ تفسیر ابن کثیر جلد اول پارہ نمبر 4 تفسیر سورۃ آل عمران ص 426

☆ الرحیق المختوم مولوی صفی الرحمٰن مبارکپوری ص 606

اس حدیث مبارکہ سے بھی ثابت ہوا کہ میرے رب نے اپنے محبوب ﷺ کو خزانوں کی چابیاں عطا فرمائیں، عقلمند کے لئے تو اشارہ ہی کافی ہے۔

## دلیل نمبر 6

آیت مبارکہ: وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالاَرضِ وَلٰكِنَّ المُنٰفِقِینَ لَا یَفقَهُونَ (پارہ 28 سورۃ المنافقون آیت نمبر 7)

ترجمہ: آسمانوں و زمین کے کل خزانے اللہ تعالیٰ کی ملکیت میں ہیں لیکن یہ منافق بے سمجھ ہیں۔

Marfat.com

قرآن پاک کی آیت سے ثابت ہوا ہے کہ زمین و آسمان کے سارے خزانے اللہ تعالیٰ کی ملکیت میں ہیں اور سارے خزانوں کا مالک و مختار اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو بنا دیا ہے جیسا کہ قرآن و حدیث سے ثابت ہے اور یہ بھی معلوم ہو کہ منافقین اتنی سمجھ رکھتے ہی نہیں کہ اللہ تعالیٰ کی عطا کو سمجھ سکیں یعنی کہ اختیارات مصطفیٰ ﷺ ملکیت مصطفیٰ ﷺ کو منافق سمجھ سکتا ہی نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو خزانے عطا کیے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں حدیث مبارکہ

## دلیل نمبر 7

## میرے رب نے مجھے سرخ و سفید خزانے عطا کئے ہیں

حدیث مبارکہ: وَ حَدَّثَنِی زُهَيْرُ بِنْ حَرْبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ وَ اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ وَ مُحَمَّدُ بِنُ الْمُثَنّٰى وَ اِبْنُ بَشَّارٍ قَالَ اِسْحَاقُ اَخْبَرَنَا وَ قَالَ الْاٰخرُونَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِی اَبِی عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِی قِلَابَةَ عَنْ اَبِی اَسْمَاءَ الرَّجَبِيِّ عَن ثَوبَانَ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالیٰ زَوٰی لِیَ الْاَرضَ حَتّٰی رَاَيْتُ مَشَارِقَهَا وَ مَغَارِبَهَا وَ اَعطَانِی الْكَنْزَيْنِ الْاَحْمَرَ وَالْاَبيَضَ ۔

ترجمہ: حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے میرے لئے تمام روئے زمین کو لپیٹ دیا ہے۔ یہاں تک میں نے اس کے تمام مشرقی حصوں اور مغربی حصوں کو دیکھ لیا۔ میرے خدا نے مجھے سرخ اور سفید خزانے بھی عطا کئے ہیں۔

حوالہ جات

☆ صحیح مسلم شریف جلد سوم کتاب الفتن و اشراط الساعۃ حدیث نمبر 7129 7128 ص 655

☆ سنن ابی داود جلد سوم کتاب الفتن و الملاحم باب ذکر الفتن و دلائلھا حدیث نمبر 3710 ص 238

Marfat.com

☆ سُنن ابن ماجہ جلد دُوم بَابُ مَا یَکُوْنَ مِنَ الْفِتَنِ حدیث نمبر 1750 ص 472

☆ جَامع ترمذی شریف جلد دوم اَبْوَابُ الْفِتَنِ بَابُ سُوَالِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم ثَلاثًا فِی اُمَّتِہٖ حدیث نمبر 50 ص 32

☆ مشکوٰۃ شریف جلد سوم بَابُ فَضَائِلِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنِ صلی اللہ علیہ وسلم حدیث نمبر 550 ص 123

یہاں پر بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی عطا کا اعلان فرما رہے ہیں کہ مجھے سرخ وسفید خزانے عطا کئے گئے ہیں۔اب جس کو خزانے دیئے جاتے ہیں، اس کو اختیارات بھی تو دیئے جاتے ہیں۔

## ایک نکتہ

اب جو شخص یہ کہتا ہے کہ معاذ اللہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم یہ چیز نہیں دے سکتے، وہ چیز نہیں دے سکتے تو اب اس کو یہ بھی ثابت کرنا پڑے گا کہ وہ چیز معاذ اللہ اللہ تعالیٰ کے خزانوں میں بھی نہیں ہے۔کیا اب کوئی ملاں ایسا ہے جو اپنے سینے پر ہاتھ رکھ کر یہ ثابت کرے کہ اللہ تعالیٰ کے خزانے میں یہ چیز نہیں ہے۔ میں پورے وثوق کے ساتھ کہتا ہوں کہ بد عقیدہ لوگ قیامت کے دن تک بھی ایسا ثابت نہیں کر سکتے۔جب ہر چیز اللہ تعالیٰ کے خزانے میں ہے، کاروبار، اولاد، علم، دولت، حسن و جمال، شہرت، امیری، فقیری، ولایت، تاجِ سکندری، بادشاہت حکومتیں، جاہ وجلال، نبوت وغیرہ وغیرہ۔جب ہر چیز اللہ تعالیٰ کے خزانوں میں ہے تو خزانوں کی چابیاں کہاں ہیں؟ تو حضرت صاحب خزانوں کی چابیاں تو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کی ہیں۔تو حدیث مبارکہ سے بھی ثابت ہوا کہ میرا نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہر چیز کا مالک ومختار ہے۔اور اللہ تعالیٰ کی عطائیں اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم پر مہربان ہیں اور جو لوگ اختیارات کو نہیں مانتے در حقیقت وہ اللہ تعالیٰ کی عطا کو نہیں مانتے کیونکہ اللہ تعالیٰ تو اپنی عطا کا تعارف کرواتے ہوئے فرماتا ہے کہ

## دلیل نمبر 8

آیت مبارکہ: وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ۔

(پارہ نمبر 15 سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر 20)

Marfat.com

ترجمہ: اور تمہارے رب کی عطا پر روک نہیں ہے۔

آئیں دیکھیں اب اللہ تعالیٰ کی عطائیں اپنے نبی کریم ﷺ پر حدیث مبارکہ۔

## دلیل نمبر 9

## چتکبرے گھوڑے پر زمین کی چابیاں

حدیث مبارکہ: عَن جَابِر رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ قَالَ قَالَ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ اُوتِیتُ بِمَقَالِیدُ الدَّنیاءَ عَلیٰ فَرَس اَبلَق عَلَیہِ قَطِیفَۃٌ مِن سُندَسٍ ۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے چتکبرے گھوڑے پر دُنیا کی چابیاں دے دی گئی ہیں۔ جس پر ریشمی چادر تھی۔

### حوالہ جات

☆ مسند احمد جلد سوم ص 328

☆ صحیح ابن حبان جلد 9

اس حدیث مبارکہ سے بھی ثابت ہوا کہ اللہ رب العالمین نے اپنے محبوب ﷺ کو خزانوں کی چابیاں دے دی ہیں۔ مولوی صاحب جب اللہ تعالیٰ نے اپنے ہی خزانوں سے اپنے ہی محبوب ﷺ کو سب کچھ عطا کر دیا ہے تو آپ کے پیٹ میں منافقت کا درد کیوں ہوتا ہے؟ بس ہمارا تو یہ عقیدہ ہے کہ

تخت ہے اُن کا تاج ہے اُن کا
دونوں جہاں میں راج ہے اُن کا

جن وملک ہیں اُن کے سپاہی
رب کی خدائی میں اُن کی شاہی

Marfat.com

شاہ و گدا ہیں ان کے سلامی
فخر ہے سب کو اُن کی غلامی
کعبہ ہی کیا ہے سارے جہاں میں
دھوم ہے اُن کی کون و مکاں میں

## دلیل نمبر 10

# منگتوں کو خالی دامن مت بھیجنا

آیت مبارکہ: وَ اَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنۡهَرۡ ۔ (پارہ 30 سورۃ الضحیٰ آیت نمبر 10)

ترجمہ: اور اے محبوب ﷺ مانگنے والوں کو جھڑکنا نہیں۔

### تفسیر

اس آیت میں اللہ تعالیٰ اپنے محبوب ﷺ کو فرما رہا ہے کہ محبوب ﷺ جو بھی سوالی آپ ﷺ کے دولت خانہ پر آئے اور جو بھی آپ ﷺ سے مانگے آپ ﷺ نے اس کو جھڑکنا نہیں یعنی کہ خالی ہاتھ واپس نہیں جانے دینا۔ بلکہ ہم نے جو کچھ آپ ﷺ کو عطا کیا ہوا ہے ہمارے خزانوں میں سے اسے عطا فرمانا۔ اب بڑے مزے کی بات تو یہ ہے کہ سوالی یعنی مانگنے والا حضور پاک ﷺ سے کچھ بھی مانگ سکتا ہے۔ وہ عزت مانگے، علم مانگے، دولت مانگے، کاروبار مانگے، رزق مانگے، اولاد مانگے، دُنیا کی سرداری مانگے، جنت مانگے، محبوب ﷺ وہ کچھ بھی مانگ لے سوالی کا کام ہے مانگنا۔ اے محبوب ﷺ فَلَا تَنۡهَرۡ آپ ﷺ اس کو خالی نہ موڑیں۔ اب ذرا توجہ فرمائیں اگر میرے نبی ﷺ کے پاس کچھ نہ ہوتا یا حضور ﷺ کچھ عطا نہ کر سکتے ہوتے تو آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سوال کر سکتے تھے یا اللہ میرے پاس کیا ہے جو میں مانگنے والوں کو دوں یا آپ ﷺ منگتوں سے فرما سکتے تھے کہ میں تم کو کیا دے سکتا ہوں، جو مانگنا ہے صرف اللہ سے مانگو۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے تمام دُنیا کے منگتوں کو ایک ہی آستانہ

Marfat.com

دکھادیا ہے کہ جوبھی مانگنا ہو میرے محبوب ﷺ سے طلب کرلو اور محبوب ﷺ سے فرمادیا کہ یہ دنیا والے آپ ﷺ سے جب بھی جہاں بھی اور جو چیز بھی مانگیں فَلَا تَنۡهَرۡ آپ ﷺ خالی نہ موڑیں۔

بقول اعلیٰ حضرت

میرے کریم ﷺ سے گر قطرہ کسی نے مانگا
دریا بہا دیئے ہیں دُر بے بہا دیئے ہیں

## دلیل نمبر 11

## میرے نبی ﷺ نے منگتوں کو کبھی ناں نہیں کی

حدیث مبارکہ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بِنُ كَثِيرٍ أَخبَرَنَا سُفيَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ عَن ابنِ المُنكَدِرِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ سَمِعتُ جَابِرًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ يَقُولُ مَا سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ عَن شَيْءٍ قَطُّ فَقَالَ لَا ۔

ترجمہ: حضرت محمد بن منکدر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سُنا وہ کہتے تھے کہ آنحضرت ﷺ سے جب بھی کسی نے کچھ مانگا تو آپ ﷺ نے ناں نہیں فرمائی (یعنی منگتوں کو کبھی بھی خالی ہاتھ نہیں موڑا)۔

حوالہ جات

☆ صحیح بُخاری شریف جلد سوئم کتاب الادب باب حُسنِ الخُلقِ وَالسَّخَاءِ وَمَا يُكرَهُ مِنَ البُخلِ حدیث نمبر 973 ص 443

☆ صحیح مُسلم شریف جلد سوم کتابُ الفضائل باب حدیث نمبر 5896 ص 246

☆ الادب المفرد امام بخاری باب سَخَاوَةِ النَّفسِ حدیث نمبر 279 ص 148

☆ مدارج النبوت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ جلد اول ص 72

Marfat.com

☆ مشکوۃ شریف جلد سوم بَابُ فِی اَخلَاقِہٖ وَشَمَائِلِہٖ ﷺ فصل اول حدیث نمبر 5556 ص 138
☆ مسند امام احمد جلد اول ص 168

## اس حدیث مبارکہ سے حاصل شُدہ موتی

ا۔ اس حدیث مبارکہ سے ثابت ہوا کہ نبی پاک ﷺ کی بارگاہ سے مانگنا صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین کی سنت مبارکہ ہے۔ اگر آپ ﷺ کی ذات سے مانگنا شرک ہوتا تو آپ ﷺ بالکل منع فرمادیتے کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے مانگو، میں کسی کو کیا دے سکتا ہوں؟ میرے پاس تو کچھ بھی نہیں۔ میں تو اپنے بھلے برے کا کوئی اختیار نہیں رکھتا (معاذ اللہ)۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے تو دُنیا والوں کو آپ ﷺ کا آستانہ دکھادیا ہے کہ جو بھی مانگو گے ضرور ملے گا۔ بقول کسی عاشق رسول ﷺ کے:

مانگو مانگو حضور ﷺ دیتے ہیں
جو بھی مانگو ضرور دیتے ہیں

۲۔ صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین فرماتے ہیں جب بھی آپ ﷺ سے سوال کیا گیا یعنی جب بھی کسی سوالی نے اپنی خالی جھولی آپ ﷺ کی بارگاہِ رحمت میں بچھائی، میرے نبی پاک ﷺ نے خالی نہیں بلکہ خالی دامن کو رحمتوں سے بھر دیا۔

قربان میں ان کی بخشش کے مقصد بھی زباں پر آیا نہیں
بن مانگے دیا اور اتنا دیا کہ دامن میں ہمارے سمایا ہی نہیں

۳۔ آپ ﷺ کی سخاوت پر قربان جائیں۔ اس شاہی دربار کا کوئی بھی ٹائم ٹیبل مقرر نہیں ہے کہ اس وقت آنا یا اس وقت نہیں آنا۔ بلکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ جب بھی مانگا سخی نے عطا فرمایا۔

Marfat.com

دلیل نمبر 12

## اسلام قبول کرنے پر جو بھی چیز مانگو گے

## آقا ﷺ ضرور عنایت فرمائیں گے

حدیث مبارکہ: عَنْ مُوسٰی بِن اَنَسٍ رَضی اللہ عَنہُ عَنْ اَبِیہِ قَالَ مَا سُئِلَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلَی الِاسلَامِ شَیئًا اِلَّا اَعطَاہُ قَالَ فَجَائَہٗ رَجُلٌ فَاَعطَاہُ غَنَمًا بَینَ جَبَلَینِ فَرَجَعَ اِلٰی قَومِہٖ فَقَالَ یَا قَومِ اَسلِمُوا فَاِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُعطِی عَطَاءً لَا یَخشَی الفَاقَۃَ۔

ترجمہ: حضرت موسیٰ بن انس رضی اللہ عنہ اپنے والد ماجد حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان نقل فرماتے ہیں کہ اسلام قبول کرنے پر نبی اکرم ﷺ سے جو بھی چیز مانگی جاتی تھی آپ ﷺ وہ عطا کر دیتے تھے۔ ایک شخص آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا (اس نے اسلام قبول کیا) نبی اکرم ﷺ نے اس کو دو پہاڑوں کے درمیان موجود جتنی بکریاں تھی سب عطاء فرما دیں وہ اپنی قوم والوں کے پاس واپس گیا اور بولا اے میری قوم اسلام قبول کرلو کیونکہ حضرت محمد ﷺ اتنا عطاء فرماتے ہیں کہ فقر و فاقہ کا اندیشہ نہیں رہتا (یعنی نبی پاک ﷺ کے عطا کرنے کے بعد غربت ختم ہو جاتی ہے)۔

حوالہ ☆ صحیح مسلم شریف جلد سوم کتاب الفضائل حدیث نمبر 5898 ص 246

دلیل نمبر 13

## تیز ہوا سے بڑھ کر سخاوتِ مصطفیٰ ﷺ

حدیث مبارکہ: عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ رَضی اللہ عَنہُمَا قَالَ کَانَ رَسُولُ

Marfat.com

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ أَجْوَدَ النَّاسِ وَ کَانَ أَجْوَدُ مَایَکُوْنُ فِی شَھْرِ رَمَضَانَ حِینَ یَلْقَاہُ جِبْرِیلُ عَلَیہِ السَّلَامِ وَ کَانَ یَلْقَاہُ فِی کُلِّ لَیْلَۃٍ مِنْ رَمَضَانُ فَیُدَ ارِسُہُ الْقُرآنَ فَکَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ أَجْوَدُ بِالْخَیرِ مِنَ الرِّیحِ الْمُرْسَلَۃِ۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ تمام لوگوں سے زیادہ فضل اور کرم والے تھے اور آپ ﷺ رمضان المبارک میں بہت زیادہ سخاوت وعطا فرماتے۔ جب جبرائیل علیہ السلام آپ ﷺ سے ملاقات کرتے پس آپ ﷺ ان سے قرآن کا دور فرماتے اور رسول اللہ ﷺ ضرور بھیجی گئی تیز ہوا سے بھی زیادہ لوگوں کی تمام حاجات کے مطابق عطاوسخا فرماتے تھے۔

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد اوّل کتاب الوحی باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حدیث نمبر 5 ص 95

☆ صحیح مسلم شریف جلد سوم کتاب الفضائل باب جودہ ﷺ حدیث نمبر 5888 ص 243

☆ سنن نسائی جلد دوم کتاب الصیام باب الفضل والجود فی شھر رمضان حدیث نمبر 2067 ص 113

☆ الأدب المفرد امام البخاری باب حسن الخلق اذا فقھوا ص 153

☆ مشکوٰۃ شریف جلد اول باب الاعتکاف ص نمبر 453

## تبصرہ

سبحان اللہ قربان جاؤں میں اس سخی کی سخاوت پر جو محبوب رب العالمین ہے۔ جب صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین نبی پاک ﷺ کو سخی مانتے ہیں تو سخی تو اس وقت تصور کیا جائے گا جب پاس سب کچھ ہوگا۔ اگر مانگنے والا کسی چیز کا سوال کرے اور حضور ﷺ نہ دیں۔ یا یہ فرمائیں کہ نہیں یہ تو میرے پاس نہیں ہے کچھ اور مانگ لو، تو پھر سخاوت کا کیا تصور کیا جائے گا۔ سخاوت کرنے کے لئے سخی کا ہونا ضروری ہے اور سخی ہونے کے لئے

Marfat.com

مال وزر کا ہونا ضروری ہے اور مال وزر کے ہوتے ہوئے اختیارات کا ہونا ضروری ہے۔
اگر اختیارات نہ ہوں گے تو سخاوت کبھی بھی نہیں ہو سکتی۔

منگتے خالی ہاتھ نہ لوٹے
کتنی ملی خیرات نہ پوچھو
ان کا کرم پھر ان کا کرم ہے
ان کے کرم کی بات نہ پوچھو

اعلیٰ حضرت امام عاشقاں آپ رحمۃ اللہ علیہ بارگاہ نبوی ﷺ میں یوں عرض کرتے ہیں

کون دیتا ہے دینے کو منہ چاہیے
دینے والا ہے سچا ہمارا نبی ﷺ

## دلیل نمبر 14

## اولادِ آدم میں سب سے زیادہ سخی کون ہے؟

حدیث مبارکہ: عَنْ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ بِنُ مَالِکٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ھَل تَدرُوْنَ مَنْ اَجْوَدُ جُوْدًا قَالُو اللّٰہُ وَ رَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ قَالَ اللّٰہُ تَعَالیٰ اَجْوَدُ جُوْدًا ثُمَّ اَنَا اَجْوَدُ بَنِی اٰدَمَ۔

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ کیا تم جانتے ہو کہ سخاوت کرنے میں سب سے زیادہ سخی کون ہے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین نے عرض کیا: یارسول اللہ! اللہ اور اس کا رسول ﷺ سب سے زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ سب سے بڑا سخی ہے۔ پھر اولادِ آدم میں سے میں سخی ہوں۔

Marfat.com

حوالہ جات

☆مسند ابی یعلی حدیث نمبر 2790

☆الترغیب والترہیب جلد دوم ص 320

☆المجمع الزوائد جلد 9 ص 13

☆مشکوۃ شریف جلد اول کتاب العلم تیسری فصل حدیث نمبر 241 ص 73

☆مدارج النبوت جلد اول ص 72

## تبصرہ

اس حدیث مبارکہ میں میرے نبی کریم ﷺ اپنے سخی ہونے کا اظہار فرما رہے ہیں کہ لوگو! تمام کائنات میں سب سے بڑا سخی اللہ تعالیٰ ہے۔ اس کو سخی بنانے میں کوئی مددگار یا شریک نہیں ہے۔ وہ ذاتی طور پر سخی ہے اور تمام خزانوں کا ذاتی طور پر مالک ومختار ہے۔ مجھے میرے رب نے سخی بنایا ہے۔ میرے پاس جو بھی خزانے ہیں یا جو بھی اختیارات ہیں وہ میرے اللہ کے عطا کردہ ہیں اور اللہ تعالیٰ کی عطا سے ہی میں کائنات کا مالک ومختار ہوں۔

بقول اعلحضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

سرور کہوں کہ مالک ومولا کہوں تجھے
باغِ خلیل کا گلِ زیبا کہوں تجھے

## دلیل نمبر 15

# میری بارگاہ میں حاجت مندوں کی سفارش کیا کرو

حدیث مبارکہ: عَنْ أَبِی مُوسَی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا أَتَاہُ السَّائِلُ وَ رُبَّمَا قَالَ جَاءَہُ السَّائِلُ أَو صَاحِبُ الحَاجَۃِ قَالَ اِشْفَعُوا فَلْتُؤجَرُوا وَ یَقْضِی اللّٰہُ عَلَی لِسَانِ رَسُولِہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَاشَاءَ۔

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں جب بھی کوئی سائل یا حاجت مند آتا تو آپ ﷺ اپنے صحابہ کرام سے فرماتے کہ تم بھی (میری بارگاہ میں) اس کی سفارش کیا کرو تم کو ثواب ملے گا اور اللہ تعالیٰ کو تو جو منظور ہے وہ اپنے محبوب ﷺ کی زبان مبارک سے حکم جاری کروا دے گا۔

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری جلد سوئم کتاب التوحید باب فی المشیئۃ والارادۃ حدیث نمبر 2330 ص نمبر 1053

☆ صحیح بخاری جلد اوّل کتاب الزکاۃ حدیث نمبر 1348 ص نمبر 638

## دلیل نمبر 16

حدیث مبارکہ: عَنْ أَبِي مُوسَى رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ قَالَ اَلْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا ثُمَّ شَبَّكَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ وَكَانَ النَّبِيُّ جَالِساً اِذَا جَاءَ رَجُلٌ يَسْأَلُ أَوْ طَالِبُ حَاجَةٍ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ فَقَالَ اشْفَعُوا فَلْتُؤْجَرُوا وَلْيَقْضِ اللّٰهُ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَاءَ ۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ایک مسلمان دوسرے مسلمان کے لیے اس طرح ہے جیسے عمارت کا ایک حصہ دوسرے حصے کو تھامے ہوئے ہے (گرنے نہیں دیتا) پھر آپ ﷺ نے انگلیوں کو قینچی کر لیا اور ایک بار ایسا ہوا کہ آنحضرت ﷺ بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں ایک شخص کچھ مانگتا یا حاجت طلب کرتا آیا آپ ﷺ نے ہماری طرف نظر کرم فرماتے ہوئے دیکھا اور فرمایا (تم خاموش کیوں بیٹھے رہتے ہو) غریب اور حاجت مندوں کی سفارش کیا کرو تم کو سفارش کا ثواب مل جائے گا اور اللہ تعالیٰ کو تو جو منظور ہو

Marfat.com

گا۔ وہ اپنے پیغمبر ﷺ کی زبان مبارک سے حکم جاری کروادے گا۔

حوالہ جات

صحیح بخاری شریف جلد سوم ,کتاب الادب باب تعاون المؤمنین بعضھم بعضا (حدیث نمبر 966 ص نمبر 440)

## دلیل نمبر 17

## نبی کریم ﷺ لوگوں کو حکومت بھی عطاء فرماتے ہیں

حدیث مبارکہ: عَنْ أَبِی مُوسَی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ دَخَلتُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ أنَا وَرَجُلَانِ مِن قَومِی فَقَالَ أحَدُالرَّجُلَینِ أَمِّرْ نَا یَا رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَقَالَ الآخَرُ مِثْلَہُ فَقَالَ اِنَّا لَا نُوَلِّی ھٰذَا مَن سَأَلَہُ وَلَا مَن حَرَصَ عَلَیہِ۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں اپنی قوم کے دوآدمیوں کے ساتھ نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا ان میں سے ایک کہنے لگا: یارسول اللہ! ہم کو کسی جگہ کی حکومت دیجئے۔ دوسرے نے بھی اس طرح یہی عرض کیا تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہم اس شخص کو حکومت نہیں دیتے جو اس کی درخواست کرے یا حرص کرے۔

حوالہ جات

☆ صحیح بُخاری شریف جلد سوئم ,کتاب الاحکام باب ما یکرہ من الحرص علی الامارۃ حدیث نمبر 2026 ص 902

☆ صحیح مُسلم شریف جلد دوم ,کتاب الامارۃ باب النھی عن طالب الامارۃ والحرص علیھا حدیث نمبر 4603 ص نمبر 711

Marfat.com

## دلیل نمبر 18

## میرے محبوب ﷺ کے پاس آؤ

آیت مبارکہ: وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ ۔۔۔۔ الاخر

ترجمہ: اور اگر جب وہ اپنی جانوں پر ظلم کر لیں تو اے محبوب ﷺ تمہارے حضور حاضر ہوں اور پھر اللہ تعالیٰ سے معافی چاہیں اور رسول ﷺ ان کی شفاعت فرمائیں تو ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان پائیں گے۔ (پارہ 3 سورۃ النساء آیت 64)

### تفسیر:

اس آیت کریمہ میں مسلمانوں کو توبہ کرنے اور اپنے گناہ معاف کروانے اور اللہ تعالیٰ کو منانے کا طریقہ بتایا جارہا ہے۔ یعنی کہ توبہ قبول ہونے کی تین شرطیں بتائی جارہی ہیں۔ اوّل: نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں حاضری۔ دوم: اپنے گناہوں سے وہاں جا کر توبہ کرنا۔ سوم: نبی پاک ﷺ کا شفاعت فرمانا۔ اگر ان تینوں میں ایک شرط بھی نہ پائی جائے تو توبہ کی امید نہیں۔

اس آیت سے چند فائدے حاصل ہوئے۔ اول: نبی پاک ﷺ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مطلق مختارِ کل ہیں۔ اب اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اختیار دیا ہے کہ جس کی چاہیں شفاعت فرمائیں یا جس کی چاہیں نہ فرمائیں۔ کیونکہ جرم تو کیا خدا کا ناراض تو گناہ کر کے اپنے رب کو کیا۔ مگر فرمایا گناہ کر کے اللہ تعالیٰ کو ناراض کر لیا ہے تو اب اس محبوب ﷺ کی بارگاہ میں آجا۔ جس حبیب ﷺ کی اللہ تعالیٰ ٹالتا نہیں۔ دوم: یہ بھی ثابت ہوا کہ نبی پاک ﷺ کے وسیلہ کے بغیر اللہ تعالیٰ ہماری توبہ بھی قبول نہیں فرماتا۔ اگر نبی پاک ﷺ کے وسیلہ کے بغیر اگر توبہ قبول ہوسکتی ہوتی تو پھر نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں جانے کا اللہ تعالیٰ کبھی بھی حکم نہ فرماتا۔ سوم: یہ بھی ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ اس

Marfat.com

شخص سے راضی ہوتا ہے جو میرے نبی ﷺ کو راضی کر لے اپنا آقا و مولا جان کر حضور ﷺ کا وسیلہ لے کر رب کی بارگاہ میں آجائے تو اللہ تعالیٰ اس کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمالیتا ہے۔ وگرنہ جو میرے نبی ﷺ کے در سے دھتکارا گیا، رب کعبہ کی قسم کسی بھی جہان میں وہ کامیاب نہیں ہوسکتا۔ دونوں جہانوں کی کامیابی اس شخص کے قدموں کو چومتی ہے جس کا یہ عقیدہ ہو۔ بقول اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ

سرور کہوں کہ مالک و مولیٰ کہوں تجھے ﷺ
باغ خلیل کا گلِ زیبا کہوں تجھے ﷺ

## دلیل نمبر 19

## جرم ہونے کے بعد نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہونے کا عملی مظاہرہ

حدیث مبارکہ: عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَينمَا نَحنُ جُلُوسٌ عِندَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذاجاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلَكتُ قَالَ مَا لَكَ؟ قَالَ وَقَعتُ عَلَى اِمرأَتِي وَأَنَا صَائِمٌ ۔ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَل تَجِدُ رَقَبَةً تُعتِقُهَا؟ قَالَ لَا قَالَ فَهَل تَستَطِيعُ اَن تَصُومَ شَهرَينِ مُتَتَابِعَينِ؟ قَالَ لَا قَالَ فَهَل تَجِدُ اِطعَامَ سِتِّينَ مِسكِينًا فَقَالَ لَا قَالَ فَمَكَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَينَا نَحنُ عَلَى ذٰلِكَ أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرقٍ فِيهَا تَمرٌ وَالعَرقُ المِكتَل ۔ قَالَ أَينَ السَّائِلُ؟ فَقَالَ أَنَا قَالَ خُذهَا فَتَصَدَّق بِهٖ فَقَالَ الرَّجُلُ أَعلَى أَفقَرَ مِنِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى

Marfat.com

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ؟ فَوَاللّٰہِ مَا بَینَ لَا بَیتَھَا یُرِیدُ الحَرَّتَینِ أَھلُ بَیتِ أَفقَرَ مِن أَھلِ بِیتِی فَضَحِكَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی بَدَت أَنیَابُہُ ثُمَّ فَقَالَ أَطعِمہُ أَھلَكَ ۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ ہم آنحضرت ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ اتنے میں ایک شخص آیا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں تباہ ہوگیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ کیوں کیا ہوا؟ تو اس شخص نے عرض کی کہ میں اپنی بیوی سے صحبت کر چکا ہوں جبکہ میں روزہ سے تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ایک غلام آزاد کردو۔ عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس غلام کہاں؟ فرمایا متواتر دو مہینے کے روزے رکھ لو۔ عرض گذار ہوا کہ اس کی طاقت نہیں ہے۔ فرمایا تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلا دو عرض کی کہ یہ بھی میسر نہیں۔ پھر ایک ٹوکرا کھجوروں کا پیش کیا گیا۔ نبی پاک ﷺ نے فرمایا سائل کہاں ہے۔ انہیں خیرات کر آئے۔ عرض کی کہ کیا اپنے سے زیادہ غریبوں کو؟ قسم خدا کی ان دونوں وادیوں میں کوئی بھی گھر ہم سے زیادہ غریب نہیں ہے۔ پس نبی پاک ﷺ تبسم ریز ہو گئے۔ یہاں تک کہ دندان مبارک نظر آنے لگے اور فرمایا کہ تم خود ان کے حقدار ہو جا اپنے گھر والوں کو کھلا دے۔

حوالہ جات

☆ صحیح بُخاری شریف جلد اوّل کتابُ الصَّوم حدیث نمبر 1816 ص 831

☆ صحیح مُسلم شریف جلد دُوم کتابُ الصِّیَام حدیث نمبر 2491 ص 45

☆ جامع ترمذی شریف جلد اوّل ابوابُ الصَّوم بَابُ مَاجَاءَ فِی کَفَّارَۃِ الفِطرِ فِی رَمَضَانَ حدیث نمبر 702 ص 407

☆ سُنَنِ ابی داؤد جلد دُوم بَابُ کَفَّارَۃِ مَن اَتٰی اَھلَہٗ فِی رَمَضَانَ حدیث نمبر 2042 ص 154

☆ سُنَنِ ابن ماجہ جلد اوّل بَابُ مَاجَآءَ فِی کَفَّارَۃِ مَن اَفطَرَ یَومًا مِن رَمَضَانَ حدیث نمبر 1734 ص 473

Marfat.com

☆ الموطا امام مالک باب کفارۃ من اضطر فی رمضان حدیث نمبر 28 ص 314

☆ مشکوٰۃ شریف جلد اول باب تنزیہ الصوم حدیث نمبر 1906 ص 434

## تبصرہ:

اس حدیث مبارکہ سے ثابت ہوا کہ اللہ کریم نے اپنے رسول پاک ﷺ کو اختیارات دے رکھے ہیں۔ جب صحابی سے روزے کی حالت میں لغزش ہوگئی تو حضور پاک ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوگیا یعنی مجھ سے غلطی ہوگئی ہے۔ تو نبی پاک ﷺ نے قانون بیان فرمایا کہ اگر تو نے غلطی کی ہے تو اس کا کفارہ یہ ہے کہ غلام آزاد کرو۔ صحابی نے عرض کی: یارسول اللہ! میں غلام آزاد کرنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ فرمایا اگر غلام آزاد نہیں کرسکتے ہو تو 60 مسکینوں کو کھانا کھلا دو۔ مگر صحابی اس سے بھی معذرت کررہا ہے کہ حضور میں اس کی بھی طاقت نہیں رکھتا۔ پھر نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ دو ماہ کے متواتر روزے رکھو۔ صحابی عرض کرنے لگا: یارسول اللہ! میرے لئے یہ بھی مشکل ہے اور میں ایسا بھی نہیں کرسکتا۔ یہ جو حضور پاک ﷺ نے بیان فرمایا یہ قانون تھا اگر کوئی ایسی غلطی کر بیٹھے تو وہ ان تینوں حکموں میں سے کسی ایک پر عمل کرلے مگر صحابی تینوں پر عمل کرنے سے معذرت کررہا ہے۔ آگے میرے آقا ﷺ مختار کل کا اختیار ملاحظہ فرمائیں کہ اللہ کریم نے آپ ﷺ کو مختار کل بنا کر بھیجا ہے یا نہیں۔ اگر منافقت سے دل پاک ہو تو یقیناً یہ حدیث صراط مستقیم کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔ تو جب صحابی تینوں حکموں پر عمل کرنے سے معذرت کررہا ہے تو ایک شخص حضور پاک ﷺ کی بارگاہ میں کھجوروں کا ٹوکرا لے کر حاضر ہوا اور بطور نذرانہ آپ ﷺ کی بارگاہ میں پیش کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ کدھر ہے جو شخص سوال کررہا تھا۔ تو وہ شخص کھڑا ہو کر عرض کرنے لگا: یارسول اللہ! میں حاضر ہوں۔ فرمایا کہ یہ کھجوریں لے جاؤ اور غریبوں میں جا کر تقسیم کردو۔ وہ شخص عرض کرنے لگا: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ ﷺ کے قدموں پر قربان جائیں۔ ان دونوں وادیوں میں مجھ سے بڑھ کر کوئی غریب نہیں ہے۔ میں سب سے زیادہ غریب ہوں۔ اس

Marfat.com

کے یہ جملے سن کر آقا ﷺ مسکرائے اور فرمایا ''اچھا جاؤ اور خود کھاؤ اور اپنے بچوں کو کھلا دو۔یعنی جا یہ کھجوریں تمہیں عطا کیں۔

رحمت میرے حضور ﷺ دی واجاں پئی ماردی
آجا گناہگارا میں تینوں بچا لواں

اب میں ہر منصف مزاج کی خدمت میں عرض کروں گا کہ خدارا ذرا سنجیدگی سے غور فرمائیں کہ کیا آپ حضور پاک ﷺ مختار کل نہیں ہیں؟ اگر آپ ﷺ کو یہ اختیار حاصل نہیں تھا تو کیا معاذ اللہ نبی ﷺ یوں ہی فضا میں تیر پھینک دیتے تھے اور پھر حضور ﷺ کو اختیار حاصل نہیں تو کیا صحابی کا کفارہ ادا ہوا یا کہ نہیں۔اگر صحابی کا کفارہ ادا ہو گیا تو پھر ماننا پڑے گا کہ اللہ کریم نے آپ ﷺ کو مختار کل بنا کر بھیجا ہے اور اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو یہ اختیار دیا ہے کہ اگر میرا نبی ﷺ چاہے تو میرے قانون میں ترمیم بھی کرسکتا ہے اور اگر کوئی بندہ آپ ﷺ کے اختیار کا منکر ہے تو پھر اس کو ثابت کرنا ہوگا کہ اس آدمی کا کفارہ ادا نہیں ہوا۔جو کہ کوئی بھی مائی کا لعل نہ ثابت کرسکتا ہے اور نہ ہی کوئی ملاں ایسا کہنے کی جرأت کرسکتا ہے اور پھر اگر کوئی یہ کہے کہ نبی ﷺ کو اختیار حاصل نہیں تو وہ قرآن وحدیث کا منکر ہے اور منافق ہے اور یہ بھی ثابت ہوا کہ صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین کو جب بھی کوئی مسئلہ درپیش ہوتا تھا تو وہ میرے نبی ﷺ کی بارگاہ میں آ کر عرض کرتے تھے۔

کرم کی اِک نظر ہم پہ خدارا یارسول اللہ ﷺ
نہیں کوئی سوا تیرے سہارا یارسول اللہ ﷺ

یہ بھی ثابت ہوا کہ صحابہ کرام مشکل کے وقت اپنی تمام تر حاجات نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں پیش کرتے تھے۔اگر آپ ﷺ کی بارگاہ میں عرض کرنا یا اپنی حاجتیں آپ ﷺ سے بیان کرنا شرک ہوتا تو ایسا نہ کرتے۔جب حضور ﷺ سے مدد مانگنی اور

Marfat.com

مصیبت کے وقت آپ ﷺ سے عرض کرنا صحابہ رضی اللہ عنہم کی سنت ہے تو جناب صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی پیروی کر کے اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کو خوش کرو۔ نہ کہ صحابہ کرام کے عقیدے کی مخالفت کر کے انگریز کو راضی کرتے پھرو۔

## دلیل نمبر 20

آیت مبارکہ: وَّ اَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا

(پارہ نمبر 30 سورۃ النباء آیت نمبر 14)

ترجمہ: اور بدلیوں سے ہم ہی برستا ہوا پانی برساتے ہیں۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں مالک و مختار ہوں بارش بھی میرے حکم سے برستی ہے لیکن جب اللہ تعالیٰ کے حبیب ﷺ کی انگلی مبارک اٹھ جائے تو اللہ تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ کی رضا چاہتے ہوئے بادلوں سے مینہ برساتا ہے دیکھیں حدیث مبارکہ

## دلیل نمبر 21

# صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کا بارش کے لئے آپ ﷺ کی بارگاہ میں عرض کرنا

حدیث مبارکہ: عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَذْكُرُ أَنَّ رَجُلًا دَخَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ مِنْ بَابٍ كَانَ وِجَاهَ الْمِنْبَرِ وَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمًا يَخْطُبُ فَاسْتَقْبَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمًا فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلَكَتِ الْأَمْوَالُ وَ انْقَطَعَتِ السُّبُلُ فَادْعُ اللّٰهَ أَنْ يُغِيثَنَا قَالَ فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اسْقِنَا اللّٰهُمَّ اسْقِنَا اللّٰهُمَّ اسْقِنَا قَالَ أَنَسٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَلَا

Marfat.com

وَاللّٰہِ مَا نَرٰی فِی السَّمَاءِ مِن سَحَابٍ وَلَا قَزَعَةٍ وَلَا شَیْأً وَمَا
بَینَنَا وَ بَینَ سَلَعٍ مِن بَیتٍ وَلَا دَارٍ قَالَ فَطَلَعَت مِن وَرَائِہِ سَحَابَةٌ
مِثلُ التُّرسِ فَلَمَّا تَوَسَّطَتِ السَّمَآءَ إِنتَشَرَت ثُمَّ أَمطَرَت قَالَ
فَوَاللّٰہِ مَا رَأَینَا الشَّمسَ سبتًا ثُمَّ دَخَلَ رَجُلٌ مِن ذٰلِكَ البَابِ فِی
الجُمعَةِ المُقبِلَةِ وَرَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ
یَخطُبُ فَاستَقبَلَہُ قَائِمًا فَقَالَ یَا رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ
وَسَلَّمَ هَلَكَتِ الْأَموَالُ وَ انقَطَعَتِ السُّبُلُ فَادعُ اللّٰہَ أَن
یُمسِكَهَا قَالَ فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ یَدَیہِ ثُمَّ
قَالَ اَللّٰهُمَّ حَوَالَینَا وَلَا عَلَینَا اَللّٰهُمَّ عَلَی الإِكَامِ وَالجِبَالِ
وَالظِّرَابِ وَالْأَودِیَةِ وَ مَنَابِتِ الشَّجَرِ قَالَ فَانقَطَعَت وَ خَرَجنَا
نَمشِی فِی الشَّمسِ ۔

ترجمہ: حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے بیان کیا کہ انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا وہ کہتے تھے کہ ایک شخص جمعہ کے دن مسجد نبوی میں اس دروازے سے آیا جو منبر کے سامنے تھا۔ نبی پاک ﷺ اس وقت کھڑے ہوئے خطبہ پڑھ رہے تھے۔ اس نے کھڑے ہی کھڑے آنحضرت ﷺ کی طرف منہ کر کے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ جانور مر گئے اور راستے بند ہو گئے۔ تو اللہ تعالیٰ سے دُعا فرمایئے کہ مینہ برسائے۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا یہ سن کر رسول اللہ ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ اُٹھائے اور عرض کیا'' یا اللہ ہم کو پانی پلا، یا اللہ ہم کو پانی پلا، یا اللہ ہم کو پانی پلا''۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا قسم ہے خدا کی ہم آسمان میں نہ کوئی بادل دیکھتے تھے اور اور نہ بادل کا کوئی ٹکڑا اور نہ کوئی ایسی چیز جس سے معلوم ہو سکے کہ بارش آئے گی اور نہ ہی ہمارے اور سلع (پہاڑ) کے درمیان میں

Marfat.com

کوئی گھر یا مکان تھا۔ اتنے میں پہاڑ کے پیچھے سے ڈھال برابر ایک بادل کا ٹکڑا نمودار ہوا۔ جب وہ بیچ آسمان میں آیا تو پھیل گیا اور برسنے لگا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا خدا کی قسم پھر تو یہ حال ہو گیا کہ ہم نے ایک ہفتہ تک سورج نہیں دیکھا۔ دوسرے جمعہ ایک شخص اسی دروازے سے آیا اور آنحضرت ﷺ خطبہ پڑھ رہے تھے۔ وہ کھڑے کھڑے آپ ﷺ کے سامنے آیا اور کہنے لگا: یا رسول اللہ! جانور مر گئے اور راستے بارش کی وجہ سے بند ہو گئے ہیں تو اللہ تعالیٰ سے دُعا فرمایئے کہ بارش بند ہو جائے۔ یہ سن کر آنحضرت ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ اُٹھائے اور پھر یوں دُعا کی ''یا اللہ ہمارے گردا گرد برسا، ہم پر نہ برسا یا اللہ ٹیلوں، پہاڑوں، پہاڑیوں، زمینوں اور درخت اُگنے کے مقاموں پر برسا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا یہ دُعا فرماتے ہی بادل کھل گیا اور ہم دھوپ میں چلنے پھرنے لگے۔

حوالہ جات


☆ صحیح بُخاری شریف جلد اوّل کتَابُ الاِستِسقَاءِ بَابُ الاِستِسقَاءِ فِی المَسجِدِ الجَامِعِ حدیث نمبر 958 ص 474
☆ صحیح بُخاری شریف جلد دُوم کتَابُ المَنَاقِبِ بَابُ عَلَامَاتِ النُّبُوَّةِ فِی الاِسلَامِ حدیث نمبر 791 ص 397
☆ صحیح بُخاری شریف جلد سُوم کتَابُ الاَدَبِ بَابُ التَّبَسُّمِ وَالضَّحِکِ حدیث نمبر 1028 ص 465
☆ صحیح مُسلم شریف جلد اوّل کتَابُ الصَّلٰوۃِ الاِستِسقَاءِ حدیث نمبر 1975 ص 682
☆ سُنَنِ اِبی داوٗد جلد اوّل بَابُ رَفعِ الیَدَینِ فِی الاِستِسقَاءِ حدیث نمبر 993 ص 426
☆ سُنَنُ اِبن مَاجہ جلد اوّل بَابُ مَاجَآءَ فِی الاِستِسقَاءِ حدیث نمبر 1323 ص 365
☆ سُنَنِ نسائی جلد اوّل بَابُ رَفعِ الاِمَامِ یَدَیہِ عِندَ مَسأَلَۃِ اَمسِکِ المَطَرِ حدیث نمبر 1510 ص 552
☆ الاَدَبُ المُفرَدُ لِلاِمَامِ البُخَاری بَابُ رَفعِ الاَیدِی فِی الدُّعَا حدیث نمبر 612 ص 281
☆ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل بَابُ صَلٰوۃِ الاِستِسقَاءِ فصل تیسری حدیث نمبر 1426 ص 321
☆ مدارج النبوۃ شیخ محقق حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی جلد دوم ص 424
☆ الموطا امام مالک کتاب الاستقاء باب العمل فی الاستقاء حدیث نمبر 3 ص 216
☆ نشر الطیب فی ذکر النبی ﷺ الحبیب مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی ص 186


Marfat.com

☆ کتاب الوسیلہ ابن تیمیہ وہابی ص 312

## تبصرہ

اس حدیث مبارکہ میں بتایا جارہا ہے کہ جب مدینہ پاک میں بارش نہ پڑی تو صحابی میرے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں عرض گذار ہوا: یارسول اللہ! بارش نہ برسنے کی وجہ سے قحط پڑ جانے کا خدشہ ہے۔ یارسول اللہ ﷺ ہماری فصلیں تباہ و برباد ہوگئی ہیں۔ ہمارے جانور بھوک اور پیاس سے تڑپ رہے ہیں۔ ہماری زمینیں پانی کی بوند بوند کو ترس رہی ہیں۔ خدارا ہم پر نظر کرم ہو جائے۔ اپنے رب کی بارگاہ میں دُعا کر کے ہمارے لئے بارش برسائیں۔ قربان جاؤں میں اصحاب رسول ﷺ کے عقیدے پر کہ اپنی تمام تر مشکلیں، مصیبتیں میرے آقا ﷺ سے بیان کرتے ہیں۔ میرے نبی ﷺ نے یہ تو نہیں فرمایا کہ مجھ سے فریاد کر کے کیوں مشرک بن رہے ہو۔ کیا اللہ تعالیٰ تمہاری دُعائیں نہیں سنتا؟ تو تم اپنے رب کی بارگاہ میں کیوں دُعا نہیں کرتے؟ میں تو صرف تم کو کلمہ پڑھانے کے لئے آیا ہوں نہ کہ تمہاری مشکلیں اور مصیبتیں حل کرنے کے لئے آیا ہوں۔ لیکن رب کعبہ کی قسم صحابہ کرام نے میرے نبی ﷺ کی بارگاہ میں اپنے دکھوں، غموں اور مشکلوں کی فریاد کر کے تمام کائنات والوں کو ایک سبق دے دیا ہے کہ دنیا والو!

اُن کی بخشش، اُن کا صدقہ
دیتا وہ ہے، دلاتے یہ ہیں

اُن کا حکم جہاں میں نافذ
قبضہ کل پہ دکھاتے یہ ہیں

اُن کے ہاتھ میں ہے ہر کنجی
مالک کُل کہلاتے یہ ہیں

Marfat.com

رب ہے معطی یہ ہیں قاسم
رزق اُس کا ہے کھلاتے یہ ہیں
(فاضل بریلوی الشاہ امام احمد رضا خان قادری رحمۃ اللہ علیہ)

میرے نبی ﷺ کے ہاتھ مبارک دُعا کے لئے اُٹھنے سے پہلے آسمان بالکل صاف تھا۔ بادل کا نام ونشان تک نہیں تھا لیکن جیسے ہی محبوب خدا ﷺ کے نورانی ہاتھ اُٹھے کون سے ہاتھ جو لکڑی کی چھڑی کو لگ جائیں تو وہ تلوار جیسا کام دے جن کے متعلق رب تعالیٰ قرآن مجید فرماتا ہے۔ ید اللہ! ارے یہ تو وہ ہاتھ ہیں جن کی ایک انگلی کا اشارہ ہو تو چاند دو ٹکڑے ہو جائے۔ ڈوبا ہوا سورج واپس پلٹے، نابینوں کو آنکھیں مل جائیں۔ بیماروں کو شفا مل جائے۔ گونگوں کو زبانیں مل جائیں۔ جن کی انگلی مبارک کے اشارے سے پتھر کلمہ پڑھیں۔ شجر کلمہ پڑھیں، جن کی انگلی مبارک کے اشارے سے بادل سایہ کرے اور پھر برسے۔ بقول اعلحضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

ارشاد ہوا سورج لوٹا
پایا جو اشارہ چاند چیرا

بادل رم جھم رم جھم برسا
جب حکم حبیب ﷺ خدا پایا

مسلمان بھائیو! صحابہ کرام فرماتے ہیں بس ہاتھ مبارک اُٹھنے کی دیر تھی۔ مشرق و مغرب، شمال وجنوب ہر طرف سے بادل ہی بادل آ گئے اور موسلہ دھار بارش برسنی شروع ہو گئی اور کب تک بادل برسا صحابہ فرماتے ہیں کہ پورا ہفتہ بارش ہوتی رہی۔

## ایک نکتہ

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پورا ہفتہ بارش ہوتی رہی۔ بادل تھما کیوں نہیں؟ بارش رُکی کیوں نہیں؟ چلو ایک دن یا دو دن یا زیادہ سے زیادہ تین چار دن تک برستی رہتی۔

Marfat.com

سات دن تک متواتر کیوں برسی؟ میں عرض کرتا ہوں کہ میرے نبی ﷺ کا حکم اوّل تھا۔ بادلوں کو کہ بارش برساؤ کیونکہ میرا نبی ﷺ حاکم ہے اور تمام کائنات محکوم ہے۔ اب حاکم کی انگلی کا اشارہ تھا۔ خدا کی خدائی کے بادشاہ کا حکم تھا بادل کو برس۔ جب تک بادشاہ کا حکم ثانی بادل کو نہ ملا بادل برستا رہا۔ جب میرے نبی ﷺ نے بادل کو حکم دیا برسنا بند کر دے بارش فوراً برسنا ختم ہو گئی۔ جیسا کہ حدیث مذکورہ سے ثابت ہے۔ کیونکہ آپ ﷺ خدا کی خدائی کے بادشاہ ہیں۔ بادل کی کیا مجال تھی کہ آپ ﷺ کے حکم کی تابعداری نہ کرتا۔ کیونکہ ساری کائنات یہ چاہتی ہے کہ یا اللہ تو راضی ہو جا لیکن میرا رب عزوجل فرماتا ہے کہ اے محبوب ﷺ آپ راضی ہو جائیں۔

بقول اعلیٰحضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

خدا کی رضا چاہتے ہیں دو عالم
خدا چاہتا ہے رضائے محمد ﷺ

شاعر مشرق علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ کی روح تڑپی، آپ بارگاہ نبوی ﷺ میں یوں عرض کرتے ہیں:

عجب ہے تماشا کہ نارِ جہنم
جلائے خدا اور بجھائے محمد ﷺ

عجب ہے تماشا کہ فردوسِ اعلیٰ
بنائے خدا اور بسائے محمد ﷺ

## دلیل نمبر 22

# لیجئے صاحب ایک اور دلیل

حدیث مبارکہ: حَدَّثَنَا عَمرُو بن عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو قُتَيبَةَ قَالَ

Marfat.com

حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحمٰنِ بنُ عَبدِ اللّٰہِ بن دِینَارٍ عَن أَبِیہِ قَالَ سَمِعتُ ابنَ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ یَتَمَثَّلُ بِشِعرِ أَبِی طَالِبٍ وَ اَبیَضَ یُستَقَی الغَمَامُ بِوَجھِہٖ ثِمَالُ الیَتَامٰی عِصمَۃٌ لِلّاَرَامِلِ وَ قَالَ عُمَرُ بنُ حَمزَۃَ حَدَّثَنَا سَالِمٌ عَن أَبِیہِ وَ رُبَّمَا ذَکَرتُ قَولَ الشَّاعِرِ وَ أَنَا أَنظُرُ اِلیَ وَجہِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ یَستَسقِی فَمَا یَنزِلُ حَتّٰی یَجِیشَ کُلُّ مِیزَابٍ وَأَبیَضَ یُستَسقَیَ الغَمَامُ بِوَجھِہٖ ثِمَالُ الیَتَامَی عِصمَۃٌ لِلّاَرَامِلِ ھُوَ قَولُ أَبِی طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ ۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن دینار رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے سُنا وہ جناب حضرت ابوطالب رضی اللہ عنہ کا یہ شعر پڑھا کرتے تھے'' گوراان کا رنگ حامی یتیموں اور بیواؤں کے لوگ پانی مانگتے ہیں ان کے مبارک منہ کے صدقے سے''

ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کبھی میں شاعر جناب حضرت ابوطالب رضی اللہ عنہ کا یہ شعر پڑھتا اور یاد کرتا تھا اور ساتھ ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے مبارک کو دیکھتا تھا۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر پانی کی دُعا کرتے پھر منبر سے ابھی اترے ہی نہیں تھے کہ تمام پرنالے زور سے بہنے لگے وہ شعر یہ ہے۔

گورا ان کا رنگ ہے وہ حامی ہیں یتیموں اور بیواؤں کے
لوگ پانی مانگتے ہیں ان کے منہ کے صدقے سے

(یہ حضرت ابوطالب رضی اللہ عنہ کا کلام ہے)

حوالہ

☆ صحیح بُخاری شریف جلد اوّل کتابُ الاستِسقاءِ بابُ سُؤالِ النَّاسِ الِامامَ الِاستِسقاءِ اِذ قَحَطُوا حدیث نمبر 954 ص



Marfat.com

دلیل نمبر 23

## ایک اور دلیل

حدیث مبارکہ: عَنۡ جَابِرِ بۡنِ عَبۡدِ اللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنۡهُ قَالَ أَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِ وَسَلَّمَ بَوَاکِی فَقَالَ اللّٰهُمَ اسۡقِنَا غَیۡثًا مُغِیۡثًا مَرِیۡئًا مَرِیۡئًا نَافِعًا غَیۡرَ ضَارٍّ عَاجِلًا غَیۡرَ آجِلٍ قَالَ فَأَطۡبَقَتۡ عَلَیۡهِمُ السَّمَاءُ.

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ لوگ روتے چیختے ہوئے حضور اکرم ﷺ کے پاس آئے (اور بارش نہ ہونے کے سبب اپنی بدحالی کا ذکر کیا) تو آپ ﷺ نے دُعا اس طرح مانگی ''اے اللہ ہمیں ایسی بارش سے سیراب فرما جو نفع بخش ہو معاون و مددگار ہو، راحت بخش اور نیک انجام ہو، شادابی اور سبزہ لانے والی ہو، باعث ضرر نہ ہو، جلدی برسنے والی ہو نہ کہ دیر سے۔ راوی نے کہا پس اسی وقت ان پر بادل چھا گئے۔

حوالہ☆ سُننِ ابی داؤد جلد اوّل باب رَفعِ الیَدَینِ فِی الاِستِسقَاءِ حدیث نمبر 988 ص 424

دلیل نمبر 24

## زندگی میں حج کتنی مرتبہ فرض ہے

آیت مبارکہ: وَلِلّٰهِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الۡبَیۡتِ مَنِ اسۡتَطَاعَ اِلَیۡهِ سَبِیۡلًا وَمَنۡ کَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنِ الۡعٰلَمِیۡنَ

(پارہ نمبر 4 سورۃ آل عمران آیت نمبر 97)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں پر جو اس کیطرف راہ پا سکتے ہوں (یعنی کہ صاحب استطاعت ہوں) اس گھر کا حج فرض کر دیا ہے اور جو کوئی کفر کرے تو اللہ تعالیٰ تمام دُنیا سے بے پرواہ ہے۔

Marfat.com

اب اس آیت میں اللہ تعالیٰ حج کی فرضیت کے بارے میں حکم فرما رہا ہے۔ جو لوگ صاحب استطاعت ہیں ان پر زندگی میں ایک بار حج فرض ہے۔ اب آیئے میرے نبی ﷺ کا اختیار دیکھیں۔

## دلیل نمبر 25

## اگر میں ہاں کر دیتا تو ہر سال حج فرض ہو جاتا

حدیث مبارکہ: عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَیُّهَا النَّاسُ قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ عَلَیْکُمُ الْحَجَّ فَحُجُّوا فَقَالَ رَجُلٌ اَکُلَّ عَامٍ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَسَکَتَ حَتّٰی قَالَهَا ثَلَاثًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ وَلَمَّا اِسْتَطَعْتُمْ ثُمَّ قَالَ ذَرُوْنِی مَا تَرَکْتُکُمْ فَاِنَّمَا هَلَكَ مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ بِکَثْرَةِ سُؤَالِهِمْ وَاِخْتِلَافِهِمْ عَلٰی اَنْبِیَائِهِمْ فَاِذَا اَمَرْتُکُمْ بِشَیْءٍ فَاْتُوْا مِنْهُ مَا اَسْتَطَعْتُمْ وَاِذَا نَهَیْتُکُمْ عَنْ شَیْءٍ فَدَعُوْهُ ۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ ہمیں نبی کریم ﷺ نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ اے لوگو! تم پر حج فرض کر دیا گیا ہے پس حج کیا کرو۔ ایک صاحب نے دریافت کیا: یارسول اللہ! کیا ہر سال۔ آپ ﷺ خاموش رہے۔ یہاں تک کہ اس صاحب نے تین مرتبہ اپنا سوال دہرایا تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اگر میں ہاں کر دیتا تو ہر سال حج فرض ہو جاتا اور تم ایسا نہ کر سکتے۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا، میں جو چیز چھوڑ دیتا ہوں اُسے رہنے دیا کرو۔

کیونکہ تم سے پہلے والے لوگ اپنے انبیاء کرام سے بکثرت سوالات کرنے اور ان

Marfat.com

سے اختلافات کرنے کی وجہ سے ہلاک ہو گئے۔ جب میں تمہیں کسی بات کا حکم دوں تو جہاں تک ہو سکے اس پر عمل کرو اور جب کسی چیز سے روک دوں تو اس سے باز رہو۔

حوالہ جات

☆صحیح مُسلم شریف جلد دُوم کتابُ الحَجِّ بَابُ فَرضِ الحَجِّ مَرَّۃً فِی العُمر حدیث نمبر 3153 ص 248

☆سُنن نسائی جلد دُوم کتابُ مَنَاسِکِ الحَجِّ بَابُ وُجُوبِ الحَجِّ حدیث نمبر 2571 ص 277

☆جامع ترمذی شریف جلد اوّل اَبوَابُ الحَجِّ بَابُ مَاجَآءَ کَم فَرضِ الحَجِّ حدیث نمبر 793 ص 449

☆سُنن ابن ماجہ جلد دُوم اَبوَابُ المَنَاسِکِ کتابُ فَرضِ الحَجِّ حدیث نمبر 663 ص 197

☆مشکوٰۃ شریف جلد اوّل کتابُ المَنَاسِکِ پہلی فصل

حدیث نمبر 2390 ص 554

☆تفسیر ابن کثیر جلد دوم ص 22 پارہ نمبر 7 تفسیر سورۃ المائدہ

☆جامع ترمذی شریف جلد دُوم اَبوَابُ تَفسِیرِ القُرآنِ تفسیر سُورَۃِ مَائِدَۃِ حدیث نمبر 977 ص 406

☆تفسیر ابن کثیر جلد اوّل پارہ 1 تفسیر سورۃ البقرہ ص 163

تبصرہ:

جب سرورِ کائنات ﷺ نے فرمایا کہ اے لوگو! تم پر حج فرض کر دیا گیا ہے تو ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہر سال حج فرض ہے تو اس شخص کے بار بار سوال کرنے پر حضور ﷺ نے فرمایا جتنی بات میں کیا کروں خاموشی سے سن لیا کرو۔ اگر میں تمہارے سوال کے جواب میں ہاں کر دیتا تو لوگوں پر حج ہر سال فرض ہو جاتا یعنی جس چیز کو میرا نبی ﷺ فرض کہہ دے تو وہ فرض ہو جائے گا یعنی اے کائنات والو جو میرا محبوب ﷺ فرماوے گا وہی میرا قانون بن جائے گا اگر میرا نبی ﷺ یہ فرما دیتا کہ لوگو تم پر حج ہر سال فرض ہے تو حج ہر سال فرض ہو جاتا۔ اس سے بڑھ کر اور کیا اختیارات ہو سکتے ہیں؟ اے محبوب ﷺ جو آپ ﷺ فرما دیں گے وہی میرا قانون ہوگا۔ یہی وہ اختیارات ہیں جن پر اہلسنّت و جماعت کا ایمان ہے اور یہ اختیارات قرآن و حدیث سے ثابت ہیں اور قرآن و حدیث پر ایمان رکھنا یعنی کمالات مصطفیٰ ﷺ اختیارات

Marfat.com

مصطفیٰ ﷺ کو ماننا کفر و شرک نہیں ہے۔ ہاں یہ بات ضرور ہے کہ جو شخص ان کمالات کو نہ مانے اور اختیاراتِ مصطفیٰ ﷺ کا انکار کرے وہ قرآن اور حدیث کا بھی منکر ہے اور اسکے سینے کمینے میں عداوت رسول ﷺ بھی ہے اگر عداوت نہ ہوتی تو ان کمالات اور اختیارات کا انکار نہ کرتا جو قرآن اور حدیث سے ثابت ہے۔ کیونکہ اگر یہ اختیارات نہ ہوتے تو پھر حضور ﷺ کے ہاں یا نہ کہنے سے کچھ فرق نہ پڑتا۔ بہر حال حضور ﷺ کے اس فرمان یعنی میں ہاں کر دیتا تو حج ہر سال فرض ہو جاتا سے ثابت ہوتا ہے کہ نبی پاک ﷺ مختارِ کل ہیں۔ اب جو لوگ اختیاراتِ مصطفیٰ ﷺ کے منکر ہیں اور یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم اختیارات کو نہیں مانتے تو میں ان لوگوں کو دعویٰ کے ساتھ چیلنج کر کے کہتا ہوں کہ وہ یہ ثابت کریں کہ اگر حضور ﷺ ہاں کہہ بھی دیتے تو پھر بھی کچھ فرق نہیں تھا۔ یعنی حضور ﷺ کے ہاں کہنے سے حج فرض نہیں ہو سکتا تھا (معاذ اللہ) اور اگر ہاں کہنے سے فرض ہو سکتا ہے تو پھر اختیاراتِ مصطفیٰ ﷺ ثابت ہوئے اور یہ بھی ثابت ہوا کہ اہلسنّت و جماعت حنفی بریلوی یا رسول اللہ ﷺ کہنے والے حق پر ہیں۔ جیسا کے قرآن اور حدیث سے ثابت ہے اللہ تعالیٰ سمجھ کی توفیق عطاء فرمائے۔

کیونکہ جس چیز سے میرا نبی ﷺ منع کر دے تو وہ منع ہے اور جس چیز کے کرنے کا حکم دے وہ کرنا پڑے گا اب اگر اختیارات ہی نہ ہوں تو پھر نبی پاک ﷺ کے کسی بھی چیز کے متعلق کوئی بھی حکم فرمانے کی کیا حیثیت ہوگی کیونکہ خدا بھی چاہتا ہے کہ جس چیز سے حضور ﷺ منع فرما دیں میرے آقا ﷺ کو مالک و مختار سمجھتے ہوئے رک جاؤ اور جس چیز کے متعلق کوئی بھی حکم فرما دیں میرے آقا ﷺ کو اپنا آقا و مولا مانتے ہوئے اس کو مان جاؤ۔ ملاحظہ فرمائیں قرآن پاک

## دلیل نمبر 26

آیت مبارکہ: وَمَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَانَھٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا

(پارہ نمبر 28 سورۃ الحشر آیت نمبر 7)

Marfat.com

ترجمہ: اور تمہیں جو کچھ بھی اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ عطا فرمائیں وہ لے لو (یعنی قبول کرلو مان جاو) اور جس سے روک دے رک جاؤ۔

قرآن پاک کی آیت مبارکہ میں کتنی وضاحت سے یہ ثابت ہورہا ہے کہ میرا نبی ﷺ ہر معاملہ میں مالک ومختار ہے۔ آئیں حدیث مبارکہ دیکھیں۔

## دلیل نمبر 27

# ہر نماز کے ساتھ مسواک کا حکم

حدیث مُبارکہ

عَنْ اَبِی هُرَیرَہ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ لَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَتِیْ أَوْ لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى النَّاسِ لَأَ مَرْ تُهُمْ بِا لسَّوَاكِ مَعَ كُلِ صَلَاةٍ ۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اگر مجھے اپنی امت کے لوگوں کی تکلیف کا خیال نہ ہوتا تو میں ان کو یہ حکم دیتا کہ وہ ہر نماز کے ساتھ مسواک کیا کریں۔

حوالہ جات

☆ صحیح بُخاری شریف جلد اوّل کتاب الجُمعۃِ باب السّوَاک یوم الجُمعۃِ حدیث نمبر 842 صفحہ 429۔
☆ صحیح مُسلم شریف جلد اوّل کتاب الطّہارَتِ باب السّوَاکِ حدیث نمبر 497 صفحہ 249۔
☆ سُنَنِ نسائی جلد اوّل بابُ الرُّخصۃِ فی السّوَاکِ بالعشی للصَّائم حدیث نمبر 7 صفحہ 43۔
☆ سُنَنِ ابی داؤد جلد اوّل باب السّوَاکِ حدیث نمبر 42 صفحہ 48۔
☆ جامع ترمذی شریف جلد اوّل ابوَابُ الطّہارۃِ بابُ ماجآءَ فی السّوَاکِ حدیث نمبر 20 صفحہ 59۔
☆ سُنَنِ ابن ماجہ جلد اوّل باب السّوَاکِ حدیث نمبر 304 صفحہ 113۔
☆ الموطا امام مالک علیہ رحمۃ اللہ باب ماجاء فی السواک حدیث نمبر 114 صفحہ 105۔
☆ مشکواۃ شریف جلد اول باب السواک پہلی فصل حدیث نمبر 346 صفحہ 92۔
☆ مدارج النبوت جلد اول صفحہ 79۔

Marfat.com

## تفسیر:

اس حدیث مبارکہ سے بھی واضح الفاظ میں ثابت ہو رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اختیارات دے رکھے ہیں کہ اگر آپ ﷺ چاہتے تو اپنی امت پر ہر نماز کے ساتھ مسواک فرض کر سکتے تھے لیکن آپ ﷺ تو رحمۃ للعالمین ہیں۔ آپ ﷺ کی ذات تو مومنوں کیلئے حریص ہے۔ آپ ﷺ بھلا کب یہ گوارہ کرتے ہیں کہ ہم جیسے گناہگار کسی مشقت میں یا تکلیف میں پڑیں۔ آپ ﷺ تو وہ ہیں

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والے ﷺ
مصیبت میں غیروں کے کام آنے والے ﷺ

## دلیل نمبر 28

## اگر میں سجدہ کا حکم دیتا تو عورت سے کہتا کہ وہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے

حدیث مبارکہ: عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ كُنْتُ اٰمِرًا اَحَدًا اَنْ یَّسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَ مَرْتُ الْمَرْاَةَ اَنْ تَسْجُدَ لِزَوْجِهَا۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا ''اگر میں کسی کو کسی دوسرے کے لئے سجدے کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے''۔

حوالہ جات

☆ جامع ترمذی جلد اول ابواب الرضاع باب ماجاء فی حق الزوج علی المراۃ حدیث نمبر 1158 ص 609
☆ سنن ابی داود جلد دوم باب فی حق الزوج علی المراۃ حدیث نمبر 1828 ص 54
☆ سنن ابن ماجہ جلد اول باب حق الزوج علی المراۃ حدیث نمبر 1919 ص 520
☆ مشکوٰۃ شریف جلد دوم باب عشرۃ النساء وما لکل واحدۃ من الحقوق حدیث 3116 ص 96
☆ تفسیر ابن کثیر جلد اول ص 541

Marfat.com

☆تفسیر ابن کثیر جلد سوم ص 16

☆بہشتی زیور مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی ص 287

اگر دل میں نورِ ایمان ہو تو یہ حدیث مبارکہ کس قدر وضاحت کے ساتھ اس بات کی ترجمانی کر رہی ہے کہ میرے نبی پاک ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے مختار کل بنایا ہے۔ حالانکہ شریعت محمدیہ میں خدا کے سوا سجدہ حرام ہے۔ بلکہ جو شخص یہ عقیدہ رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی کو سجدہ جائز ہے تو وہ مشرک، بے ایمان، کافر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ لیکن قربان جائیں محبوب خدا ﷺ پر آپ ﷺ نے کتنی وضاحت سے یہ الفاظ فرمائے کہ اگر میں کسی کو خدا کے سوا سجدے کا حکم فرماتا تو عورت سے کہتا کہ وہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے۔ ان الفاظ سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو اختیارات دے رکھے ہیں۔ جس طرح میرے محبوب ﷺ آپ ﷺ چاہیں میرا قانون ویسے ہی نافذ ہو جائے گا۔ (سبحان اللہ)

## دلیل نمبر 29

## ریشم اور سونا میری امت کے مردوں پر حرام ہے

حدیث مبارکہ: عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ نَهٰی عَنْ خَاتَمِ الذَّهَبِ ۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے سونے کی انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا ہے۔

حوالہ جات

☆صحیح مُسلم شریف جلد سوم کِتَابُ اللِّبَاسِ وَالزِّینَةِ بَابُ تَحْرِیمِ خَاتَمِ الذَّهَبِ عَلَی الرِّجَالِ حدیث نمبر 5354 ص 98

☆سُنَنِ نسائی جلد سوم حدیث نمبر 5177 ص 493

Marfat.com

## دلیل نمبر 30

حدیث مبارکہ: عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَاٰی خَاتَماً مِنْ ذَھَبٍ فِی یَدِ رَجُلٍ فَنَزَعَہٗ فَطَرَحَہٗ وَ قَالَ یَعمِدُ اَحَدُکُم اِلٰی جَمرَۃٍ مِّن نَارٍ فَیَجعَلُھَا فِی یَدِہٖ فَقِیلَ لِرَّجُلٍ بَعدَ مَا ذَھَبَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خُذ خَاتِمَكَ انتَفِع بِہٖ قَالَ لَا وَاللّٰہِ لَا اٰ خُذُہٗ اَبَدًا وَّ قَد طَرَحَہٗ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے ایک شخص کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی دیکھی تو اسے اتار کر پھینک دیا اور فرمایا جو شخص آگ کا انگارہ ہاتھ میں لینا چاہتا ہو وہ اسے پہنے نبی کریم ﷺ کے جانے کے بعد اس شخص سے کہا گیا تم اپنی انگوٹھی اٹھاؤ اور اُسے (فروخت کرکے) اس سے نفع حاصل کرو تو وہ آدمی بولا نہیں اللہ کی قسم میں اسے کبھی بھی نہیں اٹھاؤں گا کیونکہ نبی کریم ﷺ نے اسے پھینکا ہے۔ (سبحان اللہ)

حوالہ: صحیح مسلم شریف جلد سوم کتابُ اللِّبَاسِ وَالزِّینَۃِ بَابُ تَحرِیمِ خَاتَمِ الذَّھَبِ عَلَی الرِّجَالِ (حدیث نمبر 5356 ص نمبر 98)

## دلیل نمبر 31

حدیث مبارکہ: عَنْ اَبِی مُوسَی الاَشْعَرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ حُرِّمَ لِبَاسُ الحَرِیرِ وَالذَّھَبِ عَلٰی ذُکُورِ اُمَّتِی وَ اُحِلَّ لِاِنَاثِھِم ۔

ترجمہ: حضرت ابوموسیٰ اشعری سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری امت کے مردوں پر ریشم اور سونا پہننا حرام ہے۔ البتہ عورتوں کے

Marfat.com

لئے حلال ہے۔

حوالہ: جامع ترمذی شریف جلد اوّل اَبْوَابُ اللِّبَاسِ بَابُ مَاجَاءَ الْحَرِیْرِ وَالذَّھَبِ لِلرِّجَالِ حدیث نمبر 1775 ص 854

## دلیل نمبر 32

حدیث مبارکہ: عَنْ عَبْدِاللّٰہِ بِنْ زَرِیرُ الْغَافِقِی رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سَمِعَہٗ یَقُولُ سَمِعتُ عَلِیَّ ابْنَ اَبِی طَالِبٍ عَلیہِ السَّلَام یَقُولُ اَخَذَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَرِیرًا بِشِمَالِہٖ وَ ذَھَبًا بِیَمِینِہٖ ثُمَّ رَفَعَ بِمَا یَدَیہِ فَقَالَ اِنَّ ھٰذَینِ حَرَامٌ عَلٰی ذُکُورِ اُمَّتِی حَلَالٌ لِاِنَاثِھِم ۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن زریر الغافقی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے سنا فرمایا کہ میرے نبی کریم ﷺ نے اپنے بائیں ہاتھ مبارک میں ریشم اور دائیں دست اقدس میں سونا لے کر فرمایا کہ میری امت کے مردوں کے لئے حرام ہے اور عورتوں کے لئے حلال ہے۔

حوالہ جات

☆ سُنَنِ ابن مَاجہ جلد دُوم بَابُ الْبِسِ الْحَرِیرِ وَالذَّھَبِ لِلنِّسَآءِ حدیث نمبر 1389 ص 381

☆ سُنَنِ نسائی جلد سُوم بَابُ تَحْرِیمِ الذَّھَبِ عَلَی الرِّجَالِ حدیث نمبر 5052 ص 460

☆ مشکوٰۃ شریف جلد دُوم بَابُ الْخَاتَمِ فصل دوسری حدیث نمبر 4196 ص 338

## تبصرہ

ان چار حدیثوں سے ثابت ہوا کہ میرے نبی ﷺ نے اپنی امت کے مرد حضرات کے لئے سونے کے زیورات مثلاً انگوٹھی وغیرہ اور ریشم کے کپڑے پہننا حرام کر دیئے ہیں۔ فرمایا کہ میں مردوں کو اجازت نہیں دیتا کہ وہ سونے کی انگوٹھیاں بنوا کر پہنیں یا وہ ریشم کو بطور ملبوسات استعمال کریں۔ اگر چہ عورتوں کے لئے یہ چیز حلال کرتا ہوں کہ

Marfat.com

وہ ریشم اور سونا پہن سکتی ہیں۔ مردوں کے لئے حرام ہیں۔

## ایک لطیف نکتہ

اب جو مولوی صاحبان اپنی کتابوں میں یہ بات لکھتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ کو کوئی اختیار حاصل نہیں ہے یا اپنی تقریروں کو سجانے کے لئے گلے پھاڑ پھاڑ کر عوام کو گمراہ کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ کو کوئی اختیار حاصل نہیں تھا وہ مجبور تھے (معاذ اللہ) تو میں ان مولویوں کی خدمت میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ حضرت صاحب مجھے قرآن پاک سے ایک آیت ایسی نکال کر دکھا دو کہ جس میں اللہ تعالیٰ نے واضح الفاظ میں مردوں پر سونا اور ریشم حرام کیا ہو۔ میرا دعویٰ ہے کہ قیامت تک کسی ماں نے ایسا مولوی نہیں پیدا کیا جو قرآن سے ثابت کر کے دکھائے کہ ریشم اور سونا مردوں پر حرام ہے۔ جب اللہ تعالیٰ نے قرآن میں حرام نہیں کیا تو پھر سونا اور ریشم حرام کس نے کیا ہے؟ وہ میرے نبی کریم ﷺ کی ذات مبارکہ ہے۔ جس نے سونا اور ریشم حرام کیا ہے۔ پھر بھی اگر کوئی ضدی مولوی کہے کہ نہیں جی میں تو نبی پاک ﷺ کو مختارِ کل نہیں مانتا ہوں یا میں آپ ﷺ کے اختیارات کا قائل نہیں ہوں۔ اس مولوی صاحب سے کہیں کہ حضرت جی اگر تم آپ ﷺ کے اختیارات کو نہیں مانتے ہو تو ہمیں لکھ کر دو کہ میں سونا اور ریشم حرام نہیں مانتا۔ رب کعبہ کی قسم فوراً بے ایمان اور کافر ہو جائے گا۔ اگر مولوی صاحب یہ فرمائیں کہیں کہ جی میں الحمد اللہ اس بات کا قائل ہوں کہ سونا اور ریشم مردوں پر حرام ہیں تو حضرت صاحب یہ ماننا پڑے گا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو مختار کل بنا کر بھیجا ہے۔ جس طرح آپ ﷺ چاہیں، جس کے لئے چاہیں جو چیز حلال یا حرام فرما دیں اگر سونا اور ریشم کو حرام ماننا ہے تو ان کو حرام ماننے سے پہلے میرے نبی پاک ﷺ کو مختار کل ماننا پڑے گا۔ کیونکہ سونا اور ریشم قرآن نے نہیں بلکہ میرے نبی ﷺ نے حرام کیا ہے۔

Marfat.com

## ایک مزید اور نکتہ

اتنی وضاحت سن کر بھی اگر کوئی یہی کہے کہ نہیں اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو اختیارات حاصل نہیں ہیں تو پھر مولوی صاحب سے کہیں کہ جناب جمعۃ المبارک کے روز آپ کو چاہیے کہ ریشمی لباس پہن کر ریشمی عمامہ شریف سر پر رکھ کر، ہاتھ کی انگلی میں سونے کی انگوٹھی سجا کر ناک میں نتھ اور ماتھے پر ٹکا لگا کر پیروں میں پازیبیں ڈال کر پوری طرح سے چھمک چھلو بن کر مسجد میں سج دھج کر آئے اور اپنے مقتدیوں کو خطبہ میں کہے کہ مجھے غور سے دیکھ لو میں نبی پاک ﷺ کے اختیارات کو نہیں مانتا کیونکہ قرآن نے سونا اور ریشم حرام نہیں کیا تو نبی پاک ﷺ کو کون سے اختیارات حاصل ہیں کہ جو میں سونا اور ریشم نہ پہنوں۔ پتر جے عوام جتیاں مار مار کے سر گنجا نہ کر دیوے تے فیر آکھیں۔

## دلیل نمبر 33

## آئیں میرے نبی ﷺ کے اختیارات دیکھیں

## سونے کی انگوٹھی پہننے میں رخصت

حدیث :عَن سَعِیدِ بنِ المُسَیَّبِ قَالَ قَالَ عُمَرُ لِصُهَیبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ مَالِی أَرَی عَلَیكَ خَاتَمَ الذَّهَبِ قَالَ قَدرَآهُ مَن هُوَ خَیرُ مِنكَ فَلَم یَعِبهُ قَالَ مَن هُوَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ .

ترجمہ: حضرت سعید ابن میسّب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ کیا وجہ ہے کہ میں تیرے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی دیکھتا ہوں۔ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے جواب دیا اس انگوٹھی کو اس ذات نے دیکھا جو تجھ سے بہتر تھی اور عیب نہ لگایا۔ پوچھا وہ

Marfat.com

کون ہے؟ عرض کیا: یارسول اللہ!

حوالہ☆سُنن نسائی جلد سوئم بَابُ الرُّخصۃِ فِی خَاتَمِ الذَّھبِ لِلرِّجَالِ حدیث نمبر 5071 ص 465

## تبصرہ

کیوں جناب حضرت صاحب کیا سمجھ آئی کہ پچھلی حدیثوں سے تو ثابت ہوا تھا کہ سونے کی انگوٹھی مردوں کے لئے پہننا حرام ہے۔ یہ حدیث مبارکہ بتارہی ہے کہ صحابی رسول ﷺ، حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ، مرادِ مصطفیٰ ﷺ جیسے دلیر اور بہادر انسان جس کے سائے سے شیطان بھی بھاگتا ہے۔ جس کا رعب ودبدبہ کافروں، منافقوں کے دلوں پر ایسا بیٹھا ہوا تھا کہ کبھی ان دشمنانِ اسلام نے اسلام کی طرف میلی آنکھ سے نہیں دیکھا تھا۔ اس فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے جب دوسرے صحابی اپنے پیر بھائی حضرت صہیب رضی اللہ عنہ کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی دیکھی تو فرمایا کہ کیا تمہیں پتا نہیں کہ سونا میرے نبی ﷺ نے اپنی امت کے مردوں پر حرام کیا ہے تو وہ دوسرے صحابی رسول ﷺ عرض کرتے ہیں کہ اے فاروق اعظم رضی اللہ عنہ بیشک میرا اس بات پر ایمان ہے کہ واقعی ہی میرے آقا و مولیٰ ﷺ نے اپنی امت کے مردوں کے لئے سونا حرام کیا ہے اور سونے کی انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا ہے۔ لیکن اے عمر فاروق رضی اللہ عنہ میں نے یہ انگوٹھی اس ذات کے سامنے بھی جس اپنی انگلی میں سجا کر ڈالی ہوئی تھی جو تجھ سے بھی بہتر اور اعلیٰ ہے۔ آپ نے فرمایا کہ وہ کون سی ذات ہے جس کے سامنے تو اپنے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی پہنے پھرتا رہا؟ فرمایا وہ میرا اور تیرا نبی ﷺ کل کائنات کا نبی ﷺ ہے (سبحان اللہ)۔ قربان جاؤں میں فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے عقیدے پر۔ آپ نے یہ نہیں فرمایا کہ میرے سامنے تو حلف اُٹھا یا اپنی اس بات پر کوئی گواہ پیش کرو۔ بلکہ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی ڈال کر اور فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے ان کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی دیکھ کر اور خاموشی اختیار کر کے دُنیا والوں کو بتا دیا ''لوگو میرا نبی ﷺ مختارِ کل ہے۔ جس کے لئے چاہے سونے کی انگوٹھی حرام فرما دیں اور جس کے لئے چاہے حلال فرما دیں۔ یہ میرے نبی

Marfat.com

پاک ﷺ کی مرضی مبارکہ ہے کیونکہ۔

میں تو مالک ہی کہوں گا کہ ہو مالک کے حبیب
یعنی محبوب و محبّ میں نہیں تیرا میرا

دلیل نمبر 34

## سونے کی ناک لگوانے کی اجازت

حدیث: عَنْ عَرْفَجَةَ بنِ اَسعَدَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْهُ قَالَ اُصِیبَ اَنفِی یَومَ الکُلَابِ فِی الجَاھِلِیَّةِ فَاتَّخَذتُ اَنفاً مِن وَرِقٍ فَانتَنَ عَلَیَّ فَاَمَرَنِی رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ اَن اَتَّخِذَ اَنفًا مِّن ذَھَبٍ۔

ترجمہ: حضرت عرفجہ بن اسد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ زمانہ جاہلیت میں کلاب کی جنگ میں میری ناک (تلوار سے) کٹ گئی۔ میں نے چاندی کی ناک بنوائی لیکن اس میں سے بدبو آنے لگی تو نبی پاک ﷺ نے مجھے سونے کی ناک بنوانے کا حکم دیا۔

حوالہ جات

☆ جامع ترمذی شریف جلد اوّل اَبْوَابُ اللِّبَاسِ بَابُ مَا جَآءَ فِی شَدِّ الْاَسْنَانِ بِالذَّھَبِ۔ حدیث نمبر 1826 ص 870

☆ سُنَنِ نسائی جلد سوم حدیث نمبر 5069 ص 464 بَابُ مَنْ اُصِیبَ اَنْفُہٗ ھَلْ یَتَّخِذُ اَنفًا مِّن ذَھَبٍ

☆ سُنَنِ ابی داود جلد سوم بَابُ مَا جَآءَ فِی رَبطِ الْاَسْنَانِ بِالذَّھَبِ حدیث نمبر 3696 ص 230

☆ مشکوٰۃ شریف جلد دوم بَابُ الخَاتَمِ فصل دوسری حدیث نمبر 4206 ص 339

تبصرہ

اس حدیث مبارکہ میں صحابی رسول ﷺ اپنا ایک واقعہ بیان کر رہا ہے کہ ایک جنگ کے دوران میری ناک کٹ گئی تو پھر میں نے چاندی سے اس کو بنوا لیا۔ لیکن کچھ

Marfat.com

عرصہ کے بعد وہ چاندی کی بنی ہوئی ناک خراب ہوگئی جس میں سے بدبو آنے لگی۔ جس کی وجہ سے میں پریشان ہوگیا کہ اب میں کیا کروں۔ لیکن جب نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں آکر اپنی پریشانی کا ماجرا سنایا تو میرے کریم آقا ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ اگرچہ سونے کو میں نے اپنی امت کے مردوں کے لیئے حرام کیا ہے لیکن تم کو میں اجازت دیتا ہوں، حکم دیتا ہوں کہ تم جا کر اپنی ناک سونے کی بنوالے تا کہ لوگوں کو پتہ چلے کہ میرا نبی ﷺ مختار کل ہے۔ جس کے لئے جو چاہے حکم فرمادے۔

## دلیل نمبر 35

## حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں میں سونے کے کنگن

دلائل النبوت میں حضرت امام المحدثین امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ بطریق الحسن روایت بیان کرتے ہیں کہ سید دوعالم ﷺ نے حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے فرمایا:

كَيفَ لَكَ اِذَا لَبِستَ سَوَارَىٔ كِسرىٰ۔

ترجمہ: وہ وقت تیرا کیسا وقت ہوگا جب تجھے کسریٰ بادشاہ ایران کے کنگن پہنائے جائیں گے۔

جب ایران زمانۂ امیر المومنین فاروق اعظم رضی اللہ عنہ میں فتح ہوا اور کسریٰ کے کنگن کمر بند تاج خدمت فاروقی میں حاضر کیے گئے تو امیر المومنین نے انہیں پہنائے اور آپ نے فرمایا کہ اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر کہو

اَللّٰهُ اَكبَر، اَلحَمدُ لِلّٰهِ الَّذِى سَلَبُهُمَا كِسرىٰ بِن هَرمُزَ وَ اَلبُسُحمَا سَرَاقَةِ الاَ عرَابىّ۔

ترجمہ: اللہ بہت بڑا ہے۔ تمام خوبیاں اللہ تعالیٰ کو ہیں جس نے یہ کنگن کسریٰ بن ہرمز سے چھینے اور سراقہ دھقانی کو پہنائے۔

حوالہ: دلائل النبوت امام البیہقی

Marfat.com

اس حدیث مبارکہ کو غیر مقلدوں کے مولوی عبدالستار دہلوی نے بھی اپنی کتاب نصرۃ الباری ترجمہ صحیح بخاری ص 173 پر نوٹ کیا ہے۔

یہی مضمون مدارج النبوت میں ان الفاظ سے ہے۔ آنحضرت ﷺ نے حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جبکہ تم اپنے دونوں ہاتھوں میں کسریٰ کے سونے کے کنگن پہنو گے۔ جب حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں کسریٰ کے اموال آئے تو اس میں اس کے کنگن بھی تھے۔ تو حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ سراقہ کو بلاؤ اور جب وہ آئے تو فرمایا کہ اپنے دونوں ہاتھ آگے کرو اور ان کو سونے کے کنگن پہنائے یعنی نبی پاک ﷺ کی خبر کی تصدیق کے لئے کہ میرے آقا ﷺ کی دی ہوئی خبر سچ ہے اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''حمد ہے اس خدا کی جس نے کسریٰ کے ہاتھوں میں سے سونے کے کنگن چھین کر سراقہ کے ہاتھوں میں پہنائے۔

حوالہ

☆ دیکھیں مدارج النبوت شریف جلد اول ص 276 شیخ محقق حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

## تبصرہ

اس حدیث مبارکہ سے جہاں یہ بات ثابت ہوئی کہ آپ ﷺ مالک ومختار ہیں۔ جس کے لئے جو چاہیں حلال یا حرام فرمادیں۔ جیسا کہ آپ نے گزشتہ اوراق میں حدیثوں کا مطالعہ کیا ہے۔ یہ بھی ثابت ہوا کہ میرے آقا و مولیٰ ﷺ کو میرے رب تعالیٰ کی ذات نے علم عطاء فرمایا ہوا تھا کہ آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کی عطاء سے آئندہ کے حالات سے بھی واقف تھے۔ مثلاً

1۔ آپ ﷺ نے اپنی زندگی مبارکہ میں حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ سے فرمادیا کہ ایران شہر کو میرے دین کے سپاہی فتح کریں گے۔ کسریٰ ہلاک ہوگا، اس کے خزانے میرے صحابہ کرام رضوان اللہ آپس میں تقسیم کریں گے اور سراقہ تم کو سونے کے وہ کنگن جو بادشاہ

Marfat.com

خود پہنتا تھا، پہنائے جائیں گے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایران کب فتح ہوا؟ جیسا کہ ہر صاحب علم جانتا ہے کہ نبی پاک ﷺ کی ظاہری زندگی میں ایران فتح نہیں ہوا تھا۔ پھر آپ ﷺ کے بعد خلیفہ اول امیر المومنین حضرت جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت گذر گیا لیکن ایران فتح نہ ہوا۔ جب امیر المومنین حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا دورِ خلافت آیا تو اس وقت ایران فتح ہوا۔ اتنے سال بعد جو واقعہ پیش آنے والا تھا، میرے نبی ﷺ نے اپنے صحابہ کرام کو وہ واقعہ اپنی حیات مبارکہ میں ہی بتادیا۔

2۔ حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ کا بھی یہ عقیدہ تھا کہ مجھے اس وقت تک موت نہیں آسکتی، جب تک ایران فتح نہ ہو جائے اور کسریٰ بادشاہ کے کنگن میں اپنے ہاتھوں میں پہن نہ لوں۔ یعنی کہ میرے نبی کریم ﷺ نے حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ کو زندگی کا سرٹیفکیٹ دے دیا کہ تیرا اتنی دیر تک وصال نہیں ہوسکتا جب تک شاہِ ایران ہلاک نہ ہو جائے، اس کی سلطنت کے ٹکڑے ٹکڑے نہ ہو جائیں اور تو سونے کے کنگن نہ پہن لے۔ اس سے بڑھ کر اور کیا علم ہوسکتا ہے کہ آئندہ کی خبریں دے رہے ہیں یا اختیاراتِ مصطفیٰ ﷺ کی اور وہ کونسی دلیل ہے۔ اس سے یہ ثابت ہوا کہ آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کی عطا سے کائنات کے مالک و مختار ہیں۔

## ایک سوال

کیا فرماتے ہیں مفتیانِ وہابیہ اور دیوبندیہ کہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ کو سونے کے کنگن پہنا کر اور حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھوں میں سونے کے کنگن پہن کر جائز کیا ہے یا ناجائز؟ اگر جائز کیا ہے تو میرے نبی کریم ﷺ کی خبر کی تصدیق بھی ہو جائے گی اور یہ بھی ثابت ہو جائے گا کہ آپ ﷺ مختار کل ہیں۔ جس کے لئے چاہیں سونا حرام کر دیں اور جس کے لئے چاہیں حلال فرما دیں۔ جیسا کہ روزِ روشن کی طرح آپ کو واضح کر دیا گیا ہے۔ اگر مولوی حضرات یہ جواب دیں کہ

Marfat.com

معاذ اللہ صحابہ کرام نے غلط کیا تھا پھر کافر و بے ایمان ہو جائیں گے اور نبی پاک ﷺ کے فرمان کے بھی منکر ہو جائیں گے کیونکہ زبان مصطفیٰ ﷺ پر اعتبار نہیں کیا اور جو شخص زبان رسول ﷺ پر اعتبار نہ کرے وہ قرآن و حدیث کا منکر اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ حضرت صاحب راستے صرف دو ہی ہیں اگر اپنا ایمان بچانا چاہتے ہو تو نبی پاک ﷺ کے علم اور اختیارات کو جان و دل سے مان جاؤ پھر دین بھی سلامت، ایمان بھی سلامت اور عقیدہ بھی سلامت رہ جائے گا اور اللہ اور رسول ﷺ بھی راضی ہو جائیں گے۔ اور یہ بھی ثابت ہو جائے گا کہ اہلسنّت و جماعت سچے ہیں اور باقی تمام گمراہ ہیں۔ اگر آپ لوگ علم مصطفیٰ ﷺ یا اختیاراتِ مصطفیٰ ﷺ کا انکار کریں گے تو یہ بات ثابت ہو جائے گی کہ آپ لوگ خدا اور رسول یعنی قرآن و حدیث اور صحابہ کرام کے گستاخ ہیں جو ایک واضح حقیقت کا انکار کر رہے ہیں۔ فیصلہ اب آپ کے ہاتھ میں ہے۔ ایک طرف عظمت مصطفیٰ ﷺ کا اقرار کرو گے تو مومن اور انکار کرو گے تو گستاخی ہے۔ اب جو حضرت جی آپ کی مرضی ہے بن جائیں۔ اختیارات آپ کے ہاتھ میں ہیں، فیصلہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

## دلیل نمبر 37

## ریشم تو وہ پہنے گا جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں

حدیث مبارکہ: عَن سَالِمِ بنِ عَبدِ اللّٰهِ بنِ عُمَر رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ عَن أَبِيهِ قَالَ أَرسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ اِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ بِحُلَّةِ حَرِيرٍ اَو سِيرَاءَ فَرَآهَا عَلِيهِم فَقَالَ اِنِّى لَم أُرسِل بِهَا اِلَيكَ لِتَلبَسَهَا اِنَّمَا يَلبَسُهَا مَن لَا خَلَاقَ لَهُ اِنَّمَا بُعِثتُ اِلَيكَ لِتَستَمتِعَ بِهَا يَعنِي تَبِيعَهَا ۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے انہوں نے اپنے والد گرامی حضرت

Marfat.com

فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ایک ریشمی جوڑا بھیجا پھر دیکھا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس کو پہنے ہوئے بیٹھے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا میں نے یہ اس لئے نہیں بھیجا تھا کہ تم اس کو پہنو، اس کو تو وہ پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے۔ میں نے یہ اس لئے بھیجا ہے کہ اس کو بیچ کر اپنے کام میں لاؤ۔

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد اوّل کتاب البیوع باب التجارۃ فیما یکرہ لبسہ للرجال والنساء حدیث نمبر 1975 ص 895

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب الجہاد والسیر حدیث نمبر 298 ص 168

☆ صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب الادب حدیث نمبر 1017 ص 461

☆ صحیح مسلم شریف جلد سوم کتاب اللباس والزینۃ حدیث نمبر 5287 ص 82

☆ سنن ابی داؤد جلد سوم باب ماجاء فی لبس الحریر حدیث نمبر 3522 ص 167

☆ جامع ترمذی جلد اوّل ابواب اللباس حدیث نمبر 1780 ص 855

☆ سنن نسائی جلد سوم حدیث نمبر 5203 ص 499

☆ الموطا امام مالک کتاب اللباس حدیث نمبر 18 ص 980

☆ مشکوٰۃ شریف جلد دوم کتاب اللباس حدیث نمبر 4180 ص 335

☆ تفسیر ابن کثیر جلد چہارم پارہ نمبر 22 تفسیر سورۃ الفاطر ص 314

## دلیل نمبر 38

حدیث مبارکہ: حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بنُ مِنهَالٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعبَةُ قَالَ أَخبَرَنِی عَبدُ المَلِكِ بنُ مَیسَرَةَ قَالَ سَمِعتُ زَیدَ بنِ وَهبٍ عَن عَلِیٍّ قَالَ أَهدَی إِلَی النَّبِیُّ حُلَّةَ سِیَرَاءَ فَلَبِستُهَا فَرَأَیتُ الغَضَبَ فِی وَجهِهِ فَشَقَقتُهَا بَینَ نِسَائِی۔

Marfat.com

ترجمہ: حضرت علی سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے مجھ کو ایک دھاری دار ریشمی جوڑا بھیجا میں نے اس کو پہنا پھر کیا دیکھتا ہوں کہ آنحضرت ﷺ مجھ پر غصے ہیں میں نے اس کو پھاڑ کر اپنی عورتوں کو بانٹ دیا۔

حوالہ: صحیح بخاری شریف جلد اول کتاب الہبہ باب ھدیۃ ما یکرہ لبسھا (حدیث نمبر 2439 ص نمبر 1101)

## تبصرہ

ان احادیث مبارکہ میں بتایا جا رہا ہے کہ ایک مرتبہ نبی پاک ﷺ نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور جناب علی کرم اللہ وجہہ کو ایک ریشمی دھاری دار جوڑا عطا فرمایا تو وہی ریشمی جوڑا پہن کر دونوں بزرگ بارگاہ نبوی ﷺ میں حاضر ہوئے تو آپ ﷺ نے ان کے جسم پر ریشمی لباس دیکھ کر فرمایا کہ اے عمر فاروق رضی اللہ عنہ یہ ریشم کا لباس تو دنیا میں وہ شخص پہنتا ہے جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے۔ اب یہ میرے نبی پاک ﷺ کا اختیار تھا کہ ریشم کے کپڑے کو اپنی امت کے مردوں پر حرام قرار دے دیا ہے۔ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ یا حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے تو یہ نہ عرض کیا: یارسول اللہ! قرآن میں تو ہم ایسی کوئی ایک آیت بھی نہیں پاتے جس میں ہمارے رب نے ریشم کو حرام قرار دیا ہو بلکہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ اور جناب علی کرم اللہ وجہہ کا یہ عقیدہ تھا کہ میرا نبی ﷺ مالک و مختار ہے جس کے لیے جو چاہے حکم نافذ فرما دے۔

## دلیل نمبر 39

# ریشم کا کپڑا پہننے کی اجازت دینا

حدیث مبارکہ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بنُ بَشَّارٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ حَدَّثَنَا غُندَرٌ حَدَّثَنَا شُعبَةُ سَمِعتُ قَتَادَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ عَن أَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ رَخَّصَ أَو رُخِّصَ لَهُمَا لِحِكَّةٍ بِهِمَا۔

Marfat.com

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو خارش کی وجہ سے ریشم پہننے کی اجازت عطا فرمائی۔

## دلیل نمبر 40

حدیث مبارکہ: عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَدَّثَهُم قَالَ رَخَّصَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَبْدِ الرَّحمَانِ بنِ عَوفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَالزُّبَيرِ بنِ العَوَّامِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي حَرِيرٍ.

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ آنحضرت ﷺ نے عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اور زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کو ریشمی کپڑا پہننے کی اجازت دی۔

## دلیل نمبر 41

حدیث مبارکہ: عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ عَبدَالرَّحمَانِ بنِ عَوفٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَالزُّبَيرِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ شَكَوا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعنِي القُملَ فَأَرخَصَ لَهُمَا فِي الحَرِيرِ فَرَأَيتُهُ عَلَيهِمَا فِي غَزَاةٍ.

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نے آنحضرت ﷺ سے جوؤں کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے ان دونوں کو ریشمی کپڑا پہننے کی اجازت عطا فرمائی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے ان دونوں کو جہاد میں وہ کپڑا پہنے ہوئے دیکھا۔

### حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب الجہاد والسیر باب الحریر فی الحرب حدیث نمبر 180-179-178 ص 113-114۔

Marfat.com

☆ صحیح بُخاری شریف جلد سوم کتابُ اللِّبَاسِ حدیث نمبر 787 ص 380

☆ صحیح مُسلم شریف جلد سوم کتابُ اللِّبَاسِ وَالزِّیْنَۃِ حدیث نمبر 5317 ص 90

☆ سُنَنِ ابی داؤد جلد سُوم حدیث نمبر 3534 ص 172

☆ جَامع ترمذی شریف جلد اوّل اَبْوَابُ اللِّبَاسِ حدیث نمبر 1777 ص 854

☆ سُنَنِ نسائی جلد سُوم بَابُ الرُّخْصَۃِ فِی لُبْسِ الْحَرِیْرِ حدیث نمبر 5214 ص 503

☆ سُنَنِ ابن مَاجہ جلد دُوم حدیث نمبر 1386 ص 380

☆ مشکوٰۃ شریف جلد دُوم کتابُ اللِّبَاسِ حدیث نمبر 4131 ص 326

☆ نصرۃ الباری ترجمہ صحیح بخاری مولوی عبد الستار وہابی ص 110

## تبصرہ

حضرت جی یہ کہنے والو ہم بخاری و مسلم شریف کو مانتے ہیں۔ کیوں کیسا رہا امام بخاری نے اور دیگر محدثین نے یہ حدیث نقل کر کے اپنا عقیدہ بتا دیا ہے کہ اگر ہم سے دعویٰ محبت کرتے ہو تو پھر نبی پاک ﷺ کو مختار کل مان لو۔ وگرنہ چھوڑ دو دعویٰ کرنا۔ پہلی حدیثوں میں ہم نے ثابت کیا ہے کہ ریشم کے کپڑے کو مردوں کے لئے میرے نبی پاک ﷺ نے حرام کیا ہے لیکن یہاں پر اپنے دونوں غلاموں حضرت عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کو ریشمی کپڑے پہننے کی اجازت دے کر ثابت کر دیا ہے کہ اے کائنات والو میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بے اختیار نہیں با اختیار بن کر آیا ہوں۔ اب جو حضرات آپ ﷺ کے اختیارات کو نہیں مانتے کیا وہ یہ بات لکھ کر دینے کے لئے تیار ہیں کہ معاذ اللہ نبی پاک ﷺ نے ویسے ہی فرما دیا تھا کہ ریشمی کپڑے پہن لو۔ نبی پاک ﷺ کا صحابہ کرام کو ریشمی لباس پہننے کی اجازت عطا فرمانا یہ ثابت کر رہا ہے کہ آپ ﷺ مالک و مختار ہیں۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 42

### پالتو گدھوں کا گوشت حرام ہے

حدیث مبارکہ: عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُتْعَۃِ عَامَ خَیْبَرَ وَلُحُوْمِ حُمُرِ الْاِنْسِیَّۃِ ۔

ترجمہ: حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ آنحضرت ﷺ نے جس سال خیبر کی جنگ ہوئی متعہ سے اور بستی کے گدھوں کے گوشت کھانے سے منع فرمایا۔

حوالہ جات

☆ صحیح بُخاری شریف جلد سوم کتابُ الذّبائح حدیث نمبر 487 ص 263
☆ صحیح مُسلم شریف جلد دوم کتابُ الصَّیدِ وَالذَّبائحِ وَمَا یُؤکَلُ مِنَ الحَیَوانِ حدیث نمبر 4890 ص 791
☆ جامع ترمذی جلد اوّل اَبوَابُ النِّکَاحِ حدیث نمبر 1115 ص 589
☆ سُنَنِ نسائی جلد سوم حدیث نمبر 4259 ص 214
☆ سُنَن ابن ماجہ جلد اوّل حدیث نمبر 2031 ص 547
☆ الموطا امام مالک ص 553
☆ الرحیق المختوم مولوی صفی الرحمٰن مبارک پوری وہابی ص 505

اس حدیث میں دو چیزوں سے میرے نبی پاک ﷺ نے منع فرمایا ہے:
1۔ نکاح متعہ 2 گدھوں کا گوشت

## دلیل نمبر 43

### نکاح متعہ کیا ہے؟

حدیث مبارکہ: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ اِنَّمَا کَانَتِ الْمُتْعَۃُ فِی اَوَّلِ الْاِسْلَامِ کَانَ الرَّجُلُ یَقْدَمُ الْبَلْدَۃَ لَیْسَ لَہٗ بِھَا

Marfat.com

مَعرِفَةٌ فَيَتَزَوَّجَ الْمَرْأَةَ بِقَدْرِ مَا يَرٰى اَنَّهُ يُقِيمُ فَتَحفَظُ لَهُ مَتَاعَهُ وَتُصْلِحُ لَهُ شَيْئَهُ حَتّٰى اِذَا نَزَلَتِ الْاٰيَةُ اِلَّا عَلٰى اَزْوَاجِهِم اَوْمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُم قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَكُلُّ فَرْجٍ سِوَاهُمَا فَهُوَ حَرَامٌ ۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ متعہ ابتدائے اسلام میں تھا۔ جب کوئی شخص کسی نئی جگہ جاتا جہاں اس کی جان پہچان نہ ہوتی تو جتنے دن اسے وہاں رہنا ہوتا اتنے دن کے لئے کسی عورت سے نکاح کر لیتا تا کہ وہ عورت اس کے سامان کی حفاظت اور اموال کی اصلاح کرے۔ پھر جب یہ آیت نازل ہوئی (ترجمہ) مگر صرف اپنی بیویوں اور لونڈیوں سے جماع کر سکتے ہو۔ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ دونوں کے علاوہ ہر شرمگاہ حرام ہے۔

حوالہ

☆ جامع ترمذی جلد اول ابواب النکاح حدیث نمبر 1116 ص 589

## تبصرہ

یعنی کہ ابتدائے اسلام میں یہ عارضی نکاح جائز تھا لیکن بعد میں اس کو حرام قرار دے دیا گیا۔ بلکہ ایک حدیث جس کا مفہوم یہ کہ اس کی حرمت کے بعد جو شخص یہ کام کرے گا وہ زانی ہے اور اس کو سنگسار کیا جائے گا۔ اور دوسرے نمبر پر فرمایا کہ گدھوں کا گوشت کھانا تم پر حرام کر دیا گیا ہے۔ اب جو شخص نبی پاک ﷺ کے اختیارات کو نہیں مانتا تو پھر اس کو چاہیے کہ گدھے کا، کتے کا گوشت سر عام کھائے۔ کیونکہ گوشت ویسے بھی ہمارے پاکستان میں کافی مہنگا ہے اور نہ ہی قرآن نے گدھے اور کتے کے گوشت کو حرام کیا ہے۔ اگر گدھے اور کتے کے گوشت کو حرام مانتے ہو تو سب سے پہلے اختیارات مصطفیٰ ﷺ کو ماننا پڑے گا۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 44

## آپ ﷺ کا رب عزوجل آپ ﷺ کو راضی کر دے گا

آیت مبارکہ: وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى۔

(پارہ نمبر 30 سورۃ الضحیٰ آیت نمبر 5)

ترجمہ: اور آپ ﷺ کو آپ کا رب بہت جلد اتنا انعام دے گا اور آپ راضی خوشی ہو جائیں گے۔

### تبصرہ

اس آیت مبارکہ میں اللہ تعالیٰ اپنے محبوب ﷺ سے فرما رہا ہے کہ اے حبیب ﷺ آپ پریشان نہ ہوں۔ میں تو آپ ﷺ کو اتنا نوازوں گا آپ ﷺ میری عنایتیں اپنے اوپر دیکھ کر خوش ہو جائیں گے۔ آپ ﷺ کی خوشی میں ہی میری خوشی ہے۔ اب اللہ تعالیٰ نے تو اپنے محبوب ﷺ کو تمام چیزیں دے کر خوش کر دیا ہے اور ادھر پاکستانی مولوی ہیں کہ یہ کہہ کہہ کر کہ معاذ اللہ نبی ﷺ کے پاس کچھ بھی نہیں اور نہ ہی نبی ﷺ کچھ کر سکتے ہیں اور نہ ہی نبی پاک ﷺ کو برے بھلے کا اختیار حاصل ہے وغیرہ وغیرہ۔ ایسی بیہودہ باتیں کر کے یہ اپنے خدا کو اور رسول ﷺ کو ناراض کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔

## دلیل نمبر 45

## حافظ ابن کثیر کا نقطہ نظر

فرمایا: ''آپ کا رب آپ ﷺ کو آخرت میں آپ کی امت کے بارے میں اس قدر نعمتیں دے گا کہ آپ ﷺ خوش ہو جائیں گے اور آپ ﷺ کو خاص کر کے حوض کوثر عطا فرمایا جائے گا جس کے کنارے پر کھوکھلے موتی کے کنارے ہوں گے۔ جس کی

Marfat.com

مٹی خالص مشک ہوگی۔ایک روایت میں ہے کہ جوخزانے آپ ﷺ کی امت کو ملنے والے تھے وہ ایک ایک کر کے آپ ﷺ پر ظاہر کیے گئے، آپ ﷺ بہت خوش ہوئے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

دلیل نمبر 46

## حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی ایک تائید

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور کریم ﷺ کی رضامندی میں سے یہ بھی ہے کہ آپ ﷺ کے اہلِ بیت رضی اللہ عنہم میں سے کوئی بھی دوزخ میں نہ جائے گا۔

(تفسیر ابن کثیر جلد پنجم تفسیر سورۃ الضحیٰ ص539)

دلیل نمبر 47

## رب عزوجل چاہتا ہے رضائے محمد ﷺ

آیت مبارکہ: تُرۡجِی مَنۡ تَشَآءُ مِنۡهُنَّ وَ تُـوِیۡۤ اِلَیۡكَ مَنۡ تَشَآءُ ؕ وَمَنِ ابۡتَغَیۡتَ مِمَّنۡ عَزَلۡتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَیۡكَ ؕ

(پارہ نمبر22 سورۃ الاحزاب آیت نمبر51)

ترجمہ: (اور اپنی ان بیویوں) میں سے جسے آپ ﷺ چاہتے ہیں موقوف رکھ دیں اور آپ ﷺ جسے اپنے پاس رکھنا چاہتے ہیں اپنے پاس رکھ لیں اور اگر آپ ﷺ ان میں سے بھی کسی کو اپنے پاس بلا لیں جن کو آپ ﷺ نے موقوف کر رکھا تھا تو تب بھی آپ ﷺ پر کوئی حرج نہیں ہے۔

دلیل نمبر 48

## سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا عقیدہ خدا چاہتا ہے رضائے محمد ﷺ

حدیث مبارکہ: عَنۡ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنۡهَا قَالَتۡ كُنۡتُ أَغَارُ عَلَی

Marfat.com

اللَّاتِي وَهَبْنَ أَنْفُسَهُنَّ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَقُولُ أَتَهَبُ الْمَرْأَةُ نَفْسَهَا؟ فَلَمَّا أَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى تُرْجِي مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي إِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ قُلْتُ مَا أَرَى رَبَّكَ إِلَّا يُسَارِعُ فِي هَوَاكَ.

ترجمہ: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ پہلے مجھے ان عورتوں پر غیرت آتی تھی جو خود کو نبی کریم ﷺ کے نکاح میں دینے کے لئے پیش کر دیتی تھیں۔ میں کہا کرتی تھی کہ کیا کوئی عورت اپنے آپ کو بھی پیش کر سکتی ہے؟ لیکن جب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی (ترجمہ): (اے رسول ﷺ) ان میں سے جسے آپ ﷺ چاہیں الگ کر دیں اور جسے چاہیں قریب کر لیں اور جسے آپ ﷺ الگ کر چکے ہوں۔ اگر آپ ﷺ اسے اپنے قریب کرنا چاہیں تو کوئی جرم نہیں۔

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے یہ نوٹ کیا ہے کہ آپ ﷺ کا رب آپ ﷺ کی خواہش بہت جلدی پوری کر دیتا ہے۔

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب التفسیر حدیث نمبر 1893 ص 970
☆ صحیح مسلم شریف جلد دوم کتاب الرضاع حدیث نمبر 3526 ص 354
☆ سنن ابن ماجہ جلد اوّل حدیث نمبر 2071 ص 557
☆ سنن نسائی جلد دوم کتاب النکاح حدیث نمبر 3147 ص 462
☆ مشکوۃ شریف جلد دوم فصل پہلی حدیث نمبر 3112 ص 95
☆ تفسیر ابن کثیر جلد چہارم ص 248

## تبصرہ:

اس حدیث مبارکہ میں ام المومنین صدیق باپ کی صدیقہ بیٹی حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اپنا عقیدہ بیان فرما رہی ہیں۔ عرض کرتی ہیں: یارسول اللہ! آپ ﷺ کا

Marfat.com

رب آپ ﷺ کی رضا چاہتا ہے۔ جس طرح آپ ﷺ چاہتے ہیں ویسے ہی اللہ تعالیٰ اپنا قانون بنا دیتا ہے۔ کتنا بد نصیب تھا بدعقیدہ لوگوں کا بدعقیدہ پیر صاحب مولوی اسماعیل جس نے لکھا محمد ﷺ کے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا وہ کسی بھی چیز کا مالک و مختار نہیں۔ (استغفر اللہ)

حوالہ☆ تقویۃ الایمان ص 80

## دلیل نمبر 49

### صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی چاہتے ہیں رضائے محمد ﷺ

حدیث مبارکہ: حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّاسَ كَانُوا يَتَحَرَّوْنَ بِهَدَايَاهُمْ يَوْمَ عَائِشَةَ يَبْتَغُونَ بِهَا أَوْ يَبْتَغُونَ بِذَالِكَ مَرْضَاةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

ترجمہ: حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ لوگ آنحضرت ﷺ کے پاس تحفہ بھیجنے میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی باری کا دن دیکھتے رہتے اس سے یہ غرض تھی کہ آنحضرت ﷺ خوش ہوں۔

حوالہ

☆ صحیح بخاری شریف جلد اول کتاب الہبہ باب قَبُولِ الْهَدِيَّةِ (حدیث نمبر 2404 ص نمبر 1085)

### اے عائشہ! اگر میں ﷺ چاہوں تو سونے کے پہاڑ میرے ساتھ چلیں

حدیث مبارکہ: وَعَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا لَوْ شِئْتُ لَسَارَتْ مَعِي جِبَالُ الذَّهَبِ جَاءَنِي مَلَكٌ وَّإِنَّ حُجْزَتَهُ لَتُسَاوِي الْكَعْبَةَ فَقَالَ إِنَّ رَبَّكَ يَقْرَءُ عَلَيْكَ السَّلَامُ وَيَقُولُ إِن

Marfat.com

شِئْتَ نَبِيًّا عَبْدًا وَّاِنْ شِئْتَ نَبِيًّا مَلِكًا فَنَظَرْتُ اِلٰى جِبْرَائِيلَ فَاَشَارَ اِلَيَّ اَنْ ضَعْ نَفْسَكَ۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اے عائشہ! اگر میں چاہوں تو سونے کے پہاڑ میرے ساتھ چلیں۔ ایک فرشتہ میرے پاس آیا، اس کی کمر کعبہ کے برابر تھی۔ اس نے کہا کہ آپ ﷺ کا رب آپ ﷺ کو سلام فرماتا ہے اور فرماتا ہے کہ اگر آپ ﷺ چاہیں تو بندۂ پیغمبر ہونا پسند کر لیں یا بادشاہ پیغمبر۔ میں نے جبرائیل علیہ السلام کی طرف دیکھا۔ انہوں نے مجھے اشارہ کیا کہ تواضع اختیار کریں۔

حوالہ جات

☆ مشکوٰۃ شریف جلد سوم بَابُ فِی اَخْلَاقِہٖ وَشَمَائِلِہٖ ﷺ فصل تیسری حدیث نمبر 5586 ص 145

☆ تفسیر ابن کثیر جلد سوم ص 43

☆ تفسیر ابن کثیر جلد دوم ص 37

☆ مدارج النبوۃ جلد اول ص 701

☆ مدارج النبوۃ جلد دوم ص 171

## دلیل نمبر 50

## اگر میں ﷺ چاہوں تو مکہ کے سنگریزے میرے لیے سونا بن جائیں

حدیث مبارکہ: وَعَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَضَ عَلَيَّ رَبِّي لِيَجْعَلَ لِي بَطْحَاءَ مَكَّةَ ذَهَبًا فَقُلْتُ لَا يَا رَبِّ۔

ترجمہ: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرے پروردگار نے مجھ پر پیش فرمایا کہ میرے لئے مکہ کے سنگریزوں کو سونا

Marfat.com

بنادے۔ میں نے عرض کیا نہیں میرے پروردگار میں نہیں چاہتا۔

حوالہ جات

☆مشکوٰۃ شریف جلد دُوم کتابُ الرِّقَاقِ فصل دوسری حدیث نمبر 4961 ص 491

☆مدارج النبوۃ جلد اول ص 87

☆تفسیر ابن کثیر جلد سوم ص 43

ان دو احادیث سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ تو اپنے محبوب ﷺ کو خوش رکھنا چاہتا ہے، فرمایا محبوب ﷺ اگر آپ ﷺ اس بات سے خوش ہوں کہ مکہ کے پہاڑ سونے کے بن کر آپ ﷺ کے ساتھ ساتھ چلیں تو میں مجبور نہیں بلکہ میں قادر ہوں جو خدا اپنے حبیب ﷺ کے لئے پہاڑوں کو سونے کا بنا سکتا ہے وہ اپنے محبوب کی خوشی کے لئے کیا کچھ نہیں کرسکتا؟

## دلیل نمبر 51

## اگر میں دُعا کرتا تو میرا رب مجھے قیصر و کسریٰ کا مالک بنا دیتا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چلا۔ مدینہ کے باغوں میں سے آپ ﷺ ایک باغ میں تشریف لے گئے اور گری پڑی ردی کھجوریں صاف کر کر کے کھانے لگے۔ مجھ سے بھی کھانے کو فرمایا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھ سے تو یہ ردی کھجوریں نہیں کھائی جائیں گی۔ آپ ﷺ نے فرمایا لیکن مجھے تو یہ بہت ہی اچھی معلوم ہوتی ہیں اس لئے کہ چوتھے دن کی صبح سے میں نے کھانا نہیں کھایا اور نہ کھا نے کی وجہ یہ کہ ملا ہی نہیں۔ سنو ابن عمر! اگر میں چاہتا تو اللہ تعالیٰ سے دُعا کرتا اور اللہ تعالیٰ مجھے قیصر و کسریٰ کا مالک بنا دیتا۔ اے ابن عمر! اس وقت تیرا کیا حال ہوگا جبکہ تو ایسے لوگوں میں رہیگا جو سال بھر کے لئے غلے وغیرہ جمع کرلیں گے اور ان کا یقین اور توکل ختم ہوجائے گا۔

Marfat.com

حوالہ

☆تفسیر ابن کثیر جلد چہارم پارہ 21 تفسیر سورۃ العنکبوت

## دلیل نمبر 52

## میں تو اللہ تعالیٰ کے خزانوں کو تقسیم کرنے والا ہوں

حدیث مبارکہ: عَنْ مُعَاوِيَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بنِ اَبِى سُفيَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَخطُبُ قَالَ سَمِعتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيرًا يُفَقِهُ فِى الدِّينِ وَ اِنَّمَا اَنَا قَاسِمُ وَ يُعطِى اللّٰه ۔

ترجمہ: حضرت معاویہ بن سفیان، وہ اپنے خطبہ میں کہہ رہے تھے کہ میں نے آنحضرت ﷺ سے سُنا، آپ ﷺ فرماتے تھے اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی کرنا چاہتا ہے اس کو دین عنایت فرماتا ہے۔ میں تو بانٹنے والا ہوں، دیتا اللہ ہے۔

حوالہ جات

☆صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب الاعتصام حدیث نمبر 2176 ص 979

☆صحیح مُسلم شریف جلد اوّل کتاب الزکوٰۃ حدیث نمبر 2285 ص 784

## دلیل نمبر 53

## میں تو بانٹنے والا خزانچی ہوں

حدیث مبارکہ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا أَنَا قَاسِمُ وَ خَازِنُ وَاللّٰهُ يُعطِى ۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا: میں تو بانٹنے والا خزانچی ہوں اور دینے والا اللہ ہے۔

Marfat.com

حوالہ جات

☆ صحیح بُخاری شریف جلد دُوم کِتَابُ الجِہَادِ وَالسِّیَرِ ص 195 ترجمہ وحید الزمان حیدر آبادی وہابی۔

☆ صحیح مُسلم شریف جلد اوّل کِتَابُ الزَّکوٰۃِ حدیث نمبر 2285 ص 784

ان احادیث مبارکہ سے بھی ثابت ہوا کہ میرا نبی ﷺ خدا کے خزانوں کا خزانچی ہے۔ دیتا اللہ تعالیٰ ہے مگر تمام کائنات کو بانٹنے والے رسول اللہ ﷺ ہیں۔ تو جو بانٹتا ہے وہ مالک ومختار ہوتا ہے۔

## دلیل نمبر 54

## ساری زمین اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی ہے

حدیث مبارکہ: عَنْ أَبِی هُرَیرَۃَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَینَمَا نَحنُ فِی المَسجِدِ خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ انْطَلِقُوا اِلَی الیَهُودِ فَخَرَجنَا مَعَهُ حَتّٰی جِئنَا بَیتَ المَدَارِسِ فَقَالَ أَسلِمُوا تَسلَمُوا وَاعلَمُوا أَنَّ الأَرضَ لِلّٰهِ وَرَسُولِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ وَاِنِّی أُرِیدُ أَن أُجلِیَکُم مِن هٰذِهِ الاَرضِ فَمَن یَجِدُ مِنکُم بِمَالِهٖ شَیئًا فَلیَبِعهُ وَاِلَّا فَاعلَمُوا أَنَّ الأَرضَ لِلّٰهِ وَ رَسُولِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ ۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ایک بار ایسا ہوا کہ ہم مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے کہ رسول اکرم ﷺ تشریف لے کر آئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہودیوں کے پاس چلو۔ ہم نکلے اور ان کے مدرسہ پر پہنچے۔ آپ ﷺ نے ان سے فرمایا دیکھو مسلمان ہو جاؤ، تمہارے مال اور جان بچے رہیں گے اور خوب جان لو کہ ساری زمین اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی ہے اور میرا مقصد یہ ہے کہ تم کو اس ملک سے نکال دوں۔ پھر تم میں کسی کو اپنی

Marfat.com

جائیداد کی قیمت ملے تو اس کو بیچ ڈالے۔ اگر نہ فروخت کرے تو جان لو کہ ساری زمین اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی ہے۔

حوالہ جات

☆ صحیح بُخاری شریف جلد دُوم کتاب الجہادِ وَالسّیرِ بابُ اِخراجِ الیھُودِ مِن جزیرۃِ العرب حدیث نمبر 402 ص 222

☆ صحیح بُخاری شریف جلد سُوم کتابُ الاعتصام حدیث نمبر 2209 ص 990

☆ صحیح مُسلم شریف جلد دُوم کتابُ الجہادِ وَالسّیر حدیث نمبر 4476 ص 648

☆ سُنن ابی داوٗد جلد دُوم بابُ کیفَ کانَ اِخراجِ الیھُودِ من المدینۃِ حدیث نمبر 2609 ص 416

☆ مشکوٰۃ شریف جلد دُوم بابُ اِخراجِ الیھُودِ مِن جزیرۃِ العرب حدیث نمبر 3871 پہلی فصل ص 274

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اس زمین کے مالک ومختار اللہ اور اس کا رسول ﷺ ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنی ذاتی طاقت کے ساتھ مالک ہے اور میرا نبی ﷺ اللہ تعالیٰ کی عطا کی ہوئی طاقت سے مالک ہے۔ جب میرے نبی ﷺ نے فرمادیا کہ ساری زمین کے مالک اللہ اور اس کا رسول ﷺ ہے تو جو مالک ہوتا ہے، اسے اختیارات بھی تو حاصل ہوتے ہیں۔

## دلیل نمبر 55

## میرے نبی ﷺ نے لوگوں کو جاگیروں کا مالک ومختار بنادیا

حدیث مبارکہ: عَنْ عَلْقَمَةَ بنِ وَائِلٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْطَعَهُ أَرْضًا بِحَضْرَمُوتَ ۔

ترجمہ: حضرت علقمہ بن وائل رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ سے بیان کیا ہے کہ حضور ﷺ نے اس کو حضرموت کے مقام سے کچھ زمین بطور جاگیر عطا فرمائی۔

حوالہ ☆ سُننِ ابی داوٗد جلد دُوم بابُ فی اقطاعِ الارضین حدیث نمبر 2658 ص 440

Marfat.com

## دلیل نمبر 56

حدیث مبارکہ: حَدَّثَنَا عَبدُاللّٰہِ بنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفیَانُ عن یَحییٰ بنِ سَعِیدٍ سَمِعَ أَنَسَ بنِ مَالِكٍ حِینَ خَرَجَ مَعَهُ اِلَی الوَلِیدِ قَالَ دَعَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ الأَنصارَ اِلَی أَن یَقطَعَ لَهُم البَحرَینِ فَقَالُوا لَا اِلَّا أَن تُقطَعَ لاخوَانِنَا مِنَ المُهَاجِرِینَ مِثلَهَا قَالَ إِمَّالَا فَاصبِرُونِی حَتّٰی تَلقَونِیی فَإِنَّهُ سَیُصِیبُكُم بَعدِی أَثَرَةً ۔

ترجمہ: حضرت انس سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے انصار کو بلایا اور ان کو بحرین کا ملک بطور جاگیر کے دینا چاہا انہوں عرض کیا ہم تو اس وقت تک نہیں لیں گے جب تک ہمارے بھائی مہاجرین کو بھی ایسا ہی ملک نہ دیجیے آپ ﷺ نے فرمایا دیکھو اگر تم قبول نہیں کرتے تو پھر مجھ سے ملنے تک صبر کیے رہنا میرے بعد تمہاری حق تلفی ہونے والی ہے۔

حوالہ: صحیح بخاری جلد دوم ,کتاب المناقب (حدیث نمبر 982 ص نمبر 480)

## دلیل نمبر 57

حدیث مبارکہ: عَن عَبدِ اللّٰهِ بنِ عَمرِو بنِ عَوفٍ المُزَنِیِّ عَن أَبِیهِ عَن جَدِّهِ أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ اَقطَعَ بِلَالَ بنَ الحَارِثِ المُزَنِیَّ مَعَادِنَ القَبَلِیَّةِ جَلسِیَّهَا وَ غَورِیَّهَا ۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عوف بن مزنی رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ کے واسطہ سے اپنے دادا سے حدیث بیان کی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت بلال بن حارث مزنی کو قبلیہ کی کانیں بطور جاگیر عطا فرمائیں۔ وہاں کی بلند جگہ سے بھی اور وہاں کی پست جگہ سے بھی۔

حوالہ: سُنن ابی داؤد جلد دُوم حدیث نمبر 2660 ص 441

Marfat.com

## دلیل نمبر 58

# کھجوروں کے درخت بطور جاگیر عطا فرمانا

حدیث مبارکہ: عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْطَعَ الزُّبَيْرَ نَخْلًا ۔

ترجمہ: حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو کچھ کھجور کے درخت بطور جاگیر عطا فرمائے۔

حوالہ: سُنَنِ ابی داؤد جلد دُوم حدیث نمبر 2667 ص 445

## دلیل نمبر 59

حدیث مبارکہ: عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْطَعَ الزُّبَيْرَ حُضْرَ فَرَسِهِ فَأَجْرَى فَرَسَهُ حَتّٰى قَامَ ثُمَّ رَمَى بِسَوْطِهِ فَقَالَ أَعْطُوْهُ مِنْ حَيْثُ بَلَغَ السَّوْطُ ۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو ان کے گھوڑے کے دوڑنے کی مقدار جگہ بطور جاگیر عطا فرمائی۔ پس انہوں نے اپنا گھوڑا دوڑایا، یہاں تک کہ وہ تھک کر کھڑا ہو گیا۔ پھر آپ ﷺ نے اپنا کوڑا پھینکا تو نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ ان کو اتنی مقدار میں زمین دے دو جہاں تک کوڑا پہنچا ہے۔

حوالہ: سُنَنِ ابی داؤد جلد دُوم حدیث نمبر 2670 ص 447

## تبصرہ

ان تمام احادیث سے ثابت ہوا کہ میرے نبی ﷺ نے اپنے غلاموں کو کسی کو کانیں بطور جاگیر عطا فرمائیں، کسی کو مکان بطور جاگیر عنایت کیا اور کسی کو زمینیں بطور جاگیر عنایت فرمائیں۔ اب بطور جاگیر یعنی ملکیت کے طور پر کسی کو چیز وہ ہی دے سکتا ہے جو خود پہلے کسی

Marfat.com

چیز کا مالک ومختار ہو۔ جوخود کسی چیز کا مالک نہیں وہ کسی کو کیا دے سکتا ہے؟ ان تمام احادیث سے ثابت ہوا کہ میرا نبی ﷺ اللہ کی دی ہوئی طاقت سے مالک ومختار ہے۔

## دلیل نمبر 60

حدیث مبارکہ: عَنْ أَبِي حُمَيْدِ نِ السَّاعِدِيِّ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ النَّبِيِّ تَبُوكَ وَ أَهْدَى مَلِكُ أَيْلَةَ لِلنَّبِيِّ بَغْلَةً بَيْضَاءَ وَ كَسَاهُ بُرْدًا وَكَتَبَ بِبَحْرِهِمْ.

ترجمہ: حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ نے کہا ہم آنحضرت ﷺ کے ساتھ تبوک کے جہاد میں شریک تھے اور ایلہ کے بادشاہ (یوحنا بن روبہ) نے آپ ﷺ کے لیے ایک خچر تحفہ بھیجا آپ ﷺ نے اس کو ایک چادر (بطور خلعت کے) اوڑھائی اور اُسی کا ملک اسی کے نام لکھ دیا۔

حوالہ: صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب الجہاد و السیر (حدیث نمبر 397 ص نمبر 219)

### تبصرہ:

اس حدیث سے بھی ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو تمام کائنات کا مالک ومختار بنایا ہے جیسا کہ ہم نے بخاری شریف سے ثابت کیا ہے کہ ساری زمین اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی ہے جب حدیث سے ثابت ہو کہ ساری زمین کے مالک اللہ و رسول ﷺ ہیں تو جو مالک ہوتا ہے اس کو اختیارات بھی ہوتے ہیں کہ جس کو چاہیں جب چاہیں جس جگہ کی چاہیں بادشاہی یا سلطنت عطا فرما دیں یہاں پر بھی آپ ﷺ نے ایلہ ملک کے بادشاہ کو اس کا ملک عطا فرما کر ثابت کر دیا کہ آپ ﷺ مالک ومختار ہیں

## دلیل نمبر 61

حدیث مبارکہ: عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ قَالَ خَطَّ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَارًا بِالْمَدِينَةِ بِقَوْسٍ وَ قَالَ أَزِيدُكَ

Marfat.com

أَزِيدُكَ ۔

ترجمہ: حضرت عمرو بن حریث نے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے میرے لیے مدینہ منورہ میں قوس کے ساتھ گھر کے لئے خط کھینچا اور فرمایا میں تجھے اور زیادہ دوں گا میں تجھے اور زیادہ دوں گا۔

حوالہ: سُنَنِ ابی داؤد جلد دوم بَاب فِی اَقْطَاعِ الْاَرَضِیْن (حدیث نمبر 2659 ص نمبر 441)

## دلیل نمبر 62

## حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ قاسم بھی ہیں خازن بھی ہیں

امیر المومنین حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے جابیہ کے مقام پر خطبہ ارشاد فرماتے ہوئے فرمایا کہ جو کوئی قرآن کے متعلق کوئی بات پوچھنا چاہے تو وہ حضرت ابی ابن کعب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو اور جو فرائض کے بارے میں سوال پوچھنا چاہتا ہے وہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو اور جو کوئی فقہ کا کوئی مسئلہ پوچھنا چاہے تو وہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہو، اور جو شخص مال کا سوالی ہو تو وہ میرے پاس آئے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کا خازن اور قاسم بنایا ہے۔

حوالہ: تفسیر قرطبی جزو 18 سورۃ الحشر آیت نمبر 8

## دلیل نمبر 63

## اللہ تعالیٰ نے مجھے سب کچھ عطا فرمادیا ہے

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن سرکارِ مدینہ ﷺ تشریف لائے اور سجدے میں تشریف لے گئے اور اتنی دیر کی گویا روح ہی پرواز کر گئی ہو۔ پھر جب آپ ﷺ نے سر مبارک اٹھایا تو ہم سے فرمایا کہ میرے رب نے میری امت کے بارے میں مجھ سے مشورہ کیا تھا کہ ان کے ساتھ کیا کیا جائے؟ تو میں نے عرض کیا یا اللہ یہ تو تیرے ہی بندے اور تیری ہی مخلوق ہیں۔ دوسری بار پوچھا پھر بھی یہی عرض کیا تو

Marfat.com

میرے رب نے مجھ سے فرمایا کہ اے محمد ﷺ میں تیری امت کے معاملہ میں آپ ﷺ کو رسوا نہیں کروں گا اور مجھ سے فرمایا کہ میرے ساتھ 70 ہزار امتی جائیں گے اور ہر ایک ایسے امتی کے ساتھ اور 70 ہزار امتی ہوں گے اور یہ سب بغیر حساب و کتاب کے جنت میں داخل کئے جائیں گے۔ پھر فرمایا کہ اے محبوب ﷺ اور مانگو، آپ ﷺ کو عنایت کیا جائے گا۔ تو میں نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے فرمایا کہ کیا میرا رب میرے سوال کو پورا کرنا چاہتا ہے؟ تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کیا، ہاں یارسول اللہ ﷺ مجھے اللہ تعالیٰ نے صرف اسی غرض سے آپ ﷺ کے پاس بھیجا ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے مجھے سب کچھ عطا فرما دیا ہے اور میں اس پر غرور نہیں کرتا۔ اللہ تعالیٰ نے میری امت کے اگلے پچھلے تمام گناہ بخش دیئے ہیں۔ میں زمین پر زندہ اور تندرست چل رہا ہوں اور مجھے یہ بھی خصوصیت بخشی کہ میری امت قحط سے ہلاک نہ ہوگی۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے کوثر عنایت فرمایا ہے، یہ جنت کی ایک نہر کا نام ہے جو میرے حوض میں بہتی آئے گی اور مجھے عزت و نصرت اور رعب و شوکت کی خصوصیت عنایت فرمائی ہے، جو میری امت کے سامنے لوگوں پر ایک مہینہ بھر کی مسافت کا رعب ڈالتی ہے، میں جنت میں سب انبیاء کرام سے پہلے داخل ہوں گا اور میری امت کے لئے مالِ غنیمت بالکل حلال فرما دیا ہے اور اکثر ایسی چیزیں حلال کر دی ہیں جو مجھ سے پہلے کی امتوں پر حلال نہیں تھیں اور مذہبی حیثیت سے میرے دین میں کوئی سختی روا نہیں رکھی۔

حوالہ: تفسیر ابن کثیر جلد دوم پارہ 7 تفسیر سورۃ المائدہ ص 39

## دلیل نمبر 64

## جنت میں ایک ہزار محل

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس آیت: وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى کی تفسیر میں مروی ہے، انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو ایک ہزار محل

Marfat.com

جنت میں عنایت فرمائے ہیں اور ہر جنتی محل میں آپ ﷺ کی شان کے لائق ازواج اور خادم خدمت گذار ہیں۔

حوالہ: نشر الطیب فی ذکر نبی الحبیب ﷺ مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی ص 228

## دلیل نمبر 65

## نبی پاک ﷺ اور دین اسلام کی برکت سے لوگ مالدار ہو گئے

حدیث: عَنْ اَبِی بَرْزَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ یُغْنِیکُم بِالاسلَامِ وَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

ترجمہ: حضرت ابو برزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تم لوگوں کو اسلام کی وجہ سے اور حضرت محمد ﷺ کی وجہ سے مالدار کر دیا ہے۔

حوالہ: صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب الاعتصام حدیث نمبر 2138 ص 959

## دلیل نمبر 66

## حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو حافظہ عطا کر دیا

حدیث: عَنْ اَبِی هُرَیرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ اِنَّکُم تقُولُونَ اِنَّ أَبَا هُرَيرَةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ یُکْثِرُ الحَدِیثَ عَنْ رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَقُولُونَ مَا بَالُ المُهَاجِرِينَ وَالأَنصَارِ لَا یُحَدِّثُونَ عَنْ رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِیثِ أَبِی هُرَيرَةَ وَ اِنَّ اِخوَتِی مِنَ المُهَاجِرِینَ یَشْغَلُهُم کَانَ الصَّفقَ بِالأَسوَاقِ وَ کُنتُ أَلزَمُ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِلءِ بَطْنِی فَأَشهَدُ اِذَا غَابُوا وَأَحفَظَ اِذَا نَسُوا وَ کَانَ یَشغَلُ اِخوَتِی مِنَ الأَنصَارِ عَمَلُ أَموَالِهِم وَ کُنتُ امرأً مِسكِينًا مِن مَسَاكِينِ

الصُّفَّةِ أَعِى حِينَ يَنْسَوْنَ وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيثٍ، يُحَدِّثُهُ اِنَّهُ لَنْ يَّبْسُطَ اَحَدُ ثَوْبَهُ حَتّٰى أَقْضِيَ مَقَالَتِي هٰذِهِ ثُمَّ يَجْمَعُ اِلَيْهِ ثَوبَهُ اِلَّا وَعَى مَا أَقُولُ فَبَسَطْتُ نَمِرَةً عَلَيَّ حَتَّى اِذَا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَتَهُ جَمَعْتُهَا اِلىٰ صَدْرِي فَمَا نَسِيتُ مِن مَقَالَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ مِن شَيْءٍ ۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم یہ کہتے ہو کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بہت حدیثیں بیان کرتا ہے اور یہ بھی کہتے ہو کہ مہاجرین اور انصاری ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے برابر کیوں حدیثیں بیان نہیں کرتے۔ بات یہ ہے کہ میرے مہاجرین بھائی بازار میں خرید و فروخت میں مصروف رہتے ہیں۔ میں تو جہاں پیٹ بھر گیا، بس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چمٹا رہا۔ وہ غائب ہوتے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر رہتا۔ وہ بھول جاتے، میں یاد رکھتا۔ انصاری بھائی زمین اور باغ کے کاموں میں مصروف رہتے، میں ایک فقیر اور کنگال آدمی تھا۔ سائبان کے فقیروں میں سے یہ لوگ بھول جاتے تھے اور میں یاد رکھتا تھا۔ اور ایک بار ایسا ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حدیث بیان فرما رہے تھے۔ اتنے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی میری گفتگو پوری ہونے تک اپنا کپڑا پھیلائے رکھے اور پھر سمیٹ لے اس کو میری باتیں یاد رہیں گی۔ میں نے ایک چادر جو اوڑھے ہوئے تھا، بچھا دی اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی گفتگو ختم کر چکے تو میں نے اس کو سمیٹ کر اپنے سینے سے لگا لیا۔ پھر جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا اس میں سے میں کوئی بات بھی نہ بھولا۔

Marfat.com

حوالہ جات

☆ صحیح بُخاری شریف جلد اوّل کتابُ البُیُوع حدیث نمبر 1920 ص 872

☆ صحیح بُخاری شریف جلد دُوم کتابُ المُناقِب حدیث نمبر 848 ص 421

☆ صحیح بُخاری شریف جلد سُوم کتابُ الاعتِصام حدیث نمبر 2214 ص 993

## دلیل نمبر 67

# قصاص کا حکم

آیت مبارکہ: وَ کَتَبنَا عَلَیهِم فِیهَآ اَنَّ النَّفسَ بِالنَّفسِ وَالعَینَ بِالعَینِ وَالاَنفَ بِالاَنفِ وَالاُذُنَ بِالاُذُنِ والسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالجُرُوحَ قِصَاصٌ فَمَن تَصَدَّقَ بِہٖ فَھُوَ کَفَّارَۃٌ لَّہٗ وَ مَن لَّم یَحکُم بِمَآ اَنزَلَ اللّٰہُ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الظّٰلِمُونَ ۔

ترجمہ: ہم نے یہودیوں کے لئے تورات میں یہ حکم دیا تھا کہ جان کے بدلے جان لی جائے، آنکھ کے بدلے آنکھ، کان کے بدلے کان، دانت کے بدلے دانت اور اس طرح زخموں میں برابر کا بدلہ لیا جائے اور جب کوئی معاف کر دے تو یہ معافی اس کے گناہوں کا کفارہ ہوگی اور جو حاکم اللہ تعالیٰ کے اتارے ہوئے حکم کے مطابق فیصلہ نہ کریں وہ ظالم ہیں۔

(پارہ نمبر 6 سورۃ المائدہ آیت نمبر 45)

تفسیر:

اس آیت کریمہ میں ارشاد ربانی ہے کہ اے محبوب ﷺ ہم نے آپ ﷺ سے پہلے بھی بنی اسرائیل پر اپنا یہ حکم نافذ کیا تھا کہ اگر کوئی کسی کو قتل کر دیتا ہے تو اس کے قصاص میں یہ حکم ہے کہ قاتل کو بھی بدلے میں قتل کیا جائے۔ اسی طرح اگر وہ کسی کو بدنی طور پر اذیت دیتا ہے مثلاً کسی کی آنکھ پھوڑ ڈالے، کسی کے کان کو کتر ڈالے یا کسی کے دانتوں کو توڑ ڈالے تو بدلے میں اس شخص سے قصاص لیا جائے گا۔ یعنی کہ اگر کسی شخص کو کوئی آدمی

Marfat.com

کسی طرح کی بدنی اذیت دے تو بدلے میں اس کو بھی اسی طرح اذیت دی جائے گی اور بعد میں فرمایا کہ جو حاکم فیصلہ کرنے والے حق کی بات کو سن کر سمجھ کر پھر بھی میرے حکم کی جو میں نے اپنے بندوں پر نافذ کیا ہے، خلاف ورزی کریں گے وہ لوگ ظالم ہیں۔

آئیں! میرے نبی کریم ﷺ کا اختیار دیکھیں۔

## دلیل نمبر 68

# قصاص میں معافی

حدیث: عَنْ عِمرَانَ بنِ حُصَینٍ أَنَّ غُلَامًا لِأُنَاسٍ فُقَرَاءَ قَطَعَ أُذُنَ غُلَامٍ لِأُنَاسِ أَغنِیَاءَ فَأَتَو النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ فَلَم یَجْعَلْ لَهُم شَیئًا .

ترجمہ: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک غریب جماعت کے غلام نے مالدار جماعت کے غلام کے کان کاٹ دیئے۔ ان لوگوں نے نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں آ کر عرض کی کہ ہم لوگ فقیر مسکین ہیں۔ ہمارے پاس مال نہیں ہے تو نبی پاک ﷺ نے ان لوگوں پر کوئی جرمانہ نہیں کیا۔

حوالہ

۱۔ سُنن نسائی جلد سوم حدیث نمبر 4669 ص 345

۲۔ تفسیر ابن کثیر جلد اول پارہ نمبر 6 تفسیر سورۃ المائدہ ص 742

### تبصرہ

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو مالک ومختار بنایا ہے۔ آپ ﷺ جس طرح چاہیں حکم نافذ کر سکتے ہیں۔ حالانکہ قرآن پاک نے ہر آزاد غلام گورے کالے پر یہ قانون نافذ کیا ہے کہ جو بھی کسی کو کوئی تکلیف پہنچائے تو اس کے

Marfat.com

لئے وارثوں کے پاس دو راستے ہیں۔ نمبر 1 یا تو معاف کر دیں وگرنہ قصاص میں وہ بدلہ لے سکتے ہیں۔ اب یہ حکم قرآن پاک کا ہے بدلہ لیا جائے اور حدیث پاک میں بتایا جا رہا ہے کہ ایک غلام جو کہ غریب جماعت سے تعلق رکھتا تھا اس نے مالدار کے کسی غلام کے دونوں کانوں کو کاٹ ڈالا تو وہ غریب مسکین لوگ بارگاہ نبوی ﷺ میں حاضر ہو کر عرض و معروض کرنے لگے: یارسول اللہ! یہ بات حقیقت ہے کہ غلطی ہمارے ہی غلام کی تھی۔ شرع کے فیصلے کے مطابق تو ہم گنہگار اور مجرم ثابت ہوتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا قانون جو قصاص کے متعلق اس نے نازل کیا ہے وہ ہم لوگوں پر جاری ہوتا ہے۔ مگر یا نبی اللہ! آپ ﷺ رحمت العالمین ہیں اور ہم فقیر و مسکین ہیں۔ آپ ﷺ کے قدموں پر ہمارے ماں باپ قربان جائیں ہم پر نظر رحمت فرمایئے اور اس معاملے میں ہمیں معاف کیا جائے۔ اب حق تو یہ ہے کہ اگر معاذ اللہ میرا نبی ﷺ مجبور اور بے اختیار ہوتا تو فوراً فرما دیتا کہ میں لوگوں کو اللہ تعالیٰ کا قرآن پڑھ کر اس رب کا قانون بتانے والا ہوں۔ اب میں کیا کر سکتا ہوں۔ میرے پاس کون سا کوئی اختیار ہے۔ میں تو تم جیسا بشر ہوں اور میں کر بھی کیا سکتا ہوں۔ جو اللہ تعالیٰ نے حکم نازل کیا ہے اس فیصلہ کے مطابق اپنے غلام کو میرے حوالے کر دیا جائے تا کہ مالک اس سے اپنا بدلہ لے لے۔ تا کہ قرآن پاک پر پورا عمل ہو۔ مگر میں قربان جاؤں کملی والے لجپال آقا ﷺ کے قدموں پر۔ آپ ﷺ نے ان غریبوں کو معاف فرما کر اپنے عاشقوں کو یہ سبق دے دیا کہ میرے غلامو! بتا دو ان بدعقیدہ رکھنے والے لوگوں کو کہ ہمارا نبی ﷺ بے اختیار نہیں ہے بلکہ وہ تو مالک ومختار ہے اور خدا کی خدائی کا بادشاہ ہے۔

## دلیل نمبر 69

## میرا نبی ﷺ مطلق مالک ومختار ہے

آیت مبارکہ: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِیْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا

Marfat.com

دَعَاکُم

ترجمہ: اے ایمان والو! جب اللہ اور اس کا رسول ﷺ تم کو بلائیں تو فوراً حاضر ہو جاؤ۔ (پارہ ۹ سورۃ الانفال)

اس آیت کریمہ میں ایمان والوں کے ذمہ اللہ تعالیٰ نے یہ حکم لگا کر کہ میرا محبوب ﷺ جب بھی تم کو اپنی طرف بلائیں تو تم خواہ کسی بھی حالت میں ہو، خواہ کسی بھی کام میں مصروف ہو، تمام چیزوں اور تمام کاموں کو چھوڑ کر پہلے میرے محبوب ﷺ کی بات سنو۔ پہلے ان کے حکم کے آگے سرخم تسلیم کرو۔ پہلے میرے نبی ﷺ کا حکم مانو، بعد میں دوسرے کام کرنا۔ قارئین گرمی دراصل اس آیت پاک میں یہ راز بتایا جا رہا ہے کہ اِذَا دَعَاکُم میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کے مالک و مختار ہونے کا اشارہ فرمایا ہے کہ جب بھی میرا نبی ﷺ بلائے فوراً حاضر ہو جاؤ۔ اب یہ مرضی ہے میرے محبوب ﷺ کی کہ جب بھی یار بلائے جس حال میں بھی بلائے تو تم پر یہ فرض کر دیا گیا ہے کہ فوراً میرے محبوب ﷺ کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے حاضر ہو جاؤ۔ یہ بھی ثابت ہوا کہ اصل ایمان والا بھی وہ ہے جو آپ ﷺ کو مالک و مختار جانے گا۔ کیونکہ حکم ایمان والوں کو ہے۔ بے ایمانوں کو نہیں اب جو لوگ آپ ﷺ کے اختیارات کو نہیں مانتے وہ اپنے ایمان کی خیر منائیں۔

دلیل نمبر 70

## اختیاراتِ مصطفیٰ ﷺ پر عملی مظاہرہ

حدیث: عَنْ أَبِی سَعِیدِ بْنِ الْمُعَلّٰی قَالَ کُنْتُ أُصَلِّی فِی الْمَسْجِدِ فَدَعَانِی رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَلَمْ أُجِبْہُ فَقُلْتُ یَا رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ إِنِّی کُنْتُ أُصَلِّی فَقَالَ أَلَمْ یَقُلِ اللّٰہُ اسْتَجِیبُوا لِلّٰہِ وَ لِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاکُم۔

Marfat.com

ترجمہ: حضرت ابوسعید معلیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں ایک مرتبہ مسجد میں نماز پڑھ رہا تھا تو آنحضرت ﷺ نے مجھ کو آواز دے کر بلایا۔ میں آپ ﷺ کے بلانے پر حاضر نہ ہوسکا (جب نماز پڑھ چکا تو پھر حاضر ہوا) اورعرض کی: یارسول اللہ! میں نماز پڑھ رہا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ کیا تم نے اللہ کا یہ حکم نہیں سنا کہ جب اللہ اوراس کا رسول ﷺ تمہیں بلائے تو فوراً حاضر خدمت ہو جایا کرو۔

حوالہ جات

۱۔صحیح بُخاری شریف جلد دُوم کتابُ تفسیرِ القُرآن
بابُ ماجاءَ فی فاتحۃِ الکِتابِ حدیث نمبر 1585 ص 773
۲۔صحیح بُخاری شریف جلد سُوم کتابُ فضائلُ القُرآنِ بابُ فضلِ فاتحۃِ الکِتابِ حدیث نمبر 1 ص 39
۳۔سُننِ ابی داؤد جلد اوّل بابُ فاتحۃِ الکِتابِ حدیث نمبر 1246 ص 532
۴۔جامع ترمذی شریف جلد دُوم ابوابُ فضائلِ القُرآنِ حدیث نمبر 785 ص 321
۵۔مشکوٰۃ شریف جلد اوّل کتابُ فضائلِ القُرآنِ پہلی فصل حدیث نمبر 2015 ص 458
۶۔تفسیر ابن کثیر جلد اوّل پارہ نمر 1 تفسیر سورۃ الفاتحہ ص 11
۷۔تفسیر ابن کثیر جلد دوم پارہ نمبر 9 تفسیر سورۃ الانفال ص 275
۸۔نصرۃ الباری فی ترجمہ صحیح بخاری مولوی عبدالستار وہابی پارہ نمبر 5 ص 63
۹۔مدارج النبوۃ جلد اول ص 184 شیخ عبدالحق محدث دہلوی
۱۰۔تفسیر ابن کثیر جلد سوم پارہ نمبر 14 تفسیر سورۃ الحجر ص 101

تبصرہ

اس حدیث میں بتایا جارہا ہے کہ صحابی رسول ﷺ حضرت ابوسعید معلیٰ رضی اللہ عنہ اپنا واقعہ بیان فرمارہے ہیں کہ میں مسجد نبوی شریف میں نماز پڑھ رہا تھا کہ اچانک میرے کانوں میں میرے مصطفیٰ کریم ﷺ کی آواز مبارک آئی۔ آپ ﷺ میرا نام لے کر مجھے بلارہے ہیں۔ اس دوران فرمایا کہ میں حالت نماز میں تھا۔ جس کی وجہ سے جواب نہ دے سکا اور نہ بارگاہ نبوی ﷺ میں حاضر ہوسکا۔ تھوڑی دیر بعد جب نماز سے فارغ

Marfat.com

ہوا تو بارگاہ مصطفیٰ ﷺ میں حاضر ہو کر عرض گذار ہوا کہ یارسول اللہ! جواب نہ دینے اور دیر سے آپ ﷺ کی بارگاہ میں پہنچنے کا سبب یہ تھا کہ یارسول اللہ! میں نماز پڑھ رہا تھا۔ تو فوراً میرے نبی پاک ﷺ نے اپنے ان اختیارات کا جو آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائے تھے اظہار کرتے ہوئے فرمایا کہ غلام یہ بات تو ٹھیک ہے کہ تُو نماز پڑھ رہا تھا۔ لیکن کیا تجھے یہ یاد نہ رہا کہ میرے رب نے تم لوگوں کو یہ بھی حکم دے رکھا ہے کہ جب بھی میرا محبوب ﷺ تم کو اپنی بارگاہ میں بلائے تو فوراً تمام مصروفیات کو چھوڑ کر حاضر خدمت ہو جاؤ۔ مسلمان بھائیو! اگر ذرا سا بھی مولوی صاحب کے اندر ایمان ہو تو یہ دلیل ہی کافی ہے اختیارات پر کہ اے محبوب ﷺ آپ ﷺ جس وقت بھی ان لوگوں کو بلائیں گے میں نے ان پر فرض کر دیا ہے کہ سب سے پہلے میرے حبیب ﷺ کی بات سنو باقی باتیں بعد میں۔ تاکہ میں دنیاداروں کو بتادوں کہ میں نے جو اپنا نبی ﷺ تمہیں دیا ہے وہ بے اختیار نہیں بلکہ وہ میری خدائی کا مالک و مختار ہے۔ (آمین)

## دلیل نمبر 71

### مومنوں پر نماز مقررہ وقت پر فرض ہے

آیت مبارکہ: اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا

ترجمہ: یقیناً نماز تو مومنوں پر مقررہ وقتوں پر فرض ہے۔

(پارہ 5 سورۃ النساء آیت نمبر 103)

اس آیت مبارکہ میں مومنوں کو بتایا جا رہا ہے کہ تم پر ہر نماز کا ٹائم ٹیبل مقرر کر دیا گیا ہے۔ لہٰذا اس ٹائم کی پاسداری کرتے ہوئے نمازوں کو ان کے وقت میں ادا کرتے رہنا۔ آئیں نبی پاک ﷺ کا اختیار دیکھیں۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 72

# نمازِ عشاء کا وقت مقرر کرنے میں اختیارات

حدیث: عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ یَقُولُ أَعتَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ لَیلَةً بِالعِشَاءِ حَتّٰی رَقَدَ النَّاسُ وَاستَیقَظُوا وَرَقَدُوا وَاستَیقَظُوا فَقَامَ عُمَرُ بنُ الخَطَّابِ فَقَالَ الصَّلَاةَ قَالَ عَطَاءٌ قَالَ ابنُ عَبَّاسٍ فَخَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ کَأَنِّی أَنظُرُ إِلَیهِ الآنَ یَقطُرُ رَأسُهُ مَاءً وَاضِعًا یَدَهُ عَلٰی رَأسِهِ فَقَالَ لَولَا أَن أَشُقَّ عَلٰی أُمَّتِی لَأَمَرتُهُم أَن یُصَلُّوهَا هٰکَذَا۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک رات نبی پاک ﷺ نے نمازِ عشاء میں آنے میں دیر کی یہاں تک کہ لوگ سو گئے اور جاگے پھر سو گئے اور جاگے آخر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے کہ الصلوٰۃ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا پھر آنحضرت ﷺ تشریف لے کر آئے۔ گویا میں اس وقت آپ ﷺ کو دیکھ رہا ہوں۔ آپ ﷺ کے سرِ مبارک سے پانی ٹپک رہا تھا۔ آپ ﷺ ایک ہاتھ اپنے سر پر رکھے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر میری امت پر شاق نہ ہوتا تو میں یہی حکم دیتا کہ نمازِ عشاء اس وقت پڑھا کریں۔

حوالہ جات


۱۔ صحیح بخاری شریف جلد اوّل کتاب مَوَاقِیتِ الصَّلٰوۃِ حدیث نمبر 541 ص 315

۲۔ صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب التَّمَنِّی حدیث نمبر 2108 ص 946

۳۔ صحیح مسلم شریف جلد اوّل کتاب المَسَاجِدِ وَمَوَاضِعِ الصَّلٰوۃِ حدیث نمبر 1344 ص 496

۴۔ سُنَنِ ابی داود جلد اوّل بَاب فِی وَقتِ العِشَآءِ الآخِرَۃِ حدیث نمبر 358 ص 178

۵۔ سُنَنِ نسائی جلد اوّل باب آخرِ وَقتِ العِشَاءِ حدیث نمبر 535 ص 220


Marfat.com

۶۔ سُنَنِ ابن ماجہ جلد اوّل بَابُ وَقْتِ الصَّلوٰۃِ الْعِشَاءِ حدیث نمبر 736 ص 214
۷۔ جَامع ترمذی شریف جلد اوّل اَبْوَابُ الصَّلوٰۃِ بَابُ مَاجَاءَ فِی تَاخِیرِ الْعِشَاءِ الاخرۃ حدیث نمبر 157 ص 136
۸۔ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل بَابُ تَعجِیلِ الصَّلوٰۃِ تیسری فصل حدیث نمبر 567 ص 135

## تبصرہ

اس حدیث سے بھی ثابت ہوا کہ آپ ﷺ شریعت کے احکام میں بھی مالک و مختار ہیں۔ جیسا کہ حدیث سے ثابت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر مجھے اپنی امت پر تنگی اور مصیبت و پریشانی کا خیال نہ ہوتا تو میں ان کو حکم دیتا کہ وہ آدھی رات کے وقت نماز عشاء کو ادا کریں۔ اب میرا سوال ان لوگوں سے ہے جو اختیارات مصطفیٰ ﷺ کے قائل نہیں ہیں کہ کیا اگر میرا نبی ﷺ نماز عشاء کا وقت آدھی رات کے وقت فرض کر دیتا تو کیا شریعت میں یہ ٹائم مقرر ہو جاتا یا نہیں۔ یا پھر مولوی صاحب ذرا دلیری کر کے یہ کہہ دیں کہ نہیں نبی پاک ﷺ کے وقت مقرر کرنے سے کوئی فرق نہیں پڑ سکتا تھا جو کہ کوئی بھی ملاں کہنے کے لئے تیار نہیں ہے تو پھر ثابت ہوا کہ آپ ﷺ کی ہاں اور ناں میں قانون خداوندی ہے۔

## دلیل نمبر 73

## دو نمازوں کی شرط پر مسلمان ہونا

حدیث: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ جعفرٍ حَدَّثَنَا شُعبَةَ عَن قَتَادَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ عَن نَصرِ بنِ عَاصِمِ اللَّیثِیّ عَن رَجُلٍ مِّنهُم اَنَّهُ اَتی النَّبِیّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ فَأسلَمَ عَلیٰ اَن لَّا یُصَلِی اِلَّا صَلَاتَینِ فَقبلَ مِنهُ ۔

ترجمہ: حضرت نصر بن عاصم رضی اللہ عنہ اپنے خاندان کے ایک شخص سے روایت کرتے ہیں کہ وہ نبی پاک ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر اس شرط پر

Marfat.com

اسلام لائے کہ صرف دو ہی نمازیں پڑھا کریگا۔ نبی پاک ﷺ نے اس کی یہ شرط قبول فرمالی۔

مسند امام احمد بن حنبل۔ ترجمان السنۃ جلد دوم

## دلیل نمبر 74

حدیث: عَن عَبدِاللّٰهِ بنِ فَضالَةَ عَن أَبِيهِ قَالَ عَلَّمَنِى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ فِيمَا عَلَّمَنِى وَحَافِظ عَلَى الصَّلَوَاتِ الخَمسِ قَالَ قُلتُ اِنَّ هَذِهِ سَاعَاتُ لِى فِيهَا أَشغَالُ لِى فَمُرنِى بِأَمرٍ جَامِعٍ اِذَاأَنَا فَعَلتُهُ أَجزَأَ أُعَنّي فَقَالَ حَافِظ عَلَى العَصرَينِ وَمَا كَانَت مِن لُغَتِنَا فَقُلتُ وَمَا العصرَانِ فَقَالَ صَلَاةٌ قَبلَ طُلُوعِ الشَّمسِ وَصَلَاةٌ قَبلَ غُرُوبِهَا .

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن فضالہ رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ سے حدیث بیان کی ہے کہ انہوں نے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے مجھے تعلیم دی اور اس میں مجھے یہ بھی تعلیم دی کہ پانچوں نمازوں کی پابندی کیا کر تو میں نے عرض کیا یہ ایسے اوقات ہیں جن میں میری بہت مصروفیت ہوتی ہے۔ لہٰذا آپ ﷺ مجھے ایسے امر کے بارے میں بتا دیجیے کہ جب میں وہ کروں تو وہ میرے لیے کافی ہو جائے۔ تو رسول ﷺ نے فرمایا عصرین کی محافظت اور پابندی کیا کر یہ لفظ ہماری لغت میں نہ تھا چنانچہ میں نے عرض کیا عصرین کیا ہے؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا ایک نماز سورج طلوع ہونے سے پہلے اور ایک نماز سورج غروب ہونے سے پہلے (یعنی فجر و عصر)

حوالہ

سُنن ابی داوٗد جلد اوّل باب فی المحافظۃ علٰی وقتِ الصّلوٰات حدیث نمبر 364 ص نمبر 180

Marfat.com

## تبصرہ

ان احادیث مبارکہ سے اختیارات رسول ﷺ روز روشن کی طرح عیاں ہیں۔
جب فضالہ بارگاہ نبوی ﷺ میں حاضر خدمت ہوئے اور مسلمان ہونے کا ارادہ ظاہر کیا اور ساتھ ہی احکام کے متعلق عرض کیا: یارسول اللہ! مجھے حکم فرمایا جائے کہ مسلمان ہونے کے بعد میرے ذمہ کیا ہے۔ میں نے کیا عمل کرنے ہیں۔ اس کے جواب میں نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ اسلام میں ایک ماہ کے روزے ہیں اور پانچ وقت کی نمازیں ہیں۔ جس کے لئے اوقات فلاں فلاں ہیں۔ ان وقتوں میں نماز ادا کرنا ہے جو فرض ہے یہ سب کچھ سن کر فضالہ عرض کرنے لگے: ''یارسول اللہ! میں تو بہت مصروف ہوں۔ میں فلاں فلاں وقت میں نماز ادا نہیں کرسکتا۔ یعنی میری رعایت فرمائی جائے۔ تو نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ چلو عصرین سے غفلت نہ کرنا۔ یعنی فجر اور عصر ضرور پڑھنا یعنی تین نمازوں کی رعایت دیتا ہوں دو پڑھ لینا۔ تو ثابت ہوا کہ حضور ﷺ مختار کل ہیں۔ جس کو چاہیں جس کام کی رعایت دے دیں۔ اگر حضور ﷺ کو یہ اختیار نہ ہوتا تو حضور ﷺ کبھی بھی تین نمازوں کی چھٹی نہ دیتے اور واضح لفظوں میں فرما دیتے کہ میں اختیار نہیں رکھتا کہ ترمیم کروں، یہ صرف اللہ تعالیٰ کو اختیار حاصل ہے۔ میں تو صرف اس کے احکام پہنچانے والا ہوں مگر آپ ﷺ نے ایسا نہیں فرمایا۔ بلکہ سرکار مدینہ ﷺ نے تین نمازوں کی چھٹی دے کر یہ ثابت کیا کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اختیار دیا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے قانون میں ترمیم کرسکتا ہوں اور آپ ﷺ کا ایسا کرنا ثابت کرتا ہے کہ حضور ﷺ کو اللہ وحدہ لاشریک کی طرف سے اختیار حاصل ہے کہ آپ ﷺ جیسا چاہیں کر دیں۔ آپ ﷺ مختار کل ہیں۔ اگر مختار کل نہ مانا جائے تو پھر حضور ﷺ کے اس عمل یعنی نمازوں میں رعایت دینے پر فیصلہ کرنا ہوگا کہ آپ ﷺ کا یہ عمل کیا حیثیت رکھتا ہے۔ کوئی مائی کا لعل آپ ﷺ کے عمل کو تنقید کا نشانہ نہیں بنا سکتا کیونکہ آپ ﷺ کا یہ قول حق ہے جو نہ مانے وہ مومن نہیں رہ سکتا۔ جب قول وفعل حق

Marfat.com

ہے تو معلوم ہوا کہ نبی پاک ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا ہے کہ جیسے چاہیں حکم فرمادیں اور جیسے چاہیں عمل کریں اور جو حکم آپ ﷺ فرمادیں اس پر عمل کرنا بھی عین اسلام ہے بلکہ جو فرمادیں اس پر عمل کرنا فرض ہے۔

## دلیل نمبر 75

## نبی پاک ﷺ کا اپنی نواسی کو اپنے کندھوں پر بٹھا کر نماز پڑھنا

حدیث مبارکہ: عَنْ أَبِی قَتَادَةَ الْأَنصَارِیِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یُصَلِّی وَ هُوَ حَامِلٌ أُمَامَةَ بِنْتَ زَیْنَبَ بِنْتِ رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَلِأَبِی الْعَاصِ بْنِ رَبِیعَةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ فَإِذَا سَجَدَ وَضَعَهَا وَ إِذَا قَامَ حَمَلَهَا۔

ترجمہ: حضرت ابوقتادہ انصاری روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ امامہ اپنی نواسی کو اٹھائے ہوئے نماز پڑھ رہے تھے جو حضرت زینب رضی اللہ عنہا آپ ﷺ کی صاحبزادی اور ابوالعاص بن ربیعہ بن عبد شمس کی بیٹی تھیں جب آپ ﷺ سجدہ کرتے تو ان کو زمین پر بٹھا دیتے اور جب کھڑے ہوتے تو ان کو اٹھا لیتے۔

حوالہ: صحیح بخاری شریف جلد اول کتاب الصلاۃ (حدیث نمبر 490 ص نمبر 295)

### تبصرہ:

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ میرے آقا ﷺ مالک و مختار ہیں اور نماز کی حالت میں یہ عمل یعنی اپنی نواسی کو اپنے کندھوں پر بیٹھا لینا یہ آپ ﷺ کا خاصہ ہے۔ اب جو لوگ اختیارات کے انکاری ہیں کیا ان کو بھی شریعت میں اس بات کی اجازت ہے کہ وہ اپنے چھوٹے بچوں کو اس طرح اپنے کندھوں پر بٹھا کر نماز پڑھ سکتے ہیں یقیناً مولوی صاحب یہ ہی جواب دیں گے کہ نہیں جی ہم اس طرح نہیں پڑھ سکتے تو مولوی صاحب

Marfat.com

ثابت ہوا کہ آپ ﷺ مالک و مختار ہیں جس طرح آپ ﷺ کا جی چاہے آپ ﷺ کر سکتے ہیں۔ (اللہ تعالیٰ سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے)

## دلیل نمبر 76

حدیث: عَن عُثمَانَ بنِ أَبِی العَاصِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ أَنَّ وَفدَ ثَقِیفٍ لَمَّا قَدِمُوا عَلٰی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ أَنزَلَهُم المَسجِدَ لِیَکُونَ أَرَقَّ لِقُلُوبِهِم فَاشتَرَطُوا عَلَیهِ أَن لَا یُحشَرُوا وَلَا یُعشَرُوا وَلَا یُجَبُّوا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ لَکُم أَن لَا تُحشَرُوا وَلَا تُعشَرُوا وَلَا خَیرَ فِی دِینٍ لَیسَ فِیهِ رُکُوعٌ۔

☆سنن ابوداؤد جلد دوم باب مَاجَاءَ فِی خَبَرِ الطَّائِفِ حدیث نمبر 2631 ص 427

ترجمہ: حضرت عثمان بن ابو العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب ثقیف کا وفد رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو حضور ﷺ نے ان کو مسجد میں ٹھہرایا تا کہ ان کے دل نرم ہو جائیں۔ انہوں نے شرط رکھی کہ وہ جہاد نہیں کریں گے، زکوٰۃ نہیں دیں گے اور نماز نہیں پڑھیں گے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یہ تو ہو سکتا ہے کہ جہاد کے لئے نہ بلائے جاؤ اور زکوٰۃ نہ لی جائے لیکن اس دین میں کوئی بھلائی نہیں جس میں رکوع نہ ہو۔

## تبصرہ

یہ حدیث پاک بھی اختیارات مصطفیٰ ﷺ کی عظیم دلیل ہے کہ وفد حاضر ہو کر عرض کرتا ہے: یارسول اللہ! ہم مسلمان تو ہوتے ہیں مگر ہماری چند شرائط ہیں اور وہ یہ کہ ایک تو یہ کہ ہم جہاد نہیں کریں گے، دوسرے ہم نماز نہیں پڑھیں گے اور تیسرے ہم زکوٰۃ نہیں دیں گے۔ اگر ہماری شرائط آپ ﷺ منظور فرماتے ہیں تو ہم مسلمان ہو جاتے ہیں۔ تو ان شرائط کے جواب میں حضور امام الانبیاء ﷺ نے فرمایا ''مجھے تمہاری شرائط منظور

Marfat.com

ہیں۔ ہم تمہیں جہاد کے لئے نہیں کہیں گے اور نہ ہی زکوٰۃ دینے کا مطالبہ کیا جائے گا مگر نماز کے لئے اتنا ضرور کہوں گا کہ اس دین میں بھلائی نہیں جس میں اپنے رب کے حضور سجدہ اور رکوع نہ ہو۔ یعنی مجھے اس سے کوئی فرق نہیں پڑے گا کہ اگر تم لوگ نماز بھی نہ پڑھو گے مگر تمہارے لئے یہ بہتر ہے کہ تم اللہ کے حضور جھکو۔ یعنی نماز پڑھنے میں تمہارا بھلا ہے کیونکہ نماز سے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ جب بندہ وضو کرتا ہے تو گناہ سے پاک ہو جاتا ہے۔ ہاتھ پاؤں، ناک، کان اور دیگر اعضاء سے جو گناہ سرزد ہو جاتے ہیں وہ وضو کرنے سے ختم ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ بندے سے قدم قدم پر لغزشیں ہوتی رہتی ہیں۔ جو نماز پڑھنے سے معاف ہو جاتے ہیں اگر نماز نہ پڑھو گے تو وہ معاف نہیں ہوں گے۔ جو قیامت کے دن تمہارے لئے پریشانی کا سبب بنیں گے۔ لہٰذا اس پریشانی سے بچنے کے لئے نماز پڑھو اس میں تمہاری بھلائی ہے۔ بصورت دیگر مجھے کوئی اعتراض نہیں۔ میں تو تمہیں رعایت دے دوں گا کہ قیامت کے دن جہاد، زکوٰۃ اور نماز کے متعلق پوچھ گچھ نہ ہو۔ اس فرمان رسول ﷺ سے اختیارات مصطفیٰ ﷺ روز روشن کی طرح عیاں ہیں۔

مگر ہدایت ان کو ملے گی جن کے نصیب اچھے ہوں گے۔ ازلی بدبخت پر نہ قرآن کا اثر ہوتا ہے، نہ حدیث کا۔ کیونکہ ایسے لوگ وہ ہیں جن کے متعلق قرآن پاک نے اعلان کر دیا ہے۔ خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَ عَلٰى سَمْعِهِمْ وَ عَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ۔ اللہ نے ان کے دلوں پر اور کانوں پر مہر لگا دی ہے اور ان کی آنکھوں پر پردہ پڑا ہوا ہے۔ ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو انتہائی بدبخت ہیں۔ ایسے لوگ ہدایت کی طرف نہیں آسکتے خواہ ان کو اللہ کا قرآن سنایا جائے یا نبی پاک ﷺ کا فرمان سنایا جائے۔ مگر جن لوگوں پر اللہ کریم رحمت فرما دے وہ ہر ضد کو چھوڑ کر صداقت کی طرف آجاتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے فرمان کے سامنے اپنی ضد کو چھوڑ کر ایمان لے آتے ہیں اور دین و دنیا سنوار لیتے ہیں۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 77

# عطائے حوض کوثر

آیت مبارکہ: اِنَّآ اَعطینکَ الکَوثَرَ

ترجمہ: اے محبوب ﷺ ہم نے آپ ﷺ کو حوض کوثر اور بہت کچھ عنایت فرمادیا ہے۔ (پارہ نمبر 30 سورۃ کوثر آیت نمبر 1)

## دلیل نمبر 78

# شانِ نزول

حافظ ابن کثیر بحوالہ مسند احمد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ پر کچھ غنودگی سی طاری ہوئی اور دفعتاً سر مبارک اٹھا کر مسکرانے لگے۔ لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ ﷺ مسکرائے کیوں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا "مجھ پر اس وقت ایک سورۃ نازل ہوئی ہے" پھر آپ ﷺ نے بسم اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم پڑھ کر سورۃ کوثر پوری تلاوت فرمائی اور فرمایا کہ جانتے ہو کوثر کیا ہے؟ لوگوں نے عرض کی، اللہ اور اس کا رسول اللہ ﷺ ہی خوب جانتے ہیں۔ فرمایا "وہ ایک جنتی نہر ہے جس پر بہت بھلائی ہے جو میرے رب نے مجھے عطا کی ہے جس پر میری امت قیامت کے دن آئے گی، جس کے برتن آسمان کے ستاروں کی گنتی کے برابر ہیں۔

حوالہ جات

☆ صحیح مسلم شریف جلد اوّل کتاب الصَّلوٰۃ حدیث نمبر 798 ص 334

☆ سُنن ابی داؤد جلد اوّل بابُ مَن لم یَرَ الجَھرَ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم حدیث نمبر 666 ص 302

☆ سُنن نسائی جلد اوّل بابُ قراۃ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم حدیث نمبر 894 ص 342

☆ تفسیر ابن کثیر جلد پنجم پارہ نمبر 30 تفسیر سورۃ الکوثر ص 582

Marfat.com

## دلیل نمبر 79

### کوثر کیا ہے؟

حدیث مبارکہ: عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّہٗ قَالَ فِی الْکَوْثَرِ هُوَ الْخَیرُ الَّذِی أَعطَاہُ اللّٰہُ اِیَّاہُ فَقَالَ اَبُو بِشْرٍ قُلْتُ لِسَعِیدِ بْنِ جُبَیرٍ فَاِنَّ النَّاسَ یَزْعُمُونَ اَنَّہٗ نَہَرٌ فِی الْجَنَّۃِ فَقَالَ سَعِیدُ النَّہَرُ الَّذِی فِی الْجَنَّۃِ مِنَ الْخَیرِ أَعطَاہُ اللّٰہُ اِیَّاہُ۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ کوثر سے وہ بھلائی مراد ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو عطا فرمائی۔ ابو بشر کہتے ہیں کہ میں نے سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے پوچھا لوگ تو یہ کہتے ہیں کہ کوثر بہشت میں ایک نہر کا نام ہے۔ سعید نے کہا کہ نہر جو بہشت میں ہے اسی بھلائی میں داخل ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو عنایت فرمائی۔

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب التفسیر حدیث نمبر 2069 ص 1082

☆ صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب الرقاق باب فی الحوض حدیث نمبر 4941 ص 658

☆ صحیح مسلم شریف جلد اوّل کتاب الصلوٰۃ حدیث نمبر 798 ص 334

☆ تفسیر ابن کثیر جلد پنجم پارہ نمبر 30 تفسیر سورۃ الکوثر ص 582

## دلیل نمبر 80

حدیث مبارکہ: عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْکَوْثَرُ نَہَرٌ فِی الْجَنَّۃِ حَافَتَاہُ مِنْ ذَہَبٍ وَمَجرَاہُ عَلَی الدُّرِّ وَالْیَاقُوتِ تُربَتُہٗ اَطیَبُ مِنَ الْمِسْکِ وَمَآءُہٗ اَحلٰی مِنَ الْعَسَلِ وَ اَبیَضُ مِنَ الثَّلْجِ۔

Marfat.com

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کوثر جنت میں ایک نہر ہے جس میں دونوں جانب سونے کے خیمے ہیں۔ اس کا پانی موتی اور یاقوت پر بہتا ہے۔ اس کی مٹی مشک سے زیادہ خوشبودار ہے۔ اس کا پانی شہد سے میٹھا اور برف سے زیادہ سفید ہے۔

حوالہ

☆ جامع ترمذی شریف جلد دوم ابواب التفسیر القرآن حدیث نمبر 1287 ص 573

## دلیل نمبر 81

حدیث مبارکہ: عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَا اَنَا اَسِيرُ فِي الْجَنَّةِ اِذْ عُرِضَ لِي نَهرٌ حَافَتَاهُ قِبَابُ اللُّؤْلُؤِ قُلْتُ لِمَلَكٍ مَا هٰذَا قَالَ هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِي اَعْطَاكَهُ اللّٰهُ قَالَ ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهٖ اِلٰى طِينَةٍ فَاسْتَخْرَجَ مِسْكًا ثُمَّ رُفِعَتْ لِي سِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى فَرَأَيْتُ عِنْدَهَا نُورًا عَظِيمًا ۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''میں جنت میں چل رہا تھا کہ میں نے جنت میں ایک نہر دیکھی۔ جس کے دونوں کناروں پر موتی کے خیمے تھے۔ میں نے فرشتوں سے پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا کہ یہ کوثر ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو عطا کی ہے۔ پھر انہوں نے ہاتھ مارا اور اس کی مٹی نکالی تو وہ مشک تھی پھر میرے سامنے سدرۃ المنتہیٰ آ گئی اور میں نے اس کے قریب ایک عظیم نور دیکھا۔

حوالہ

☆ جامع ترمذی جلد دوم ابواب التفسیر حدیث نمبر 1286 ص 573

## دلیل نمبر 82

حدیث مبارکہ: عَنْ أَبِي سَعِيدِ الْخُدْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ لِى حَوضًا مَّا بَيْنَ الكَعْبَةِ وَ بَيْتِ الْمُقَدَّسِ أَبْيَضُ مِثْلَ اللَّبَنِ اٰنِيَتُهٗ عَدَدُ النُّجُومِ وَاِنِّى لَاَكْثَرُ الاَنْبِيَآءِ تَبعًا يَومَ الْقِيٰمَةِ ۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ میرا حوض اتنا بڑا ہے جیسے کعبہ سے بیت المقدس۔ دودھ کی طرح سفید ہے۔ اس کے برتن ستاروں کی تعداد کے برابر ہیں اور میرے پیروکاروں کی تعداد قیامت کے دن سب سے زیادہ ہوگی۔

حوالہ

☆ سُنَنِ ابن ماجہ جلد دوم بابُ ذِکرِ الحوضِ حدیث نمبر 2105 ص 589

## دلیل نمبر 83

حدیث مبارکہ: عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَ سَأَلْتُهَا عَنْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى اِنَّآ أَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ قَالَتْ نَهْرٌ أُعْطِيَهٗ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاطِئَاهُ عَلَيْهِ دُرٌّ مُجَوَّفٌ آنِيَتُهٗ كَعَدَدِ النُّجُومِ ۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا گیا کہ اللہ تعالیٰ نے یہ جو فرمایا ہے کہ ''اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ'' تو کوثر سے کیا مراد ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ کوثر ایک نہر ہے جو تمہارے نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی ہے۔ اس کے دونوں کناروں پر خولدار موتی ہیں۔ وہاں تاروں کی گنتی کے برابر پینے کے لئے برتن رکھے ہوئے ہیں۔

حوالہ

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب التفسیر سورۃ انا اعطینک الکوثر حدیث نمبر 2069 ص 1082

## تبصرہ

ان تمام احادیث مبارکہ سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو حوض

Marfat.com

کوثر اور تمام تر بھلائیاں عطا فرما کر مالک و مختار بنا دیا ہے۔ جب قرآن و حدیث سے آپ ﷺ کی ملکیت ثابت ہوتی ہے تو غیر مقلدوں کے پیر و مرشد اسماعیل دہلوی کو اپنی کتاب تقویۃ الایمان میں یہ بات کس نے لکھنے پر مجبور کیا تھا کہ معاذ اللہ جس کا نام محمد یا علی ہے وہ کسی چیز کا مالک و مختار نہیں ہے۔ مولوی صاحب کی لکھی ہوئی تحریر سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس کے قلم سے برطانیہ حکومت کا مایہ بولتا تھا۔ حالانکہ حقیقت تو یہ ہے کہ قرآن و حدیث تو میرے نبی ﷺ کی ملکیت و بادشاہی کی گواہی دے رہا ہے اور مولوی صاحب انکار کر رہا ہے تو ثابت ہوتا ہے کہ مولوی صاحب کو نبی پاک ﷺ سے یا قرآن پاک سے پیار نہیں۔ بلکہ انگریز برطانیہ حکومت کے پیسوں سے پیار تھا۔ جن کے اشاروں پر ایسی بیہودہ بکواسات لکھیں۔ اللہ تعالیٰ ایسے شریر لوگوں کے شر سے محفوظ فرمائے (آمین)

## دلیل نمبر 84

## اسلام میں گواہوں کی تعداد

آیت مبارکہ: وَاسۡتَشۡهِدُوا شَهِيۡدَيۡنِ مِنۡ رِّجَالِكُمۡ فَاِنۡ لَّمۡ يَكُوۡنَا رَجُلَيۡنِ فَرَجُلٌ وَّ امۡرَاَتٰنِ ۔(پارہ نمبر 3 سورۃ البقرہ آیت نمبر 280)

ترجمہ: خرید و فروخت کرتے وقت اپنے میں سے دو مرد گواہ رکھ لو، اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں گواہ رکھ لو۔

تفسیر: اس آیت میں اللہ تعالیٰ تمام انسانوں کو آپس میں خرید و فروخت کے اصول اور قوانین بتا رہا ہے۔ کہ جب بھی تم آپس میں کسی چیز کی خرید و فروخت کرو، اس لین دین کے معاملے پر گواہ ضرور کر لیا کرو۔ اور گواہوں کی تعداد قرآن کے مطابق کم از کم دو مرد ہوں اور اگر موقع پر موجود دو مرد نہ مل سکیں تو ایک مرد اور دو عورتوں کو گواہ بنا لیا جائے۔ کیونکہ ایک مرد کی گواہی مرد کے مقابلے میں ایک مرد جیسی ہی ہے لیکن ایک مرد کی گواہی

Marfat.com

عورتوں کے معاملے میں دو عورتوں کے برابر ہے۔ جب یہ قرآن کا فیصلہ ہے کہ ایک مرد کی گواہی ایک کے ہی برابر ہے تو آئیں میرے کریم آقا ﷺ کا اختیار دیکھیں۔

دلیل نمبر 85

## حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کی گواہی دو مردوں کے برابر

حدیث مبارکہ: عَنْ عُمَارَةَ بنِ خُزَيْمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ عَمَّهُ حَدَّثَهُ وَ هُوَ مِن أَصحَابِ النَّبِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِبتَاعَ فَرَسًا مِن أَعرَابِيٍّ فَاستَتبَعَهُ لِيَقبِضَ ثَمنَ فَرَسِهِ فَأَسرَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ أَبطَأَ الأَعرَابِيُّ وَ طَفِقَ الرِّجَالُ يَتَحَرَّضُونَ لِلأَعرَابِيِّ فَيَسُومُونَهُ بِالفَرَسِ وَ هُم لَا يَشعُرُونَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِبتَاعَهُ حَتَّى زَادَ بَعضُهُم فِي السَّومِ عَلَى مَا اِبتَاعَهُ بِهِ مِنهُ فَنَادَى الأَعرَابِيُّ فَقَالَ اِن كُنتَ مُبتَاعًا هٰذَا الفَرَسَ وَاِلَّا بِعتُهُ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ سَمِعَ نِدَائَهُ فَقَالَ أَوَلَيسَ قَد ابتَعتُهُ مِنكَ قَالَ لَا وَاللّٰهِ مَا بِعتُكَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَد ابتَعتُهُ مِنكَ فَطَفِقَ النَّاسُ يَلُوذُونَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ بِالأَعرَابِيِّ وَ هُمَا يَتَرَاجَعَانِ وَ طَفِقَ الأَعرَابِيُّ يَقُولُ هَلُمَّ شَاهِدًا يَشهَدُ أَنِّي قَد بِعتُكَهُ قَالَ خُزَيمَةُ بنُ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَا أَشهَدُ أَنَّكَ قَد بِعتَهُ قَالَ فَأَقبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى خُزَيمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ لِمَ تَشهَدُ قَالَ بِتَصدِيقِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهَادَةَ خُزَيمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ شَهَادَةَ رَجُلَينِ۔

Marfat.com

ترجمہ: حضرت عمارہ بن خزیمہ رضی اللہ عنہما نے اپنے چچا سے روایت کی ہے جو نبی پاک ﷺ کے اصحاب میں سے تھے کہ نبی کریم ﷺ نے کسی اعرابی سے گھوڑا خریدا۔ پس نبی کریم ﷺ اس کو اپنے ساتھ لے کر چلے تا کہ گھوڑے کی قیمت اسے ادا کر دی جائے۔ نبی کریم ﷺ جلدی جلدی چل رہے تھے اور اعرابی آہستہ آہستہ پس اعرابی کو چند حضرات ملے جو اس سے گھوڑے کا سودا کرنے لگے۔ انہیں معلوم نہیں تھا کہ نبی کریم ﷺ اس کا سودا کر چکے ہیں۔ چنانچہ بعض لوگوں نے اس گھوڑے کی قیمت اس قیمت سے زیادہ لگائی جو نبی کریم ﷺ نے قیمت لگائی تھی۔ اعرابی نے آپ ﷺ کو آواز دے کر کہا کہ اگر آپ ﷺ گھوڑا خریدنا چاہتے ہیں تو ٹھیک ہے وگرنہ میں اسے فروخت کر دیتا ہوں۔ پس اعرابی کی یہ آواز سن کر نبی کریم ﷺ کھڑے ہوئے اور فرمایا کہ کیا میں نے تم سے اس گھوڑے کو خرید نہیں لیا ہے؟ اعرابی نے کہا کہ خدا کی قسم میں نے تو آپ ﷺ کے ہاتھوں اسے فروخت کیا ہی نہیں ہے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ''کیوں نہیں، میں نے تم سے خرید لیا ہے''۔ اعرابی نے کہنا شروع کر دیا کہ اچھا گواہ لے کر آؤ۔ حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ میرے نبی کریم ﷺ نے یہ گھوڑا تم سے خریدا ہے۔ نبی کریم ﷺ نے حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ تم کس طرح گواہی دیتے ہو؟ عرض گذار ہوئے ''یارسول اللہ ﷺ آپ کو سچا جانتے ہوئے''۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کی گواہی دو گواہوں کے برابر ہے۔

## حوالہ جات

☆ سُنن نسائی جلد سوم حدیث نمبر 4567 ص 306

☆ سُنن ابی داؤد جلد سوم حدیث نمبر 3130 ص 30

Marfat.com

☆تفسیر ابن کثیر جلد اوّل پارہ نمبر 3 تفسیر سورۃ البقرہ ص 357

☆تفسیر ابن کثیر جلد چہارم پارہ نمبر 21 تفسیر سورۃ الاحزاب ص 218

☆مدارج النبوۃ جلد اول ص 185

☆مصنف ابن ابی شیبہ

☆تاریخ امام بخاری

☆مسند ابی یعلی

☆معجم کبیر امام طبرانی

## دلیل نمبر 86

## لیجئے صاحب جی امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب سے ایک حوالہ

حدیث مبارکہ: أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ نَسَخْتِ الصُّحُفَ فِي الْمَصَاحِفِ فَفَقَدتُّ آيَةً مِن سُورَةِ الْأَحزَابِ كُنتُ اَسمَعُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقرَأُبِهَا فَلَم أَجِدهَا اِلَّا مَعَ خُزَيمَةَ بنِ ثَابِتٍ الْأَنصَارِي رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الَّذِي جَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهَادَتَهُ شَهَادَةَ رَجُلَينِ وَ هُوَ قَولُهُ (مِنَ الْمُؤمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَا هَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ)

ترجمہ: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کئی کئی ورقوں پر قرآن پاک کو نقل کر کے جمع کیا ہے۔ سورۃ الاحزاب کی ایک آیت مجھ کو کہیں سے بھی نہ ملی جو میں نبی کریم ﷺ کو پڑھتے ہوئے سنا کرتا تھا۔ آخر وہ آیت ایک ہی صحابی حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس سے مجھ کو ملی۔ یہ خزیمہ وہ ہیں جن کے اکیلے کی گواہی کو آنحضرت ﷺ نے دو مردوں کے برابر کیا ہے۔

حوالہ: صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب الجہاد والسیر حدیث نمبر 72 ص 72

Marfat.com

تبصرہ:

او بخاری بخاری کا دعویٰ کرنے والو! اب تو یا ر مان جاؤ بخاری کو یا دعویٰ بخاری کرنا چھوڑ دو۔ لیکن سچ تو یہ ہے کہ

بنا عشق نبی ﷺ جو پڑھتے ہیں بخاری
آتا ہے بخار ان کو نہیں آتی بخاری

حضرت صاحب دل میں اگر عشق رسول ﷺ ہو تو ذرا اپنی آنکھوں سے جہالت اور تعصب کی عینک اتار دیں اور اپنی آنکھوں میں خاک مدینہ ڈال کر آنکھوں کے سامنے گنبد خضریٰ کا تصور تو جمائیے۔ یقیناً یہ حدیث پاک میرے نبی کریم ﷺ کے اختیارات کی عظیم دلیل ہے۔ کیونکہ قرآن پاک کا قانون تو اس طرح ہے کہ ایک مرد کی گواہی صرف ایک ہی گواہی تصور کی جائے گی مگر نبی کریم ﷺ کا فرمانا ''اے خزیمہ تیری ایک گواہی دو مردوں کے برابر ہے'' یعنی حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ اگر کسی بھی معاملے میں گواہی دیں تو وہ ایک گواہی نہیں بلکہ دو گواہیاں تصور کی جائیں گی۔ یہی اختیارات ہیں جس کو چاہیں جو چاہیں فضیلت عطا فرما دیں اور قانون بنا دیں اور صحابہ کرام حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کی گواہی کو دو گواہیوں کے برابر تصور کرتے رہے ہیں۔ جیسا کہ آپ نے ابھی مذکورہ حدیث بخاری شریف سے پڑھا ہے۔ کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا یہ عقیدہ تھا کہ نبی کریم ﷺ کو اختیار حاصل ہے کہ جو چاہیں فرمائیں اور جو آپ ﷺ فرما دیں وہی قانون ہے۔ کسی صحابی نے کوئی اعتراض تک نہ کیا کہ آپ ﷺ کو کیا اختیار ہے کہ خزیمہ رضی اللہ عنہ کی گواہی کو دو کے برابر فرما دیں۔ یہ اعتراض اس لئے نہیں کیا گیا کہ اصحاب رسول ﷺ میرے نبی کریم ﷺ کو مختار کل مانتے تھے۔ یہی عقیدہ اہلسنّت کا ہے۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 87

# اسلام میں کتنی شادیاں جائز ہیں؟

آیت مبارکہ: فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُم مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَ ثُلٰثَ وَ رُبٰعَ ۔

ترجمہ: تو نکاح میں لاؤ جو عورتیں تم کو خوش لگیں۔ دو دو، تین تین، اور چار چار۔

حوالہ: پارہ نمبر 4 سورۃ النساء آیت نمبر 3

تفسیر: قرآن پاک کے ان الفاظ سے ظاہر ہوا کہ ہر شخص چار بیویاں رکھ سکتا ہے اور یہ فرمان خداوندی ہے اور اللہ تعالیٰ کا قانون ہے۔ اب جو شخص اس قانون کی خلاف ورزی کرے مثلاً یوں کہے کہ اسلام میں پانچ عورتیں رکھی جا سکتی ہیں یا یہ کہے کہ آدمی دوسری شادی نہیں کر سکتا۔ ایک بیوی کے ہوتے ہوئے اس کو دوسری شادی کرنا حرام ہے۔ تو ایسا شخص حکم خداوندی کا گستاخ ہے، دائرہ اسلام سے خارج ہے اور کافر ہو جائے گا جو اللہ تعالیٰ کے حکم کی خلاف ورزی کرے گا۔ اب آپ ملاحظہ فرمائیں سرکارِ دو عالم ﷺ کے اختیارات جو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو عطا فرمائے۔

## دلیل نمبر 88

# اے علی! تو میری بیٹی فاطمہ رضی اللہ عنہا کی موجودگی میں دوسری شادی نہیں کر سکتا

حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَخْبَرَنَا شُعَيْبُ عَنِ الزُّهْرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ الْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَطَبَ بِنْتَ أَبِي جَهْلٍ وَ عِنْدَهُ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا فَسَمِعَتْ بِذٰلِكَ فَاطِمَةُ أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ لَهُ إِنَّ قَوْمَكَ يَتَحَدَّثُونَ إِنَّكَ لَا تَغْضَبُ لِبَنَاتِكَ وَ هٰذَا عَلِيٌّ نَاكِحًا إِبْنَةَ أَبِي جَهْلٍ قَالَ مِسْوَرٌ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْتُهُ حِينَ تَشَهَّدَ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي أَنْكَحْتُ أَبَا الْعَاصِ بْنَ الرَّبِيعِ فَحَدَّثَنِي فَصَدَقَنِي وَ إِنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُضْغَةٌ مِنِّي وَ إِنَّمَا أَكْرَهُ أَنْ يَفْتِنُوهَا وَ إِنَّهَا وَاللّٰهِ لَا تَجْتَمِعُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ بِنْتُ عَدُوِّ اللّٰهِ عِنْدَ رَجُلٍ وَّاحِدٍ أَبَدًا قَالَ فَتَرَكَ عَلِيٌّ الْخِطْبَةَ ۔

ترجمہ: حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ نے ان کو بتایا کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے ابوجہل کی بیٹی کو نکاح کا پیغام بھیجا۔ اس وقت حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں۔ جب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات سنی تو وہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور کہا کہ لوگ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ اپنی بیٹیوں کی وجہ سے ناراض نہیں ہوتے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ ابوجہل کی بیٹی کے ساتھ شادی کرنا چاہتے ہیں۔ حضرت مسور رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کھڑے ہوگئے۔ آپ ﷺ نے کلمہ شہادت پڑھا اور پھر فرمایا ''اما بعد'' میں نے ابو العاص بن الربیع رضی اللہ عنہ کے ساتھ اپنی بیٹی سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا نکاح کیا تھا۔ انہوں نے ہمیشہ میرے ساتھ سچی بات کی تھی۔ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت محمد ﷺ میری جان کا ٹکڑا ہے۔ مجھے یہ پسند نہیں کہ لوگ اس کو کسی آزمائش کا شکار کریں۔ اللہ کی قسم اللہ کے رسول ﷺ کی صاحبزادی اور اللہ کے دشمن کی بیٹی ایک شخص کے نکاح میں اکٹھی نہیں رہ

Marfat.com

سکتیں۔ اس کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نکاح کا وہ پیغام واپس لے لیا۔

## حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب المناقب حدیث نمبر 921 ص 458

☆ صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب الطلاق حدیث نمبر 257 ص 158

☆ صحیح مسلم شریف جلد سوم کتاب فضائل الصحابہ باب فضائل فاطمہ بنت النبی ﷺ حدیث نمبر 6186 ص 342

☆ سنن ابن ماجہ جلد اول باب الغیرۃ حدیث نمبر 6070 ص 556

☆ جامع ترمذی شریف جلد دوم باب ماجاء فی فضل فاطمۃ رضی اللہ عنہا حدیث نمبر 1801 ص 771

☆ سنن ابی داؤد جلد دوم حدیث نمبر 1772 ص 30

☆ مدارج النبوۃ جلد اول ص 176

☆ مدارج النبوۃ جلد دوم ص 530

## دلیل نمبر 89

حدیث مبارکہ: عَنِ الْمِسوَرِ بنِ مَخرَمَةَ قَالَ سَمِعتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَ هُوَ عَلَى الْمِنبرِ اِنَّ بَنِي هِشَامِ بنِ الْمُغِيرَةِ اِستَأ ذَنُوا فِي أَن يُنكِحُوا ابْنَتَهُم عَلِيَّ بنَ أَبِي طَالِبٍ فَلا آذَنُ ثُمَّ لا آذَنُ ثُمَّ لاآذَنُ اِلَّا أَن يُرِيدَابنَ أَبِي طَالِبٍ أَن يُطَلِّقَ ابنَتِي وَ يَنكِحُ اِبنَتَهُم فَاِ نَّمَا هِيَ بِضعَةٌ مِنِّي يُرِيبُنِي مَاأَرَابهَا وَ يُؤ ذِينِي مَا آذَاهَا۔

ترجمہ: حضرت مسور بن مخرمہ سے روایت ہے کہ میں نے منبر پر آنحضرت ﷺ کی زبان مبارک سے سنا آپ ﷺ فرماتے تھے کہ ہشام بن مغیرہ اس کی اولاد نے مجھ سے یہ اجازت مانگی ہے کہ وہ اپنی لڑکی کا نکاح علی بن ابی طالب سے کر دیں تو میں تو اجازت نہیں دیتا ہرگز نہیں دیتا کبھی بھی اجازت نہیں دوں گا ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ ابو طالب کا بیٹا میری بیٹی کو

Marfat.com

طلاق دیدے اور ان کی بیٹی سے نکاح کر لے بات یہ ہے کہ فاطمہ میرے جگر کا ٹکڑا ہے جو اس کو برا لگے وہ مجھ کو بھی برا لگتا ہے اور جس چیز سے اس کو تکلیف ہو مجھ کو بھی اس سے تکلیف ہوتی ہے۔

حوالہ: صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب النکاح باب ذَبَّ الرَّجُلِ عَلٰی ابْنَتِہٖ فِی الْغَیْرَۃِ وَ الْاِنْصَافِ (حدیث نمبر 214 ص نمبر 135)

صحیح مسلم شریف جلد سوم کتاب فضائل الصحابہ (حدیث نمبر 6183 ص نمبر 341)

## دلیل نمبر 90

حدیث مبارکہ: عَنِ ابنِ أَبِی مُلَیکَۃَ عَنِ المِسوَرِ بنِ مَخرَمَۃَ قَالَ سَمِعتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُولُ اِنَّ بَنِی المُغِیرَۃِ اِستَأذَنِی أَن یَنکِحَ عَلِیُّ اِبنَتَہُم فَلَا آذَنُ ۔

ترجمہ: حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے نبی کریم ﷺ سے سنا آپ ﷺ فرماتے تھے کہ ہشام بن مغیرہ کے بیٹوں نے مجھ سے اجازت مانگی کہ وہ اپنی بیٹی کا نکاح حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کریں گے تو میں ہرگز اجازت نہیں دوں گا

حوالہ: صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب الطلاق حدیث نمبر 257 ص 158

### تبصرہ

پس یہی وہ اختیارات ہیں جو اللہ کریم نے اپنے محبوب ﷺ کو عطا فرمائے ہیں کہ اگر حضور ﷺ چاہیں تو اللہ تعالیٰ کے بنائے ہوئے قانون میں ترمیم بھی کر سکتے ہیں۔ حالانکہ ہر شخص چار بیویاں رکھ سکتا ہے مگر نبی کریم ﷺ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو منع فرما رہے ہیں کہ "اے علی! تو میری بیٹی سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی موجودگی میں دوسری شادی نہیں کر سکتا۔ جب رسول اللہ ﷺ نے یہ فرمایا تو جناب علی رضی اللہ عنہ نے دوسری شادی کا ارادہ ترک کر دیا۔ اب جو لوگ نبی کریم ﷺ کے اختیارات کے قائل نہیں ہیں، ان سے سوال

Marfat.com

ہے کہ جناب فرمایئے نبی کریم ﷺ کے فرمان کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لئے دوسری شادی کرنا جائز تھی یا نہیں۔ یقیناً کہیں گے کہ نہیں حضور نبی کریم ﷺ کے فرمان کے بعد جناب علی رضی اللہ عنہ دوسری شادی نہیں کر سکتے تھے۔ کیوں نہیں کر سکتے تھے؟ حالانکہ قرآن تو کہہ رہا ہے کہ تم بیک وقت چار بیویاں رکھ سکتے ہو۔ یا معاذ اللہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں عرض کیا ہو: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے تو اپنی کتاب قرآن میں چار شادیاں کرنے کا حکم دے دیا ہے اور آپ ﷺ مجھے دوسری شادی سے منع فرما رہے ہیں۔ میں تو صرف قرآن پر عمل کروں گا کیونکہ قرآن مجید میں چار بیویاں رکھنے کی اجازت ہے۔ یا پھر معاذ اللہ نبی کریم ﷺ اپنی لختِ جگر سے فرما سکتے تھے کہ بیٹا صبر سے کام لے، میں کیا کر سکتا ہوں۔ میں تو مجبور ہوں مجھے کوئی اختیار حاصل نہیں کہ خدا کے بنائے ہوئے قانون میں ردوبدل کر سکوں۔ بیٹا میں کچھ بھی نہیں کر سکتا لہٰذا صبر بہتر ہے۔
لیکن مسلمان بھائیو! میرے نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ فرما کر کہ میری بیٹی کی موجودگی میں تیری شریک حیات کوئی عورت کائنات میں سے بن ہی نہیں سکتی۔ تو اس چیز نے ثابت کر دیا کہ میرے نبی کریم ﷺ مجبور لاچار نہیں ہیں۔ میرا نبی ﷺ بے اختیار نہیں بلکہ بااختیار ہے اور مختار کل ہے۔ جناب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے پیغام نکاح واپس لے کر تمام زندگی جتنی دیر تک سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا ظاہری طور پر زندہ رہی ہیں، ان کی موجودگی میں دوسری شادی نہ کر کے یہ ثابت کر دیا کہ میرا نبی ﷺ مختار کل ہے۔ جو فرما دیں وہی قانون ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص حضور ﷺ کے اختیارات کا منکر ہے تو پھر اس کو یہ ثابت کرنا ہوگا کہ معاذ اللہ نبی کریم ﷺ بس یونہی فرما رہے تھے۔ لہٰذا اگر فرمان رسول ﷺ کے خلاف بھی عمل کر لیا جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ (استغفر اللہ ہزار بار استغفر اللہ)

Marfat.com

دلیل نمبر 91

## جھوٹ بولنے والے لعنتی ہیں

آیت مبارکہ: لَّعۡنَتَ اللّٰهِ عَلَى الۡكٰذِبِيۡنَ ۔

(ترجمہ) جھوٹ بولنے والوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے۔

(پارہ نمبر 3 سورہ آل عمران آیت نمبر 61)

دلیل نمبر 92

## حدیث مبارکہ سے اس کی ممانعت

عَنۡ عَبۡدِاللّٰهِ ابۡنِ مَسۡعُوۡدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الصِّدۡقَ يَهۡدِى اِلَى الۡبِرِّ وَاِنَّ الۡبِرَّ يَهۡدِى اِلَى الۡجَنَّةِ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَصۡدُقُ حَتّٰى يَكُوۡنَ صِدِّيۡقًا وَاِنَّ الۡكِذۡبَ لَيَهۡدِىۡ اِلَى الۡفُجُوۡرِ وَاِنَّ الۡفُجُوۡرَ يَهۡدِىۡ اِلَى النَّارِ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَكۡذِبُ حَتّٰى يُكۡتَبَ عِنۡدَاللّٰهِ كَذَّابًا ۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا کہ سچائی آدمی کو نیکی کی طرف لے جاتی ہے اور نیکی بہشت کی طرف لے جاتی ہے اور آدمی سچ بولتے بولتے اخیر میں صدیق کا درجہ پالیتا ہے اور جھوٹ بدکاری کی طرف لے جاتا ہے اور بدکاری دوزخ کی طرف لے جاتی ہے اور آدمی جھوٹ بولتے بولتے آخر کو اللہ تعالیٰ کے نزدیک جھوٹا لکھ دیا جاتا ہے۔

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب الادب باب قول اللہ تعالیٰ یاایھا الذین آمنوا اتقوا اللہ وکونوا مع الصادقین حدیث نمبر 1092 ص 466

Marfat.com

☆ صحیح مُسلم شریف جلد سوم کتاب البرّ والصلۃ والادب حدیث نمبر 6513 ص 454
☆ الادب المفرد امام بخاری باب لا یصلح الکذب حدیث نمبر 386 ص 189
☆ جامع ترمذی شریف جلد اوّل ابواب البرّ والصلۃ باب ماجاء فی الصدق والکذب حدیث نمبر 2038 ص 939

## دلیل نمبر 93

## منافق کی تین نشانیاں

حدیث مبارکہ: عَنْ اَبِی هُرَیرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ آیَۃُ الْمُنَافِقِ ثَلاثٌ اِذَا حَدَّثَ کَذَبَ وَاِذَا وَعَدَ أَخلَفَ وَاِذَا اؤتُمِنَ خَانَ۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ منافق کی تین نشانیاں ہیں۔ بات کرے تو جھوٹ بولے۔ وعدہ کرے تو خلاف کرے۔ امانت رکھو تو خیانت کرے۔

حوالہ

☆ صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب الادب حدیث نمبر 1030 ص 466

## دلیل نمبر 94

## جھوٹ بولنے والے سے فرشتے ایک میل دور ہو جاتے ہیں

حدیث مبارکہ: عَنِ ابنِ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا کَذَبَ العَبْدُ تَبَاعَدَ عَنْہُ الْمَلَکُ مِیلاً مِن نَتْنِ مَاجَآءَ بِہٖ۔

ترجمہ: حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جب آدمی جھوٹ بولتا ہے تو فرشتے اس کی بو کی وجہ سے اس آدمی

Marfat.com

سے ایک میل دور چلے جاتے ہیں۔

حوالہ: جامع ترمذی شریف جلد اوّل ابوابُ البِرِّ وَ الصِّلَۃِ بَابُ مَاجَآءَ فِی الصِّدقِ وَالکَذِبِ حدیث نمبر 2039 ص 939

## دلیل نمبر 95

## جھوٹ بولنے والے کی سزا

عَن سَمرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ بنِ جُندَبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ رَأیتُ رَجُلَینِ أتَیَانِی قَالَ الَّذِی رَأَیتَہُ یَشُقُّ شِدقُہُ فَکَذَّابٌ یَکذِبُ بِالکَذبَۃِ تُحمَلُ عَنہُ حَتّٰی تَبلُغَ الآفَاقَ فَیُصنَعُ بِہٖ اِلَی یَومِ القِیَامَۃِ ۔

ترجمہ: حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا آنحضرت ﷺ نے فرمایا، میں نے گزشتہ رات خواب میں دیکھا، دو فرشتے میرے پاس آئے۔ ان فرشتوں نے کہا کہ جس شخص کو تم نے دیکھا تھا۔ جس کے جبڑے چیرے جاتے ہیں وہ دُنیا میں بہت جھوٹ بولنے والا تھا۔ جو ایک جھوٹ بولتا تھا جو سارے ملک میں پھیل جاتا تھا۔ قیامت تک اس کو یہی سزا ملتی رہے گی۔

حوالہ

☆ صحیح بُخاری شریف جلد سوم کتاب الأدب حدیث نمبر 1031 ص 467

### تبصرہ

قارئین گرامی! ہم نے قرآن پاک کی آیت مبارکہ اور مختلف حدیثوں سے یہ ثابت کیا ہے کہ جھوٹے آدمی پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہوتی ہے۔ جھوٹ بولنے والا بدکار ہوتا ہے اور جہنم میں جائے گا۔ جھوٹ بولنے والا منافق ہوتا ہے اور جو کہ وہ بھی جہنم میں جائے گا۔ جھوٹ بولنے والے سے فرشتے بھی نفرت کرتے ہیں اور جھوٹے آدمی سے اللہ تعالیٰ

Marfat.com

کے فرشتے بھی دور رہتے ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ کے فرشتے دور ہوئے تو صاف ظاہر ہے کہ وہ شخص اللہ تعالیٰ کی رحمت سے بھی دور ہو جاتا ہے۔ جھوٹ کی قرآن وحدیث میں بہت زیادہ قباحت بیان ہوئی ہے۔ بلکہ معراج کی رات آپ ﷺ نے ایک شخص کو دیکھا جس کے منہ کے جبڑوں کو آرے سے چیر رہے ہیں۔ پوچھنے پر بتایا گیا کہ یہ وہ شخص ہے جو کثرت سے جھوٹ بولتا تھا، تو ثابت ہوا کہ جھوٹ اچھی چیز نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس برے کام سے محفوظ فرمائے (آمین)

اب آئیں میرے نبی کریم ﷺ کے اختیارات کو ملاحظہ فرمائیں جو اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو عطا فرمائے

## دلیل نمبر 96

## تین جگہوں پر جھوٹ کی رخصت

حدیث مبارکہ: عَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ یَزِیْدَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَحِلُّ الْکَذِبُ اِلَّا فِیْ ثَلَاثٍ یُحَدِّثُ الرَّجُلُ اَمْرَاَتَہٗ لِیُرْضِیَھَا وَالْکَذِبُ فِی الْحَرْبِ وَالْکَذِبُ لِیُصْلِحَ بَیْنَ النَّاسِ۔

ترجمہ: حضرت اسماء بنت یزید سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تین باتوں کے علاوہ جھوٹ بولنا جائز نہیں۔ خاوند اپنی بیوی کو راضی کرنے کے لئے کوئی بات کہے۔ لڑائی کے موقع پر جھوٹ بولنا اور لوگوں کے درمیان صلح کروانے کے لئے جھوٹ بولنا۔

حوالہ جات

☆ الادب المفرد امام بخاری باب لیس الکذاب الذی یصلح بین الناس حدیث نمبر 385 ص 188

☆ صحیح مسلم شریف جلد سوم کتاب البر والصلۃ والادب باب تحریم الکذب وبیان المباح منہ حدیث نمبر 6507 ص 452

Marfat.com

☆ جامع ترمذی شریف جلد اوّل ابواب البر والصلۃ باب ما جاء فی اصلاح ذات البین حدیث نمبر 2003 ص 928

☆ مشکوٰۃ شریف جلد دوم فصل دوسری حدیث نمبر 4810 ص 460

**نوٹ:** مُسلم شریف اور ترمذی کی حدیث میں سند کے لحاظ سے فرق ہے مفہوم ایک ہی ہے۔

## دلیل نمبر 97

حدیث مبارکہ: حَدَّثَنَا عَبدُ العَزِیزِ بنُ عَبدِاللّٰہِ قَالَ حَدَّثَنَا اِبرَاھِیمُ بنُ سَعدٍ عَن صَالِحٍ عَن ابنِ شِھَابٍ أَنَّ أُمَّہُ أُمّ کُلثُومٍ بِنتِ عُقبَۃَ أَخبَرَتہُ أَنَّھَا سَمِعتُ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ یَقُولُ لَیسَ الکَذَّابُ الَّذِی یُصلِحُ بَینَ النَّاسِ فَیَنمِیی خَیرًا أَو یَقُولُ خَیرًا ۔

ترجمہ: حضرت ام کلثوم بنت عقبہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں نے آنحضرت ﷺ سے سنا آپ ﷺ فرماتے تھے وہ شخص جھوٹا نہیں جو لوگوں میں میل کرائے اور (ملاپ کی نیت سے) اچھی بات پہنچائے یا کہے۔

حوالہ: صحیح بخاری شریف جلد اول کتاب الصلح باب لیس الکاذب بین النّاس (حدیث نمبر 2514 ص نمبر 1141)

## دلیل نمبر 98

حدیث مبارکہ: قَالَت وَلَم أَسمَعہُ یُرَخِّصُ فِی شَیءٍ مِمَّا یَقُولُ النَّاسُ مِنَ الکَذِبِ اِلَّا فِی ثَلَاثٍ اِلَّا صَلَاحِ بَینَ النَّاسِ وَحَدِیثِ الرَّجُلِ اِمرَآتَہُ وَحَدِیثِ المَرأَۃِ زَوجَھَا ۔

ترجمہ: حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے کبھی آپ ﷺ کو اس چیز کے بارے میں اجازت دیتے ہوئے نہیں سنا جس کو لوگ جھوٹ کہتے ہیں

Marfat.com

سوائے تین (مقامات) کے لوگوں کے درمیان صلح کروانا آدمی کی بات اس کی بیوی کو اور عورت کی بات اس کے خاوند کو۔

حوالہ: الأدب المفرد اامام بخاری رحمۃ اللہ علیہ حدیث نمبر 385 صفحہ نمبر 188

مُسلم شریف میں ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی بجائے ابن شہاب کا ذکر ہے دیکھیں صحیح مُسلم شریف جلد سوم کِتابُ البِرِّ وَالصِّلَۃِ وَالأَدَبِ بَابُ تَحرِیمِ الکَذِبِ وَبَیَانُ المُبَاحِ مِنہُ حدیث نمبر 6507 ص نمبر 453

## تبصرہ

ان احادیث سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو مالک ومختار بنایا ہے اور آپ ﷺ مختار کل ہیں۔ حالانکہ قرآن وحدیث کے مطابق تو جھوٹے آدمی کی جو سزا ہے وہ آپ نے پچھلے اوراق میں پڑھ لی ہے۔ لیکن قربان جائیں محبوب خدا ﷺ پر آپ ﷺ نے اپنی امت کے لئے تین جگہوں پر جھوٹ کی رخصت عطا فرما کر بتا دیا ہے کہ میں اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی طاقت سے مختار کل ہوں۔ اگر پھر بھی کوئی شخص کہے کہ میں تو اختیارات رسول ﷺ کو نہیں مانتا تو اس مولوی صاحب کی خدمت میں صرف اتنی سی عرض ہے کہ کوئی شخص جنگ کے دوران کافر کو دھوکہ دینے کے لئے جھوٹ بولے یا دو مسلمان بھائیوں کے درمیان صلح کروانے کے لئے تھوڑا سا جھوٹ کا آسرا لے یا خاوند اپنی بیوی کو خوش کرنے کے لئے جھوٹ بول دے تو قرآن وحدیث کی رُو کے مطابق کیا فتویٰ صادر ہوگا کہ وہ لعنتی ہے، بے ایمان ہے، جھوٹا ہے، جہنمی ہے یا فرشتے اس سے دور ہو جاتے ہیں۔ یا جو بھی حرمت میں نے پہلے حدیثوں میں بیان کی ہے ان میں سے کون سی سزا اس شخص پر جاری ہوگی۔ اگر مولوی صاحب یہ کہہ دیں کہ معاذ اللہ نبی پاک ﷺ کے اجازت دینے کے بعد بھی یہ آدمی لعنت کا مستحق ہے تو پھر مولوی صاحب خود ہی بے ایمان ہو جائیں گے۔ کیونکہ رخصت میرے نبی ﷺ نے دی ہے۔ جو نبی کریم ﷺ کے حکم کو نہ مانے گستاخ ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ اللہ تعالیٰ کا بھی وہ منکر ہے۔ اگر مولوی صاحب یہ فتویٰ دیں کہ نہیں جی الحمد للہ، ماشاء اللہ ہم بھی یہ مانتے

Marfat.com

ہیں کہ ان تین جگہوں پر جھوٹ بولنے والے پر کسی قسم کا کوئی فتویٰ نہیں ہے۔ نبی پاک ﷺ نے آدمی کو اجازت بخشی ہے تو مولوی صاحب کو ماننا پڑے گا کہ میرا نبی ﷺ مالک ومختار ہے۔ جو آپ ﷺ فرمادیں وہی اللہ تعالیٰ کا قانون بن جاتا ہے۔ آگے آپ کی مرضی ہے ہمارا کام تو صرف قرآن وحدیث کے مطابق آپ کو بتانا ہے نہ کہ منوانا ہے۔ کیونکہ ان تین مقامات پر جھوٹ کی رخصت قرآن نے نہیں دی بلکہ یہ رخصت میرے نبی کریم ﷺ نے دی ہے جس سے اختیارات ثابت ہوتے ہیں۔

## دلیل نمبر 99

## حالت جنابت میں کوئی مسجد سے گذر نہیں سکتا

حدیث مبارکہ: عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تقُولُ جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوُجُوهُ بُيُوتِ أَصحَابِهِ شَارِعَةٌ فِي الْمَسجِدِ فَقَالَ وَجِّهُوا هٰذِهِ الْبُيُوتَ عَنِ الْمَسجِدِ ثُمَّ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَصنَعِ الْقَوْمُ شَيئًا رَجَاءَ أَن تَنزِلَ فِيهِم رُخصَةٌ فَخَرَجَ إِلَيهِم بَعدُ فَقَالَ وَجِّهُو هٰذِهِ الْبُيُوتَ عَنِ الْمَسجِدِ فَإِنِّي لَا أُحِلُّ الْمَسجِدَ لِحَائِضٍ وَلَا جُنُبٍ ۔

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی اکرم ﷺ تشریف لے کر آئے اس وقت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے گھروں کے دروازے مسجد پاک میں کھلتے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ ان دروازوں کے منہ مسجد سے پھیر دو۔ نبی پاک ﷺ تشریف لے گئے اور قوم نے ابھی کچھ بھی نہیں کیا تھا۔ اس امید پر کہ ان کے لئے کوئی رخصت مل جائے۔ پھر آپ ﷺ ان کی طرف تشریف لے کر آئے اور فرمایا ان گھروں کے رُخ مسجد سے پھیر دو کیونکہ میں کسی حائضہ عورت اور جنبی مرد کے لئے مسجد حلال نہیں کروں گا۔

Marfat.com

حوالہ: سنن ابی داؤد جلد اول حدیث نمبر 201 صفحہ 108

اس حدیث میں دو چیزوں سے نبی پاک ﷺ نے منع فرمادیا ہے۔ ایک تو جن لوگوں کے گھروں کے دروازے مسجد کی جانب کھلتے ہیں وہ تمام کے تمام اپنے دروازے بند کرلیں۔ دوسرے نمبر پر کوئی بھی حائضہ عورت یا جنبی مرد مسجد میں نہ بیٹھ سکتا اور نہ وہ مسجد سے گذر سکتا ہے۔ آئیں میرے نبی کریم ﷺ کا اختیار دیکھیں۔

## دلیل نمبر 100

## تمام دروازے بند کردو سوائے علی رضی اللہ عنہ کے دروازے کے

عَنِ ابنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِسَدِّ الاَبوَابِ اِلَّا بَابَ عَلِیٍّ ۔

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دروازے کے علاوہ مسجد میں تمام کھلنے والے دروازے بند کردیئے جائیں۔

حوالہ جات:

☆ جامع ترمذی جلد دوم اَبوَابُ المَنَاقِب حدیث نمبر 1665 ص 726

☆ مشکوٰۃ شریف جلد سوم مَنَاقِبِ علیِ ابنِ اَبِی طَالِب فصل تیسری حدیث نمبر 5843 ص 248

## دلیل نمبر 101

## جناب ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے لیے رخصت

حدیث مبارکہ: لَا یَبقَیَنَّ فِی المَسجِدِ خَوخَۃٌ اِلَّا خُوخَۃُ أَبِی بَکرٍ ۔

ترجمہ: مسجد میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی کھڑکی کے علاوہ کوئی کھڑکی نہ رہے۔

Marfat.com

نوٹ: اس سے مراد وہ کھڑکیاں ہیں جو لوگوں نے مسجد میں آنے جانے کے لیے بنائی ہوئی تھیں یہ مسجد میں کھلتی تھیں

حوالہ

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب المناقب حدیث نمبر 854 ص 424

☆ الجامع ترمذی شریف جلد دوم ابواب المناقب حدیث نمبر 1594 صفحہ نمبر 696

## دلیل نمبر 102

حدیث مبارکہ: لَا یَبْقَیَنَّ فِی الْمَسْجِدِ بَابٌ اِلَّا سُدَّ اِلَّا بَابَ أَبِی بَکْرٍ.

ترجمہ: دیکھو مسجد میں کسی کا دروازہ کھلا نہ رہے بند کر دیا جائے مگر ابو بکر کا دروازہ۔

حوالہ: صحیح بخاری شریف جلد اول کتاب الصلوٰۃ باب الخوخۃ و الممر فی المسجد (حدیث نمبر 450 ص نمبر 278)

## دلیل نمبر 103

## اے علی! میں اور تم حالت جنابت میں بھی مسجد میں رہ سکتے ہیں

حدیث مبارکہ: عَنْ أَبِی سَعِیدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِیٍّ یَا عَلِیُّ لَا یَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ یَّجْنِبَ فِی هٰذَا الْمَسْجِدِ غَیْرِی وَ غَیْرُكَ قَالَ عَلِیُّ بْنُ الْمُنْذِرِ قُلْتُ لِضِرَارِ بْنِ صُرَدٍ مَا مَعْنٰی هٰذَا الْحَدِیثِ قَالَ لَا یَحِلُّ لِاَحَدٍ یَسْتَطْرِقُهُ جُنُبًا غَیْرِی وَ غَیْرُكَ.

ترجمہ: حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "اے علی! میرے اور تمہارے علاوہ کسی کے لئے جائز نہیں کہ حالت

Marfat.com

جنابت میں اس مسجد میں رہے۔ علی بن منذر کہتے ہیں کہ میں نے ضرار بن صرد سے پوچھا کہ اس حدیث کے کیا معنی ہیں۔ تو انہوں نے فرمایا کہ اس سے مراد مسجد سے گذرنا ہے جنابت کی حالت میں سوائے میرے اور تیرے۔

حوالہ جات

☆ جامع ترمذی شریف جلد دوم ابواب المناقب حدیث نمبر 1661 ص 725

☆ مشکوٰۃ شریف جلد سوم مناقب علی بن ابی طالب حدیث نمبر 5837 ص 246

☆ تکریم المومنین ص 107 مصنف مولوی نواب صدیق حسن بھوپالی

## تبصرہ

تو ان تین احادیث سے ثابت ہوا کہ آپ ﷺ مختار کل ہیں جس کے لئے جو چاہیں جائز قرار دے دیں، جس کے لئے جو چاہیں ناجائز قرار دے دیں۔ دیکھیں پہلی دو حدیثوں میں ہم نے ثابت کیا ہے کہ آپ ﷺ نے تمام لوگوں کے وہ دروازے جو مسجد کی طرف کھلتے تھے بند کروا دیئے لیکن حضرت علی رضی اللہ عنہ کا اور جناب صدیق رضی اللہ عنہ کا دروازہ کھلے رکھنے سے ثابت ہوا کہ آپ ﷺ جس کے لئے جو چاہیں قانون نافذ فرما دیں۔ اسی طرح فرمایا کہ حالت جنابت میں کوئی بھی شخص مسجد سے نہ گذرے لیکن مولیٰ مرتضیٰ سے فرما دیا کہ میں اور تم دونوں جنبی حالت میں مسجد میں بیٹھ بھی سکتے ہیں اور گذر بھی سکتے ہیں۔ یہ اختیارات کی واضح دلیل نہیں تو اور کیا ہے۔

## دلیل نمبر 104

# نبی پاک ﷺ کو حلال و حرام کا اختیار

آیت مبارکہ: يَأْمُرُهُم بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ

Marfat.com

وَالاَغلٰلَ الّتِی کَانَت عَلَیہِم۔

ترجمہ: وہ انہیں بھلائی کا حکم دے گا اور برائی سے منع کرے گا اور ستھری چیزیں ان کے لئے حلال فرمائے گا اور گندی چیزیں ان پر حرام کرے گا اور ان پر سے وہ بوجھ اور گلے کے پھندے جو ان پر تھے اتارے گا۔

(پارہ نمبر 9 سورۃ الاعراف آیت نمبر 157)

## تبصرہ

ان الفاظ میں اللہ کریم اپنے حبیب ﷺ کی فضیلت بیان فرمارہا ہے اور توریت میں یہ بھی بیان کیا ہے کہ اے لوگو! جو میرا محبوب ﷺ آخری نبی آنے والا ہے اس کی فضیلت یہ ہے کہ وہ برائی سے منع کرے گا اور بھلائی کا حکم دے گا اور پھر میں نے یہ اختیار بھی دیا ہے کہ وہ ستھری چیزیں حلال کرے گا اور گندی چیزیں حرام کرے گا۔ قرآن پاک سے ثابت ہوا کہ اللہ کریم نے اپنے حبیب پاک ﷺ کو حلال وحرام کا اختیار دے رکھا ہے۔ نبی پاک ﷺ جس چیز کو چاہیں حلال فرمادیں اور جس کو چاہیں حرام فرمادیں۔ مگر یہ اختیار اللہ رب العالمین نے عطا فرمائے ہیں۔ جیسا کہ آپ پیچھے پڑھ چکے ہیں کہ ایک صحابی کو جس نے روزہ کی حالت میں غلطی کی اور اپنی بیوی کے پاس چلا گیا۔ تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ یہ کھجوریں خود بھی کھالو اور اپنے اہل وعیال کو بھی کھلا دو۔ تمہارا کفارہ ادا ہو جائے گا۔ مگر یہ رعایت صرف تمہارے لئے ہے کسی دوسرے کے لئے نہیں ہے۔ پھر جناب علی رضی اللہ عنہ کو فرمانا کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی موجودگی میں دوسری شادی نہیں کر سکتے۔ مردوں پر سونے کی انگوٹھی حرام فرمانا۔ پھر ایک کو رخصت بھی عطا فرمادی۔ حضرت سراقہ کو بتا دیا کہ تم کو سونے کے کنگن پہنائے جائیں گے۔ مردوں کے لئے ریشم حرام فرمانا اور دو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ریشم پہننے کی اجازت دینا۔ گدھوں کا گوشت حرام فرمانا، متعہ حرام فرمانا وغیرہ وغیرہ۔ تو یہ تمام واقعات و روایات ثابت کرتی ہیں کہ نبی پاک ﷺ کو اختیار حاصل ہے کہ جس کے لئے چاہیں حلال کردیں اور جس کے لئے چاہیں حرام کر

Marfat.com

دیں۔ اللہ کریم بھی قرآن پاک میں یہ فرما رہا ہے کہ میں نے اپنے حبیب پاک ﷺ کو حلال وحرام کا اختیار دے رکھا ہے۔ کیونکہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے مردار سور، ذبیحہ کا خون اور وہ چیز جس پر ذبح کے وقت بسم اللہ اللہ اکبر نہ پڑھا جائے کسی اور کا نام لیا جائے تو ان کو قرآن نے حرام قرار دیا ہے۔ لیکن ایسی چیزیں جن کا قرآن میں ذکر نہیں ہے تو ان چیزوں کو میرے نبی پاک ﷺ نے حرام فرمادیا ہے، یہ سب اختیارات مصطفیٰ ﷺ ہیں جو اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو دیئے ہیں۔

## دلیل نمبر 105

آیت مبارکہ: قَاتِلُوا الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُولُهٗ وَلَا يَدِينُونَ دِينَ الْحَقِّ

(پارہ نمبر 10 سورۃ التوبہ آیت نمبر 29)

ترجمہ: لڑو ان لوگوں سے جو اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان نہیں رکھتے اور جو حرام نہیں مانتے اسے جسے اللہ تعالیٰ نے اور اس کے رسول ﷺ نے حرام کیا ہے اور نہ یہ دین حق کو قبول کرتے ہیں۔

### تبصرہ:

اس آیت میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ایسے لوگوں سے جنگ کرو جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی حرام کی ہوئی چیزوں کو حرام نہیں مانتے یعنی کے جو نبی ﷺ کے اختیارات کو تسلیم نہیں کرتے اب اللہ تعالیٰ بھی حرام فرماتا ہے اور نبی پاک ﷺ بھی اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے اختیارات سے حرام فرماتے ہیں اگر اختیارات ہی پاس نہ ہوں تو پھر جن چیزوں کو میرے نبی ﷺ نے حلال یا حرام کیا ہے جیسا کہ آپ پیچھے پڑھ چکے ہیں اور انشاء اللہ آگے بھی پڑھیں گے تو ان چیزوں کے متعلق فیصلہ کرنا ہوگا اگر نبی پاک ﷺ کی حلال یا حرام کی ہوئی چیزوں کو حرام یا حلال مانتے ہو تو پھر اختیارات ثابت اگر نفی کرتے ہو تو پھر قرآن وحدیث کے منکر اب فیصلہ آپ پر ہے اور یقیناً ایسے

Marfat.com

لوگ جو اختیارات کی نفی کرتے ہیں پکے منافق ہیں اور یہی وہ لوگ ہیں جن کے متعلق فرمایا یہ دین حق کو قبول نہیں کرتے یعنی کہ اللہ تعالیٰ کے دیے ہوئے اختیارات کو نہیں مانتے۔ آئیں دیکھیں میرے آقا ﷺ کی شان مبارکہ

## دلیل نمبر 106

# نبی کریم ﷺ کے اختیارات کو تسلیم نہ کرنے والوں کے متعلق پیشین گوئی

حدیث مبارکہ: عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعدِ یَکرِبَ الْکِنْدِیِّ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُوشِكُ الرَّجُلُ مُتَّكِئًا عَلٰى اَرِيكَتِهِ يُحَدِّثُ بِحَدِيثٍ مِن حَدِيثِي فَيَقُولُ بَينَنَا وَ بَينَكُم كِتَابُ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ فَمَا وَجَدنَا فِيهِ مِن حَلَالٍ استَحلَلنَاهُ وَمَا وَجَدنَا فِيهِ مِن حَرَامٍ حَرَّمنَاهُ أَلَا وَ اِنَّ مَا حَرَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثلَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ ۔

ترجمہ: حضرت مقدام بن معدیکرب الکندی فرماتے ہیں نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا بہت جلد ایسا زمانہ آئے گا کہ آدمی اپنے تخت پر تکیہ لگائے بیٹھا ہو گا اور اس کے سامنے میری حدیث بیان کی جائے گی تو وہ جواب میں کہے گا کہ ہمارے اور تمہارے درمیان فیصلہ کرنے والی اللہ کی کتاب ہے جو کچھ ہم اس میں حلال پائیں گے اسے حلال جانیں گے اور جو کچھ اس میں حرام پائیں گے اسے حرام سمجھیں گے خبردار آگاہ ہو جاؤ جو کچھ رسول اللہ ﷺ نے حرام فرما دیا ہے وہ بھی ویسا ہی حرام ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے حرام فرمایا ہے۔

حوالہ: سُنن ابن ماجہ جلد اول بَابُ تَعظِيمِ حَدِيثِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالتَّغلِيظِ عَلٰى مَن عَارَضَهُ (حدیث نمبر 12 ص نمبر 34)

Marfat.com

تبصرہ:

اس حدیث مبارکہ سے علم مصطفیٰ ﷺ اور اختیارات مصطفیٰ ﷺ روز روشن کی طرح نظر آرہے ہیں نبی پاک ﷺ جانتے تھے تو تب ہی فرمایا کہ ایسا وقت آنے والا ہے جب ایسے لوگ پیدا ہوجائیں گے جو بظاہر قرآن کا نام لے کر میرے اختیارات کے منکر ہونگے جو میرے اختیارات کو تسلیم نہیں کریں گے یعنی جن چیزوں کو میں نے حرام کیا ہے وہ بھی اس طرح حرام ہیں جس طرح اللہ تعالیٰ نے حرام فرمادیا ہو اور پچھلی آیت میں بھی آپ نے پڑھا کہ قرآن بھی فرماتا ہے کہ ایسے لوگوں کے ساتھ جنگ کرو جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی حرام کی ہوئی چیزوں کو حرام نہیں جانتے بہر حال قارئین گرامی قرآن وحدیث سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ قرآن وحدیث بار بار یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ میرے آقا کریم ﷺ کے اختیارات کو مان جاؤ جو مانے گا وہ مومن ہے اور جو انکار کرے گا وہ قرآن وحدیث کی رو سے کافروں اور منافقوں سے بھی بدتر ہے بس ہماری تو یہ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حق سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطاء فرمائے۔ آمین (آئیں دیکھیں اختیارات مصطفیٰ ﷺ)

## دلیل نمبر 107

## حضرت اُمِ عطیہ رضی اللہ عنہا کو نوحہ کرنے کی اجازت دینا

حدیث مبارکہ: عَنْ اُمِّ عَطِیَّةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهَا قَالَت لَمَّا نَزَلَت هٰذِهِ الآیَةُ یُبَایِعنَكَ عَلٰی اَن لَا یُشرِكنَ بِاللّٰهِ شَیئًا اِلٰی وَلَا یَعصِینَكَ فِی مَعرُوفٍ قَالَت كَانَ مِنهُ النِّیَاحَةُ قَالَت فَقُلتُ یَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ اِلَّا آلَ فُلَانٍ فَاِنَّهُم كَانُوا اَسعَدُونِی فِی الجَاهِلِیَّةِ فَلَا بُدَّلِی مِن اَن اُسعِدَ هُم فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ اِلَّا آلَ فُلَانٍ۔

Marfat.com

ترجمہ: سیدہ ام عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ جب یہ آیت نازل ہوئی۔

(ترجمہ) وہ خواتین تمہارے ہاتھ پر اس بات پر بیعت کرتی ہیں کہ وہ کسی کو اللہ تعالیٰ کا شریک قرار نہیں دیں گی اور وہ بھلائی کے کام میں تمہاری نافرمانی نہیں کریں گی۔

سیدہ ام عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ان میں نوحے کا حکم بھی شامل تھا۔ میں نے عرض کیا: ''یارسول اللہ ﷺ صرف فلاں خاندان کے لوگوں کے لئے (میں نوحہ کروں گی)'' چونکہ انہوں نے زمانہ جاہلیت میں میرے ساتھ قریبی تعلق کا مظاہرہ کیا۔ اس لئے میرے لئے بھی ضروری ہے کہ میں ان کے ساتھ اسی تعلق کا اظہار کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا صرف فلاں خاندان کے لئے (تم نوحہ کرسکتی ہو)

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب التفسیر حدیث نمبر 1997 ص 1032۔

بخاری شریف میں یہ الفاظ ہیں کہ ام عطیہ رضی اللہ عنہا کی بات سن کر آپ ﷺ خاموش ہو گئے اور وہ چلی گئیں اور نوحہ کر کے پھر لوٹ آئیں۔ آپ ﷺ نے اس سے بیعت لی۔

☆ صحیح مسلم شریف جلد اوّل کتاب الجنائز حدیث نمبر 2060 ص 714۔

☆ جامع ترمذی شریف جلد دوم ابواب التفسیر القرآن حدیث نمبر 1233 ص 542

ترمذی شریف میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ ﷺ نے مجھے اجازت دینے سے انکار کر دیا۔ پھر میں نے کئی مرتبہ عرض کیا تو اجازت دے دی۔ تاکہ ان کے احسان کا بدلہ دے دوں۔ اس کے بعد میں نے کبھی بھی کسی پر بھی نوحہ نہیں کیا۔ دیکھیں مذکورہ حوالہ۔

☆ سنن نسائی جلد سوم باب بیعت النساء حدیث نمبر 4107 ص 166

نسائی شریف میں یہ الفاظ ہیں کہ مجھ سے فرمایا کہ جاؤ اور ان کی مدد کرو۔ میں گئی اور ان کی مدد کی پھر واپس آئی اور رسول اللہ ﷺ سے بیعت کی۔ دیکھیں سنن نسائی مذکورہ حوالہ۔

☆ مدارج النبوت شریف جلد اول ص 185

Marfat.com

## تبصرہ:

اس حدیث پاک سے بھی ثابت ہوا کہ آپ ﷺ مختار کل ہیں۔ جس چیز کو چاہیں جس کے لئے حلال فرما دیں اور جس چیز کو چاہیں کسی کے لئے حرام فرما دیں۔ حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب قرآن پاک میں یہ آیت نازل ہوئی تو نبی کریم ﷺ نے عورتوں کو بیعت کے لئے بلایا۔ اس پر بیعت کریں۔ قرآن پاک کے الفاظ مبارک جن کا ترجمہ یہ ہے:

"ترجمہ: اے نبی ﷺ جب آپ ﷺ کی خدمت میں مسلمان عورتیں حاضر ہوں تو ان سے اس وعدہ پر بیعت لیں کہ کسی کو اللہ تعالیٰ کا شریک نہیں ٹھہرائیں گی اور نہ چوری کریں گی اور نہ بدکاری اور نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی اور نہ وہ بہتان لائیں گی۔ جسے وہ اپنے ہاتھوں اور پاؤں کے درمیان اٹھائیں اور کسی بھی نیک بات میں تمہاری نافرمانی نہیں کریں گی (یعنی نوحہ، ماتم وغیرہ نہیں کریں گی)۔ تو ان سے بیعت لو اور اللہ تعالیٰ سے ان کی مغفرت چاہو۔ بیشک اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے (القرآن)"۔

تو اس میں نوحہ وغیرہ کرنا بھی شامل تھا۔ تو ام عطیہ رضی اللہ عنہا عرض کرتی ہیں: یارسول اللہ! فلاں قبیلہ کی عورتوں نے ایک موقع پر میرے ہاں نوحہ کیا تھا۔ میں ان کا بدلہ چکانا چاہتی ہوں۔ اگر بدلہ نہ چکاؤں گی تو وہ لوگ باتیں کریں گے۔ لہٰذا میں چاہتی ہوں کہ اس قبیلہ والوں کا بدلہ چکا لوں۔ تو امام الانبیاء ﷺ نے فرمایا ٹھیک ہے، تمہیں اجازت ہے کہ تو اس قبیلہ والوں کا بدلہ چکا دے مگر دیگر عورتیں ایسا نہیں کر سکتیں۔ یعنی دیگر عورتوں کو یہ اجازت نہیں کہ وہ کسی واقعہ پر نوحہ کریں۔ حضرت ام عطیہ رضی اللہ عنہا کو اجازت دینا حضور پاک ﷺ کے مختار کل ہونے کی دلیل ہے۔ اگر نبی کریم ﷺ کو اختیار نہ ہوتا تو فرماتے "اے ام عطیہ! میں بے بس ہوں (معاذ اللہ) میں تمہیں کیسے اجازت دے سکتا ہوں۔ مجھے تو اختیار حاصل نہیں کہ میں کسی چیز کو کسی کے لئے جائز قرار دے سکوں اور کسی

Marfat.com

کے لئے ناجائز کرسکوں۔ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ میرے اختیار میں کچھ نہیں ہے۔ مگر میرے نبی ﷺ نے ایسے نہیں فرمایا بلکہ فرمایا کہ اے ام عطیہ! تیرے لئے اجازت ہے۔ تیرے سوا کسی عورت کے لئے بھی اجازت نہیں کہ نوحہ کریں۔ اگر نبی کریم ﷺ کو اختیار حاصل نہ ہوتا تو کبھی بھی ایسا نہ فرماتے۔ ام عطیہ رضی اللہ عنہا کو اجازت دینا یہ ثابت کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور پاک ﷺ کو اختیارات عطا فرمائے ہیں جس کو جو چاہیں عطا فرمائیں۔ جیسا کہ قرآن وحدیث سے ثابت ہے۔

## دلیل نمبر 108

## بکری کے چھوٹے بچے کی قربانی کرنے میں اجازت دینا

حدیث مبارکہ: عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ ضَحّٰی خَالِی اَبُو بُردَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ قَبلَ الصَّلٰوۃِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تِلکَ شَاۃُ لَحمٍ فَقَالَ یَا رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ عِندِی جَذَعَۃً مِنَ الْمَعزِ فَقَالَ ضَحِّ بِھَا وَلَا تَصلُحُ لِغَیرِکَ ثُمَّ قَالَ مَن ضَحّٰی قَبلَ الصَّلٰوۃِ فَاِنَّمَا ذَبَحَ لِنَفسِہٖ وَ مَن ذَبَحَ بَعدَ الصَّلٰوۃِ فَقَد تَمَّ نُسُکُہٗ وَ اَصَابَ سُنَّۃَ الْمُسلِمِینَ۔

ترجمہ: حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میرے ماموں حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ نے نماز سے پہلے قربانی کرلی تو نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ یہ بکری کا گوشت ہے۔ انھوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میرے پاس بکری کا چھ ماہ کا ایک بچہ ہے۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم اس کی قربانی کرلو لیکن یہ تمہارے علاوہ کسی اور کے لئے درست نہیں ہے۔ پھر نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے نماز سے پہلے قربانی کی اس نے اپنے لئے قربانی کی اور جس نے نماز کے بعد قربانی کی اس کی قربانی مکمل ہوئی اور اس

Marfat.com

نے مسلمانوں کے طریقہ پر عمل کیا۔

حوالہ جات

☆ صحیح بُخاری شریف جلد اوّل کتاب العِیدَینِ حدیث نمبر 907 ص 454

☆ صحیح بُخاری شریف جلد سوم کتابُ الاَضَاحی حدیث نمبر 508 ص 271

☆ صحیح مُسلم شریف جلد دُوم کتابُ الاَضَاحی حدیث نمبر 4954 ص 808

☆ سُنن ابی داؤد جلد دُوم حدیث نمبر 2418 ص 325

☆ سنن نسائی جلد سوم حدیث نمبر 4318 ص 232

☆ جامع ترمذی شریف جلد اوّل اَبوَابُ الاَضَاحی حدیث نمبر 1550 ص 771

☆ سُنن ابن مَاجہ جلد دُوم حدیث نمبر 940 ص 271

☆ الموطا امام مالک کتاب الضحایا حدیث نمبر 4 ص 489

☆ تفسیر ابن کثیر جلد پنجم پارہ نمبر 30 تفسیر سورۃ الکوثر ص 584

☆ مدارج النبوۃ جلد اول ص 186

## تبصرہ

اس حدیث مبارکہ سے بھی اختیارات مصطفیٰ ﷺ ثابت ہو رہے ہیں۔ جب صحابی نے نماز عید پڑھنے سے پہلے بکرا ذبح کر لیا تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ اسے قربانی تصور نہیں کیا جائے گا۔ قربانی تب ہو گی اگر ہمارے فرمان کے مطابق عمل کیا جائے۔ تو صحابی عرض گذار ہوا یا رسول اللہ ﷺ میرے پاس تو سوائے ایک چھوٹے بکرے کے اور کوئی جانور نہیں ہے جس کی میں قربانی کر سکوں۔ تو نبی پاک ﷺ نے اپنے اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے فرمایا کہ جاؤ تم اس کی قربانی کر لو تمہاری طرف سے اس کی قربانی قبول ہو گی یعنی تمہاری قربانی ہو جائے گی۔ اور فرمایا یہ صرف تمہارے لئے رعایت ہے، کسی دوسرے کے لئے نہیں ہے۔ یہی وہ اختیارات ہیں جس پر اہلسنّت کا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور ﷺ کو مختار کل بنا کر بھیجا ہے۔ اگر حضور ﷺ کو اختیار حاصل نہ ہوتے تو نبی کریم ﷺ کبھی بھی حکم جاری نہ فرماتے۔ بلکہ آپ ﷺ صحابی کو فرماتے کہ میں مجبور ہوں۔ میں تمہیں اجازت نہیں دے سکتا۔ مجھے کوئی اختیار حاصل نہیں۔ میں

Marfat.com

تو صرف مسئلہ بتانے والا ہوں۔ مگر میرے نبی کریم ﷺ نے حکم دے کر ثابت فرما دیا کہ مجھے اختیار ہے۔ لہٰذا تم بکری کے اس چھوٹے بچے کو جس کی ابھی عمر بھی پوری نہیں ہوئی تھی قربانی کر لے۔ مگر لوگو! یہ رعایت صرف اپنے اس غلام کو دے رہا ہوں۔ اس کے علاوہ کسی کو یہ رعایت نہیں۔ اب ذرا غور فرمائیں کہ اگر یہ اختیارات مصطفیٰ ﷺ نہیں تو اور کیا ہے؟ مگر افسوس قرآن وحدیث پر ایمان رکھنے والے دعویدار نبی کریم ﷺ سے عداوت میں قرآن وحدیث کو بھی چھوڑے جا رہے ہیں۔ جو ان لوگوں کی تباہی کا سامان ہیں۔ اگر واقعتاً قرآن وحدیث پر ایمان رکھتے تو میرے نبی کریم ﷺ کے کمالات و اختیارات کو ضرور مان جاتے جو ثابت ہیں۔

## دلیل نمبر 109

## میرا نام رکھو لیکن میری کنیت نہ رکھو

عَنْ أَنسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السُّوْقِ فَقَالَ رَجُلٌ يَا أَبَا الْقَاسِمِ فَالْتَفَتَ إِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَمُّوا بِاسْمِي وَلَا تَكْتَنُوا بِكُنْيَتِي ۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ آنحضرت ﷺ بازار میں جا رہے تھے کہ اتنے میں کسی شخص نے یوں پکارا "ابو القاسم" آپ ﷺ نے اس کی جانب دیکھا۔ (وہ کہنے لگا کہ میرا مطلب آپ ﷺ سے نہ تھا)۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ میرے نام پر نام رکھو لیکن میری کنیت پر کنیت نہ رکھو۔

## دلیل نمبر 110

عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تُسَمُّوا بِاسْمِي وَلَا تَكْتَنُوا بِكُنْيَتِي ۔

Marfat.com

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے آقا ﷺ نے فرمایا کہ میرے نام پر نام رکھو لیکن میری کنیت پر کنیت نہ رکھو۔

## دلیل نمبر 111

عَنْ اَبِی هُرَیرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَقُولُ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَمُّوا بِاسْمِی وَلَا تکتنُوا بِکُنِیَتِی۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میرے محبوب ﷺ جناب ابوالقاسم نے ارشاد فرمایا کہ میرے نام پر نام رکھو لیکن میری کنیت نہ رکھنا۔

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد اوّل کتاب البُیُوع حدیث نمبر 1990 ص 901

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب المناقب حدیث نمبر 746 ص 383

☆ صحیح مسلم شریف جلد سوم کتاب الأدب حدیث نمبر 5469 ص 125

☆ الأدب المفرد امام بخاری باب أسماء الأنبیاء حدیث نمبر 836 ص 375 الأدب المفرد میں حدیث کے الفاظ ہیں کہ میرا نام رکھو لیکن میری کنیت مت رکھو کیونکہ میں ہی ابوالقاسم ہوں۔

☆ جامع ترمذی شریف جلد دوم حدیث نمبر 749 ص 304

## دلیل نمبر 112

عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ بنِ عَبدِ اللّٰهِ قَالَ وُلِدَ لِرَجُلٍ مِنَّا غُلَامٌ فَسَمَّاهُ مُحَمَّدًا فَقُلْنَا لَا نَکْنُکَ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی تَستَامِرَهُ قَالَ فَاَتَاهُ فَقَالَ اَنَّهُ وُلِدَ لِی غُلَامٌ فَسَمَّیْتُهُ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّ قَومِی اَبَوا اَن یَکنُونِی حَتّٰی تَستَاذِنَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ سَمُّوا بِاسْمِی وَلَا تَکتَنُوا بِکُنیَتِی فَاِنَّمَا بُعِثتُ قَاسِمًا اَقسِمُ بَینَکُم۔

ترجمہ: حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں کہ ہم میں سے ایک

Marfat.com

شخص کے ہاں لڑکا پیدا ہوا تو اس شخص نے اس بچے کا نام محمد رکھا۔ ہم نے اس سے کہا کہ ہم تمہیں اس وقت تک نبی کریم ﷺ جیسا نام نہیں رکھنے دیں گے جب تک تم نبی کریم ﷺ سے اس کی اجازت حاصل نہ کرلو۔ وہ شخص نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یارسول اللہ! میرے ہاں لڑکا پیدا ہوا ہے اور میں نے اس لڑکے کا نام اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کے نام جیسا رکھنا چاہا ہے اور میری قوم مجھے اس وقت تک نام نہیں رکھنے دے گی جب تک مجھے نبی کریم ﷺ اس کی اجازت نہ دے دیں۔ پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا میرے نام جیسا نام رکھ لیا کرو لیکن میری کنیت اختیار نہ کرو۔ کیونکہ مجھے قاسم بنا کر بھیجا گیا ہے اور میں تمہارے درمیان تقسیم کرتا ہوں۔

حوالہ جات

☆ صحیح بُخاری شریف جلد دُوم کِتابُ الجہادِ وَالسیر حدیث نمبر 354 ص 196

☆ صحیح مُسلم شریف جلد سوم کِتابُ الأدبِ حدیث نمبر 5472 ص 126

☆ الأدبُ المُفرِ د امام بخاری حدیث نمبر 842 ص 377

## دلیل نمبر 113

حدیث مبارکہ: عَنْ جَابِرٍ قَالَ وُلِدَ لِرَجُلٍ مِنَّا غُلَامٌ فَسَمَّاهُ الْقَاسِمَ فَقُلْنَا لَا نُكَنِّيكَ أَبَا الْقَاسِمِ وَلَا كَرَامَةَ فَأَخْبَرَ النَّبِيَّ فَقَالَ سَمِّ ابْنَكَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ۔

ترجمہ: حضرت جابر سے روایت ہے کہ ہم لوگوں میں ایک شخص کے ہاں لڑکا پیدا ہوا اس نے اس کا نام قاسم رکھا ہم لوگ اس سے کہنے لگے ہم تجھ کو ابوالقاسم نہیں پکاریں گے اس نے جا کر آنحضرت ﷺ کو خبر کی آپ ﷺ نے فرمایا اپنے لڑکے کا نام عبدالرحمٰن رکھ لے۔

Marfat.com

حوالہ: صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب الادب حدیث نمبر 1117 ص نمبر 501
صحیح مسلم شریف جلد سوم کتاب الادب حدیث نمبر 5478 ص نمبر 127

## دلیل نمبر 114

حدیث مبارکہ: عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ وُلِدَ لِرَجُلٍ مِنَّا غَلَامٌ فَسَمَّاهُ الْقَاسِمَ فَقَالَتِ الْاَنْصَارُ لَا نُكَنِّيكَ أَبَا الْقَاسِمِ وَلَا نُنْعِمُكَ عَيْنًا فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وُلِدَ لِي غُلَامٌ فَسَمَّيْتُهُ الْقَاسِمِ فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ نُكَنِّيكَ أَبَا الْقَاسِمِ وَلَا نُنعِمُكَ عَيْنًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْسَنَتِ الأَنْصَارِ سَمُّوا بِاسْمِي وَلَا تَكْتَنُو بِكُنْيَتِي فَإِنَّمَا أَنَا قَاسِمٌ۔

ترجمہ: حضرت جابر بن عبد اللہ انصاری رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہم لوگوں میں سے ایک شخص کے ہاں لڑکا پیدا ہوا اس نے اس کا نام قاسم رکھا انصاری کہنے لگے ہم تو تجھ کو ابو القاسم نہیں پکاریں گے اور نہ تیری آنکھیں ٹھنڈی کریں گے یہ سن کر وہ انصاری نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یارسول اللہ! میرے ہاں ایک بچہ پیدا ہوا ہے میں نے اس کا نام قاسم رکھا تو انصاری کہتے ہیں کہ ہم تو تیری کنیت ابو القاسم نہیں پکاریں گے اور نہ ہی تیری آنکھیں ٹھنڈی کریں گے آپ ﷺ نے فرمایا انصار نے اچھا کیا ہے میرے نام پر نام رکھو لیکن میری کنیت مت رکھو کیونکہ میں قاسم ہوں۔

حوالہ

☆ بخاری شریف جلد دوم کتاب الجہاد و السیر حدیث نمبر 354 صفحہ نمبر 196

Marfat.com

## تبصرہ

معزز قارئین گرامی! ان تمام حدیثوں سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو اختیار دیئے ہیں کہ جس چیز سے تم لوگوں کو میرا نبی ﷺ منع فرمادے تو فوراً رُک جاؤ۔ حالانکہ بظاہر تو اس بات میں کوئی خامی محسوس نہیں ہوتی کہ اگر کوئی اپنی اولاد میں سے کسی کا قاسم نام رکھے تاکہ لڑکے کے والد کو لوگ ابوالقاسم کے نام سے پکاریں۔ لیکن میرے نبی کریم ﷺ نے لوگوں کو ایسا نام رکھنے سے منع فرما کر ثابت کردیا ہے کہ مجھے یہ بھی اختیار حاصل ہے کہ جس کے لئے جو چاہوں حلال کردوں اور جس کے لئے جو چاہوں حرام کردوں۔ حالانکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا بھی یہ عقیدہ تھا کہ جو بات ہمارا نبی ﷺ فرمادے وہی اللہ تعالیٰ کا قانون بن جاتا ہے۔ اگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپ ﷺ کو مختارِ کل نہ مانتے ہوتے تو یہ عرض کرسکتے تھے کہ یارسول اللہ ﷺ قرآن پاک میں تو اس کی کوئی حرمت نازل نہیں ہوئی لیکن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے آپ ﷺ کے حکم کو مان کر ثابت کردیا ہے کہ آپ ﷺ مختار کل ہیں۔ آئیں! میرے نبی کریم ﷺ کا اختیار دیکھیں۔

## دلیل نمبر 115

## حضرت علی رضی اللہ عنہ کو نام اور کنیت رکھنے کی اجازت دینا

عَن عَلِیِّ ابنِ اَبِی طَالِب رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ اَنَّهُ قَالَ یَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ اَرَأَیتَ اِنّٰ وُلِدَ لِی بَعدَكَ اُسَمِّیهِ مُحَمَّدًا وَاُكَنِّیهِ بِكُنیَتِكَ قَالَ نَعَم قَالَ فَكَانَت رُخصَةً لِّی ۔

ترجمہ: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اگر آپ ﷺ کے بعد میرے ہاں کوئی بیٹا پیدا ہوا تو کیا میں اس کا نام اور کنیت آپ ﷺ کے نام اور کنیت پر رکھ سکتا ہوں؟ نبی

Marfat.com

پاک ﷺ نے فرمایا "ہاں" حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس میں صرف میرے لئے اجازت تھی۔

حوالہ جات

☆ الادب المفرد امام بخاری حدیث نمبر 843 ص 378

☆ جامع ترمذی شریف جلد دوم حدیث نمبر 751 ص 304

☆ سنن ابی داؤد جلد سوم حدیث نمبر 4316 ص 520

☆ مشکوٰۃ شریف جلد دوم حدیث نمبر 4563 ص 410

## تبصرہ

یہ حدیث مبارکہ کتنی وضاحت کر رہی ہے کہ میرا نبی ﷺ مالک ومختار ہے۔ کیونکہ پہلی حدیثوں میں آپ ﷺ نے لوگوں کو منع کیا کہ میری کنیت پر کنیت نہ رکھی جائے۔ لیکن اس حدیث میں آپ ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اجازت دی کہ اگر تیرے گھر بیٹا پیدا ہو تو اس کا نام میرے نام پر اور اس کی کنیت میری کنیت پر رکھنا تاکہ لوگوں کو پتہ چل جائے کہ میرے نبی کریم ﷺ کو اختیارات حاصل ہیں کہ جس کے لئے جو چاہیں حکم دے کر حلال فرمادیں اور جس کے لئے جو چاہیں حرام قرار دے دیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بھی یہ الفاظ اس بات کی ترجمانی کرتے ہیں کہ یہ صرف میرے لئے ہی اجازت تھی۔ مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کا بھی یہ عقیدہ ہے کہ میرے نبی ﷺ مختار کل ہیں۔

## دلیل نمبر 116

## اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو ملکوں کی بادشاہیاں عطا فرماتا ہے

آیت مبارکہ: قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (پارہ نمبر 3 سورۃ آل عمران آیت نمبر 26)

Marfat.com

ترجمہ: اے محبوب ﷺ آپ اعلان فرمادیں ''اے معبود! تمام جہان کے مالک تو جس کو چاہے ملکوں کی بادشاہی عطا فرمائے اور جس سے تو چاہے سلطنت چھین لے اور جس کو تو چاہتا ہے عزت سے نواز دیتا ہے اور جس کو تو چاہتا ہے ذلیل وخوار کردیتا ہے۔ بیشک تمام تر بھلائیاں تیرے ہی ہاتھ میں ہیں۔

تبصرہ:

اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ اپنے حبیب ﷺ کے ذریعے اپنی مخلوق کو اپنا پیغام پہنچا رہا ہے کہ اے پیارے حبیب ﷺ آپ ﷺ فرمائیں کہ اے میرے رب بیشک تمام تر تعریفیں تیری ذات کے لئے ہیں۔ بس ایک تیری ہی ذات اس قابل ہے کہ فقط اس کی بندگی کی جائے۔ تمام تر خوبیوں کا سرچشمہ تو ہی ہے۔ تو بڑا مہربان اور قدردان ہے کہ اپنی مخلوق میں سے جس کو تو پسند کرلیتا ہے، جس کو تو چاہتا ہے ملکوں کی سلطنت اور بادشاہی عطا کردیتا ہے اور جس سے تو ناراض ہو جائے اس سے تمام تر کمالات، بادشاہی، سلطنت اور اختیارات چھین لیتا ہے اور جب تو کسی سے خوش ہو جاتا ہے تو پھر اس کے سر پر عزت کا تاج سجا دیتا ہے۔ اس کو تمام تر خوبیاں، عزتیں، عظمتیں، شانیں، کمالات، فضائل وخصائص، مختصر یہ کہ دُنیا کی تمام تر نعمتوں سے مالا مال کردیتا ہے۔ عزت بھی تو ہی دیتا ہے اور جب کسی سے ناراض ہو جائے تو اس کو ذلیل بھی صرف تو ہی کرسکتا ہے۔ کیونکہ تمام تر بھلائیاں تیرے ہی ہاتھ میں ہیں۔

## قارئین گرامی خصوصی توجہ فرمائیں

اللہ تعالیٰ کے قرآن سے یہ تو ثابت ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو اپنے ہی فضل و کرم سے ملک کی بادشاہی اور سلطنت عطا فرماتا ہے اور دے کر چھین لینا بھی اس کے ہاتھ میں ہے۔ اسی طرح عزت بھی وہی دیتا ہے اور ذلیل وخوار بھی وہی کرتا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ کسی کو ملک کی سلطنت عطا فرماتا ہے تو پھر اس کو اختیارات بھی عطا کرتا ہے۔ میرا

Marfat.com

سوال یہ ہے کہ جو پاکستانی مولوی یا غیر پاکستانی مولوی نبی کریم ﷺ کے کمالات یا اختیارات کی نفی کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ معاذ اللہ نبی ﷺ کو کوئی اختیار حاصل نہیں تھا تو میں دعویٰ کے ساتھ ایسا عقیدہ رکھنے والے مولویوں سے یہ بات کرتا ہوں کہ وہ مجھے قرآن پاک کی ایک آیت ایسی دکھادیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو کوئی بھی کمال عطا نہیں کرتا، وہ کائنات میں سے کسی کو بھی معاذ اللہ کچھ عطا نہیں کرتا۔ میں دعویٰ سے کہتا ہوں کہ کسی ماں نے کوئی ایسا لعل پیدا نہیں کیا جو قرآن وحدیث سے یہ ثابت کرے کہ معاذ اللہ، اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو کچھ عطا نہیں کرتا۔ جب یہ ثابت ہو گیا کہ وہ تو اپنے بندوں پر جب مہربان ہو جاتا ہے تو ملکوں کی بادشاہیاں اور سلطنتیں عطا فرماتا ہے اور اختیارات بھی عطا کرتا ہے۔ دُنیا و آخرت کا وہ کون سا کمال یا خوبی ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم ﷺ کو عطا نہ کیا ہو۔ یا یہ کوئی ثابت کرے کہ فلاں خوبی یا کمال عطا کر کے اللہ تعالیٰ نے واپس لے لیا ہے۔ اور میرے نبی کریم ﷺ سے بڑھ کر کائنات میں کس کی زیادہ عزت و عظمت ہے۔ بلکہ ہمارا تو یہ عقیدہ ہے کہ کائنات میں جس کو جو ملا، امیروں کو امیری، فقیروں کو فقیری بادشاہوں کو بادشاہی، ولیوں کو ولایت، غوثوں کو غوثیت، ابدالوں کو ابدالیت، قطبوں کو قطبیت، سکندروں کو سکندری، حسینوں کو حسن و جمال، کائنات میں جس کو جو خوبی ملی ہے، میرے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کا صدقہ کر کے عطا کیا۔ اس لئے آپ ﷺ خدا کی خدائی کے بادشاہ ہیں۔ جس کو جو چاہیں عطا فرمادیں۔

## دلیل نمبر 117

## ربیعہ مانگ کیا مانگتا ہے؟

عَنْ رَبِيعَةُ بنِ كَعبِ الاسلمِیُّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ كُنتُ اَبِيتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ فَاَتَيتُهُ بِوَضُوئِهِ وَ حَاجَتِهِ فَقَالَ لِی سَل فَقُلتُ اَسأَلُكَ مُرَا فَقَتَكَ فِی الجَنَّةِ قَالَ اَو غَير

Marfat.com

ذٰلِكَ قُلتُ هُوَ ذَاكَ قَالَ فَاَعِنِّی عَلٰی نَفسِكَ بِكَثرَةِ السُّجُودِ ۔

ترجمہ: حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک رات میں نبی کریم ﷺ کی بارگاہ اقدس میں حاضر تھا۔ میں نے آپ ﷺ کے قضائے حاجت کے بعد وضو کے لئے پانی پیش کیا تو آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ کچھ مانگ لو، میں نے عرض کیا جنت میں آپ ﷺ کی رفاقت اور غلامی مانگتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس کے علاوہ اور کچھ؟ میں نے عرض کیا میرے لئے یہی کافی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم اپنے اس معاملے میں بکثرت سجدوں سے میری مدد کرو۔

حوالہ جات

☆ صحیح مُسلم شریف جلد اوّل کتابُ الصَّلٰوۃِ حدیث نمبر 997 صفحہ نمبر 396

☆ سُنن ابی داوٗد جلد اوّل بابُ وَقتِ قِیامِ النَّبِیِّ ﷺ مِنَ اللَّیلِ حدیث نمبر 1125 ص 479

☆ سُنن نسائی جلد اوّل بابُ فَضلِ السُّجودِ حدیث نمبر 1125 ص 413

☆ مشکوٰۃ شریف جلد اوّل بابُ السُّجودِ فصل پہلی حدیث نمبر 836 ص 191

☆ مدارج النبوت جلد دوم ص 706

☆ تفسیر ابن کثیر جلد اول پارہ نمبر 5 تفسیر سورۃ النساء ص 579

☆ طبرانی کبیر جلد پنجم ص 58-57

☆ مسند احمد جلد چہارم ص 1184

تبصرہ

اس حدیث مبارکہ میں بھی کتنی وضاحت سے ثابت ہو رہا ہے کہ آپ ﷺ مختار کل ہیں۔ تبھی تو اپنے غلام کو حکم فرما رہے ہیں کہ جو جی چاہے مانگو۔ چاہے دُنیا کا سوال کرو یا آخرت کا۔ گویا دُنیا و آخرت کی ہر چیز اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو عطا فرما دی ہے اور صحابی رسول ﷺ کا بھی یہ عقیدہ تھا کہ میرا نبی ﷺ ہر ایک چیز عطا کر سکتا ہے چاہے اس جہان کی مانگیں یا اس جہان کی۔ صحابی رضی اللہ عنہ نے کوئی دُنیا کی

Marfat.com

چیز نہیں مانگی بلکہ جنت مانگی اور جنت بھی وہ جہاں یارسول اللہ! آپ ﷺ کا ساتھ بھی ملے اور غلامی بھی نصیب ہو۔ میرے نبی کریم ﷺ نے یہ تو نہیں فرمایا کہ یہ تو اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے، میں کیسے دے سکتا ہوں؟ بلکہ فرمایا کہ جنت تو تم کو دے دی ہے، اگر اس کے علاوہ بھی کچھ اور طلب رکھتے ہو تو مانگ لو۔ کیونکہ آج میرا دریائے رحمت جوش میں ہے تو صحابی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ''یارسول اللہ ﷺ مجھے تو بس یہی کافی ہے'' کیونکہ

تجھ کو تجھی سے مانگ کر مانگ لی ساری کائنات
مجھ سا کوئی منگتا نہیں آقا ﷺ تجھ جیسا کوئی داتا نہیں

## دلیل نمبر 118

## حضرت ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کا تبصرہ

وَ يُؤخَذُ مِن إطلاقِهِ عَلَيهِ السَّلامُ الأمرُ بالسُّوالِ اِنَّ اللّٰهَ تَعالیٰ مَكَّنَهُ مِن إعطاءِ كُلِّ ما أرادَ مِن خَزائِنِ الحَقِّ وَ ذَكَرَ ابنِ سَبع فِی خَصائِصِهِ وَغَيرُهُ اِنَّ اللّٰهَ تَعالیٰ أَقطَعَهُ الاَرضَ الجَنَّةَ يُعطِی مِنها ماشآءَ لِمَن شآءَ ۔

ترجمہ: یعنی نبی کریم ﷺ کے مطلقاً حکم دینے سے کہ مانگ لو، اس میں کوئی قید نہیں لگائی۔ اس سے واضح ہوتا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو یہ قدرت عطا فرمائی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے خزانوں میں سے جو چاہیں عطا فرمادیں اور امام ابن سبع اور دیگر علمائے کرام نے ذکر کیا ہے کہ حضور اقدس ﷺ کی خصوصیات میں سے ہے کہ جنت کی زمین اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کی جاگیر بنا دی ہے۔ لہٰذا آپ ﷺ اس میں سے جسے چاہیں جتنی چاہیں عنایت فرمادیں۔

Marfat.com

حوالہ

☆ مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح جلد دوم ص 323 باب السجود وفضلہ

## دلیل نمبر 119

## حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کا اظہار خیال

اسی حدیث پر تبصرہ کرتے ہوئے آپ لکھتے ہیں:

فقال لی سل پس گفت آں حضرت مرا بمطلب ہر چہ می خواہی۔ ذخیرہ دُنیا و آخرت و از اطلاق سوال کہ فرمود سل بخواہ و تخصیص نکرد بمطلوبے خاص معلوم مے شود کہ کار ہمہ بدست ہمت وکرامت اوست ﷺ ہر چہ خواہد ہر کہ خواہد باذن پروردگار خود بدھد۔ بیت

فَإِنَّ مِنْ جُودِكَ الدُّنْيَا وَ ضَرَّتَهَا

وَمِنْ عُلُوْمِكَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَ الْقَلَمِ

اگر خیریت دُنیا و عقبیٰ آرزو داری

بدرگاہش بیا و ہر چہ مے خواہی تمنا کن

ترجمہ: حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ مانگ لے۔ مطلب یہ تھا کہ دُنیا و آخرت کی جو بھلائی چاہتا ہے مانگ لے۔ آپ ﷺ کے مطلقاً مانگ لینے کا حکم دینے اور کسی چیز کو مخصوص نہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام امور آپ ﷺ کے ہاتھ میں ہیں۔ جو آپ ﷺ چاہیں، جس کے لئے چاہیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے عطا فرما سکتے ہیں۔

شعر کا ترجمہ: یا رسول اللہ ﷺ دُنیا و آخرت آپ ﷺ کے جود وسخا کا کچھ حصہ ہے اور لوح وقلم کا علم آپ ﷺ کے علوم کا جزو ہے۔

شعر کا ترجمہ: اے مسلمان اگر تو دُنیا و آخرت کی خیریت کی طلب رکھتا ہے تو

Marfat.com

حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو جا اور جو تیرا جی چاہے مانگ لے۔

حوالہ

☆ اشعۃ اللمعات شرح مشکوۃ جلد اول ص 396 دوسرا نسخہ ص 425

## دلیل نمبر 120

# غیر مقلد نواب صدیق حسن وہابی کا نکتہ نظر

غیر مقلدوں، وہابیوں کے پیرو مرشد نواب صدیق حسن خاں بھوپالوی صاحب اس حدیث پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ کا اپنے صحابی رضی اللہ عنہ کو مطلقاً فرمانا کہ مانگ اور کسی چیز کی قید نہ لگانا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام امور آپ ﷺ کے ہاتھ میں ہیں۔ آپ ﷺ جو چاہیں جسے چاہیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے عطا فرما سکتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں

مسک الختام شرح بلوغ المرام جلد اول ص 521

## دلیل نمبر 121

# اللہ بھی دیتا ہے اور اس کا رسول ﷺ بھی دیتا ہے

آیت: وَلَو اَنَّھُم رَضُوا مَآ اٰتٰھُمُ اللّٰہُ وَرَسُولُہٗ وَقَالُوا حَسبُنَا اللّٰہُ سَیُؤتِینَا اللّٰہُ مِن فَضلِہٖ وَرَسُولُہٗ اِنَّآ اِلَی اللّٰہِ رٰغِبُونَ ۔

ترجمہ: اور کیا اچھا ہوتا اگر وہ اس پر راضی ہوتے جو اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول ﷺ نے ان کو دیا اور کہتے ہمیں اللہ تعالیٰ کافی ہے اور بے شک دیتا ہے اللہ ہمیں اپنے فضل سے اور اس کا رسول ﷺ اور ہمیں اللہ ہی کی طرف رغبت ہے۔ (پارہ نمبر 10 سورۃ التوبہ آیت نمبر 59)

Marfat.com

تفسیر:

اس آیت میں کتنی وضاحت سے اللہ تعالیٰ فرمار ہا ہے کہ میں بھی دیتا ہوں اور میرا محبوب ﷺ بھی عطاء کرتا ہے۔ پھر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہمیں اور بھی دے گا اور اس کا رسول ﷺ بھی دے گا۔ فرق صرف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی ذاتی طاقت سے عطاء فرماتا ہے اور میرا نبی ﷺ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے خزانوں سے اس کی مخلوق کو عطاء فرماتے ہیں۔ اب بھی اگر کوئی بدبخت یہ کہے کہ معاذ اللہ نبی ﷺ کسی کو کیا دے سکتے ہیں تو ایسا شخص قرآن وحدیث کا منکر ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔

اعلیٰ حضرت نے کیا خوب فرمایا

کون دیتا ہے دینے کو منہ چاہیے
دینے والا ہے سچا ہمارا نبی ﷺ

## دلیل نمبر 122

## اللہ تعالیٰ کے حبیب ﷺ بھی دولت مند کرتے ہیں

آیت مبارکہ: وَ مَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ

ترجمہ: یہ صرف اسی بات کا انتقام لے رہے ہیں کہ انہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے اور اس کے رسول ﷺ نے دولت مند کر دیا ہے۔

حوالہ: پارہ نمبر 10 سورۃ التوبہ آیت نمبر 74

## دلیل نمبر 123

## حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کو آنکھ عطاء کر دی

حدیث: حضرت سیدنا قتادہ رضی اللہ عنہ جنگ احد میں تیر اندازی کر رہے تھے۔ اچانک دیکھا کہ پیچھے نبی رحمت ﷺ جلوہ گر ہیں۔ یہ دیکھ کر حضرت

Marfat.com

قتادہ رضی اللہ عنہ نے اپنا پہلو بدل لیا اور کوشش کر رہے تھے کہ کوئی تیر پیچھے آقا ﷺ کی جانب نہ جانے پائے۔ آخر کار ایک ناگہانی تیر آیا اور حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کی آنکھ میں لگا۔ آنکھ نکل گئی، ڈیلا لٹک گیا۔ جب جنگ ختم ہوئی اور حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں نے مشورہ دیا کہ آنکھ تو نکل چکی ہے اور یہ پٹھے کے ساتھ لٹک رہی ہے۔ اس سے تکلیف ہوتی ہوگی۔ لہٰذا اے قتادہ لاؤ اس پٹھے کو تلوار سے کاٹ دیں تاکہ درد کم ہو۔ یہ سن کر حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا "نہیں میں نہیں کٹواؤں گا اور آنکھ پکڑے ہوئے نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔ نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ اگر صبر کرو گے تو تمہارے لئے جنت ہے اور اگر چاہو تو میں تیرے لئے دُعا کروں۔ یہ سن کر عرض کیا یارسول اللہ ﷺ جنت بہت بڑی عطا ہے اور بڑی نعمت ہے مگر مجھے گھر میں بیوی سے بہت محبت ہے۔ تو مجھے اندیشہ ہے کہ وہ مجھ کو اس حال میں پسند نہیں کرے گی لہٰذا آپ ﷺ اس کو لوٹا بھی دیجئے اور جنت کے لئے دُعا بھی فرمادیں۔ یہ سن کر سرورِ کونین ﷺ نے اپنے ہاتھ مبارک سے آنکھ کا ڈیلا اس کی جگہ میں رکھ کر دربارِ خداوندی میں عرض کی۔ اے اللہ قتادہ رضی اللہ عنہ کو حسن و جمال عطا فرما کیونکہ یہ اپنا چہرہ تیرے نبی ﷺ کے چہرے پر قربان کرتا رہا ہے۔ جب ہاتھ مبارک اُٹھا تو وہ آنکھ جس کو آقا ﷺ نے ہاتھ مبارک لگایا تھا کَانَتْ اَحْسَنُ عَیْنَیْہِ وَاَحَدُھُمَا نَظَرًا وہ دونوں آنکھوں میں سے خوبصورت ہوگئی اور اس آنکھ کی نظر بھی تیز ہوگئی اور فرماتے ہیں کہ وَ کَانَتْ لَا تَرْمَدْ اِذَا رَمِدَتِ الْاُخْرٰی دوسری آنکھ کبھی دکھتی اور اسے عارضہ بھی ہو جاتا تھا مگر یہ آنکھ کبھی دُکھی تک نہیں۔

Marfat.com

حوالہ جات

☆ مجمع الزوائد جلد ششم ص 116۔

☆ سیرت حلبیہ جلد دوم ص 44۔

☆ المواہب اللدنیہ علامہ زرقانی جلد اول ص 186

☆ دلائل النبوۃ جلد دوم ص 484

☆ الخصائص الکبریٰ علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ جلد اول ص 337

☆ مدارج النبوۃ جلد اول ص 259

☆ البدایہ والنہایہ جلد اول ص 269

☆ شفاء شریف قاضی عیاض مالکی جلد اول ص 212

☆ الرحیق المختوم ص 371 مولوی صفی الرحمٰن مبارکپوری وہابی۔

تبصرہ:

اس حدیث مبارکہ میں غزوہ احد کے ایک واقعہ کا ذکر کیا جا رہا ہے کہ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کی آنکھ میں تیر لگا اور آنکھ باہر نکل گئی اور حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ اس پریشانی اور مصیبت کے وقت سیدھے میرے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آ کر عرض گذار ہوئے: یارسول اللہ! مجھ پر نظر کرم فرمائیں۔ میری آنکھ درست فرما دیں۔ اب میرے نبی کریم ﷺ نے معاذ اللہ یہ تو نہیں فرمایا کہ اے قتادہ رضی اللہ عنہ میری بارگاہ میں اپنی مصیبت و پریشانی بیان کر کے کیوں شرک کر کے علمائے وہابیہ، دیوبندیہ کو ناراض کرتے ہو۔ میں نے کون سا آنکھوں والا ہسپتال کھول رکھا ہے کہ تم کو آنکھیں دوں۔ اگر آنکھیں چاہئیں تو اللہ تعالیٰ سے طلب کرو۔ مگر میرے نبی کریم ﷺ نے اپنے وہ اختیارات و کمالات جو میرے رب نے اپنے محبوب ﷺ کو عطا فرمائے ہیں کہ اے پیارے محبوب ﷺ وَ اَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ (پارہ نمبر 30)

محبوب ﷺ! جو آپ ﷺ کے در پر آ کر دست سوال دراز کرے اس کو خالی ہاتھ لوٹانا نہیں بلکہ ان کے خالی دامنوں کو اپنی رحمتوں سے بھر دو۔ غلام بات کرو، جنت کی

Marfat.com

طلب ہے یا آنکھ عطا کر دوں۔ عرض کیا: یا رسول اللہ! آنکھ کا سوال میرا ہے، جنت اپنی طرف سے عنایت فرما دیں۔ کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا بھی یہ عقیدہ تھا کہ میرا نبی ﷺ اللہ تعالیٰ کی عطا سے ہر چیز دیتا ہے۔ کیونکہ آپ ﷺ خدا کے خزانوں کے مالک و مختار ہیں۔ بقول کسی شاعر کے

واللہ وہ سن لیں گے اور فریاد کو پہنچیں گے
اتنا بھی تو ہو کوئی جو آہ کرے دل سے

## دلیل نمبر 124

## نبی پاک ﷺ کے وسیلہ سے آنکھیں مل گئیں

حدیث مبارکہ: عَن عُثمَانَ بنِ حُنَیفٍ اَنَّ رَجُلاً ضَرِیرَ البَصرِ اَتَی النَّبِیَّ فَقَالَ اُدعُ اللّٰہَ اَن یُّعَافِیَنِی قَالَ اِن شِئتَ دَعَوتُ وَاِن شِئتَ صَبَرتَ فَھُوَ خَیرٌ لَّکَ قَالَ فَادعُہُ قَالَ فَاَمَرَہُ اَن یَتَوَضَّأَ فَیُحسِنَ وُضُوءَہُ وَیَدعُو بِھٰذَا الدُّعَاءِ اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسأَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیکَ بِنَبِیِّکَ مُحَمَّدٍ نَبِیِّ الرَّحمَۃِ اِنِّی تَوَجَّھتُ بِکَ اِلٰی رَبِّی فِی حَاجَتِی ھٰذِہٖ لِتُقضٰی لِی اَللّٰھُمَّ فَشَفِّعہُ فِیَّ۔

ترجمہ: حضرت عثمانؓ بن حنیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک نابینا شخص آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا میرے لیے عافیت کی دعا کریں آپ ﷺ نے فرمایا اگر تم چاہو تو میں تیرے لیئے دعا کر دیتا ہوں اور اگر تم چاہو تو اسی (نابینا پن) پر صبر کرو اور یہ تمہارے لیے بہتر ہے اس نے عرض کیا آپ ﷺ میرے لیے دعا ہی کیجیے چنانچہ آپ ﷺ نے اسے حکم دیا کہ اچھی طرح وضو کرنے کے بعد اس طرح دعا کرو اَللّٰھُمَّ--- الخیر (یعنی اے اللہ میں تجھ سے تیرے نبی محمد ﷺ کے وسیلے سے سوال

Marfat.com

کرتا ہوں یا محمد ﷺ یارسول اللہ ﷺ میں آپ ﷺ کے وسیلہ کے ساتھ اپنے رب کی طرف اپنی اس حاجت کے لیے توجہ کرتا ہوں تا کہ وہ اسے پوری کردے اے اللہ میرے حق میں ان کی شفاعت قبول فرما)

حوالہ

☆ جامع ترمذی شریف جلد دوم اَبْوَابُ الدَّعْوَاتِ حدیث نمبر 1504 ص نمبر 662

☆ سنن ابن ماجہ جلد اول بَابُ مَاجَآءَ فِی صَلٰوۃِ الْحَاجَۃِ حدیث نمبر 1443 ص نمبر 396

## دلیل نمبر 125

## حضرت سیدنا امام اعظم حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا عقیدہ

سراج الامہ۔ کاشف الغمہ۔ امام الائمہ سیدنا امام اعظم امام ابوحنیفہ نعمان بن ثابت رضی اللہ عنہ 150 قصیدۃ النعمان میں اپنے عقیدے کا اظہار فرماتے ہوئے بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں عرض کرتے ہیں

یَـا اَکْـرَمَ الثَّـقَـلَـیْـنِ یَـا کَـنْـزَ الْـوَریٰ
جُـدْلِـی بِـجُـوْدِکَ وَاَرْضِـنِـی بِـرِضَـاکَ

ترجمہ: اے ﷺ ساری مخلوق سے بڑھ کر کرم فرمانے والے اور اے ﷺ تمام جہانوں کی نعمتوں کے مخزن، اپنے جودوکرم سے مجھے بھی عنایت کیجئے اور میری تمنا بھی پوری فرمائیں۔

اے مخزنِ جودو سخا میں بھی ہوں طالب جود کا
ہر لحظہ خواہاں لطف کا ہر وقت راضی برضا

مزید عرض گذار ہیں

اَنَـا طَـامِـعٌ بِـالْـجُـوْدِ مِـنْـکَ وَلَـمْ یَـکُـنْ
لِاَبِـیْ حَـنِـیْـفَـۃَ فِـی الْاَنَـامِ سِـوَاکَـا

Marfat.com

ترجمہ: میں آپ ﷺ کے جود وسخا کا امیدوار ہوں، آپ ﷺ کے سوا جہاں میں ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کا کوئی بھی نہیں۔

اے بحر زخار عطا طامع ہوں تیرے وجود کا
اس بو حنیفہ کا بھلا اب کون ہے تیرے سوا

(رحمۃ الرحمٰن اردو شرح قصیدۃ النعمان ص 105-104)

## دلیل نمبر 126

# حضرت علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا فیصلہ

علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمہ (متوفی 911ھ) نے اپنی کتاب جو سیرت النبی ﷺ پر بڑی مشہور ہے، میں ایک مستقل باب قائم کیا ہے۔ بَابُ اِخْتِصَاصِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِاَنَّهٗ یَخُصُّ مِنْ شَآءَ بِمَا شَآءَ مِنَ الْاَحْکَامِ

آپ ﷺ کی خصوصیت ہے کہ آپ ﷺ جس کے لئے جو شرعی حکم چاہیں خاص فرمادیں۔ لکھتے ہیں:

ترجمہ: یعنی ارض دُنیا اور ارض جنت کے مالک حضور ﷺ مکہ فتح ہونے سے پہلے جس کو چاہتے تھے زمین الاٹ کر دیتے تھے۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو تمام زمین کا مالک بنا دیا ہے۔ اس ارض دُنیا میں جس طرح چاہیں تصرف کریں اور بیشک حضور ﷺ نے بیت المقدس فتح ہونے سے پہلے حضرت تمیم داری اور ان کی اولاد کے نام جاگیر کردی۔ وہ بستی آج تک ان کی اولاد کی ملکیت وقبضہ میں چلی آتی ہے۔ بعض حاکموں نے اس بستی کی ملکیت میں ان کی اولاد پہ تشویش کا ارادہ کیا تو امام غزالی نے اس حاکم پر کفر کا فتویٰ دیا اور فرمایا حضور ﷺ جنت کی زمین جس کے نام چاہیں جاگیر کردیں تو دُنیا کی زمین بطریق اولیٰ جس کے نام چاہیں الاٹ کر

Marfat.com

دیں۔

حوالہ جات

☆ الخصائص الکبریٰ جلد دوم ص 421

☆ مواہب الدنیا علامہ زرقانی جلد پنجم ص 242

☆ کشف الغمہ جلد دوم ص 50

☆ اشامۃ العنبر یہ نواب صدیق حسن

مزید لکھتے ہیں:

وَمِن خَصائِصِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ اِنَّہٗ اَعطیٰ مِن کَنزَ العَرشِ وَلَم یُعطِی مِنہُ اَحدٍ سَیأتِی

آپ ﷺ کی خصوصیات میں سے یہ چیز بھی ہے کہ آپ ﷺ کو عرش کے خزانے دیئے گئے ہیں۔ آپ ﷺ کے علاوہ یہ کسی کو نہیں دیئے گئے۔

☆ الخصائص الکبریٰ جلد دوم ص 319

## دلیل 127

# قبلہ کی تبدیلی میں آپ ﷺ کی رضامندی

آیت مبارکہ: قَد نَرٰی تَقَلُّبَ وَجهِكَ فِي السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبلَةً تَرضٰهَا۔

ترجمہ: اے محبوب ﷺ آپ ﷺ کا بار بار آسمان کی طرف دیکھنا ہم دیکھ رہے ہیں کہ آپ ﷺ کا رُخ اس قبلہ کی طرف پھیر دیں گے جہاں آپ ﷺ کی رضامندی ہے۔ (پارہ نمبر 2 سورۃ البقرہ (آیت نمبر 144)

## دلیل نمبر 128

حدیث مبارکہ: عَن اَبِی اِسحَاقَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ عَنِ البَرَاءِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ بِنُ عَاذِبُ قَالَ لَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ

Marfat.com

وَسَلَّمَ اَلْمَدِينَةَ الْمَقْدِسِ صَلَّى نَحوَ بَيتِ الْمُقَدَّسَةِ سِتَّةَ عَشَرَ أو سَبعَةَ عَشَرَ شَهرًا وَ كَانَ يُحِبُّ أَن يُوَجِهَ اِلَى الكَعْبَةِ فَأَنزَلَ اللّٰهُ تَعَالىٰ قَد نَرىٰ تَقَلُّبَ وَجهِكَ فِي السَّمَآءِ ۔

ترجمہ: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک ﷺ جب مدینہ پاک تشریف لائے تو سولہ یا سترہ ماہ تک بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے رہے۔ مگر آپ ﷺ کی یہ خواہش تھی کہ کعبہ شریف کی طرف منہ کرنے کا حکم مل جائے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے سورۃ البقرہ کی آیت اتاری۔ ہم آپ ﷺ کا بار بار آسمان کی طرف منہ پھیرنا دیکھ رہے ہیں۔ جو قبلہ آپ ﷺ پسند فرماتے ہیں ہم وہی آپ ﷺ کو عنایت فرمائیں گے۔

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب الاخبار الآحاد حدیث نمبر 2121 ص 951

☆ جامع ترمذی شریف جلد دوم ابواب التفسیر القرآن حدیث نمبر 975 ص 361

☆ سنن ابی داؤد جلد اول باب کیف الاذان حدیث نمبر 427 ص 210

☆ تفسیر ابن کثیر جلد اول پارہ نمبر 2 تفسیر سورۃ البقرہ ص 201

☆ مدارج النبوت جلد دوم ص 107

## تبصرہ:

قرآن پاک کی آیت مبارکہ اور احادیث رسول ﷺ سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ تو اپنے محبوب ﷺ کی خوشنودی چاہتا ہے۔ جب میرے نبی ﷺ نے سولہ یا سترہ ماہ تک بیت المقدس کی طرف چہرہ فرما کر نمازیں پڑھیں تو یہودیوں نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو طعنے دینے شروع کر دیئے کہ تمہارا نبی ﷺ کتاب و شریعت حکم و احکام ہر چیز جب نئی لے کر آیا ہے تو پھر تم لوگ ہمارے قبلہ کی طرف منہ کر کے نمازیں کیوں پڑھتے ہو؟ مزا تو تب تھا کہ جب ہر چیز تمہاری جدا ہے تو پھر قبلہ بھی تمہارا جدا ہونا چاہیے تھا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے

Marfat.com

یہ بات میرے نبی ﷺ کی بارگاہ میں آ کر عرض کی تو یہودیوں کی یہ باتیں سن کر آپ ﷺ کی طبیعت مبارک پر ناگوار گزرا۔ تو اللہ تعالیٰ نے فوراً آیت نازل کر دی کہ اے محبوب ﷺ ہم آپ ﷺ کا محبت بھرے انداز میں آسمان کی طرف بار بار چہرہ مبارک اُٹھانا دیکھ رہے ہیں۔ اب اے حبیب ﷺ جدھر آپ ﷺ کا جی چاہے، جہاں آپ ﷺ خوش ہوں۔ اپنے رُخ مبارک کو پھیر لیں۔ رُخ پھیرنا آپ ﷺ کا کام ہے اور قبلہ بنانا ہمارا کام ہے۔ کیونکہ میں تو اپنے محبوب ﷺ کو خوش دیکھنا چاہتا ہوں۔

## دلیل نمبر 129

## آپ ﷺ حاکم اور مختارِ کُل ہیں

آیت مبارکہ: فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ۔

ترجمہ: اے محبوب ﷺ تیرے رب کی قسم یہ لوگ اس وقت تک ایماندار نہیں ہو سکتے جب تک اپنے تمام اختلافات میں اور تمام معاملات میں تم کو اپنا حاکم نہ مانیں اور پھر جو فیصلہ آپ ﷺ ان میں فرما دیں اس سے اپنے دل میں کسی طرح کی تنگی اور ناخوشی نہ پائیں اور فرمانبرداری کے ساتھ آپ ﷺ کے حکم کو قبول کر لیں۔ (پارہ نمبر 5 سورۃ النساء آیت نمبر 65)

**تبصرہ:**

اس آیت کریمہ میں جتنے بھی نکات تھے وہ تمام ہم نے اپنی کتاب ''دُعائے مغفرت برائے میت'' میں درج کر دیئے ہیں۔ جس کا جی چاہے وہاں دیکھ لے تو اس آیت میں بھی اللہ تعالیٰ آپ ﷺ کو حاکم فرما رہا ہے اب میرا نبی ﷺ حاکم کہاں تک ہے؟

Marfat.com

قُل یآ اَیُّھا النَّاسُ اِنّی رَسُولُ اللّٰہِ اِلَیکُم جَمِیعًا

اے محبوب ﷺ فرما دیجئے اے لوگو! میں تم تمام کی طرف اللہ کا رسول بن کر آیا ہوں۔

یعنی جہاں تک خدا کی خدائی ہے وہاں تک میرا نبی ﷺ حاکم ہے۔ سادہ الفاظ میں اس طرح کہہ لیں کہ جہاں تک خدا کی خدائی ہے وہاں تک میرے نبی کریم ﷺ کی بادشاہی ہے۔ جب کسی کو حاکم بنا کر بادشاہی دی جاتی ہے تو اس کو اختیارات بھی حاصل ہوتے ہیں کہ وہ اپنے ملک میں تصرف کر سکے تا کہ قانون پر عمل کروا سکے۔ مظلوم کی فریاد سن کر اس کی مدد کر سکے۔ ظالم کو ظلم کرنے سے باز رکھ سکے۔ اچھائی پر عمل کرنے والے کو انعام اور برائی پر عمل کرنے والے کو سزا دے سکے۔ کیونکہ جب تک کسی حاکم کو اختیارات حاصل نہ ہوں گے وہ کچھ بھی نہ کر سکے گا۔ اس لئے حکومت کی ناکامی اور کامیابی اختیارات پر مبنی ہے۔ اس لئے اللہ کریم نے نبی کریم ﷺ کو اختیارات عطا فرمائے ہیں۔ یہی وجہ تھی کہ ہر چیز نبی پاک ﷺ کے حکم کی تعمیل کرتی تھی۔ چونکہ تمام مخلوق میرے نبی کریم ﷺ کی رعایا ہے اور میرا نبی ﷺ تمام کا بادشاہ ہے۔ چاند، سورج، ستارے، نباتات، جمادات، جن و انسان، کائنات کا ذرہ ذرہ حضور ﷺ کی حکومت میں داخل ہے اور سب میرے نبی ﷺ کے تابع ہیں اور آپ ﷺ سب کے بادشاہ اور حاکم ہیں۔ جس طرح سے چاہیں حکم صادر فرما سکتے ہیں۔ چنانچہ حضور نبی پاک ﷺ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے اختیارات کا استعمال بھی فرماتے رہے ہیں۔

دلیل نمبر 130

## نبی پاک ﷺ کے مختارِ کُل ہونے کا عملی مظاہرہ

حدیث مبارکہ: عَن أَنَسِ بِن مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ اَنَّ أَھلَ مَکَّۃَ سَأَلُوا رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ أَن یُرِیَھُم آیَۃً فَأَرَاھُم

Marfat.com

الْقَمَرَ شِقَّتَيْنِ حَتّٰى رَأَوْا حِرَاءَ بَيْنَهُمَا ۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ مکہ کے کافروں نے آنحضرت ﷺ سے کوئی نشانی مانگی، آپ ﷺ نے ان کو چاند کے دو ٹکڑے کر کے دکھا دیئے۔ یہاں تک کہ انہوں نے حرا پہاڑ کو ان دونوں ٹکڑوں کے درمیان میں دیکھا۔ (ایک پہاڑ کے اس طرف، ایک اس طرف)

## دلیل نمبر 131

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اِنْشَقَّ الْقَمَرُ وَ نَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنٰى قَالَ اشْهَدُوْا ۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس وقت چاند پھٹا، اس وقت ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ مقام منیٰ میں موجود تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا لوگو گواہ رہنا۔

## دلیل نمبر 132

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ الْقَمَرَ اِنْشَقَّ عَلٰى زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ چاند آنحضرت ﷺ کے زمانہ مبارک میں پھٹا۔

## دلیل نمبر 133

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ اِنْشَقَّ الْقَمَرُ ۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ چاند پھٹ گیا۔

Marfat.com

حوالہ جات

☆ صحیح بُخاری شریف جلد دُوم کِتَابُ المَنَاقِبِ بَابُ اِنْشِقَاقِ القَمَرِ حدیث نمبر 1054-1050 ص 511-510

☆ صحیح مُسلم شریف جلد سوم کِتَابُ صِفَةِ القِیَامَةِ وَالجَنَّةِ وَالنَّارِ حدیث نمبر 6942 ص 602

☆ جامع ترمذی شریف جلد دُوم اَبوَابُ تفسیرِ القرآنِ حدیث نمبر 1211 ص 530 تفسیر سورۃ القمر

☆ مشکوٰۃ شریف جلد سوم بَابُ عَلَامَاتِ النُّبوَّۃِ فصل پہلی حدیث نمبر 5603 ص 152

☆ تفسیر ابن کثیر جلد پنجم پارہ نمبر 27 تفسیر سورۃ القمر ص 211

☆ تفسیر ابن کثیر جلد دُوم پارہ نمبر 11 سورۃ یونس ص 426

ابن کثیر کے الفاظ ہیں کہ میرے نبی ﷺ نے چودھویں رات کے چاند کو انگلی مبارک کے اشارے سے دو ٹکڑے کر دیا۔ دیکھیں ابن کثیر مذکورہ حوالہ۔

## دلیل نمبر 134

عَن أَنَسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ اَنَّ اَهلَ مَکَّةَ سَالُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ اَن یُّرِیَهُم آیَةً فَاَرَاهُم اُنشِقَاقَ القَمَرِ مَرَّتَینِ ۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ اہل مکہ نے نبی کریم ﷺ سے فرمائش کی کہ آپ ﷺ انہیں کوئی معجزہ دکھائیں۔ آپ ﷺ نے ان کو دو مرتبہ چاند کا دو ٹکڑے ہونا دکھایا۔

حوالہ جات

☆ صحیح مُسلم شریف جلد سوم حدیث نمبر 6947 بابُ انشقاقِ القمر ص 603

☆ جامع ترمذی شریف جلد دُوم اَبوَابُ تفسیرِ القرآنِ حدیث نمبر 1212 ص 530

### تبصرہ

یہی وہ اختیارات ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو عطا فرمائے ہیں۔ کیونکہ نبی پاک ﷺ حاکم ہیں۔ چاند، سورج سب آپ ﷺ کی رعایا ہیں۔ آپ ﷺ جو حکم کریں گے ان کو اس پر عمل کرنا ہوگا۔ اب ان اختیارات کا اقرار کرنا تو

Marfat.com

مومن پر لازم ہے۔ کیسے عجیب مسلمان ہیں وہ لوگ جو اختیارات کا اقرار کرنا کفر و شرک جانتے ہیں۔ چاہیے تو یہ تھا کہ ایسے کمالات اور اختیارات جو اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو دیئے ہیں، ان کا تذکرہ کریں، لوگوں کے سامنے بیان کریں۔ اس سے اسلام اور مسلمانوں کو تقویت ملتی ہے اور کفر کی تذلیل ہوتی ہے اور ان کا باطل ہونا ظاہر ہوتا ہے۔ اسلام اور حضور ﷺ کا حق ہونا ثابت ہوتا ہے اور مسلمانوں کے ایمان مضبوط ہوتے ہیں۔ مگر افسوس ہے ایسے لوگوں پر جو حضور پاک ﷺ کے اختیارات و کمالات کا انکار کرتے ہیں۔ شاید ان لوگوں کو یہ علم نہیں کہ اختیارات مصطفیٰ ﷺ کے انکار سے کفر کی حمایت اور اسلام اور مسلمانوں کا کتنا نقصان ہوتا ہے۔ اب دو ہی صورتیں ہیں۔ یا تو ایسے لوگ منافق ہیں۔ یا پھر وہ اتنا جاہل ہیں کہ وہ جانتے ہی کچھ نہیں۔ بہر حال کوئی بھی صورت ہو قابل مذمت ہے۔ مومن کہلا کر ایسا کرنا صحیح نہیں اور نہ ہی کوئی مسلمان ایسا کر سکتا ہے۔ ایک سچا اور پکا مسلمان اس بات پر یقین رکھے گا کہ اللہ کریم نے اپنے حبیب ﷺ کو اختیارات دیئے ہیں اور یہ عقیدہ نہ تو قرآن کے خلاف ہے اور نہ ہی حدیث کے خلاف ہے۔ لیجئے ایک اور حوالہ

## دلیل نمبر 135

### میرے دو وزیر آسمان میں ہیں اور دو زمین میں ہیں

عَنْ اَبِی سَعِیدِنِ الْخُدرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُو لُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ نَبِیٍّ اِلَّا وَلَهٗ وَزِیرَانِ مِنْ اَهْلِ السَّمَآءِ وَوَزِیرَانِ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ فَاَمَّا وَزِیرَایَ مِنْ اَهْلِ السَّمَآءِ فَجِبْرَئِیلُ وَ مِیکَائِیلُ وَاَمَّا وَزِیرَایَ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ فَاَبُو بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

Marfat.com

فرمایا کہ ہر نبی کے دو وزیر آسمان میں اور دو وزیر زمین والوں میں سے ہو تے ہیں میرے آسمان میں وزیر جبرائیل علیہ السلام اور میکائیل علیہ السلام ہیں اور زمین میں ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ میرے وزیر ہیں۔

حوالہ جات

☆ جامع ترمذی شریف جلد دوم اَبوابُ المناقِب حدیث نمبر 1613 صفحہ 703

☆ مشکوٰۃ شریف جلد سوم باب مَناقِبِ اَبُوبَکرٍ رضی اللہ عنہ وعُمَرَ رضی اللہ عنہ حدیث نمبر 5805 دوسری فصل ص 236

☆ تکریم المومنین صفحہ نمبر 24 مولوی نواب صدیق حسن خاں بھوپالی وھابی

تبصرہ

اس حدیث میں حکومت مصطفیٰ ﷺ سلطنت مصطفیٰ ﷺ اور اختیاراتِ مصطفیٰ ﷺ روز روشن کی طرح نظر آرہے ہیں۔ میرا نبی ﷺ کتنی وضاحت سے اپنے غلاموں کو بتلا رہا ہے۔ کہ میرے دو وزیر آسمان میں ہیں اور دو ہی زمین میں اب جہاں تک بادشاہ کی بادشاہت ہوتی ہے حاکم کی حکومت بھی وہاں تک ہوتی ہے اور وزیر بھی وہاں تک کے ہوتے ہیں۔ معلوم ہوا کہ زمین والوں پر بھی میرے آقا ﷺ کی حکومت ہے، اور آسمانوں میں بھی میرے نبی ﷺ کی بادشاہی ہے تو یہ بھی ثابت ہوا کہ جہاں تک بادشاہی دی جاتی ہے۔ اختیارات بھی اسی قدر دیئے جاتے ہیں۔ اسی لئے تو بادشاہ کی جب انگلی کا اشارہ آسمانوں کی طرف ہو جائے تو چاند کے دو ٹکڑے ہو جائیں۔ بادل سایہ کریں، بادلوں سے بارش برسے۔ چاند آپ ﷺ کی انگلی کے اشاروں پر رقص کرے۔ کسی عاشق نے کیا خوب فرمایا۔

ان کے اشاروں پر تو آئے وجد میں چاند

کہتا پھرے ذلیل کہ ہے میری طرح نبی ﷺ

Marfat.com

## دلیل نمبر 136

## ڈوبا سورج واپس پلٹ آیا

حضرت اسما بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی پاک ﷺ پر اس حالت میں وحی نازل ہوئی جب کہ آپ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی ران پر سر مبارک رکھ کر آرام فرما رہے تھے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ابھی تک نماز عصر ادا نہیں کی تھی۔ یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا۔ نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ اے علی! کیا تم نے نماز عصر ادا کر لی تھی؟ عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے تو ابھی نماز عصر ادا کرنی تھی۔ اس وقت میرے نبی پاک ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مناجات کی اور عرض کیا: یا اللہ! یہ تیرا بندہ علی تیری اور تیرے محبوب ﷺ کی اطاعت میں تھا تو آپ اس کے لئے سورج کو لوٹا دیں۔ اس کے بعد سورج لوٹ آیا۔ حضرت اسماء فرماتی ہیں کہ میں نے سورج کو غروب ہوتے ہوئے دیکھا تھا۔ اس کے بعد میں نے بعد از غروب طلوع ہوتے ہوئے بھی دیکھا اور اس کی شعاعیں پہاڑوں اور زمینوں پر پھیل گئیں۔

حوالہ جات

☆ مدارج النبوت جلد اول ص 240 شیخ عبدالحق محدث دہلوی

☆ مدارج النبوت جلد دوم ص 507

☆ الشمامۃ العنبریہ من مولد خیر البریہ ص 68 نواب صدیق حسن بھوپالی وہابی

☆ نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب ﷺ ص 79 مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی

## دلیل نمبر 137

امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب معجم کبیر میں بسند حسن سیدنا جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ

اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ اَمَرَ الشَّمسَ فَتَاَخَّرَت سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ

Marfat.com

ترجمہ: سید دو عالم ﷺ نے آفتاب کو حکم دیا کہ کچھ دیر چلنے سے باز رہ، وہ فوراً ٹھہر گیا۔

## دلیل نمبر 138

## حضرت سلمان علیہ السلام کے لئے ڈوبا سورج واپس آ گیا

حضرت سلمان علیہ السلام کی نماز عصر گھوڑوں کے ملاحظہ فرمانے میں قضا ہوگئی۔ یہاں تک کے سورج پردے میں جا کر چھپ گیا۔ ارشاد فرمایا رُدُّھَا عَلَیَّ پلٹا لاؤ میری طرف امیر المومنین مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے اس آیت کی تفسیر میں مروی ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے اس قول میں ضمیر آفتاب کی طرف ہے اور خطاب ان فرشتوں سے جو آفتاب پر معین ہیں۔ یعنی نبی اللہ سلیمان علیہ السلام نے ان فرشتوں کو حکم دیا کے ڈوبے ہوئے سورج کو واپس لے آؤ وہ حسب الحکم واپس لائے یہاں تک کہ مغرب ہو کر پھر عصر کا وقت ہوگیا اور آپ علیہ السلام نے نماز عصر ادا فرمائی

بحوالہ الامن والعلی ص 169 پیر امام احمد رضا صاحب بریلوی قادری رحمۃ اللہ علیہ

## دلیل نمبر 139

## حضرت یوشع علیہ السلام کے لیے سورج رُک گیا

حضرت موسٰی علیہ السلام اور حضرت ہارون علیہ السلام کے بعد آپ کے خلیفہ حضرت یوشع بن نون علیہ السلام نبی بنائے گئے۔ اس چالیس سالہ مدت گزر جانے کے بعد جو بھی بنی اسرائیل باقی تھے ان کو حضرت یوشع بن نون لے کر نکلے اور دوسرے پہاڑ سے باقی بنی اسرائیل ان کے ساتھ ہو لیے۔ آپ علیہ السلام نے بیت المقدس کا محاصرہ کرلیا۔ جمعہ کے دن عصر کے بعد فتح کا وقت قریب آ پہنچا دشمنوں کے قدم اکھڑ گئے اتنے میں سورج ڈوبنے لگا اور ڈوبنے کے بعد ہفتے کی تعظیم میں لڑائی ہو نہیں سکتی تھی۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کے نبی نے فرمایا اے

Marfat.com

سورج تو بھی اللہ تعالیٰ کا غلام ہے اور میں بھی اس کا محکوم ہوں۔ اے اللہ اسے ذرا دیر کے لیے روک دے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے سورج رک گیا اور آپ نے دل جمعی کے ساتھ بیت المقدس کو فتح کرلیا۔

حوالہ

☆ صحیح بخاری جلد دوم کتاب الجھاد والسیر حدیث نمبر 363 ص 198

☆ تفسیر ابن کثیر جلد اول پارہ نمبر 6 تفسیر سورۃ المائدہ ص 720

## دلیل نمبر 140

مولوی نواب صدیق حسن خان بھوپالی وہابی لکھتے ہیں:

غیر مقلدوں وہابیوں کے پیرو مرشد نواب صدیق بھوپالی اپنی مشہور کتاب ''الشمامۃ العنبریہ من مولد خیر البریہ'' میں لکھتے ہیں کہ جب نبی پاک ﷺ معراج سے واپس آئے تو مکے کے کافروں نے آپ ﷺ سے دلائل مانگے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ تمہارا ایک قافلہ تھا جس پر میرا گذر ہوا تھا وہ فلاں روز تک مکہ میں پہنچ جائے گا جب وہ دن آگیا اور ابھی قافلہ نہیں پہنچا تو اللہ تعالیٰ نے سورج کو روک دیا جس طرح بعد غروب کے حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ پر آپ ﷺ کی دعا سے سورج واپس آگیا تھا تاکہ علی رضی اللہ عنہ نماز عصر ادا کریں۔ (الشمامۃ العنبریہ ص نمبر 68-67)

**تبصرہ:**

تو ان تمام احادیث و واقعات سے ثابت ہوا کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مختار کل ہیں اور حاکم ہیں تمام کائنات محکوم ہے۔ جب حاکم کی انگلی کا اشارہ ہوا تو ڈوبا ہوا سورج اللہ تعالیٰ کے حکم سے واپس لوٹ کر آگیا۔ یہ اختیارات نہیں ہیں تو اور کیا ہیں؟ اگر جناب حضرت سلیمان علیہ السلام کی دعا سے اور حضرت یوشع بن نون علیہ السلام کی دعا سے ڈوبا ہوا سورج واپس آجائے اور معترضین جو نبی پاک ﷺ کے اختیارات کا انکار کرتے ہیں یہ تو مان جائیں کہ جناب یہ بالکل حقیقت ہے کہ ڈوبا ہوا سورج اِن انبیاء کرام کی دعا سے واپس

Marfat.com

لوٹ آیا تھا یہ تو مانیں لیکن جب میرے محبوب ﷺ کی باری آئے ہم کہیں میرے نبی ﷺ نے بھی ڈوبے سورج کو واپس موڑا ہے تو پھر یہ لوگ شرک شرک کا نعرہ لگاتے ہوئے انکار کردیں اور معاذ اللہ کہیں کہ نبی کریم ﷺ کر کچھ نہیں سکتے نبی ﷺ کو اختیارات نہیں ہیں۔ تو یہ اسلام سے دشمنی اور منافقت کی واضح نشانی نہیں تو اور کیا ہے۔ اس قدر حقیقت کو چھپانے کے بعد بھی اگر ہم ایسے لوگوں کے ساتھ تعلق برقرار رکھیں تو کل بروز قیامت رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں کونسا منہ لے کر جائیں گے۔ اگر میرے آقا ﷺ نے فقط اتنا ہی پوچھ لیا کہ یہ لوگ تو وہ تھے جو میرے علم، کمالات، اختیارات، خصائص اور معجزات کا انکار کرتے تھے۔ یہی لوگ تھے جن بے ایمانوں نے میرے والدین کو معاذ اللہ مشرک اور کافر کہا۔ کیا تم میری محبت کا دعویٰ کرنے والوان کا ساتھ دیتے رہے ہو۔ آج میری بارگاہ میں کیا امید لے کر آئے ہو اس وقت کیا جواب دو گے؟ اس لیے سنیو! اپنے آپ میں مذہبی غیرت پیدا کرو۔ ارے اگر کوئی تمہارے باپ کا دشمن ہو تو اس کے ساتھ سلام لینا بھی گوارہ نہیں کرتے ہو اور جو میرے نبی ﷺ کا گستاخ ہو یا آلِ رسول ﷺ کا اصحاب رسول ﷺ، ازواج رسول ﷺ کا منکر ہو اس کے ساتھ یہ محبت اور وفاداری کیسی ہے۔ اس لیے اپنے آپ میں فکر رضا پیدا کرو میرے اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ساری زندگی ان لوگوں کے ساتھ جہاد میں گذار دی اعلیٰ حضرت کی ان لوگوں کے ساتھ کوئی خاندانی جنگ یا زمین جاگیر کے لیے نہیں تھی۔ آپ کا تحریری، قولی، فعلی جہاد صرف اور صرف رسول اللہ ﷺ کی ذات کے لیے تھا۔

تبھی تو آپ بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں عرض کرتے ہیں۔

تمھیں مانا تمھیں جانا نہ رکھا غیر سے کام
للہ الحمد کہ میں دنیا سے مسلمان گیا

میرے پیرو مرشد، میری آنکھوں کا نور، میرے دل کا سرور، ان نجدیوں، کانگریسیوں، گستاخان رسول ﷺ مولویوں کو للکار کر فرماتے ہیں۔

Marfat.com

چلو تم پر میرے آقا ﷺ کی عنایت نہ سہی
نجدیو کلمہ پڑھانے کا بھی احسان گیا

آخر میں آپ خاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ اپنے آپ کو مخاطب ہو کر فرماتے ہیں۔

جان و دل ہوش و خرد سب تو مدینے پہنچے
تم نہیں چلتے رضا سارا تو سامان گیا

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی رحمۃ اللہ علیہ جیسا عشق مصطفیٰ ﷺ عطا فرمائے (آمین)

## دلیل نمبر 141

## جو نبی ﷺ کو مختار کل نہ مانے اُس کی سزا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی نظر میں

دو شخص اپنا جھگڑا لے کر بارگاہ نبوی ﷺ میں حاضر ہوئے آپ ﷺ نے فیصلہ فرما دیا لیکن جس کے خلاف فیصلہ تھا اُس نے کہا حضور آپ ﷺ ہمیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بھیج دیجیے آپ ﷺ نے فرمایا ٹھیک ہے۔ اُن کے پاس چلے جاؤ۔ جب یہاں آئے تو جس کے موافق فیصلہ تھا اس نے سارا واقعہ کہہ کر سنایا کہ ہمارا فیصلہ پہلے نبی پاک ﷺ کر چکے ہیں اور فیصلہ میرے حق میں دیا ہے لیکن یہ شخص اب آپ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر دوبارہ فیصلہ چاہتا ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس دوسرے شخص سے پوچھا کیا یہ بات سچ ہے اُس نے اقرار کیا کہ ہاں یہ واقعہ سچ ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اچھا تم دونوں یہاں ٹھہرو میں ابھی واپس آتا ہوں۔ اور تمہارا فیصلہ کر دیتا ہوں۔ تھوڑی دیر بعد تلوار تانے واپس آئے اور جس نے یہ کہا تھا کہ ہمیں عمر کے پاس بھیج دیں اُس کی گردن اڑا دی دوسرا شخص یہ دیکھتے ہی دوڑا بھاگا آنحضرت ﷺ کے پاس پہنچا اور عرض کیا: یارسول اللہ! میرا ساتھی فریق تو مار ڈالا گیا اور اگر میں بھی اپنی جان بچا کر نا بھاگتا تو میری بھی خیر نہیں تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا میں عمر رضی اللہ عنہ کو ایسا نہیں جانتا تھا کہ ایک شخص

Marfat.com

کا خون بہادے گا اس پر یہ آیت نازل ہوئی فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ”تیرے رب کی قسم وہ مومن نہیں ہے جو تم کو اپنا حاکم نہ مانے اور تیرے فیصلے کو نہ مانے“ اس کے بعد اس منافق کا خون برباد گیا اور اللہ تعالیٰ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بری کر دیا۔

تفسیر ابن کثیر جلد دوم سورۃ النساء پارہ نمبر 5 ص 577 مترجم محمد صاحب جونا گڑھی وھابی

**تبصرہ:**

کیوں جناب حضرت جی آ گئی سمجھ اس تمام مسئلے کی بلکہ ایک واقعہ میں تو یہ ذکر ہے کہ ایک یہودی اور منافق کے درمیان یہ جھگڑا ہوا تھا تو میرے آقا ﷺ نے فیصلہ اُس یہودی کے حق میں کر دیا تو جو منافق تھا اُس نے میرے نبی ﷺ کے فیصلے کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا سادہ الفاظ میں یوں کہہ لیجیے کہ منافق نے آپ ﷺ کو مالک و مختار نہ مانا منافق آپ ﷺ کے اختیارات کا منکر تھا۔ جیسا کہ آج بھی پاکستان میں ایسے لوگ ملیں گے جو بظاہر تو قرآن و حدیث کا شور مچائیں گے۔ لیکن حقیقت میں اس منافق کی طرح اختیارات و کمالات کے منکر ہوں گے اچھے طریقے سے دیکھ لو اختیارات کو نہ ماننا منافقوں کا کام ہے۔ بہر حال فیصلہ سننے کے بعد اس نے کہا کہ مجھے یہ فیصلہ منظور نہیں ہے میں تو اس کا فیصلہ بارگاہ فاروقی میں پیش کروں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا ٹھیک ہے بڑے شوق سے جا سکتے ہو۔ جب فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو اس یہودی نے تمام کاروائی سے آگاہ کیا کہ جناب ہمارا فیصلہ اللہ تعالیٰ کے محبوب ﷺ نے کر دیا ہے اور فیصلہ بھی آپ سرکار ﷺ نے میرے حق میں کیا ہے یہ شخص جھوٹا ثابت ہوا ہے اب یہ مجھ کو آپ رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں لے آیا ہے آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں ابھی تمہارا فیصلہ کیے دیتا ہوں آپ رضی اللہ عنہ نے تلوار لے کر اس منافق کی گردن اُڑا دی اور فرمایا جو میرے نبی ﷺ کے فیصلہ کو نہ مانے اس کا فیصلہ عمر کی تلوار کرتی ہے۔ واہ واہ فاروق اعظم تیری دلیری پہ قربان جاؤں تیرے عقیدے کو سلام پیش کرتا ہوں۔ منافق کی گردن اُڑا کر آپ رضی اللہ عنہ نے قیامت تک کی آنے والی نسلوں کو سبق دے دیا ہے لوگو جو نبی پاک ﷺ کو مختار کل نہ مانتا۔

Marfat.com

ہوتو وہ منافق ہے، بے ایمان ہے۔ ایسے شخص کو قتل کرنا فاروق اعظم کی سنت ہے۔ ہماری محبت تو اس شخص سے ہے جو میرے نبی ﷺ کو مختار کل مانے اور آپ ﷺ کے فیصلے کے سامنے سرخم تسلیم کرلے وگرنہ دیکھ لے حشر ایسے منافقوں کا جو میرے نبی ﷺ کے اختیارات کو نہیں مانتے اللہ تعالیٰ نے بھی فوراً قرآن کی آیت مبارکہ نازل کر کے فرمادیا محبوب ﷺ تیرا عاشق، تیرا غلام، تیرا وفادار، تیرے ٹکڑوں پر پلنے والا فاروق سچا ہے۔ میرا بھی (عرش والے رب کا) یہ فیصلہ ہے جو آپ ﷺ کو مالک ومختار نہیں مانتا وہ مومن نہیں بلکہ منافق ہے۔ مومن تو وہ ہے جس کا عقیدہ آپ ﷺ کے صحابہ رضی اللہ عنہم جیسا ہوگا اور صحابہ کا عقیدہ تھا کہ ہمارا نبی ﷺ مالک ومختار ہے۔ آپ ﷺ کو میرے اللہ نے اختیارات دیئے ہوئے ہیں۔ اختیارات رسول ﷺ کی نفی کرنا منافقوں کا کام ہے اور عظمت رسول ﷺ، کمالات رسول ﷺ، اختیارات رسول ﷺ کو ماننا عاشقوں کا کام ہے۔ جیسا کہ ہم آپ لوگوں کے سامنے تمام دلائل پیش کررہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سمجھنے اور عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

## دلیل نمبر 142

## اختیاراتِ مصطفیٰ ﷺ نہ ماننے والوں کی نشانیاں

حدیث مبارکہ: عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ بْنِ اَبِی نُعَیمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ اَبِی سَعِیدٍ الْخُدْرِیی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَقُولُ بَعَثَ عَلِیُّ بْنُ اَبِی طَالِبٍ اِلَی رَسُولِ اللّٰهِ مِنَ الْیَمِنِ بِذُهَیبَةٍ فِی اَدِیمٍ مَقْرُوظٍ لَم تُحصَّل مِن تُرَابِهَا قَالَ فَقَسَمَهَا بَینَ اَربَعَةِ نَفَرٍ بَینَ عُیَنَةَ بْنِ بَدرٍ وَ اَقْرعَ بنِ حَابِسٍ وَ زَیدِ الخَیلِ وَالرَّابِعُ اِمَّا عَلقَمَةُ وَاِمَّا عَامِرُ بْنُ طفَیلٍ فَقَالَ رَجُلٌ مِن اَصحَابِهٖ کُنَّا نَحنُ اَحَقَّ بِهٰذَامِن هٰوءُ لَاءِ قَالَ فَبَلَغَ زَالِكَ النَّبِیّی صَلّی

Marfat.com

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَلَا تَأْمَنُوْنِی وَ أَنَا اَمِینُ مَن فِی السَّمَاءِ یَأتِینِی خَبَرُ السَّمَاءِ صَبَاحًا وَ مَسَاءً قَالَ فَقَامَہُ رَجُلٌ غَائِرُ الْعَیْنَیْنِ مُشْرِفُ الْوَجْنَتَیْنِ نَاشِزُ الْجَبْھَۃِ کَثُّ اللِّحْیَۃِ مَحلُوقُ الرَّأسِ مُشَمَّرُ الْاِزَارِ فَقَالَ یَا رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِتَّقِ اللّٰہَ قَالَ وَیلَكَ أَوَلَسْتُ أَحَقَّ اَھلِ الْاَرضِ أَن یَتَّقِیَ اللّٰہَ قَالَ ثُمَّ وَلَّی الرَّجُلُ قَالَ خَالِدُ بنِ وَلِیدٍ یَا رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ أَلَا أَضْرِبُ عُنُقَہُ؟ قَالَ لَا لَعَلَّہُ أَنْ یَکُونَ یُصَلِّی وَ قَالَ خَالِد وَ کَم مِن مُصَلِّی یَقُولُ بِلِسَانِہٖ مَا لَیسَ فِی قَلبِہٖ؟ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنِّی لَم أُوْمَرْ أَن أَنقُبَ قُلُوبَ النَّاسِ وَلَا أَشُقَّ بُطُونَھُم قَالَ ثُمَّ نَظَرَ اِلَیہِ وَ ھُوَ فَقَالَ اِنَّہُ یَخرُجُ مِن ضِئضِیءِ ھٰذَا قَومٌ یَتلُونَ کِتَابَ اللّٰہِ رَطْبًا لَا یُجَاوِزُ حَنَاجِرَھُم یَمرُقُونَ مِنَ الدِّینِ کَمَا یَمرُقُ السَّھمُ مِنَ الرَّمِیَّۃِ وَ أَظُنُّہُ قَالَ لَئِن أَدرَکتُھُم لَاَقتُلَنَّھُم قَتلَ ثَمُودَ ۔

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے یمن سے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں چمڑے میں بھر کر کچھ سونا بھیجا۔ جس سے ابھی مٹی صاف نہیں کی گئی تھی۔ نبی پاک ﷺ نے وہ سونا چار آدمیوں یعنی عینہ بن بدر، اقرع بن حابس، زید بن خیل اور چوتھے علقمہ یا عامر بن طفیل کے درمیان تقسیم فرما دیا۔ اس پر آپ ﷺ کے اصحاب میں سے کسی نے کہا کہ ان لوگوں سے تو ہم زیادہ حقدار تھے۔ جب نبی پاک ﷺ تک یہ بات پہنچی تو آپ ﷺ نے فرمایا کیا تم مجھ کو امانتدار تسلیم نہیں کرتے؟ حالانکہ آسمان والے کے نزدیک تو میں امین ہوں، اس کی خبریں تو صبح وشام میرے پاس آتی رہتی ہیں۔ راوی کا بیان ہے کہ پھر ایک

Marfat.com

آدمی کھڑا ہو گیا جس کی آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی تھیں۔ رخساروں کی ہڈیاں ابھری ہوئی تھیں۔ اونچی پیشانی گھنی داڑھی، سر منڈا ہوا اور اونچا تہبند باندھے ہوئے تھا۔ وہ کہنے لگا کہ ''اے محمد ﷺ خدا سے ڈرو''۔ آپ ﷺ نے فرمایا! تیری خرابی ہو، کیا میں خدا سے ڈرنے کا تمام اہل زمین سے زیادہ حقدار نہیں ہوں؟ پھر وہ آدمی چلا گیا۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ عرض گذار ہوئے: یارسول اللہ! کیا میں اس کی گردن اڑا دوں؟ فرمایا ایسا نہ کرو، شاید یہ نمازی ہو۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ عرض گذار ہوئے: یارسول اللہ! ایسے نمازی بھی تو ہوسکتے ہیں کہ جو کچھ ان کی زبان پر ہو وہ دل میں نہیں ہوتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ مجھے یہ حکم نہیں کیا گیا کہ لوگوں کے دلوں میں نقب لگاؤں اور ان کے پیٹ چاک کروں۔ راوی کا بیان ہے کہ پھر آپ ﷺ نے اس کی طرف توجہ فرمائی اور وہ پیٹھ پھیرے جارہا تھا۔ اس وقت فرمایا، اس کی پشت سے ایسی قوم پیدا ہوگی جو اللہ کی کتاب کو بڑے مزے سے پڑھے گی لیکن قرآن کریم ان کے گلوں سے نیچے نہیں اترے گا۔ یہ لوگ دین سے ایسے نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے پار نکل جاتا ہے۔ راوی کہتا ہے کہ میرا خیال ہے کہ آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا تھا کہ اگر میں ان لوگوں کو پاؤں تو قوم ثمود کی طرح قتل کر دوں۔

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب المغازی حدیث نمبر 1476 ص 718

☆ صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب التوحید حدیث نمبر 2287 ص 1029

☆ صحیح مسلم شریف جلد اول کتاب الزکوٰۃ حدیث نمبر 2348 ص 806

☆ سنن ابی داؤد جلد سوم باب فی قتال الخوارج حدیث نمبر 4136 ص 452

☆ سنن نسائی جلد دوم باب المولفۃ قلوبھم حدیث نمبر 2530 ص 260

☆ سنن نسائی جلد سوم باب من شہر سیفہ ثم وضعہ فی الناس حدیث نمبر 4031 ص 139

Marfat.com

☆سنن ابن ماجہ جلد اول باب فی ذکر الخوارج حدیث نمبر 178 ص 79
☆الادب المفرد امام بخاری باب قول الرجل للرجل ویلک حدیث نمبر 774 ص 351
☆مشکوٰۃ شریف جلد سوم باب فی المعجزات پہلی فصل حدیث نمبر 5641 ص 177
☆تفسیر ابن کثیر جلد اول پارہ نمبر 3 تفسیر سورۃ آل عمران ص 367
☆تفسیر ابن کثیر جلد دوم پارہ نمبر 10 تفسیر سورۃ التوبہ ص 357

## تبصرہ:

یہ حدیث پاک بھی دیگر احادیث کی طرح نبی پاک ﷺ کے اختیارات پر عظیم دلیل ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ شیر خدا نے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں کچھ سونا ارسال کیا۔ جس کو حضور ﷺ نے چار آدمیوں میں تقسیم فرما دیا۔ جس پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ اس سونے کے حقدار ہم بھی تو ہیں۔ چنانچہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے کسی نے عرض بھی کیا۔ جس کے جواب میں امام الانبیاء ﷺ نے فرمایا میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے امین بھی ہوں اور مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبر بھی ہے۔ یعنی میں جو بھی کروں، بہتر ہی کروں گا اور میں جو بھی کروں گا، حق وہی ہوگا۔ یعنی میں جو بھی کروں گا، مجھے اختیار حاصل ہے کہ جس کو چاہوں حصہ عطا کروں اور جس کو نہ چاہوں نہ عطا کروں اور میں امین ہوں جواب پر سب صحابہ رضی اللہ عنہم خاموش ہو گئے۔ کیونکہ سب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عقیدہ تھا کہ نبی پاک ﷺ جیسے چاہیں تقسیم کریں۔ آپ ﷺ کو اختیار حاصل ہے۔ آپ ﷺ کی تقسیم پر اعتراض کرنا درست نہیں ہے۔ کیونکہ جس ایک شخص نے عرض کیا تھا وہ اعتراض نہیں تھا۔ بلکہ صرف توجہ مبذول کروانا تھا، نہ کہ تنقیداً عرض کیا گیا تھا۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ نے وہ سونا چار آدمیوں میں تقسیم فرما دیا۔ ایک دوسرا شخص بولا جس کو نبی کریم ﷺ کی تقسیم پر اعتراض تھا۔ سادہ الفاظ میں یوں کہہ لیں کہ وہ شخص کھڑا ہو کر بولا جو آپ ﷺ کے اختیارات و کمالات کا منکر تھا جو آپ ﷺ کو مختار کل نہیں مانتا تھا۔ اگر اس بد بخت کو ذرا سی بھی عقل ہوتی تو وہ کبھی بھی آپ ﷺ پر اعتراض کر کے آپ ﷺ کے کمالات و اختیارات کی نفی نہ کرتا۔ کیونکہ آپ ﷺ کی رضا میں ہی رب کی رضا

Marfat.com

ہے۔آپ ﷺ کی عطا ہی درحقیقت اللہ تعالیٰ کی عطا ہے۔ بہر حال سب سے پہلے اس نجدی شیطان کا جو آپ ﷺ کے اختیارات کا قائل نہیں تھا۔ اس بے ایمان کا حلیہ سن لیں۔ راوی کہتا ہے کہ اس شخص کی آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی تھیں، رخساروں کی ہڈیاں ابھری ہوئی تھیں۔ پیشانی اونچی تھی اور داڑھی گھنی تھی اور سر منڈا ہوا تھا اور اس نے تہہ بند اونچا باندھا ہوا تھا۔ اس گستاخ رسول ﷺ منکر اختیارات رسول اللہ ﷺ کا یہ اصلی چہرہ تھا اور یہ اس کی نشانیاں تھیں۔ یہاں پر میں ایک چھوٹی سی بات عرض کرتا چلوں کہ اس بے ایمان گستاخ نبی ﷺ کا حلیہ آپ اپنی آنکھوں میں جما کر آنکھیں بند کر کے بھی دیکھیں گے تو آپ کو بہت سے ایسے چہرے جو میرے نبی کریم ﷺ کے اختیارات کے منکر ہیں، آپ کی آنکھوں کے سامنے آجائیں گے۔ ان کی تمام نشانیاں اپنے گرو جی جیسی ہیں۔ وہ بھی اختیارات مصطفیٰ ﷺ، کمالات مصطفیٰ ﷺ اور فضلیت نبی ﷺ کا منکر تھا۔ یہ بھی اس کے ساتھ والے ہیں۔ بہر حال وہ شخص کھڑا ہوا اور اعتراض کرتے ہوئے بولا ''اے محمد ﷺ اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور عدل کرو۔ یعنی ہمارا بھی حق ہے۔ آپ ﷺ نے سارا سونا ان چاروں کو دے دیا ہے۔ یہ عدل کے خلاف ہے۔ لہٰذا ہمارا حق ہمیں دو۔ سارا سونا ان چاروں کو دینے کا آپ کو کوئی حق حاصل نہیں ہے۔'' یعنی آپ ﷺ کو اختیار نہیں ہے۔ یہ کہہ کر وہ نبی کریم ﷺ سے ناراض ہو کر چلا گیا۔ جب وہ نبی کریم ﷺ کی تقسیم پر اعتراض کرتا ہوا چلا گیا تو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ''یا رسول اللہ ﷺ میں اسے قتل کروں گا اور تلوار میان سے باہر نکال لی۔ تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اے خالد اس کو قتل نہ کرنا شاید یہ نمازی ہو۔ اس کا مطلب یہ تھا کہ اے خالد اگر یہ نماز پڑھتا ہوگا تو لوگ اسے نمازی سمجھتے ہوں گے۔ اگر تو نے اسے قتل کر دیا تو منافقوں کو پروپیگنڈہ کرنے کا موقع مل جائے گا کہ محمد ﷺ تو اپنے ساتھیوں کو بھی قتل کروا دیتے ہیں۔ لوگوں میں ایسے شکوک وشبہات پیدا کرنے کی کوشش کریں گے۔ جس سے اسلام کو نقصان پہنچے گا لہٰذا اس کو جانے دو۔ چنانچہ جب وہ حضور پاک ﷺ پر اعتراض کرنے

Marfat.com

والا شخص جار ہا تھا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اے خالد! اس شخص کی پشت سے ایک قوم پیدا ہو گی جو قرآن کو بڑے مزے سے پڑھے گی مگر قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔ اور دین سے ایسے نکلے ہوں گے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے۔ یعنی جس طرح تیر شکار میں داخل ہو کر اس کی جان لے لیتا ہے، پھر نکل جاتا ہے۔ یہ لوگ بھی دین میں داخل ہو کر دین کا لبادہ اوڑھ کر دین کو تباہ و برباد کر دیں گے۔ جس طرح تیر شکار کا دشمن ہوتا ہے، یہ لوگ دین کے دشمن ہوں گے۔ دین اسلام میں گروہ بندی پیدا کریں گے۔ اسلام کو نقصان پہنچائیں گے۔ اب ذرا سنجیدگی سے سوچیے! جس شخص کے متعلق حضور پاک ﷺ اتنی بڑی خبر دے رہے ہیں اس کے عقائد کیا تھے؟ تو اس کے عقائد واضح ہو چکے ہیں کہ وہ اختیارات مصطفیٰ ﷺ کو نہیں مانتا تھا۔ اگر وہ شخص نبی پاک ﷺ کے اختیارات کو مانتا ہوتا تو کبھی بھی اعتراض نہ کرتا۔ اس کا اعتراض کرنا نبی کریم ﷺ کے مختار کل ہونے کا منکر ہونے کی دلیل ہے۔ اگر صحیح العقیدہ مسلمان ہوتا تو اس عقیدے کے مطابق کہ نبی کریم ﷺ جس کو چاہیں، جتنا چاہیں، جو چاہیں عطا کر سکتے ہیں اور آپ ﷺ کو اختیار حاصل ہے۔ کیونکہ اعتراض تو وہی کرے گا جو نبی کریم ﷺ کے اختیارات کا منکر ہو گا۔ جو شخص نبی کریم ﷺ کو مختار کل مانتا ہے وہ اعتراض کر ہی نہیں سکتا۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ایسا شخص گوارہ نہیں ہے جو نبی کریم ﷺ کو مختار کل نہ مانے۔ اگر گوارہ ہوتا تو حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ اس کے قتل کا ارادہ نہ فرماتے۔ اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ نبی کریم ﷺ کے مختار کل ہونے پر اعتراض کرنا منافقوں کا کام ہے اور اختیارات مصطفیٰ ﷺ کا اقرار کرنا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا مذہب ہے۔ اللہ تعالیٰ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 143

# فرمان خداوندی کہ حضور ﷺ جنت تقسیم کرنے والے ہیں

چنانچہ فرمان خداوندی ہے:

آیت مبارکہ: وَ بَشِّرِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۔ (پارہ نمبر 1 سورۃ البقرہ آیت نمبر 25)

ترجمہ: اے پیارے حبیب ﷺ خوشخبری دے ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے کہ ان کے لئے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں رواں ہیں۔

### ایک نکتہ

فرمایا! اے پیارے محبوب ﷺ جنت کی بشارت تو تو ہی دے گا مگر ان لوگوں کو جنت عطا کرنا جو ایمان والے ہوں۔ یعنی ایمان رکھتے ہوئے عمل صالح کریں۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایمان کیا چیز ہے؟ نماز روزہ حج زکوٰۃ جہاد یا دیگر عمل صالح ایمان کی دلیل ہیں یا نہیں؟ صرف یہ اعمال ایمان کی دلیل نہیں ہو سکتے کیونکہ یہ تمام عمل تو منافق بھی کر سکتے ہیں اور کرتے رہے ہیں مگر وہ مومن نہیں تھے۔ کیونکہ داڑھی دین میں ہے، داڑھی میں دین نہیں۔ اگر داڑھی میں دین ہوتا تو کوئی بھی سکھ، یہودی، عیسائی یا جتنے بھی غیر مذہب داڑھی والے ہیں جہنم میں نہ جاتے۔ اب دین ایمان کیا چیز ہے؟ اگر میں یہ کہوں کہ ایمان فلاں چیز کا نام ہے تو ہو سکتا ہے کہ کوئی معترض اعتراض کر لے یا ہو سکتا ہے کہ کوئی اور ایمان کی وضاحت کرے کہ جی فلاں چیز ایمان ہے۔ تو شاید ہم کو اعتراض ہو جائے۔ کیوں نہ تصدیق اللہ تعالیٰ کے قرآن سے اور میرے نبی کریم ﷺ کے فرمان سے کرالی جائے تاکہ کسی کو بھی اعتراض کی گنجائش باقی نہ رہے۔ قرآن و حدیث سے فیصلہ لے کر پھر بھی اگر کوئی شخص انکار کرے گا تو وہ شخص دائرہ اسلام سے خارج ہے، کافر ہے، بے دین ہے۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 144

# قرآن پاک کی وضاحت ایمان کیا ہے؟

فَلَا وَ رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ

(پارہ نمبر 5 سورۃ النساء آیت نمبر 65)

اے محبوب ﷺ تیرے رب کی قسم یہ اس وقت تک ایمان والے ہو ہی نہیں سکتے جب تک تم کو اپنا حاکم تسلیم نہ کرلیں۔

## دلیل نمبر 145

# حدیث مبارکہ سے ایمان کی تفسیر

عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهٖ وَ وَلَدِهٖ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ۔

حوالہ

☆ صحیح بخاری شریف جلد اول کتاب الایمان حدیث نمبر 14 ص 102

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے نبی کریم ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی بھی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہوسکتا، جب تک اس کو میری محبت اپنے ماں باپ اور اپنی اولاد اور اس ساری کائنات سے زیادہ نہ ہو۔ سبحان اللہ

## تبصرہ:

قرآن وحدیث سے یہ بات ثابت ہوگئی۔ قرآن کریم یہ فرماتا ہے کہ میرے نبی کریم ﷺ کو حاکم مانو۔ آپ ﷺ کے کمالات، اختیارات کو جو اللہ تعالیٰ نے

Marfat.com

آپ ﷺ کو عطا فرمائے ہیں وہ مانو۔ یعنی کہ آپ ﷺ کو مختار کل مانو اور حدیث مبارکہ میں بھی فرمادیا کہ ساری کائنات سے بڑھ کر مجھ سے پیار کرو۔ یعنی کہ مجھے جو اللہ تعالیٰ نے اولادِ آدم پر برتری عطا فرمائی ہے، جو میرے رب نے مجھ کو اختیارات و کمالات عطا فرمائے ہیں ان پر ایمان رکھو اگر مجھ سے محبت کرتے ہو تو۔ کیونکہ جس کے دل میں آپ ﷺ کی سچی محبت ہوگی، وہ تو آپ ﷺ کے کمالات واختیارات کا اقرار کرے گا۔ وہ تو آپ ﷺ کو مالک ومختار تسلیم کرے گا۔ وہ تو لوگوں میں اس بات کو ڈنکے کی چوٹ پر غیروں کو للکار کر کہے گا:

سب سے اولیٰ و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ

سب سے بالا و اعلیٰ ہمارا نبی ﷺ

اب جو شخص آپ ﷺ کے کمالات کی، اختیارات کی نفی کرے، آپ ﷺ کے ان اختیارات کو جو اللہ کریم نے آپ ﷺ کو عطا فرمائے ہیں، اگر انکار کر جائے تو معلوم ہوا کہ اس کے دل میں نورِ ایمان نہیں ہے اور نہ ہی دل میں محبت رسول ﷺ ہے۔ اگر محبت رسول ﷺ ہوتی تو انکار نہیں بلکہ یہ بھی سنیوں کے ساتھ مل کر اقرار کرتا۔ یہ بھی ثابت ہوا کہ اختیارات مصطفیٰ ﷺ کا انکار کرنے والے منافق ہوتے ہیں اور ان کے دلوں میں بغض رسول ﷺ ہوتا ہے۔ ایمان والا تو وہ ہے جو آپ ﷺ کی محبت کا دم بھرتے ہوئے آپ ﷺ کے اختیارات کو تسلیم کرتا ہے۔ کسی شاعر نے کیا خوب فرمایا ہے

محبوباں اُتے نکتہ چینی جیہڑا کرن توں باز نئیں آوندا

اصل منافق جان اس نوں تے ایویں جھوٹے پیار جتاندا

ایہہ دسیا سانوں کسے عشق دے مفتی جیہڑا مڑ مڑ ایہہ فرماندا

اعظم جتھے دل لگ جاوے اوتھے عیب نظر نئیں آوندا

تو قرآن وحدیث سے ثابت ہوا کہ اصل ایمان میرے آقا ﷺ کی محبت کا نام ہے۔ جس دل میں نبی کریم ﷺ کی محبت ہوگی وہ ایمان والا ہوگا۔ اب یہ سوال پیدا ہوتا

Marfat.com

ہے کہ محبت کیا چیز ہے؟ تو سنیں محبت ایک دل کی کیفیت کا نام ہے۔ اب اگر یہ عقیدہ نہ رکھا جائے کہ نبی پاک ﷺ دل کی کیفیت کا بھی علم رکھتے ہیں۔ تو پھر کہنا ہوگا کہ منافق بھی دھوکے سے حضور ﷺ سے جنت لے جاسکتا ہے اور اگر یہ عقیدہ رکھا جائے کہ حضور ﷺ ہر شخص کے دل کی کیفیت سے بھی واقف ہیں تو منافق کو جنت جانے سے روکا جاسکتا ہے تو اس سے نبی کریم ﷺ کا علم غیب بھی ثابت ہوتا ہے۔ اس لیئے اللہ کریم نے نبی کریم ﷺ کو اختیار دیا ہے کہ اے محبوب ﷺ بشارت دینے سے پہلے دیکھ لینا کہ اس دل میں ایمان ہے۔ اگر اللہ کریم نے نبی پاک ﷺ کو علم نہ دیا ہوتو پھر بشارت دینے کا اختیار بھی نہ دیتا کیونکہ پھر تو منافق بھی جنت میں جاسکتا تھا۔ قرآن پاک کے ان الفاظ سے ثابت ہوا کہ جنت کی خوشخبری حضور ﷺ دیتے ہیں۔ یعنی اے پیارے محبوب ﷺ جنت تو تو ہی تقسیم کرے گا مگر جنت کی بشارت ان لوگوں کو دینا جو ایماندار ہیں۔ پہلی شرط یہ کہ وہ ایمان والا ہو دوسری شرط یہ کہ عملِ صالحہ کرتا ہو پھر ان کو جنت کی بشارت دو جس کے نیچے نہریں جاری ہیں۔ تو ان الفاظ سے ثابت ہوا جنت تقسیم کرنے پر ہمارے آقا و مولا ﷺ کی ڈیوٹی ہے اور نبی کریم ﷺ کو اختیار حاصل ہے جس مومن کو چاہیں جنت عطاء فرما دیں اور یہ اختیارات اللہ کریم نے اپنے محبوب کریم ﷺ کو عطاء فرمائیں ہیں اور نبی کریم ﷺ ان اختیارات کو اپنی زندگی مبارکہ میں استعمال بھی فرماتے رہیں ہے لیجئے دلیل ملاحظہ فرمائیں۔

## دلیل نمبر 146

## سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیھا کو جنت کی سرداری عطاء فرمانا

حدیث: وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةُ سَيِّدَةُ نِسَاءِ أَهْلِ الْجَنَّةِ

اور فرمایا نبی کریم ﷺ نے کہ سیدہ فاطمہ جنت کی عورتوں کی سردار ہے

Marfat.com

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب المناقب باب مناقب قرابۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ومنقبۃ فاطمۃ بنت النبی ﷺ حدیث نمبر 395 صفحہ نمبر 454۔

☆ الرحیق المختوم مولوی صفی الرحمٰن مبارک پوری وہابی صفحہ نمبر 629۔

☆ نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب ﷺ مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی صفحہ نمبر 229۔

☆ الشمامۃ العنبریہ من مولد خیر البریہ نواب صدیق حسن خاں بھوپالی وہابی صفحہ نمبر 90۔

☆ بہشتی زیور دیوبند کے حکیم الامت مولوی اشرف علی تھانوی صفحہ نمبر 456۔

☆ مدارج النبوت جلد دوئم صفحہ نمبر 499 شیخ محقق حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی۔

تبصرہ:

یہ حدیث نبی کریم ﷺ کے مختار کل ہونے کی عظیم دلیل ہے۔ خالق کائنات نے قرآن پاک میں کہیں بھی یہ اعلان نہیں فرمایا کہ سیدہ سلام اللہ علیہا جنتی عورتوں کی سردار ہیں یہ اعلان نبی کریم ﷺ نے فرمایا اور یہ اعلان وہی شخص کر سکتا ہے جس کو اختیار حاصل ہو جیسے کوئی بادشاہ جس کو چاہے جس علاقے کا افسر بنا دے کیونکہ وہ ملک کا مالک ہے جس کو چاہے علاقے کا گورنر بنا دے اس کو اختیار حاصل ہوتا ہے۔ اس طرح میرا نبی ﷺ خدا کی خدائی کا بادشاہ ہے اللہ کریم نے نبی ﷺ کو حاکم بنا کر بھیجا ہے۔ لہٰذا حضور ﷺ کو اختیار حاصل ہیں کہ جس کو چاہیں جس علاقے کا چاہیں سردار یا حاکم مقرر فرما دیں۔ اگر نبی کریم ﷺ کو یہ اختیار حاصل نہ ہوتا تو سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کے متعلق یہ اعلان کہ فاطمہ جنتی عورتون کی سردار ہیں کبھی بھی نہ فرماتے۔

## دلیل نمبر 147

## نبی پاک ﷺ کا حسنین کریمین کو جنت کی سرداری عطاء فرمانا

حدیث: عَنْ أَبِی سَعِیدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَسَنُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَ الْحُسَیْنُ رَضِیَ اللّٰهُ

Marfat.com

عَنْهُ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ ۔

ترجمہ: حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جنابِ حسن علیہ السلام اور حسین علیہ السلام دونوں شہزادے جنتی نوجوانوں کے سردار ہیں۔

حوالہ جات

☆ جامع ترمذی جلد دوئم ابواب المناقب حدیث نمبر 1703 صفحہ نمبر 740۔

☆ سنن ابن ماجہ جلد اول باب فضل علی ابن ابی طالب حدیث نمبر 123 صفحہ نمبر 66۔

☆ مشکوٰۃ شریف جلد سوئم باب مناقب اہل بیت النبی ﷺ فصل دوسری حدیث نمبر 5901 صفحہ نمبر 260۔

☆ نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب ﷺ مولوی اشرف علی تھانوی صفحہ نمبر 229۔

☆ الشمامۃ العنبر یہ من مولد خیر البریہ نواب صدیق حسن خاں بھوپالی صفحہ نمبر 90۔

**تبصرہ:**

اس حدیث پاک میں نبی کریم ﷺ نے دونوں شہزادوں حسنین کریمین کی سرداری کا اعلان فرمایا ہے۔ اگر میرے نبی کریم ﷺ کو اختیار حاصل نہیں ہے تو جوانانِ جنت کی سرداری کا فیصلہ کرنا ہوگا کہ مولا حسن رضی اللہ عنہ اور مولا حسین رضی اللہ عنہ جنتی جوانوں کے سردار ہیں یا نہیں؟ مگر شہزادے یقیناً سردار ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ کریم نے حضور ﷺ سرورِ کائنات کو اختیارات عطاء فرمائے ہیں کہ آپ ﷺ جس کو چاہیں دنیا کی یا جنت کی سرداری عطاء فرمادیں۔

## دلیل نمبر 148

## حضرت جناب سیدنا عبد المطلب کی اولاد جنت کی سردار ہے

حدیث مبارکہ: عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ نحنُ وُلدِ عَبدِ الْمُطَّلِبِ سَادَةُ اَهلِ

Marfat.com

الـجَـنَّـةِ اَنَا وَ حَـمْزَةُ وَ عَـلِـىٌّ وَ جَـعفَرُ وَ الحَسَنُ وَ الحُسينُ وَ المَهدِیُّ ۔

ترجمہ: حضرت انس کا بیان ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہم عبد المطلب کی اولاد اہل جنت کے سردار ہیں یعنی میں ﷺ، حمزہ، علی، حسن، حسین اور مہدی (رضی اللہ عنہم)۔

حوالہ: سنن ابن ماجہ جلد دوم باب خروج المھدی حدیث نمبر 1888 ص نمبر 528

## دلیل نمبر 149

## جس نے زمین پر چلتا ہوا جنتی آدمی دیکھنا ہو

حدیث: عَـن أَبِـى هُـرَيـرَةَ رَضِـىَ الـلّٰهُ عَنهُ قَالَ أَنَّ أَعرَابِيًّا أَتَى النَّبِـىَّ رَضِـىَ الـلّٰهُ عَنهُ قَالَ دُلَّنِى عَلٰى عَمَلٍ اِذَا عَمِلتُهُ دَخَلَ الـجَـنَّـةَ قَالَ تَعبُدُاللهَ لَا تُشرِكُ بِهٖ شَيْأً وَ تُقِيمُ الصَّلٰوةَ المَكتُوبَةَ وَتُـؤَدِّى الـزَّكَـاةَ الـمَـفرُوضَةَ وَتَصُومُ رَمَضَانَ قَالَ وَالَّذِى نَـفسِـى بِيَدِهٖ لَا أَزِيد عَلٰى هٰذَا فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وَسَلَّمَ مَن سَرَّهُ اَن يَنظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِن أَهلِ الجَنَّةِ فَلْيَنظُرْ اِلٰى هٰذَا ۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی نبی پاک ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کرنے لگا مجھ کو ایسا کام بتلایئے جب میں اس کو کروں تو جنت میں جاؤں آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتا رہ اور کسی کو اس کا شریک مت بنانا اور فرض نماز درستی کے ساتھ ادا کرتا رہ اور فرض زکوۃ دیتا رہ اور رمضان کے روزے رکھتا رہ وہ اعرابی کہنے لگا قسم اس کی جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے میں اس سے بڑھاؤں گا نہیں

Marfat.com

جب وہ پیٹھ موڑ کر چلا تو آپ ﷺ نے فرمایا اگر کسی نے جنتی آدمی کو دیکھ کر خوش ہونا ہو تو وہ اس شخص کو دیکھ لے۔

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد اول کتاب الزکوۃ حدیث نمبر 1315 صفحہ نمبر 623۔
☆ صحیح مسلم شریف جلد اول کتاب الایمان حدیث نمبر 15 صفحہ نمبر 59۔
☆ مشکوۃ شریف جلد اول کتاب الایمان فصل پہلی حدیث نمبر 12 صفحہ نمبر 17۔
☆ اکابر دیوبند اور عشق رسول ﷺ مولانا مفتی محمود الحسن گنگوہی صفحہ نمبر 140۔

**تبصرہ:**

اس حدیث سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اختیار دے رکھا تھا کہ جس کو چاہیں جنت کا سرٹیفکیٹ عطا فرما دیں۔ جب اعرابی نے آپ ﷺ سے وعدہ کیا کہ جو حکم آپ ﷺ نے مجھے تلقین فرمایا ہے، میں اس میں کمی بیشی نہیں کروں گا تو میرے نبی کریم ﷺ کے دریائے رحمت کو اس اعرابی کے اس انداز پر جوش آ گیا اور آپ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو فرما دیا کہ اگر اس زمین پر چلتا پھرتا جنتی دیکھنا ہو تو اس کی طرف دیکھ لو۔ اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ میرے نبی کریم ﷺ کو اس کے خاتمے کا بھی علم تھا کہ یہ شخص ایمان کی حالت میں مرے گا اور جنتی ہے حالانکہ ابھی تو وہ وعدہ کر کے جا رہا ہے، نہ ابھی اس نے کوئی نماز پڑھی، نہ زکوٰۃ دی، نہ رمضان شریف کے روزے رکھے۔ ابھی تک کوئی بھی نیکی کا کام کیا ہی نہیں۔ لیکن ہمارا عقیدہ ہے کہ اگر اس نے ابھی تک کوئی کام بھی نہیں کیا تھا۔ اگر اس کو موت آ بھی جاتی تو بھی وہ جنتی تھا۔ کیونکہ زبان مصطفیٰ ﷺ سے نکل گیا تھا کہ یہ جنتی ہے۔ کتنا بدنصیب ہے وہ شخص جو اب بھی اختیارات رسول ﷺ کو نہ مانے۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 150

## میرے نبی ﷺ نے جنت کی حامی دے دی

عَن جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ أَتَی النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ النُعمَانُ بنُ قُوقَلُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ فَقَالَ یَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ أَرَءَیتَ إِذَا صَلَّیتَ المَکتُوبَةَ وَ حَرَّمتُ الحَرَامَ وَ أَحلَلتُ الحَلَالَ ادخُلُ الجَنَّةَ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ نَعَم .

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت نعمان بن قوقل نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا: ''یارسول اللہ! اگر میں فرض نمازیں ادا کرتا رہوں اور حرام کاموں سے بچتا رہوں، حلال امور اختیار کرتا رہوں تو کیا میں جنت میں داخل ہو جاؤں گا؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہاں!۔

حوالہ: صحیح مسلم شریف جلد اول کتاب الایمان حدیث نمبر 16 ص نمبر 69

### تبصرہ:

اس حدیث میں بتایا جا رہا ہے کہ صحابی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! اگر میں پانچ وقت کی نماز پڑھتا رہوں اور جو اسلام میں حلال چیزیں ہیں، ان کو اختیار کرتا رہوں اور جن چیزوں سے شریعت منع کرتی ہے تو ان سے باز رہوں کیا میں اتنا سا عمل کرنے کے بعد جنت میں جا سکتا ہوں؟ تو میرے نبی کریم ﷺ نے ضمانت دے دی کہ ہاں تو جنت میں جا سکتا ہے۔ میرے نبی کریم ﷺ نے یہ تو نہیں فرمایا کہ اسلام کے باقی کے ارکان روزہ، حج، زکوٰۃ، جہاد کی پابندی کون کرے گا؟ وہ بھی تو مسلمانوں پر ضروری ہیں اور پھر مجھے کیا پتا کہ میرے وصال کے بعد کس حالت میں رہتے ہو۔ مجھے

Marfat.com

کیا علم کہ تمہارا خاتمہ اچھائی پر ہوگا یا برائی پر۔ مگر قربان جاؤں میں اپنے کریم آقا ﷺ پر کہ غلام کو تھوڑے سے عمل کے بدلے جنت کی ضمانت عطا کر رہے ہیں۔ یہ اختیارات نہیں ہیں تو اور کیا ہے؟

## دلیل نمبر 151

# اصحاب ثلاثہ کو جنت کی بشارت

ایک لمبی حدیث میں ذکر ہے کہ نبی پاک ﷺ ایک باغ میں تشریف لے گئے تھے۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس باغ کے اندرونی دروازے میں بیٹھ گیا۔ تھوڑی دیر بعد کسی نے دروازے پر دستک دی۔ میں نے پوچھا کہ کون ہے؟ فرمایا "ابوبکر ہوں"۔ عرض کیا ذرا ٹھہر جائیں میں نبی پاک ﷺ سے اجازت لے لوں۔ فرماتے ہیں کہ میں نے جا کر عرض کیا: یارسول اللہ! دروازے پر دستک ہوئی ہے اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تشریف لانا چاہتے ہیں۔ میرے آقا ﷺ نے اجازت بھی دی اور فرمایا "میرے صدیق کو اندر آنے کی اجازت دو اور ساتھ یہ خوشخبری بھی دے دو کہ تو جنتی ہے"۔ اس کے بعد فرماتے ہیں کہ یکے بعد دیگرے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بھی تشریف لے کر آئے اور میرے نبی کریم ﷺ نے سب کو باغ میں بیٹھ کر جنت کی بشارت دے دی۔ دیکھئے حوالہ کے لئے:

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب المناقب حدیث نمبر 870 ص 432

☆ صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب الادب حدیث نمبر 1148 ص 512

☆ صحیح مسلم شریف جلد سوم کتاب فضائل الصحابہ رضی اللہ عنہم حدیث نمبر 6090 ص 309

☆ الادب المفرد امام بخاری حدیث نمبر 965 ص 426

☆ جامع ترمذی جلد دوم ابواب المناقب حدیث نمبر 1644 ص 718

☆ مشکوۃ شریف جلد سوم باب المناقب اصحاب ثلاثہ حدیث نمبر 5823 ص 243

Marfat.com

تبصرہ:

اس حدیث سے بھی ثابت ہوا کہ میرا نبی ﷺ مختارکل ہے۔ جنت کا بھی اختیار اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو دے دیا ہے۔ جس کو چاہے اس دُنیا میں ہی جنت کی بشارت سُنا دیں۔ لہٰذا آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے اختیارات کو استعمال بھی فرمایا۔ تبھی تو اصحاب ثلاثہ کو باغ میں بیٹھ کر ہی جنت کی خوشخبریاں دے رہے ہیں۔

دلیل نمبر 152

## عشرہ مبشرہ کو جنت کی بشارت

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بنِ عَوفٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ أَبُو بَکرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِی الجَنَّۃِ وَ عُمرُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِی الجَنَّۃِ وَ عُثمَانُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِی الجَنَّۃِ وَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِی الجَنَّۃِ وَ طَلحَۃُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِی الجَنَّۃِ وَ زُبَیرُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِی الجَنَّۃِ وَ عَبدُ الرَّحْمٰنِ بنُ عَوفٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِی الجَنَّۃِ وَ سَعدُ بنِ اَبِی وَقَّاصٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِی الجَنَّۃِ وَ سَعِیدُ ابنُ زَیدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِی الجَنَّۃِ و أَبُو عُبَیدَۃَ بنُ جَرَّاحٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فِی الجَنَّۃِ۔

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ جنت میں، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ جنت میں، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ جنت میں، حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ جنت میں، طلحہ جنت میں، زبیر جنت میں، عبدالرحمان بن عوف جنت میں، حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ جنت میں، حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ جنت میں اور حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ جنت میں جائیں گے۔

Marfat.com

## حوالہ جات

☆سنن ابوداؤد جلد سوم حدیث نمبر 4031 ص 404 باب فی الخلفا

☆جامع ترمذی جلد دوم ابواب المناقب حدیث نمبر 1680/81 ص 732

☆سنن ابن ماجہ جلد اول باب فضائل العشرۃ حدیث نمبر 138 ص 69

☆مشکوٰۃ شریف جلد سوم باب مناقب العشرۃ دوسری فصل حدیث نمبر 5857 ص 251

## تبصرہ:

اس حدیث رسول ﷺ میں بھی اختیارات رسول ﷺ نمایاں نظر آرہے ہیں۔ ان اختیارات مصطفیٰ ﷺ کا انکار تو ایسے ہی ہے جیسے چمکتے ہوئے آفتاب کا کوئی اندھا انکار کردے۔ حالانکہ سورج پوری آب وتاب کے ساتھ چمک رہا ہو۔ سورج کا نظر نہ آنا اس کی آنکھ یعنی نظر کا قصور ہے۔ منکر کی نظر میں وہ نور ہی نہیں جس سے آفتاب کی چمک دیکھ سکے۔ اس طرح یہ حدیث بھی آقا کریم ﷺ کے اختیارات کی عظیم دلیل ہے۔ لیکن مانے گا وہ جس کے دل میں نورِ ایمان ہوگا۔ اگر دل ایمان سے خالی ہو تو وہ انکار ہی کرے گا۔ کیونکہ عظمت رسول ﷺ کا اقرار بغیر ایمان کے نہیں ہوسکتا۔ اگر نبی پاک ﷺ کو اختیار نہ ہوتا تو ان دس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جنت کی بشارت نہ دیتے۔ ان دس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جنت کی خوشخبری دینا۔ اختیارات رسول ﷺ کی عظیم دلیل ہے۔ اگر یہ اختیار حاصل نہ ہوتا تو حضور ﷺ فرماتے کہ ابھی وصال ہوگا، پھر قبر کے معاملات ہیں، پھر قیامت قائم ہوگی، پھر حساب وکتاب ہوگا، پھر اللہ تعالیٰ کو اختیار حاصل ہے کہ وہ چاہے تو تمہیں جنت دے اور چاہے تو کچھ اور فرمادے۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کی مرضی پر ہے۔ مگر نبی کریم ﷺ نے ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جنت کی بشارت دے کر ان کے قطعی جنتی ہونے کا اعلان کرکے ثابت کردیا ہے کہ اللہ کریم نے مجھے اختیارات دے رکھے ہیں کہ میں جس کو چاہوں جنتی قرار دے دوں۔ جو حضرات نبی کریم ﷺ کے اختیارات کے منکر ہیں۔ اگر ان حضرات کی خدمت میں عرض کردیا جائے کہ جناب آپ لوگ ان

Marfat.com

دس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جنتی مانتے ہیں یا نہیں؟ اگر ان کا جواب یہ ہو کہ کیوں نہیں، ہم جنتی مانتے ہیں اور یقیناً یہی جواب دیں گے۔ تو پھر ایسے لوگوں پر حیرانگی کیوں نہ آئے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تو جنتی مانتے ہو لیکن نبی کریم ﷺ کو مختار کل نہیں مانتے۔ جناب عالی! اگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جنتی مانتے ہو تو پھر اختیارات رسول ﷺ کو بھی ماننا پڑے گا۔ کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جنتی ماننے سے پہلے نبی پاک ﷺ کے مختار کل ہونے پر یقین کرنا ضروری ہے۔ کیونکہ ان کے جنتی ہونے کا اعلان نبی پاک ﷺ فرما رہے ہیں۔ اگر حضور پاک ﷺ کو اختیار حاصل ہوگا تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جنتی ہونے پر ایمان ہوگا۔ اگر حضور پاک ﷺ کو اختیار ہی حاصل نہیں تو پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جنتی ہونے پر ایمان رکھنا عجیب سی بات ہے۔ لہٰذا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم یقینی جنتی ہیں۔ جو شخص ان اصحاب رسول ﷺ کو جنتی نہ مانے وہ کافر منافق ہے اور جو صحابہ کرام کو جنتی مان کر اختیارات مصطفیٰ ﷺ نہ مانے وہ بھی منافق ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جنتی تب ہی مانا جائے گا جب پہلے یہ عقیدہ ہو کہ ہمارے آقا ﷺ مختار کل ہیں۔ جس کو چاہیں جنتی قرار دے دیں۔ کیونکہ جو نبی پاک ﷺ کو مختار کل نہیں مانتا وہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی عظمت کو نہیں مانتا یعنی جنتی نہیں مانتا۔ جو نبی کریم ﷺ کو مختار کل مانتا ہے وہی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو یقیناً جنتی مانتا ہے۔ جیسا کہ اہل سنت و جماعت ہیں۔

غیر اہلسنّت اگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو جنتی مانتے ہیں تو پھر سب سے پہلے ان کو اختیارات مصطفیٰ ﷺ پر ایمان لانا ہوگا بصورت دیگر مسلمانوں سے فراڈ ہے جو ان کی تباہی کا سبب بنے گا۔ اللہ تعالیٰ سمجھ کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

## دلیل نمبر 153

## اے ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ تو جنتی ہے

عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ

Marfat.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِفتقدَ ثابتَ بنُ قيسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ فَقَالَ رَجُلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا اعلَمُ لَكَ عِلمَهُ فَاتَاهُ فَوجَدَهُ جَالِساً فِي بَيتِهِ مُنكساً رَأسَهُ فَقَالَ مَاشَأنُكَ فَقَالَ شَرٌّ كَانَ يرفعُ صوتَهُ فوقَ صوتِ النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَد حبطَ عملُهُ وَ هُوَ مِن أَهلِ النَّارِ فَأَتَى الرَّجُلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخبرَهُ أنَّهُ قَالَ كَذَا وَ كَذَا فَقَالَ مُوسىٰ فَرَجَعَ اِلَيهِ المَرَّةَ الآخِرَةَ بِبِشَارَةٍ عَظِيمَةٍ فَقَالَ اِذهَب اِلَيهِ فَقُل لَهُ اِنَّكَ لَستَ مِن أَهلِ النَّارِ وَلٰكِنَّكَ مِن أَهلِ الجَنَّةِ ۔

ترجمہ: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے (کئی روز تک اپنی صحبت میں) ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ بن شماس کو نہیں دیکھا۔ ایک شخص نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں اس کا حال دریافت کر کے آپ ﷺ سے عرض کروں گا (کہ غیر حاضری کی کیا وجہ ہے)۔ پھر وہ شخص حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کے پاس گیا، دوسری طرف جا کر دیکھا کہ حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ اپنا سر جھکا کر پریشان بیٹھے ہوئے ہیں۔ اس شخص نے پوچھا کہ کہو کیا حال ہے؟ انہوں نے کہا کہ حال کیا ہے، برا حال ہے۔ میں تو ہمیشہ اپنی آواز کو آنحضرت ﷺ کی آواز سے بلند رکھتا تھا تو میری سب نیکیاں ختم ہوگئیں، مجھے ڈر ہے کہ دوزخی نہ بن جاؤں۔ یہ سن کر وہ شخص واپس نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور تمام واقعہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں بیان کر دیا۔ موسیٰ بن انس نے کہا پھر ایسا ہوا کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کی طرف ایک بہت بڑی خوشخبری دے کر بھیجا کہ ثابت رضی اللہ عنہ سے جا کر کہہ دو کہ تو دوزخی نہیں ہے بلکہ تو جنتی ہے، بہشت والوں میں سے ہے۔

Marfat.com

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب المناقب حدیث نمبر 817 ص 408

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب التفسیر حدیث نمبر 1951 ص 1007

☆ صحیح مسلم شریف جلد اول کتاب الایمان حدیث نمبر 222 ص 135

## دلیل نمبر 154

قَالَ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فَکُنَّا نَرَاہُ یَمشِی بَیْنَ اَظْھُرِنَا رَجُلٌ مِنْ اَھلِ الجَنَّۃِ ۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ ہمارے درمیان جنتی آدمی موجود ہے۔

حوالہ جات

☆ صحیح مسلم شریف جلد اول کتاب الایمان حدیث نمبر 225 ص 135

☆ تفسیر ابن جریر تفسیر سورۃ الحجرات آیت نمبر 2 ص 240

☆ مدارج النبوت جلد اول ص 171

☆ مشکوٰۃ شریف جلد سوم باب جامع المناقب پہلی فصل حدیث نمبر 5949 ص 273

☆ تفسیر ابن کثیر جلد اول پارہ نمبر 4 تفسیر سورۃ آل عمران ص 476

☆ مدارج النبوت جلد دوم ص 615

تبصرہ:

قارئین گرامی سبحان اللہ کیا شان ہے میرے آقا کریم ﷺ کے اختیارات کی۔ جب یہ آیت کریمہ نازل ہوئی کہ ”اے ایمان والو! اپنی آوازوں کو میرے محبوب ﷺ کی آواز سے بلند نہ کیا کرو۔ یہ نہ ہو کہ تمہارے اعمال برباد کر دیئے جائیں اور تم کو خبر تک نہ ہو“۔ حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کو چونکہ اونچا سنائی دیتا تھا، اس لئے بعض اوقات ان کی آواز نبی کریم ﷺ کی آواز سے بلند ہو جاتی تھی۔ چنانچہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو

Marfat.com

آپ پریشانی کے عالم میں کئی روز تک نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر نہ ہو سکے اور گھر میں ہی مقیم ہو کر بیٹھ گئے۔ جب کافی دنوں تک آپ نگاہِ محبوب ﷺ سے اوجھل رہے تو میرے آقا ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا کہ کیا بات ہے میں اپنے غلام ثابت رضی اللہ عنہ کو نہیں دیکھ رہا ہوں۔ ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ ﷺ کے قدموں پر فدا ہوں، میں ابھی جا کر پتا کرتا ہوں۔ چنانچہ وہ شخص گیا اور حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ سے غیر حاضری کا ماجرا پوچھا تو آپ نے اپنا واقعہ سنا دیا۔ آپ نے اپنا خوف ظاہر کیا کہ کہیں میری نیکیاں برباد نہ ہو گئی ہوں اور میں دوزخ میں نہ چلا جاؤں۔ سبحان اللہ کیسا عقیدہ تھا اصحاب رسول ﷺ کا کہ ذرا سی لاپرواہی سے بھی خوف رکھتے تھے۔ آج کچھ ایسے لوگ جو پاکستانی یا غیر پاکستانی ہیں جو کتنی جسارت سے نبی کریم ﷺ کے اختیارات، کمالات، عزت و عظمت کا انکار کرتے ہیں اور دعویٰ بھی کرتے ہیں کہ ہم غلام رسول ﷺ ہیں۔ ہم صحابہ رضی اللہ عنہم کی پیروی کرتے ہیں۔ ہم قرآن و حدیث کو مانتے ہیں۔ اگر قرآن و حدیث کو مانتے ہوتے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی پیروی کرتے ہوتے تو اختیارات رسول ﷺ کا انکار کبھی نہ کرتے۔ یہ انکار ایسے لوگوں کی اندر کی خباثت کا پتہ دیتا ہے کہ ان لوگوں کے دلوں میں محبت رسول ﷺ نہیں بلکہ عداوت رسول ﷺ ہے۔ ایسے عقیدے کو ہمارا اسلام ہے۔

بہر حال مسلمان بھائیو! جب تمام واقعہ میرے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں عرض کیا گیا تو آپ ﷺ کی رحمت کا سمندر جوش میں آ گیا اور فرمایا کہ جاؤ میرے غلام سے کہہ دو کہ تیرے لجپال نبی ﷺ نے فرمایا ہے کہ تو دوزخ میں نہیں جائے گا بلکہ تو تو زمین پر چلتا پھرتا جنتی آدمی ہے۔ اے غلام تو کیسے دوزخ میں جائے گا؟ میرے اختیارات و کمالات کو ماننے والوں کے لئے تو جنت ہے اور میرے اختیارات و کمالات کو نہ ماننے والوں کے لئے جہنم ہے۔ آپ ﷺ کا یہ فرمان ہے کہ تو جنتی ہے، یہ ثابت کرتا ہے کہ آپ ﷺ مختارِ کل ہیں۔ جس کو چاہیں، جب چاہیں، جہاں چاہیں جنت عطا فرما دیں۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 155

### زمین پر چلتا پھرتا جنتی حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ

عَـن سَعْدِ بنِ أَبِی وَقَاصٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ عَن أَبِیہِ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ مَا سَمِعتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُولُ لِأَحَدٍ یَمشِی عَلَی الأَرضِ اِنَّہُ مِن أَھلِ الجَنَّۃِ اِلَّا لِعَبدِ اللّٰہِ بِن سَلامٍ۔

ترجمہ: حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ سے کسی شخص کے متعلق جو زمین پر چلتا پھرتا ہو یہ نہیں سنا کہ وہ جنتی ہے لیکن عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے لئے کہ وہ زمین پر چلتا پھرتا جنتی ہے۔

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب المناقب باب مناقب عبد اللہ بن سلام حدیث نمبر 1000 ص 487

☆ صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب التعبیر حدیث نمبر 1901 ص 847

☆ صحیح مسلم شریف جلد سوم کتاب فضائل الصحابہ رضی اللہ عنہم باب من فضائل عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ حدیث نمبر 6256 ص 370

☆ مشکوٰۃ شریف جلد سوم باب جامع مناقب پہلی فصل حدیث نمبر 5947 ص 272

☆ تفسیر ابن کثیر جلد اول پارہ نمبر 3 تفسیر سورۃ البقرہ ص 332

## دلیل نمبر 156

عَـن مُحَـمَّدِبنِ سَرِینَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَیسُ بنُ عُبَادٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ کُنتُ فِی حَلقَۃٍ فِیھَا سَعدُ بنُ مَالِكٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَابنُ عُمرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فَمَرَّ عَبدُاللّٰہِ بنُ سَلَامٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فَقَالُوا ھٰذَا رَجُلٌ مِن أَھلِ الجَنَّۃِ۔

ترجمہ: محمد بن سرین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت قیس بن عباد رضی اللہ عنہ نے

Marfat.com

کہا میں لوگوں کے حلقے میں بیٹھا ہوا تھا۔ ان لوگوں میں حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بھی تشریف فرما تھے اتنے میں حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سامنے سے نکلے لوگوں نے کہا یہ شخص بہشت والوں میں سے ہے۔

حوالہ: صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب التعبیر باب الخضر فی المنام حدیث نمبر 1901 صفحہ نمبر 848

**تبصرہ:**

نہ جی بھر کے دیکھا نہ کچھ بات کی
بڑی آرزو تھی ہمیں ملاقات کی

یہ شعر میں نے اس لئے لکھا ہے کہ بعض لوگ صرف اور صرف بھولی بھالی بیچاری سادی سی عوام کو دین کی پٹڑی سے اُتارنے کے لیئے اور اپنا علمی سکہ پبلک میں چلانے کے لئے صرف یہ خالی دعوی کرتے ہیں کہ ہم تو اللہ کا قرآن مانتے ہیں اور امام بخاری کی بخاری مانتے ہیں۔ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ امام مسلم اور دیگر محدثین نے وہ تمام احادیثیں نقل کر کے جن میں اختیارات مصطفیٰ ﷺ روز روشن کی طرح نظر آرہے ہیں۔ ایسے لوگوں کے منہ پر ایسا طمانچہ مارا کہ غریب منہ دکھانے کے قابل نہ رہے۔ اگر جناب کے دل میں نورِ ایمان ہو تو یہ حدیث بھی اس بات کی ترجمانی کرتی ہے کہ میرا نبی ﷺ مختار کل ہے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا بھی یہ عقیدہ تھا کہ آپ ﷺ جنت کے بھی مالک و مختار ہیں۔ جس کو چاہیں، جب چاہیں جنت عطا فرما دیں۔ (سبحان اللہ)

## دلیل نمبر 157

## حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو جنت کی سرداری دیدی

عَنْ عَلِیِّ ابْنِ اَبِی طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ کُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا طَلَعَ اَبُوْ بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَ

Marfat.com

عُمَرُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ هٰذَانِ سَیِّدَا کُهُولِ اَهلِ الْجَنَّةِ مِنَ الاَوَّلِینَ وَالآخِرِینَ اِلَّا النَّبِیِّینَ وَالمُرسَلِینَ یَا عَلِیُّ لَا تُخبِر هُمَا ۔

ترجمہ: حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا کہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ تشریف لے کر آئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یہ دونوں جنت میں ادھیڑ عمر لوگوں کے سردار ہیں خواہ وہ پچھلے لوگ ہوں یا آنے والے (یعنی تمام لوگوں کے) البتہ انبیاء اور مرسلین کے علاوہ۔ اے علی! ان دونوں کو اس بات کی خبر نہ دینا۔

## دلیل نمبر 158

عَن اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُو لُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِاَبِی بَکرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ وَ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ هٰذَانِ سَیِّدَا کُهُولِ أَهلِ الجَنَّةِ مِنَ الاَوَّلِینَ وَالآخِرِینَ اِلَّا النَّبِیِّینَ وَالمُرسَلِینَ لَا تُخبِرهُمَا یَا عَلِیُّ ۔

ترجمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے متعلق فرمایا کہ یہ دونوں انبیاء و مرسلین کے علاوہ جنت کے تمام ادھیڑ عمر لوگوں کے سردار ہیں۔ اے علی! تم انہیں اس بات کی خبر نہ کرنا۔

حوالہ جات

☆ جامع ترمذی شریف جلد دوم ابواب المناقب حدیث نمبر 1599-1598 ص 698

☆ سنن ابن ماجہ جلد اول باب فضائل اصحاب رسول ﷺ حدیث نمبر 100 ص 61

☆ مشکوٰۃ شریف جلد سوم باب جامع مناقب حدیث نمبر 5800 ص 236

☆ نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب ﷺ ص 229 مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 159

# حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے جنت واجب کر لی

عَنْ زُبَیرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ کَانَ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ اُحُدٍ دِرْعَانِ فَنَھَضَ اِلَی الصَّخْرَۃِ فَلَمْ یَسْتَطِیْع فَاَقْعَدَ تَحْتَہٗ طَلْحَۃَ فَصَعِدَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی اِسْتَوٰی عَلَی الصَّخْرَۃِ قَالَ فَسَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَوْجَبَ طَلْحَۃُ۔

ترجمہ: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ غزوہ احد میں نبی کریم ﷺ کے جسم مبارک پر دو زرہیں تھیں۔ آپ ﷺ ایک پتھر پر چڑھنے لگے تو چڑھ نا سکے چنانچہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کو بٹھایا اور ان پر پاؤں رکھ کر چڑھ گئے پھر میں نے آپ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ طلحہ رضی اللہ عنہ کے لیے جنت واجب ہوگئی ہے۔

حوالہ جات

☆ جامع ترمذی جلد دوئم ابواب المناقب مناقب ابی محمد طلحہ بن عبید اللہ حدیث نمبر 1671 صفحہ نمبر 729۔

☆ جامع ترمذی جلد اول ابواب الجہاد حدیث نمبر 1746 صفحہ نمبر 843

☆ مشکوۃ شریف جلد سوئم باب المناقب العشرہ دوسری فصل حدیث نمبر 5859 صفحہ نمبر 251۔

☆ سیرت ابن ہشام جلد دوئم صفحہ نمبر 86

☆ مدارج النبوت جلد دوئم صفحہ 613

☆ الرحیق المختوم صفحہ نمبر 375 مولوی صفی الرحمٰن مبارک پوری وہابی

☆ امداد السلوک صفحہ نمبر 111

Marfat.com

تبصرہ:

عقل ہوتی تو خدا سے نہ لڑائی لیتے
یہ گھٹائیں اسے منظور بڑھانا تیرا

معزز قارئین گرامی اس حدیث میں کتنی وضاحت سے ثابت ہوگیا ہے کہ آپ ﷺ جنت کے مالک مختار ہیں۔غزوہ احد کے دن آپ ﷺ نے ایک پہاڑ پر چڑھنا چاہا مگر چڑھ نہ سکے۔تو اس میں بھی یہ حکمت تھی کہ آج لوگوں کے سامنے اپنے غلام کو جنت عطا فرمانی ہے کہ جب خدمت کیلئے آپ کا غلام صحابی حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نیچے بیٹھ گیا آپ ﷺ نے اپنے قدم مبارک حضرت طلحہ کی پشت پر رکھے اور پہاڑ پر چڑھ گئے۔آپ ﷺ اس غلام کی اس خدمت پر خوش ہو گئے جب بادشاہ اپنے غلام سے خوش ہوتا ہے تو پھر اس کو انعام اکرام سے نواز دیتا ہے میرے نبی ﷺ تو خدا کی خدائی کے بادشاہ ہیں۔جب سرورِ دوعالم ﷺ اپنے غلام سے خوش ہوئے تو پھر فرمایا تو نے یہ خدمت کر کے مجھے راضی کر دیا ہے اب اس خوشی میں جا تیرا نبی ﷺ تجھے یہ انعام دیتا ہے کہ تو جنتی ہے اور تجھ پر جنت واجب ہوگئی ہے۔اب ہے کوئی ملاں جو حضرت طلحہ کو جنتی نا مانے اگر حضرت طلحہ کو جنتی مانتے ہو تو پہلے اختیارات رسول ﷺ کا اقرار کرلو کیونکہ جنت کی خوشخبری میرے نبی کریم ﷺ نے عطاء کی ہے۔اس میں تمہاری دین اور دنیا کی کامیابی ہے آگے آپ کی مرضی ہے۔

دلیل نمبر 160

## جنت میں آپ ﷺ کے پڑوسی کون ہیں؟

عَنْ عَلِيِّ ابنِ اَبِی طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَقُولُ سَمِعتُ اُذُنِی مِن فِی رَسُو لِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ هُوَ یَقُولُ طَلحَةُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَ الزُّبیرُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ جَارِیَ فِی الجَنَّةِ ۔

Marfat.com

ترجمہ: حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے کانوں نے نبی کریم ﷺ کے منہ سے یہ الفاظ سنے کہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہ دونوں جنت میں آپ ﷺ کے پڑوسی ہونگے۔

حوالہ☆ جامع ترمذی جلد دُوئم ابوابُ المناقب حدیث نمبر 1673 صفحہ نمبر 729

## تبصرہ:

اس حدیث سے بھی ثابت ہوا کہ آپ ﷺ جس کو جو چاہیں جب چاہیں ہر عزت وعظمت سے نواز سکتے ہیں۔ اس حدیث نے یہ بھی ثابت کر دیا کہ آپ ﷺ جہاں ان دونوں صحابہ کو جنت کا سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں وہاں یہ بھی فرما دیا ہے کہ جنتی تو تم بالکل ہو لیکن جنت میں تم میرے پڑوسی بھی ہو۔ یعنی جنت بھی دے دی اپنا پڑوس بھی عطا کر دیا تا کہ لوگوں کو بتا دو کہ۔

ہم رسول اللہ ﷺ کے　　　جنت رسول اللہ ﷺ کی

## دلیل نمبر 161

## اے زید بن ارقم رضی اللہ عنہ تو بغیر حساب کتاب کے جنت میں جائیگا

وَعَنْ اُنَیْسَةَ بِنْتِ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ اَبِیْهَا اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰی زَیْدٍ یَعُوْدُهٗ مِنْ مَّرَضٍ كَانَ بِهٖ قَالَ لَیْسَ عَلَیْكَ مِنْ مَّرَضِكَ بَاسٌ وَ لٰكِنْ كَیْفَ لَكَ اِذَا عُمِّرْتُ بَعْدِیْ فَعَمِیْتُ قَالَ اَحْتَسِبُ وَ اَصْبِرُ قَالَ اِذًا تَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِغَیْرِ حِسَابٍ قَالَتْ فَعَمِیَ بَعْدَ مَامَاتَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ رَدَّ اللّٰهُ عَلَیْهِ بَصَرَهٗ ثُمَّ مَاتَ ۔

ترجمہ: حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ کی بیٹی حضرت انیسہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ اپنے باپ زید رضی اللہ عنہ سے روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ حضرت زید

Marfat.com

بن ارقم رضی اللہ عنہ کے پاس انکی عیادت کرنے کیلئے تشریف لے کر آئے نبی پاک ﷺ نے فرمایا تیری یہ بیماری خطرناک نہیں ہے لیکن تیری اس وقت کیا کیفیت ہوگی جب تو میرے بعد لمبی عمر دیا گیا اور تو اندھا ہو جائے گا۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول! میں تو اپنے رب کی رضا طلب کروں گا اللہ تعالیٰ کے حکم پر صبر کروں گا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اب تو بغیر حساب وکتاب کے جنت میں داخل ہوگا راوی نے کہا کہ حضرت زید رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کی وفات کے بعد اندھے ہو گئے پھر اللہ تعالیٰ نے حضرت زید رضی اللہ عنہ پر ان کی بینائی واپس لوٹا دی اس کے بعد آپ کا وصال ہو گیا۔

حوالہ☆ مشکوۃ شریف جلد سوئم باب فی المعجزات تیسری فصل حدیث نمبر 5685 صفحہ نمبر 198

تبصرہ:

اگر اللہ تعالیٰ سمجھنے کی توفیق عطاء فرمائے اور دل میں نورِ ایمان ہو تو یہ حدیث علم مصطفیٰ ﷺ اور اختیاراتِ مصطفیٰ ﷺ پر ایک بہت بڑی دلیل ہے جب امام الانبیاء ﷺ اپنے غلام زید بن ارقم رضی اللہ عنہ جو کہ بیمار تھے ان کی عیادت کرنے کیلئے تشریف لے کر آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس بیماری کی وجہ سے تو پریشان مت ہو۔ تو صحت مند ہو جائے گا۔ تجھ کو شفا مل جائے گی تو ٹھیک ٹھاک ہو جائے گا یعنی آپ کو اللہ تعالیٰ نے غیب کا علم دیا تھا۔ آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے علم سے اپنے غلام کو اس کی تقدیر کے فیصلے سنا رہے ہیں۔ کہ تم کو اس بیماری سے کچھ بھی نہیں ہونے والا بلکہ تو صحت اور شفاء پائے گا لیکن اے غلام وہ وقت تم پر کیسا ہوگا جب میرا وصال ہو جائے گا اور تمہیں لمبی عمر دی جائے گی اور تو اندھا ہو جائے گا یعنی آپ ﷺ غلام کو یہ خبر بھی دے رہے ہیں کہ ابھی تیری عمر بہت لمبی ہے۔ پہلے میرا وصال ہو جائے گا اس کے بعد تو لمبی عمر دیا جائے گا پھر تو اندھا بھی ہوگا صحابی رضی اللہ عنہ کا بھی یہ عقیدہ تھا کہ مجھے اس وقت تک موت نہیں آئے گی جب تک میرے آقا ﷺ کا وصال مبارک نہ ہو جائے اور میں لمبی عمر پا کر اندھا ہو

Marfat.com

جاؤں گا یہ علم مصطفیٰ ﷺ نہیں تو اور کیا ہے۔ پھر فرمایا اس وقت کیا کرے گا غلام نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس وقت میں اللہ تعالیٰ کے حکم پر صبر کروں گا اور اللہ تعالیٰ کی رضا پر خوش رہوں گا۔ غلام کا یہ جواب سن کر مالک مختار نبی کریم ﷺ بہت خوش ہوئے اور اسی خوشی میں آپ ﷺ غلام کو اس انعام سے نواز رہے ہیں کہ اے غلام جا اب تو بغیر حساب کتاب کے جنت میں جائے گا۔ یہی وہ اختیارات ہیں جن پر اہلسنّت کا ایمان اور عقیدہ ہے کہ میرا نبی ﷺ جس کو چاہے جنت عطاء فرمادے ارے عقل کے اندھو یہاں تو وہ جنت دی جا رہی ہے جو بغیر حساب و کتاب کے دے دی کہ تو بغیر حساب کتاب کے جنت میں جائے گا۔ پھر آگے سنیں راوی کہتا ہے کہ۔ آپ ﷺ کی وفات کے بعد حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ اندھے ہوگئے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اُن کی بینائی واپس لوٹا دی اس کے بعد آپ کا وصال ہوگیا۔ یہی وہ اختیارات ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب ﷺ کو عطاء فرمائے ہیں بس ان اختیارات کو ماننے کیلئے عقیدہ صحابہ کرام جیسا ہونا چاہئے۔ اس سے یہ بھی ثابت ہوا کہ صحابہ کرام حق پر ہیں اب ایسے احباب کو چاہیے کہ ذرا اپنے عقیدے کو بھی دیکھیں اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے عقیدے کو بھی دیکھیں تو ثابت ہو جائے گا اہلسنّت حق پر ہیں کیونکہ ہمارا عقیدہ وہ ہے جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا تھا۔

## دلیل نمبر 162

## حضرت مرثد غنوی رضی اللہ عنہ تم پر کوئی حرج نہیں اگر عمل نہ بھی کرو

(حدیث مبارکہ کافی لمبی ہے صرف ترجمہ پر اکتفاء کرتا ہوں)

ترجمہ: حضرت سہل بن حنظلیہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ وہ غزوہ حنین کے دنوں میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چلے اور خاصہ طویل سفر کیا یہاں تک کہ سہ پہر کا وقت ہوگیا اور میں نماز کے وقت رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر تھا اتنے میں ایک گھڑ سوار آدمی حاضر خدمت ہوا اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ

Marfat.com

میں آپ لوگوں کے سامنے سے چل کر گیا یہاں تک میں فلاں فلاں پہاڑ پر چڑھا اور میں نے اچانک بنی ہوازن کے لوگوں کو دیکھا کہ وہ سب اپنی عورتوں اونٹوں اور بکریوں سمیت حنین کے پاس جمع ہیں یہ سن کر رسول اللہ ﷺ نے تبسم فرمایا اور ارشاد فرمایا انشاء اللہ وہ کل مسلمانوں کا مال غنیمت ہوگا۔ پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا آج کی رات ہماری حفاظت کی ذمہ داری کون ادا کرے گا تو حضرت انس بن ابی مرثد غنوی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ فریضہ میں سرانجام دوں گا تو آپ ﷺ نے فرمایا پھر تو سوار ہو کر تیاری کر لے پس وہ گھوڑے پر سوار ہو کر رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہو گیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ اس گھاٹی کی طرف چلا جا یہاں تک تو اس کی بلند چوٹی پر پہنچ جائے اور آج کی رات تیری جانب سے ہمارے ساتھ دھوکا نہ ہونے پائے (یعنی تم سو جاؤ اور دشمن موقع پا کر ہم پر حملہ آور نا ہو جائیں) پس جب ہم نے صبح کی تو رسول اللہ ﷺ اپنے جائے نماز کی طرف تشریف لے کر آئے اور دو رکعت نماز ادا کی پھر ارشاد فرمایا کہ کیا تم نے اپنے شہسوار کو دیکھا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم نے اس کو نہیں دیکھا پھر نماز کے لئے تکبیر کہی گئی رسول اللہ ﷺ نماز پڑھنے لگے اور آپ ﷺ گھاٹی کی طرف بھی متوجہ رہے یہاں تک آپ ﷺ نے اپنی نماز مکمل کر لی اور سلام پھیرا اور فرمایا کہ تم خوش ہو جاؤ تمہارا شہسوار آ گیا ہے۔ پس ہم درختوں کے درمیان میں سے گھاٹی کی طرف دیکھنے لگے اتنے میں وہ آ گیا اور رسول اللہ ﷺ کے سامنے کھڑا ہو گیا اور سلام عرض کیا اور عرض کیا میں چلتا گیا اور یہاں تک میں اس گھاٹی کی چوٹی پر پہنچ گیا جیسا کے نبی پاک ﷺ نے مجھے ارشاد فرمایا تھا۔ پس جب میں نے صبح کی اور میں ان دونوں گھاٹیوں پر چڑھا اور میں نے اِدھر

Marfat.com

اُدھر خوب دیکھا لیکن میں نے کسی کو نا پایا پھر رسول اللہ ﷺ نے ان سے پوچھا کیا تم رات کے وقت نیچے اترے؟ عرض کیا سوائے نماز پڑھنے یا قضائے حاجت کے نہیں رسول اللہ ﷺ نے انہیں فرمایا تو نے (جنت کو اپنے لئے) واجب کرلیا ہے پس تجھ پر کوئی حرج نہیں کہ تو اس کے بعد کوئی عمل کرے۔

حوالہ جات

☆سُنن ابی داوٗد جلد دوئم باب فی فضل العرسِ فی سبیل اللہ تعالیٰ حدیث نمبر 2140 صفحہ نمبر 195

☆مشکوۃ شریف جلد سوئم باب المعجزات تیسری فصل حدیث نمبر 5668 صفحہ نمبر 194

☆تفسیر ابن کثیر جلد اول پارہ نمبر 4 تفسیر سورۃ آلِ عمران صفحہ نمبر 487

تبصرہ:

اس حدیث میں بتایا جارہا ہے کہ جب حضرت ابی مرثد غنوی رضی اللہ عنہ نے رات بیدار ہوکر دینِ اسلام کی خاطر نبی پاک ﷺ کی خوشی کی خاطر پہرا دیا تو آپ ﷺ خوش ہوگئے اور اس خوشی میں آپ ﷺ نے اپنے اختیارات استعمال کرتے ہوئے فرمایا میں تیری خدمت کی وجہ سے راضی ہوگیا ہوں جاؤ انعام میں تجھے جنت بھی دیتا ہوں اور یہ رخصت بھی عطاء کرتا ہوں کہ آج کے بعد کوئی بھی عمل نہ کرے پھر بھی تجھ پر کوئی حرج نہیں ہے یہ اختیارات نہیں ہیں تو اور کیا ہے؟ اتنی گارنٹی غلام کو دے دی اللہ تعالیٰ سمجھ کی توفیق عطاء فرمائے آمین۔

## دلیل نمبر 163

## اے عثمان غنیؓ رضی اللہ عنہ تو کچھ بھی کرے تیرا مواخذہ نہیں ہوگا

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَبَّابٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ شَهِدْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ یَحُثُّ عَلٰی جَیْشِ الْعُسْرَةِ فَقَامَ

Marfat.com

عُثْـمَـانُ بْـنُ عُفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ يَارَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ مِائَةُ بَعِيرٍ بَاحَلَاسِهَا وَاَقْتَابِهَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ثُمَّ حَـضَّ عَـلَى الْجَيْشِ فَقَامَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ يَارَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَتَا بَعِيرٍ بَاحَلَاسِهَا وَ اَقْتَابِهَا فِي سَبِيلِ الـلّٰـهِ ثُـمَّ حَضَّ فَقَامَ عُثْمَانُ فَقَالَ عَلَى ثَلٰثِ مِائَةِ بَعِيرٍ بَا حَلَاسِهَـا وَ اَقْتَـابِهَـافِـي سَبِيلِ اللّٰهِ فَاَنَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمِنبَرِ وَهُوَ يَقُولُ مَا عَلَى عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ هٰذِهٖ مَا عَلَى عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ هٰذِهٖ ۔

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن خباب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو غزوہ تبوک کیلئے تیاری کے متعلق ترغیب دیتے ہوئے دیکھا چنانچہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کیا: یارسول اللہ! سو اونٹ پلان اور کجاوے سمیت میرے ذمہ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی راہ کے لئے وقف ہے۔ آپ رسول اللہ ﷺ نے پھر ترغیب دی تو حضرت عثمان بن عفان پھر دوبارہ کھڑے ہوئے عرض کیا: یارسول اللہ! دو سو اونٹ پلان اور کجاوے سمیت اپنے ذمہ لیتا ہوں۔ آپ رسول اللہ ﷺ نے پھر ترغیب دی تو حضرت عثمان بن عفان تیسری مرتبہ پھر کھڑے ہوئے اور عرض کیا یارسول اللہ ﷺ میں نے تین سو اونٹ پلان اور کجاوے سمیت اپنے ذمہ لے لئے ہیں راوی کہتے ہیں میں نے یہ دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ منبر سے یہ فرماتے ہوئے نیچے تشریف لے کر آئے کہ آج کے بعد عثمان غنی ﷺ کچھ بھی کرے اسکا مواخذہ نہیں ہو گا آج کے بعد عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے کسی بھی عمل پر پکڑ نہیں ہوگی۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 164

عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ جَاءَ عُثْمَانُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَلْفِ دِيْنَارٍ قَالَ الْحَسَنُ بْنُ وَاقِعٍ فِي مَوْضِعٍ اٰخَرَ مِنْ كِتَابِي فِي كُمِّهٖ حِيْنَ جَهَّزَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ فَنَشَرَهَا فِي حِجْرِهٖ قَالَ عَبْدُالرَّحْمٰنِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَلِّبُهَا فِي حِجْرِهٖ وَيَقُوْلُ مَا ضَرَّ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَا عَمِلَ بَعْدَ الْيَوْمِ مَرَّتَيْنِ۔

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ایک ہزار دینار لے کر حاضر خدمت ہوئے۔ غزوہ تبوک کے موقع پر اور آپ ﷺ کی گود میں ڈال دیئے عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ ان دیناروں کو اپنی گود میں ہی اُلٹ پلٹ رہے تھے اور فرما رہے تھے کہ آج کے بعد عثمان رضی اللہ عنہ کو کوئی گناہ ضرر نہیں پہنچا سکتا دو مرتبہ یہی فرمایا۔

حوالہ جات

☆ جامع ترمذی شریف جلد دوئم ابواب المناقب حدیث نمبر 35-1234 صفحہ نمبر 713

☆ مشکوۃ شریف جلد سوئم باب مناقب عثمان فصل دوسری حدیث نمبر 5811 صفحہ نمبر 238۔

☆ تفسیر ابن کثیر جلد دوئم پارہ نمبر 11 تفسیر سورۃ التوبہ صفحہ نمبر 408۔

☆ مدارج النبوت صفحہ نمبر 407 شیخ عبدالحق محدث دہلوی۔

☆ الرحیق المختوم صفحہ نمبر 583 مولوی صفی الرحمٰن مبارک پوری (وہابی)۔

### تبصرہ:

اس حدیث مبارکہ میں غزوہ تبوک کا ایک واقعہ بیان کیا جارہا ہے کہ میرے آقا کریم ﷺ نے اپنے غلاموں سے فرمایا کہ دین اسلام کو پرچم اسلام کو بلند کرنے کیلئے

Marfat.com

کافروں، بے ایمانوں، منافقوں کو دبانے کیلئے تمہارے مال و زر کی ضرورت ہے۔لہٰذا اپنی حیثیت کے مطابق خدمت کرو۔ پیارے آقا کریم ﷺ کا فرمانِ عالی شان سن کر صحابہ کرام نے اپنے اپنے مال سے دین اسلام کی مدد کرنا شروع کر دی۔ چنانچہ حضرت سیدنا عثمانِ غنی ذوالنورین آپ نے کھڑے ہو کر عرض کیا یارسول اللہ ﷺ سو اونٹ بمعہ ساز و سامان کے حاضر خدمت ہیں مختصر یہ کہ آپنے تین مرتبہ اعلان کیا اور حضرت عثمان غنی ہر مرتبہ سو سو اونٹ بڑھاتے رہے یہاں تک کہ عرض کیا: یارسول اللہ! تین سو اونٹ بمعہ ساز و سامان آپ ﷺ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی اس جانثاری سے اور آپ کی سخاوت سے خوش ہو کر محبوب خدا ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے فرمایا جاؤ عثمان کیا یاد کرو گے آج کے بعد تم کچھ نا بھی کرو تمہیں کوئی پوچھنے والا نہیں ہے یعنی کہ آپ ﷺ نے فری ہینڈ اجازت دے دی کہ جو تیرا جی چاہے کرو کوئی بھی عمل کرو تمہیں کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتا۔ اتنی بڑی گارنٹی کون دے سکتا ہے وہی جس کو اختیارات ہوتے ہیں۔ یہ اختیارات نہیں ہیں تو اور کیا ہے اللہ تعالیٰ سمجھ کی توفیق عطاء فرمائے۔

## دلیل نمبر 165

## حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے میرے نبی کریم ﷺ سے جنت خرید لی

وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَشْتَرِى بِئْرَ رُومَةَ فَلَهُ الْجَنَّةَ فَحَفَرَهَا عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَالَ مَنْ جَهَّزَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ فَلَهُ الْجَنَّةُ فَجَهَّزَهُ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ .

ترجمہ: نبی کریم ﷺ نے فرمایا جو شخص بیر رومہ (رومہ کا کنواں) خرید کر دے اس کے لیے جنت ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے خرید کر دیا پھر آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص تنگی کی حالت میں فوج کو ساز و سامان دے اس

Marfat.com

کے لیے جنت ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس کا بھی سامان کر دیا۔

حوالہ: الصحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب المناقب عثمان بن عفان ابی عمرو القرشی صفحہ نمبر 442

## دلیل نمبر 166

حدیث مبارکہ: عَنِ ابنِ عُمَرَ قَالَ اِنَّمَا تَغَیَّبَ عُثمَانُ عَن بَدرٍ فَاِنَّہُ کَانَ تَحتَہُ بِنتُ رَسُولِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ وَ کَانَت مَرِیضَۃً فَقَالَ لَہُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ اِنَّ لَکَ اَجرَ رَجُلٍ مِمَّن شَہِدَ بَدرًا وَ سَہمَہُ ۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر سے روایت ہے کہ حضرت عثمان غنی جو بدر کی لڑائی میں شریک نہ تھے تو اس کی وجہ یہ ہوئی کہ آنحضرت ﷺ کی صاحبزادی ان کے نکاح میں تھیں وہ بیمار تھیں آنحضرت ﷺ نے ان سے فرمایا تھا تم کو اتنا ہی ثواب ملے گا جتنا اس کو ملے گا جو بدر میں شریک ہو اور اتنا ہی حصہ بھی ملے گا۔

حوالہ: صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب الجہاد والسیر حدیث نمبر 369 ص نمبر 203

### تبصرہ:

اس حدیث سے بھی ثابت ہوا کہ آپ ﷺ مالک و مختار ہیں حالانکہ حضرت عثمان غنی بدر کی جنگ میں شریک نہ ہو سکے وجہ کیا تھی آپ ﷺ کی صاحبزادی جو حضرت عثمان غنی کے نکاح میں تھیں وہ بیمار تھیں تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم صرف میری بیٹی کی نگہداشت کرو اور ان کی صحت کا خیال کرو باقی رہا مال غنیمت اور جنگ میں جو ثواب باقی صحابہ کو ملنا تھا تو وہ تم کو بھی ملے گا یعنی کہ غیر حاضری کے باوجود مال غنیمت بھی اور ثواب بھی اس سے ثابت ہوا کہ آپ ﷺ مالک و مختار ہیں جو چاہیں حکم نافذ فرما دیں۔ (اللہ تعالیٰ سمجھ کی توفیق عطا فرمائے آمین)

Marfat.com

دلیل نمبر 167

## زمین پر جنتی عورت

حَدَّثَنِی عَطَاءُ بنُ أَبِی رَبَاحٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ لِی ابنُ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَلَا أُرِیكَ إمرَأَةً مِن أَهلِ الجَنَّةِ؟ قُلتُ بَلٰی قَالَ هٰذِهِ المَرْأَةُ السودَاءِ أَتَتِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ فَقَالَت اِنِّی أُصرَعُ وَاِنِّی أَتَكَشَّفُ فَادعُ اللّٰهَ لِی قَالَ اِن شِئتِ صَبَرْتِ وَلَكِ الجَنَّةُ وَاِن شِئتِ دَعَوْتُ اللّٰهَ أَن یُعَافِیكَ فَقَالَت أَصبِرُ فَقَالَت إِنِّی أَتَكَشَّفُ فَادعُ اللّٰهَ لی أَن لَا أَتَكَشَّفَ فَدعَالَهَا ۔

ترجمہ: حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ عنہ نے بیان کیا ہے کہ مجھ سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا کیا میں تم کو جنتی عورت دکھلاؤں؟ میں نے کہا ضرور دکھلائیے انہوں نے کہا دیکھو یہ سانولی عورت آنحضرت ﷺ کے پاس آئی تھی کہنے لگی: یارسول اللہ! مجھے مرگی کا عارضہ ہے۔ میرا ستر کھل جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیے میرا عارضہ جاتا رہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر تو صبر کرے تو تیرے لئے جنت ہے اگر تو چاہتی ہے تو میں تیرے لئے دعا کر دیتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ تجھ کو اچھا کر دے گا وہ کہنے لگی میں صبر کروں گی مگر میرا ستر کھل جاتا ہے آپ ﷺ اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیے میرا ستر نہ کھلے آنحضرت ﷺ نے دعا کر دی۔

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب المرضیٰ حدیث نمبر 611 صفحہ نمبر 307۔

☆ صحیح مسلم شریف جلد اول کتاب البر والصلۃ والادب حدیث نمبر 6446 صفحہ نمبر 436

Marfat.com

☆ الادب المفرد امام بخاری باب یکتب للمریض ما کان یعمل وھو صحیح حدیث نمبر 505 صفحہ نمبر 335

☆ مسند احمد جلد اول صفحہ نمبر 347

☆ مشکوۃ شریف جلد اول کتاب الجنائز باب عیادۃ المریض وثواب المریض حدیث نمبر 1491 تیسری فصل صفحہ نمبر 335۔

## تبصرہ

اس حدیث میں بھی اختیارات رسول اللہ ﷺ ثابت ہیں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اپنے شاگرد حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ عنہ کو فرما رہے ہیں کہ کیا تو جنتی عورت کو دیکھنا چاہتا ہے۔ عرض کرنے پر وہ تمام واقع جو ابھی آپ نے حدیث مبارکہ میں پڑھا ہے۔ بیان کیا اور ساتھ ہی یہ بھی ثابت کر دیا کہ میرا نبی ﷺ مختار کل ہے۔ جس کے لیئے جب چاہے جنت کی خوشخبری دے دے جس کو یہ خوشخبری دے دی جاتی ہے وہ یقیناً جنتی ہو جاتا ہے۔ جنتی تو تب ہے اگر اختیارات ہوں تو اگر اختیارات نہیں تو پھر جنت کا تصور کیسا ذرا سوچیئے؟

## دلیل نمبر 168

## سورۃ اخلاص پڑھنے والے کو فرمایا کہ تجھ پر جنت واجب ہو گئی

عَنْ أَبِی هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ أَقْبَلْتُ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَ رَجُلًا یَقْرَأُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ اللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَهٗ كُفُوًا أَحَدٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَجَبَتْ قُلْتُ مَا وَجَبَتْ قَالَ الْجَنَّةُ.

ترجمہ: حضرت ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نبی پاک ﷺ کے ساتھ آیا آپ ﷺ نے کسی شخص کو سورۃ اخلاص پڑھتے ہوئے سنا تو فرمایا واجب ہو گئی۔ میں نے عرض کیا، کیا واجب ہو گئی؟ آپ ﷺ نے فرمایا جنت۔

Marfat.com

حوالہ

☆سنن نسائی جلد اول حدیث نمبر 983 ص نمبر 369

☆جامع ترمذی جلد دوم ابواب فضائل القران باب ماجاء فی سورۃ اخلاص حدیث نمبر 808 ص 330

**تبصرہ:**

اس حدیث مبارکہ میں بھی روزِ روشن کی طرح اختیارات نظر آ رہے ہیں۔ جبکہ ایک شخص قرآن مجید میں سے سورۃ اخلاص کی تلاوت کر رہا تھا۔ اس شخص کا یہ اندازِ تلاوت آپ ﷺ کو پسند آ گیا۔ آپ ﷺ اس کی قرأت سن کر خوش ہو گئے تو اسی وقت آپ ﷺ نے فرمادیا کہ اس قرآن کی تلاوت کرنے والے پر واجب ہو گئی ہے۔ حضرت جناب ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ عرض گذار ہوئے: یارسول اللہ! کیا واجب ہو گئی؟ آپ ﷺ نے فرمایا اس شخص پر جنت واجب ہو گئی ہے۔ حالانکہ ہم لوگ دن رات تلاوت قرآن بھی کرتے ہیں، نمازیں بھی پڑھتے ہیں۔ وہ تمام کام جو اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی کریم ﷺ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے کرتے ہیں۔ لیکن ہم کو اتنی نیکیاں کرنے کے بعد بھی اپنے انجام کی خبر نہیں ہے کہ کل قیامت کے روز ہمارے ساتھ کیا بیتے گی۔ لیکن قربان جائیں آپ ﷺ کے فرمان پر کہ آپ ﷺ نے اس قرآن کی تلاوت کرنے والے کو جنت کا سرٹیفکیٹ دے دیا ہے۔ کہ تجھ پر جنت واجب ہو گئی ہے۔ اگر اختیارات نہ ہوں تو اس حکم کے متعلق کیا فتویٰ دیا جائے گا جو آپ ﷺ نے فرمادیا کہ تجھ پر جنت واجب ہے۔ اس حکم مبارک سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ ﷺ مالک جنت بھی ہیں۔ جس کو چاہیں جس کام پر چاہیں، جب چاہیں، جس مقام پر چاہیں جنت عطا فرما سکتے ہیں۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 169

# تین عملوں پر جنت کی ضمانت

حدیث مبارکہ: عَنْ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا زَعِيمُ بِبَيْتٍ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ وَإِنْ كَانَ مُحِقًّا وَبِبَيْتٍ فِي وَسَطِ الْجَنَّةِ لِمَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَإِنْ كَانَ مَازِحًا وَبِبَيْتٍ فِي أَعْلَى الْجَنَّةِ لِمَنْ حَسَّنَ خُلُقَهُ۔

ترجمہ: حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں جنت کی اطراف میں اس شخص کے لئے گھر کا ضامن ہوں (یعنی ضمانت دیتا ہوں) جس نے جھگڑا و فساد چھوڑ دیا اگرچہ وہ حق پر ہو اور جنت کے وسط یعنی درمیان میں اس شخص کے لئے جنت میں گھر کی ضمانت دیتا ہوں جس نے جھوٹ بولنا ترک کر دیا اگرچہ وہ مذاق میں ہو اور جنت اعلیٰ میں اس شخص کے لئے گھر کا ضامن ہوں جس نے اپنے اخلاق کو حسین اور خوبصورت بنا لیا۔

حوالہ

☆ سنن ابی داؤد جلد سوم باب فی حسن الخلق حدیث نمبر 4167 ص 467

### تبصرہ:

اس حدیث میں آپ ﷺ جنت کی گارنٹی یعنی ضمانت دے رہے ہیں۔ یعنی جو شخص فضول لڑائی جھگڑا، ناحق قتل و غارت سے اپنے آپ کو محفوظ کر لے گا۔ میں اسکو جنت میں گھر کی ضمانت دیتا ہوں۔ دوسرے نمبر پر جو شخص جھوٹ بولنا چھوڑ دے یہاں تک کہ مذاق میں بھی جھوٹ نہ بولے تو وہ بھی جنت میں گھر کا حقدار ہے۔ پھر تیسرے

Marfat.com

نمبر پر اس شخص کے لئے بھی جنت کے اعلیٰ درجے میں گھر کی ضمانت دیتا ہوں جو اپنے اخلاق کو اچھا کرلے۔ ہر شخص کے ساتھ ادب واحترام کے ساتھ بات کرے۔ کسی بھی شخص کی دل آزاری نہ کرے، بڑوں کا ادب واحترام کرے، چھوٹوں پر شفقت کرے اس کے لئے بھی میں جنت کا ضامن ہوں۔ دیکھیں میرے آقا ﷺ صرف تین نیک اعمال پر جنت کی ضمانت دے رہے ہیں۔ حالانکہ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، جہاد یہ تمام بڑے کاموں کا ذکر تک نہ فرمایا بلکہ تین عملوں پر جنت کی ضمانت دے دی۔ یہ اختیارات نہیں ہیں تو اور کیا ہے۔ اگر عقل سلیم ہوتی تو جھگڑے والی بات ہی نہیں ہے۔

## دلیل نمبر 170

## دو عملوں پر جنت کی ضمانت

عَن سَهلِ بنِ سَعدٍ السَّاعِدِی رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ مَن تَوَکَّلَ لِی مَا بَینَ رِجلَیهِ وَمَا بَینَ لَحیَیهِ تَوَکَّلتُ لَهُ بِالجَنَّةِ.

ترجمہ: حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا جو شخص مجھ کو اپنی شرمگاہ اور زبان کی ضمانت دے دے میں اس شخص کو جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔

حوالہ

☆ صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب المحاربین باب فضل من ترک الفواحش حدیث نمبر 1715 ص 749

☆ جامع ترمذی شریف جلد دوم ابواب الزهد باب ماجاء فی حفظ اللسان حدیث نمبر 296 ص 130

تبصرہ:

اس حدیث مبارکہ سے بھی اختیارات رسول ﷺ ثابت ہو رہے ہیں کہ آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ جو شخص مجھے اپنی زبان کی اور اپنی شرمگاہ کی ضمانت دے دے

Marfat.com

وہ مجھ سے جنت کی ضمانت لے لے۔ اگر آپ ﷺ مالک و مختار نہیں ہیں تو پھر جنت کی ضمانت کیسے؟ جنت کی گارنٹی اس وقت تسلیم کی جائے گی جبکہ آپ ﷺ کے اختیارات کو تسلیم کیا جائے۔ اگر اختیارات کا انکار کیا گیا تو پھر جنت کی نفی ہوگی۔ اگر آپ ﷺ کو اختیارات نہ ہوتے تو یہ بھی فرما سکتے تھے کہ تمہارے معاملات اللہ تعالیٰ کے سپرد ہیں۔ وہ جس طرح چاہے تم لوگوں سے معاملہ فرمائے، مجھے تو کوئی بھی اختیار حاصل نہیں ہے۔ لیکن بات ایسی نہیں ہے جس طرح پاکستان کے بعض لوگ بھولی بھالی عوام کو گمراہ کرنے کے لئے کرتے ہیں۔ بلکہ میرے نبی ﷺ نے لوگوں کو جنت کی ضمانتیں دے کر ثابت کر دیا ہے کہ میں جنت کا بھی مالک و مختار ہوں، جس کو چاہوں جنت کی ضمانت دے دوں۔

## دلیل نمبر 171

# ایک عمل پر جنت کی ضمانت

عَنْ ثُوبَانُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ مَنْ یَتَقَبَّلَ لِی بِوَاحِدَةٍ أَتَقَبَّلُ لَهُ بِالْجَنَّةَ قُلْتُ أَنَا قَالَ لَا تَسْأَلِ النَّاسُ شَیْئًا قَالَ فَكَانَ ثُوبَانُ یَقَعُ سُوطَهُ وَهُوَ رَاكِبٌ فَلَا یَقُولُ لِاَحَدِنَا حَتّٰی یَنْزِلَ فَیَاخُذَهُ۔

ترجمہ: حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ روایت بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص میری ایک بات قبول کرے گا میں اس شخص کے لئے جنت کا ذمہ دار ہوں۔ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں قبول کرتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ لوگوں سے بھیک نہ مانگو۔ اس کے بعد حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کی یہ حالت تھی کہ اگر گھوڑے پر سوار ہوتے اور کوڑا گر جاتا تو کسی سے نا مانگتے بلکہ گھوڑے سے اتر کر خود اٹھا لیتے۔

Marfat.com

حوالہ

☆سنن ابن ماجہ جلد اول باب کراھیۃ المسئلۃ حدیث نمبر 1904 ص 516

☆سنن ابی داؤد جلد اول حدیث نمبر 1400 ص 602

تبصرہ:

اس حدیث مبارکہ میں بتایا جا رہا ہے کہ میرے آقا ﷺ نے دعویٰ سے فرمادیا ''مجھ سے کون ایک بات کے بدلے جنت کی ضمانت لیتا ہے۔ جو شخص میری صرف ایک بات کو قبول کر لے میں اس شخص کے لئے جنت کا ذمہ دار ہوں''۔ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں قبول کرتا ہوں۔ مگر وہ کون سی بات ہے جس کے بدلے میں آپ ﷺ جنت کی ضمانت عطا فرماتے ہیں۔ میرے آقا ﷺ نے فرمایا کہ لوگوں سے بھیک مت مانگنا۔ یہ اچھا کام نہیں ہے۔ معاشرے میں اس شخص کی قدر نہیں رہتی جو بلا وجہ لوگوں سے بھیک مانگتا ہے۔ ہاں اگر شرعی طور پر انسان معذور ہو تو پھر اس کا حق بنتا ہے کہ وہ لوگوں سے اپنی امداد کے لئے سوال کر سکتا ہے تو اس شرط پر کہ کسی سے بھیک نہیں مانگوں گا، حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ نے وعدہ کیا کہ یارسول اللہ ﷺ آپ کی جنت کی ذمہ داری پر میں یہ بات قبول کرتا ہوں کہ میں کسی سے بھی سوال نہیں کروں گا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ اس وعدہ کے بعد حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ کا یہ عالم تھا کہ اگر ان کا کوڑا بھی زمین پر گر جاتا تو اس کو اٹھانے کے لئے لوگوں سے نہیں کہتے تھے بلکہ خود اٹھالیا کرتے تھے۔ اب ہے کوئی مولوی جس نے مائی کا دودھ پیا ہو جو یہ کہے کہ میں ان اختیارات کو نہیں مانتا۔ معاذ اللہ نبی پاک ﷺ کے ضمانت دینے سے کوئی فرق نہیں پڑتا تھا۔ لیکن کوئی مولوی انشاء اللہ ایسی جراٴت نہیں کر سکتا جبکہ آپ ﷺ کی ذمہ داری اٹھا لینے سے یہ ثابت ہو گیا کہ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ جنت کے حقدار بن گئے۔ تو پھر ثابت ہوا کہ آپ ﷺ مالک و مختار ہیں۔ جس کو چاہیں جنت عطا کر دیں۔ حالانکہ دوسرے عملوں کی ضمانت نہیں مانگی کہ ساتھ حج، روزہ، زکوٰۃ، جہاد کا بھی اہتمام کرنا۔

Marfat.com

سبحان اللہ کیسی شان کے مالک ہیں سرورِ دوعالم ﷺ۔ ان تمام اختیارات کو تسلیم کرنے کے لئے دل میں محبت رسول ﷺ کا ہونا ضروری ہے۔

## دلیل نمبر 172

## آقا ﷺ جنت عطا فرماتے ہیں کچھ نرالے انداز میں

حدیث مبارکہ: عَن اَنَسِ بنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ اُفرِدَ يَومَ اُحُدٍ فِى سَبعَةٍ مِّنَ الاَنصَارِ وَ رَجُلَينِ مِن قُرَيشٍ فَلَمَّا رَهِقُوهُ قَالَ مَن يَّرُدُّهُم عَنَّا وَ لَهُ الجَنَّةُ اَوهُوَ رَفِيقِى فِى الجَنَّةِ فَتَقَدَّمَ رَجُلٌ مِّنَ الاَنصَارِ فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ ثُمَّ رَهِقُوهُ اَيضًا فَقَالَ مَن يَّرُدُّهُم عَنَّا وَ لَهُ الجَنَّةُ اَو هُوَ رَفِيقِى فِى الجَنَّةِ فَتَقَدَّمَ رَجُلٌ مِّنَ الاَنصَارِ فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ فَلَم يَزَل كَذٰلِكَ حَتّٰى قُتِلَ السَّبعَةُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ لاَصحَابِهٖ مَا اَنصَفنَا اَصحَابنَا ۔

ترجمہ: حضرت انس بن مالک بیان کرتے ہیں کہ غزوہ اُحد کے دن نبی کریم ﷺ اکیلے رہ گئے آپ ﷺ کے ہمراہ صرف سات انصاری اور دو قریشی رہ گئے جب دشمن نے آپ ﷺ کو گھیرے میں لیا تو آپ ﷺ نے فرمایا انہیں ہم سے کون دور کریگا؟ اسے جنت ملے گی اور وہ جنت میں میرا رفیق ہوگا ایک انصاری صاحب آگے بڑھے اُنہوں نے لڑائی شروع کی اور شہید ہو گے دشمن نے پھر آپ ﷺ کو گھیر لیا آپ ﷺ نے فرمایا انہیں ہم سے کون دور کرے گا اُسے جنت ملے گی اور وہ جنت میں میرا رفیق ہوگا ایک اور انصاری آگے بڑھا اس نے لڑائی شروع کی اور شہید ہو گیا یہاں تک کہ وہ ساتوں انصاری شہید ہو گئے نبی اکرم ﷺ نے اپنے بقیہ دو

Marfat.com

ساتھیوں سے فرمایا ہمارے ساتھیوں نے ہمارے ساتھ کتنا اچھا سلوک کیا؟

حوالہ: صحیح مسلم شریف جلد دوم کتاب الجھاد و السیر باب غزوۃ اُحد حدیث نمبر 4526 ص نمبر 674

## دلیل نمبر 173

## تم پر جنتی شخص آنے والے ہیں

حدیث: عَن عَبدِاللّٰہِ ابنِ مَسعُودٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَطَّلِعُ عَلَیکُم رَجُلٌ مِن اَھلِ الجَنَّۃِ فَاطَّلَعَ اَبُو بَکرٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ ثُمَّ قَالَ یَطَّلِعُ عَلَیکُم رَجَلٌ مِن اَھلِ الجَنَّۃِ فَاطَّلَعَ عُمَرُ رَضِیَ اللّٰہُ عَنہُ ۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ تم پر ایک شخص داخل ہوگا وہ جنتی ہے۔ چنانچہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ تشریف لے کر آئے پھر فرمایا کہ تم پر ایک اور جنتی شخص آنے والا ہے اس مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تشریف لے کر آئے۔

حوالہ

1۔ جامع ترمذی جلد دوم ابواب المناقب حدیث نمبر 1628 ص نمبر 709

تبصرہ:

یہ حدیث مبارکہ جہاں پر اختیارات رسول ﷺ کیلئے بہت بڑی دلیل ہے۔ وہاں پر یہ حدیث علم مصطفیٰ ﷺ کو بھی ثابت کرتی ہے۔ کہ آپ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے علم سے اور اختیارت سے بتا دیا کہ تم پر جنتی شخص آنے والے ہیں۔ آپ ﷺ کو یہ علم مبارک تھا کہ میرا رفیق غار آنے والا ہے۔ جہاں آپ ﷺ نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے آنے کی خبر دے دی ساتھ ہی اپنے اختیارات کو جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو ﷺ عطاء کئے ہیں ان کو استعمال کرتے ہوئے فرمایا کہ جس شخص

Marfat.com

کے آنے کی میں تمہیں خبر دے رہا ہوں وہ جنتی ہے یہاں پر بات ختم نہ ہوئی بلکہ آپ ﷺ کی رحمت کا سمندر جوش مار رہا تھا۔ فرمایا تم پر ایک اور شخص آنے والا ہے وہ بھی جنتی ہے یعنی کہ اس کو بھی میں نے جنت دے دی ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم فرماتے ہیں کہ ہم انتظار کر رہے تھے کہ دیکھو اب کون سا خوش نصیب آنے والا ہے جس کو میرا نبی ﷺ جنت کی خوشخبری دے رہا ہے۔ فرماتے ہیں کہ تھوڑی دیر کے بعد جو ہم نے دیکھا تو وہ مرادِ رسول ﷺ جناب حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ تشریف لے کر آ گئے۔ تو اس حدیث پاک سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب ﷺ کو علم بھی دے دیا ہے اور اختیارات بھی دے دیئے ہیں۔ کہ آپ ﷺ زمین پر بیٹھ کر لوگوں کو غیب کی خبریں بھی بتا رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی جنت بھی عطاء فرما رہے ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ہم کو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا قرب نصیب فرمائے اور انکے عقیدے جیسا عقیدہ عطاء فرمائے (امین ثم امین)

## دلیل نمبر 174

## بخار کی وجہ سے صبر کرنے پر جنت کا انعام

حدیث: عَنْ أَبِی هُرَیرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ جَاءَتِ الْهُمّٰی اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتِ ابعثنِی اِلٰی آثَرِ أَهلِكَ عِندَكَ فَبعَثَهَا اِلَی الانصارِ فَبَقِیَت عَلَیهِم سِتَّةَ اَیَّامٍ وَلَیَالِهِنَ فَاشتَدَّ ذٰلِكَ عَلَیهِم فَأَتَاهُم فِی دِیَارِهِم فَشَكَوْا ذٰلِكَ اِلَیهِ فَجَعَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَسَلَّمَ یَدخُلُ دَارًا دَارًا وَ بَیتًا بَیتًا یَدعُولَهُم بِالعَافِیَه فَلَمَّا رَجَعَ تَبِعَتهُ اِمرَأَةٌ مِنهُم فَقَالَت وَالَّذِی بَعَثَكَ بِالحَقِّ اِنِّی لَمِنَ الْأَنصَارِ وَاِنَّ أَبِی لَمِنَ الْأَنصَارِ فَادعُ اللّٰهَ لِی كَمَا دَعَوتَ الْاَنصَارِ قَالَ مَا شِئتِ اِن شِئتِ دَعَوتُ اللّٰهَ أَن

Marfat.com

يُعَافِيكِ اِن شِئتِ صَبَرتِ وَلَكِ الجَنَّةُ قَالَت بَل أَصبِرُ وَلاَ أَجعَلُ الجَنَّةَ خَطَرًا ۔

ترجمہ: حضرت عطابن ابی رباح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا بخار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کیا یارسول صلی اللہ علیہ وسلم مجھے ایسے گھروں کی طرف بھیجیں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں بہترین اور محبوب ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے انصار کی طرف بھیج دیا وہ ان کے پاس چھ دن اور چھ راتیں رہا۔حتی کہ یہ معاملہ ان پر سخت ہو گیا۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس ان کے لوگوں میں تشریف لے کر آئے تو انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس کی شکایت کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لے کر جب آئے تو ان کی ایک عورت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے ہوئی اور عرض کیا قسم ہے مجھے اس ذات کی جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دین حق دے کر بھیجا ہے۔ بلاشبہ میں انصار میں سے ہوں اور میرے والد صاحب بھی انصار میں سے ہیں۔لہٰذا آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے لئے بھی دعا فرمائیں جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار کیلئے فرمائی تھی۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس طرح تیرا جی چاہے اگر تو چاہے تو تیرے لئے اللہ تعالیٰ سے تیری عافیت کی دعا کروں گا اور اگر تو صبر کرے تو تیرے لیے جنت ہے اس عورت نے کہا کہ میں صبر کروں گی اور جنت کو خطرے میں نہیں ڈالتی۔

حوالہ

1۔الادب المفرد امام بخاری باب یکتب للمریض ما کان یعمل وھو صحیح حدیث نمبر 502۔ص نمبر 233

2۔المعجم الکبیر امام طبرانی جلد نمبر 6 حدیث نمبر 302۔

3۔مجمع الزوائد جلد دوم حدیث نمبر 305۔

4۔مصنف ابن ابی شیبہ جلد 14 ص نمبر 368/69

Marfat.com

## دلیل نمبر 175

## قرآن کی تلاوت سن کر رونے والوں کیلئے جنت

حدیث کا ترجمہ: نبی کریم ﷺ نے اپنے صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمایا کہ میں آج تم کو سورہ زمر کی آخری آیتیں پڑھ کر سناؤں گا۔ جسے ان سے رونا آ گیا وہ جنتی ہے۔ اب آپ ﷺ نے اس سورہ سے لے کر ختم سورہ تک کی آیتیں تلاوت فرمائیں۔ بعض روئے اور بعض کو رونا نا آیا۔ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! ہم رونا چاہتے تھے لیکن رونا نہیں آیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا اچھا میں پھر پڑھوں گا جسے رونا نا آئے وہ رونی شکل بنا کر بہ تکلف روئے۔

حوالہ

1۔ تفسیر ابن کثیر جلد چہارم پارہ نمبر 24 تفسیر سورۃ الزمر ص نمبر 426

2۔ المعجم الکبیر امام طبرانی

## دلیل نمبر 176

حدیث مبارکہ: عَن أَبی هُریرةَ حدَّثَهُ قالَ سمعتُ رسُولَ اللّٰهِ صلَّی اللّٰهُ علَیهِ وسلَّمَ یقولَ یدخُلُ مِن أُمَّتی زُمرةٌ هُم سبعُونَ ألفًا تُضِیءُ وُجُوهُهُم إضاءَةَ القمرِ لیلةَ البدرِ وَ قالَ أبو هُریرةَ فقامَ عُکّاشةُ بنُ مِحصَنٍ الأَسدیُّ یرفَعُ نَمِرَةً علَیهِ فقالَ یا رَسُولَ اللّٰهِ صلَّی اللّٰهُ علَیهِ وسلَّمَ ادعُ اللّٰهَ أن یجعلَنی مِنهُم قالَ اللّٰهُمَّ اجعلهُ مِنهُم ثُمَّ قامَ رجلٌ مِنَ الأنصارِ فقالَ یا رَسُولَ اللّٰهِ صلَّی اللّٰهُ علَیهِ وسلَّمَ ادعُ اللّٰهَ أن یجعلَنی مِنهُم فقالَ سبقَكَ عُکّاشةُ ۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ نے کہا میں نے آنحضرت ﷺ سے سنا آپ ﷺ

Marfat.com

فرماتے تھے میری امت میں سے ستر ہزار کا ایک گروہ بہشت میں جائے گا جن کے چہرے ایسے چمکتے اور روشن ہونگے جیسے چودھویں رات کا چاند ابو ہریرہ کہتے ہیں یہ حدیث سن کر حضرت عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ اسدی جو اپنی دھاری دار کملی اوڑھے ہوئے تھے کھڑے ہوئے اور عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ سے دعا فرمایئے کہ میں بھی اُن لوگوں میں سے ہو جاؤں آپ ﷺ نے دُعا کی یا اللہ عکاشہ کو اُن لوگوں میں سے کر دے اس کے بعد انصار میں سے ایک شخص کھڑے ہوئے اور کہنے لگے: یارسول اللہ! میرے لیے بھی دعا فرمایئے آپ ﷺ نے فرمایا عکاشہ تجھ سے سبقت لے گیا ہے۔

حوالہ: صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب الرقاق باب یَدخُلُ الجَنّۃَ سَبعُونَ اَلفًا بِغَیرِ حِسَابٍ (حدیث نمبر 1464 ص نمبر 645)

## تبصرہ:

اس حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ میرے آقا ﷺ مالک ومختار جنت ہیں جیسا کہ حدیث سے ثابت ہو رہا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا میری امت میں سے ستر ہزار لوگ بغیر حساب کتاب کے جنت میں جائیں گے حضرت عکاشہ عرض کرتے ہیں: یارسول اللہ! میرے حق میں بھی دعا فرمائیں کہ میں بھی اُن خوش نصیب لوگوں میں سے ہو جاؤں اب آگے میرے نبی کو اختیار حاصل تھا اگر اختیار نہ ہوتا تو کہہ سکتے تھے معاذ اللہ میں بے اختیار ہوں دعا کرنے سے ثابت ہوا کہ آپ ﷺ کو یہ علم تھا کہ کے مجھے اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا ہے کہ جس کو چاہوں دنیا میں ہی جنت کی خوشخبری دے دوں جیسا کہ آپ پچھلے اوراق میں واقعات پڑھ آئے ہیں اب جو حضرات اختیارات کو نہیں مانتے وہ فقط اتنا بتا دیں کہ کیا حضرت عکاشہ ان لوگوں میں سے ہیں یا نہیں جو بغیر حساب کتاب کے جنت میں جائیں گے یقیناً مولوی صاحب یہی جواب دیں گے کہ جی ہاں وہ ان

Marfat.com

خوش نصیبوں میں سے ہیں جو جنت میں بغیر حساب کتاب کے جائیں گے تو حضرت جی جب یہ مانتے ہو تو اختیارات کو کیوں نہیں مانتے اختیارات کی نفی سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اندر منافقت ہے۔

## دلیل نمبر 177

## جو کسی جنتی آدمی کو دیکھنا چاہتا ہو

حدیث کا ترجمہ:

جنگ احد کے دن آپ نبی پاک ﷺ زخمی ہو گئے تو حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کے والد ماجد حضرت مالک بن سنان رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے چہرے مبارک سے خون صاف کر کے پی لیا آپ ﷺ نے فرمایا اس کو تھوک دو انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ کی قسم میں تو اس کو ہرگز نہ تھوکوں گا۔ اس کے بعد پلٹ کر لڑنے لگے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص کسی جنتی آدمی کو دیکھنا چاہتا ہو وہ اس کو دیکھ لے اس کے بعد وہ لڑے اور شہید ہو گئے۔

حوالہ

1۔ الرحیق المختوم ص نمبر 371 مولوی صفی الرحمان مبارک پوری وہابی مولوی ہندوستانی

2۔ مدارج النبوت شریف جلد نمبر اول ص نمبر 43 شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

3۔ تفسیر ابن کثیر جلد اول پارہ نمبر 4 تفسیر سورۃ آل عمران ص نمبر 452

تبصرہ:

ان تمام حدیثوں سے ثابت ہوا کہ آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ طاقت سے خدا کی خدائی کے بادشاہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو تمام کمالات و اختیارات سے نواز دیا ہے یہاں تک کہ آپ ﷺ کو جنت و جہنم کا بھی مالک و مختار بنا دیا ہے۔ جس

Marfat.com

طرح کہ آپ نے پچھلے اوراق میں پڑھنے کا شرف حاصل کیا ہے کہ میرے نبی ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے یہ اختیارات عطا کئے ہیں۔ کہ آپ ﷺ جس کو چاہیں جب چاہیں جو چاہیں عطا فرما دیں کیونکہ آپ ﷺ مالک و مختار جنت ہیں۔ ملاحظہ ہو حدیث مبارک۔

## دلیل نمبر 178

حدیث مبارکہ: حَدَّثَنَا عَبْدُاللّٰهِ بنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفيَانُ عَن عُمَرَ سَمِعَ جَابِرَ بنُ عَبدِ اللّٰهِ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يَومَ أُحُدٍ أَرَيتَ اِن قُتِلتُ فَأَينَ أنَا؟ قَالَ فِى الجَنَّةِ فَأَلقَى تَمَرَاتٍ فِى يَدِهِ ثُمَّ قَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ ۔

ترجمہ: حضرت جابر بن عبداللہ انصاری نے کہا ایک شخص نے جنگ اُحد کے دن آپ ﷺ سے عرض کیا: یارسول اللہ! فرمایئے اگر میں مارا جاؤں تو مارے جانے کے بعد کہاں جاؤں گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا بہشت میں وہ شخص یہ سن کر جو کھجوریں لیے ہوئے کھا رہا تھا اُن کو پھینک دیا پھر لڑتا رہا یہاں تک کہ مارا گیا۔

حوالہ: صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب المغازی باب غزوۃ اُحد حدیث نمبر 1215 ص نمبر 595
صحیح مسلم شریف جلد دوم کتاب الامارۃ باب ثبوت الجنۃ للشھید حدیث نمبر 4778 ص نمبر 763

نوٹ: قارئین گرامی آپ کو بتاتے چلیں کہ جہاں میرے آقا ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے جنت کا مالک و مختار بنایا ہے وہاں جہنم پر بھی آپ کو اختیارات دے دیئے گئے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیں حدیث مبارک

## دلیل نمبر 179

## جہنم پر بھی آپ ﷺ کے اختیارات

حدیث: عَنْ أَبِی هُرَيرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ قَالَ جَاءَ اَعرَابِیٌّ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ هَل أَخَذَتكَ أُمُّ مِلدَمٍ قَالَ وَمَا أُمُّ

Marfat.com

مِلْدَمٍ؟ قَالَ حَرٌّ بَيْنَ الْجِلْدِ وَاللَّحْمِ قَالَ لَا قَالَ فَهَلْ صُدِعْتَ قَالَ وَمَا الصُّدَاعُ قَالَ رِيحٌ تَعْتَرِضُ فِي الرَّأْسِ تَضْرِبُ الْعُرُوقَ قَالَ لَا قَالَ فَلَمَّا قَامَ قَالَ مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ النَّارِ أَيْ فَلْيَنْظُرْهُ ۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی آدمی نبی پاک ﷺ کے پاس آیا آپ ﷺ نے اس سے دریافت کیا کہ تجھے کبھی بخار ہوا ہے۔ اس نے عرض کیا بخار کیا ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا جلد اور گوشت کے درمیان حرارت و گرمی۔ اس نے کہا نہیں۔ آپ ﷺ نے پھر دریافت فرمایا: ''اچھا کبھی سر درد ہوا ہے؟'' اس نے عرض کیا سر درد کیا ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ''ہوا جو سر میں حائل ہو کر رگوں کو پھڑکاتی ہے''۔ اس نے کہا نہیں۔ راوی کہتے ہیں کہ جب وہ آدمی اُٹھ کر چلا گیا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس کو اس بات سے خوشی ہو کہ وہ کسی جہنمی کو دیکھے تو اسے دیکھ لے۔

حوالہ

☆ الادب المفرد امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ باب کفارۃ المریض حدیث نمبر 495 ص 231

☆ مسند امام احمد جلد دوم ص 332

**تبصرہ:**

اس حدیث میں بتایا جا رہا ہے ایک اعرابی آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو گیا۔ آپ ﷺ نے اس سے پوچھا کہ کیا تمہیں کبھی بخار ہوا ہے؟ اس نے عرض کیا نہیں۔ فرمایا کبھی تمہیں سر درد ہوا ہے؟ عرض کیا نہیں۔ اس کے بعد وہ شخص چلا گیا تو آپ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے فرمایا کہ جس آدمی نے کسی جہنمی کو دیکھنا ہو تو وہ اس شخص کی طرف دیکھ لے۔ معزز قارئین گرامی بظاہر تو اس بات میں کوئی ایسی چیز نظر نہیں آتی جس کی وجہ

Marfat.com

سے وہ جہنم کا مستحق ہوتا۔ ہاں اگر وہ بالفرض نماز کا تارک ہوتا، قرآن پاک کو پڑھنے والا نہ ہوتا، چور ہوتا یا شراب نوشی کرتا، چغلی کرتا، لوگوں کی غیبت کرتا، مطلب کہ کوئی بھی غیر شرعی کام کرتا تو چلو مان لیا جاتا کہ یہ شریعت کے حکموں کی نافرمانی کرنے والا ہے۔ حالانکہ گنہگار کی بخشش کے لئے بھی اللہ تعالیٰ نے توبہ کا دروازہ کھول دیا ہے۔ لیکن یہاں پر تو معاملہ ہی کچھ اور طرح کا ہے۔ اس نے عرض کیا مجھے نہ کبھی بخار ہوا ہے، نہ کبھی سر درد ہوا ہے، اس کے جواب میں آپ ﷺ فرما رہے ہیں کہ یہ جہنمی ہے۔

## ایک چیلنج

اب میرا سوال ہے ان لوگوں سے جو اختیارات مصطفیٰ ﷺ کا انکار کرتے ہیں کہ جناب آپ کیا فرماتے ہیں اس شخص کے متعلق جس کو میرے نبی کریم ﷺ نے فرما دیا ہے کہ وہ جہنمی ہے۔ اب آپ بتائیں کہ وہ جنتی ہے یا جہنمی؟ اگر تو معترض یہ جواب دیں اور یقیناً دیں گے کہ جناب والا واقعی وہ جہنمی ہے تو پھر ایسے لوگوں سے پوچھیں کہ اس کا قصور کیا ہے؟ یقیناً یہ حضرات یہی جواب دیں گے ناں کہ حضور پاک ﷺ نے فرما دیا ہے کہ وہ جہنمی ہے۔ خواہ گناہ کچھ بھی نہ کیا ہو تو پھر جناب جی خدارا مان جاؤ اختیاراتِ مصطفیٰ ﷺ کو کہ میرے رب نے آپ ﷺ کو اختیارات دے کر مالک و مختار جنت و جہنم کا کر دیا ہے۔ جس کو چاہیں جنت عطا فرما دیں، جس کے لئے چاہیں جہنم کی سزا لاگو فرما دیں۔ اب ہے دُنیا میں کوئی طاقت جو یہ کہے کہ ہو سکتا ہے کہ وہ جنت میں چلا جائے؟ نہیں صاحب نہیں یہ تو ہو ہی نہیں سکتا۔ اب تو جو زبان رسول ﷺ سے بات نکل گئی وہ حق ہے، سچ ہے۔ آپ ﷺ کی ہاں اور ناں میں اللہ تعالیٰ نے اپنا قانون بنا دیا ہے۔

## دلیل نمبر 180

## اسلام کا دعویٰ کرنے والا جہنم میں

حدیث مبارکہ: عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ شَهِدْنَا خَيْبَرَ

Marfat.com

فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ مِمَّن مَعَهُ يَدَّعِى الاسلام هٰذَا مِن أَهلِ النَّارِ فَلَمَّا حَضَرَ القِتَالُ قَاتَلَ الرَّجُلُ أشَدَ القِتَالِ حَتّٰى كَثُرت بِهِ الجَرَاحَةَ فَأَهوٰى بِيَدِهٖ اِلٰى كِنَا نَتِهِ فَا ستَخرَجَ مِنهَا أسهُماً فَنحَرَ بِهَا نَفسَهُ فَا شتَدَّ رِجَالٌ مِنَ المُسلِمِينَ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَّقَ اللّٰه حَدِيثَكَ انتَحَرَ فُلَانٌ فَقَتَلَ نَفسَهُ فَقَالَ قُم يَا فُلَانُ فَأَذِن أَنَّهُ لَا يَد خُلُ الجَنَّةَ اِلَّا مُؤمِنٌ اِنَّ اللّٰهَ يُؤَيِّدُ الّدِينَ بِالرَّجُلِ الفَاجِرِ ۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ نے کہا ہم خیبر کی جنگ میں موجود تھے جب لڑائی شروع ہوئی تو آنحضرت ﷺ نے ایک شخص کے متعلق فرمایا جو (بظاہر) اسلام کا دعویٰ کرتا تھا (لیکن دل میں منافق تھا) یہ دوزخی ہے یہ شخص خوب لڑا اور بہت زخمی ہو گیا اب بعض لوگوں کو آنحضرت ﷺ کے ارشاد میں شک پیدا ہونے کو تھی پھر ایسا ہوا زخموں کی تکلیف اس کو معلوم ہوئی تو اس نے ترکش میں ہاتھ ڈال کر ایک تیر نکالا اور اپنے سینے پر رکھ کر سارا بوجھ اس پر ڈالا اور اپنے تئیں آپ مار لیا یہ دیکھتے ہی کئی مسلمان دوڑتے چلے آنحضرت ﷺ کے پاس آئے عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! اللہ نے آپ ﷺ کی بات سچی کی ہے اس شخص نے خودکشی کر لی ہے آپ ﷺ نے ایک شخص سے فرمایا اُٹھ اور لوگوں میں منادی کر دے بہشت میں وہی جائے گا جو مومن ہو گا اور اللہ تعالیٰ بدکار آدمی سے بھی دین کی مدد کراتا ہے۔

حوالہ: صحیح بخاری جلد دوم کتاب المغازی باب غزوۂ خیبر حدیث نمبر 1353 ص نمبر 663

Marfat.com

دلیل نمبر 181

# میں مختار کل ہوں

عَنْ أَبِي سَعِيدِ الخُدرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ عَلَى الْمِنبَرِ فَقَالَ اِنَّ عَبدًا خَيَّرَهُ اللّٰهُ بَينَ أَن يُؤتِيَهُ مِن زَهرَةِ الدُّنيَا مَا شَآءَ وَ بَينَ مَا عِندَهُ فَأَختَارَ مَا عِندَهُ فَبَكَى اَبُو بَكرٍ وَ قَالَ فَدَينَاكَ بِآبَائِنَا وَاُمَّهَاتِنَا فَعَجِبنَا لَهُ وَقَالَ النَّاسُ اِلَى الشَّيخِ يُخبِرُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَن عَبدٍ خَيَّرَهُ اللّٰهُ بَينَ أَن يُؤتِيَهُ مِن زَهرَةِ الدُّنيَا وَ بَينَ مَا عِندَهُ وَ هُوَ يَقُولُ فَدَينَاكَ بِآبَائِنَا وَاُمَّهَاتِنَا فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ المُخَيَّرُ وَ كَانَ اَبُو بَكرٍ هُوَ أَعلَمُنَاهُ بِهٖ ۔

ترجمہ: حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ روایت بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ ایک دن منبر پر بیٹھے اور فرمانے لگے کہ اللہ تعالیٰ کا ایک بندہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا ہے کہ جو دُنیا کی رونقیں اور بہار کی چیزیں ہیں وہ لے لے اللہ تعالیٰ سے یا جو کچھ آخرت میں اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ پسند کر لے۔ پھر اس نے جو اللہ تعالیٰ کے پاس ہے اس کو پسند فرما لیا ہے۔ یہ سُن کر حضرتِ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ رو دیئے اور عرض کیا: ''یا رسول اللہ ﷺ آپ پر ہمارے ماں باپ صدقے ہوں۔ ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہمیں ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے رونے پر تعجب ہوا۔ لوگ آپس میں ایک دوسرے سے کہنے لگے کہ اس بزرگ کی طرف دیکھو، آنحضرت ﷺ نے تو ایک بندے کی بات کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو اختیار دیا ہے کہ دُنیا کے جو مزے چاہے اللہ تعالیٰ اسے وہ عنایت کر دے یا جو اللہ تعالیٰ کے پاس

Marfat.com

ہے اس کو پسند کر لے اور یہ کہتا ہے کہ ہمارے ماں باپ آپ ﷺ پر قربان ہوں۔ پھر ہم کو معلوم ہوا کہ بندے سے مراد آپ ﷺ ہی ہیں۔ آپ ﷺ ہی کو اختیار دیا گیا تھا اور ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہم سب سے زیادہ عالم تھے جو یہ مطلب سمجھ گئے۔

**حوالہ جات**

☆ صحیح بخاری شریف جلد اول کتاب الصلوٰۃ حدیث نمبر 450 ص 278

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب المناقب حدیث نمبر 1086 ص 526

☆ صحیح مسلم شریف جلد سوم کتاب فضائل الصحابہ حدیث نمبر 6046 ص 295

☆ جامع ترمذی شریف جلد دوم ابواب المناقب حدیث نمبر 1593 ص 695 (ترمذی میں یہ الفاظ ہیں کہ ایک شخص کو اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا ہے کہ جتنی دیر اس کا دل چاہے دُنیا میں رہے اور جو چاہے کھائے پیئے یا پھر اللہ تعالیٰ سے ملاقات کو اختیار کرے۔ دیکھیں مذکورہ حوالہ ترمذی شریف)

☆ سنن ابن ماجہ جلد اول باب ماجاء فی ذکر مرض النبی ﷺ حدیث نمبر 1683 ص 459

☆ الموطا امام مالک باب جامع الجنائز حدیث نمبر 46 ص 258

☆ مشکوٰۃ شریف جلد سوم باب وفاۃ النبی ﷺ پہلی فصل حدیث نمبر 5703 ص 206

☆ مدارج النبوت جلد دوم ص 498 شیخ عبدالحق محدث دہلوی

☆ الرحیق المختوم ص 625 مولوی صفی الرحمٰن مبارک پوری وہابی

☆ نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب ﷺ ص 209 مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی

☆ تفسیر ابن کثیر جلد اول پارہ نمبر 5 تفسیر سورۃ النساء ص 578

## دلیل نمبر 182

حدیث مبارکہ: عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَهُوَ صَحِيحٌ لَنْ يُقْبَضَ نَبِيٌّ قَطُّ حَتّٰى يَرٰى مَقْعَدَهُ مِنَ الْجَنَّةِ ثُمَّ يُخَيَّرُ۔

ترجمہ: حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ حالت صحت میں یوں فرماتے تھے کہ کوئی بھی پیغمبر اس وقت تک وصال نہیں فرماتا جب

Marfat.com

تک بہشت میں اپنا ٹھکانا نہ دیکھ لے اور اس کو اختیار بھی دیا جاتا ہے (یعنی زندگی اور موت کا)

حوالہ

صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب الدعوات باب دعا النبی ﷺ الھم الرفیق الاعلیٰ حدیث نمبر 1274 ص 568

## دلیل نمبر 183

حدیث مبارکہ: عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا خُيِّرَ بَيْنَ الدُّنيَا وَالآخِرَةِ وَكَانَ فِي شَكْوَاهُ الَّذِي قُبِضَ فِيهِ أَخَذَتْهُ بُحَّةٌ شَدِيدَةٌ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ مَعَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّينَ وَ الصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِينَ فَعَلِمْتُ أَنَّهُ خُيِّرَ ۔

ترجمہ: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے جناب رسالت مآب ﷺ سے سنا آپ ﷺ فرماتے تھے جو پیغمبر بیمار ہوتا ہے اس کو (مرنے سے پہلے) اختیار دیا جاتا ہے چاہے دنیا میں رہے چاہے آخرت کا سفر اختیار کرے موت کی بیماری میں آنحضرت ﷺ کو زور کا ٹھکا لگا میں نے سنا آپ ﷺ فرما رہے تھے مَعَ الَّذِينَ ـــ اخیر تک۔ میں سمجھ گئی کہ آپ ﷺ کو بھی اختیار ملا ہے۔

حوالہ

صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب التفسیر باب قولہ فأولئک مع الذین انعم اللہ علیھم من النبیین (حدیث نمبر 1694 ص نمبر 832)

صحیح مسلم شریف جلد سوم کتاب فضائل الصحابہ (حدیث نمبر 6171 ص نمبر 336)

Marfat.com

## تبصرہ

ان تمام احادیث مبارکہ میں نبی پاک ﷺ اپنے مختار کل ہونے کا اعلان فرمار ہے ہیں۔ صحابی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ منبر پر تشریف فرما ہوئے اور فرمایا لوگو! اللہ کریم نے مجھے اختیار دیا ہے اور یہ اختیار کہاں تک ہے جو بھی اللہ تعالیٰ کے پاس ہے مجھے اختیار دیا گیا ہے کہ جسے چاہوں اپنا لوں جسے چاہوں اختیار کرلوں جب اللہ تعالیٰ نے زندگی اور موت تک کے اختیارات عطا فرمائے ہیں۔ تو پھر وہ کون سے اختیارات ہیں جو نبی پاک ﷺ کو حاصل نہیں ہیں۔ اگر قرآن وحدیث کو بحثیت مسلمان پڑھا جائے اور محبت اور عقیدت سے غور کیا جائے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جیسا عقیدہ اپنا کر دیکھا جائے تو نبی پاک ﷺ کے کمالات اور اختیارات میں کوئی کمی نظر نہیں آئے گی۔ اللہ تعالیٰ سمجھ کی توفیق عطا فرمائے۔

## دلیل نمبر 184

## مسلمان بھائی سے ترک کلام کتنے دن تک جائز ہے

حدیث مبارکہ: عَنْ أَبِي أَيُّوبَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يَهْجُرَ أَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثٍ يَلْتَقِيَانِ فَيَصُدُّ هَذَا وَيَصُدُّ هَذَا وَخَيْرُهُمَا الَّذِي يَبْدَأُ بِالسَّلَامِ۔

ترجمہ: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو تین (راتوں) سے زیادہ چھوڑے رکھے (یعنی کہ ترک ملاقات رکھے یا خفا رہے) جب دونوں ملیں بھی تو یہ ادھر منہ پھیر لے وہ ادھر منہ پھیر لے ان دونوں میں سے بہتر وہ ہے جو اسلام لینے میں ابتدا کرے۔

Marfat.com

حوالہ

صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب الاستعذان باب السلام للمعرفۃ وغیر المعرفۃ حدیث نمبر 1161 ص نمبر 521 صحیح مسلم شریف جلد سوئم کتاب الصلوات والادب 6407 ص نمبر 426

**فائدہ**

اس حدیث مبارکہ سے ثابت ہوا کہ مسلمان اپنے مسلمان بھائی سے صرف تین دن تک ناراض رہ سکتا ہے۔ اس کے بعد ناراضگی کی اجازت شریعت سے منع ہے اب آئیں دیکھیں میرے آقا ﷺ کا اختیار مبارک

## دلیل نمبر 185

حدیث مبارکہ: وَ قَالَ كَعْبُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حِينَ تَخَلَّفَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمِينَ عَنْ كَلَامِنَا وَذَكَرَ خَمْسِينَ لَيْلَةً ۔

ترجمہ: حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہا جب وہ غزوۂ تبوک میں پیچھے رہ گئے تھے کہ آنحضرت ﷺ کے ساتھ نہیں جا سکے تھے آپ ﷺ نے مسلمانوں کو منع کر دیا کہ کوئی بھی ہم سے بات نا کرے ہماری پچاس راتیں اسی حالت میں گزر گئیں تھیں۔

حوالہ

صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب الادب باب مایجوز من الھجر ان لمن عصی ص نمبر 459

پہلی حدیث سے ثابت ہوا کہ شریعت میں ترک کلام تین دن تک جائز ہے لیکن یہ حدیث ترجمانی کرتی ہے کہ آپ ﷺ مالک و مختار ہیں جس کے لئے جو چاہیں حکم نافذ فرمادیں اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا پچاس دن تک ان صحابہ سے جو غزوۂ تبوک میں سے پیچھے رہ گئے تھے ترک کلام رکھنا ثابت کرتا ہے کہ آپ ﷺ کو اختیارات حاصل تھے جو چاہیں حکم نافذ فرمادیں۔

Marfat.com

# معترضین کی کتب سے حوالہ جات

معزز قارئین گرامی یہاں تک تو ہم نے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے نبی پاک ﷺ کی رحمت کے صدقہ سے قرآن و حدیث سے اختیارات رسول ﷺ بیان کئے ہیں جو کہ اہلسنّت و جماعت حنفی بریلوی یارسول اللہ ﷺ کہنے والوں کے لئے تو آنکھوں کی ٹھنڈک اور دل کا چین بنیں گے اور انشاء اللہ یہ کتاب ایک چیلنج ہے گستاخانِ رسول ﷺ کے لئے۔ جس کا یہ جواب انشاء اللہ رہتی دُنیا تک نہیں دے سکتے۔ آئیں اب ہم ان لوگوں کی کتابوں سے ثابت کرتے ہیں کہ میرا نبی ﷺ مالک و مختار ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو تمام اختیارات عطا کئے ہیں اور آپ ﷺ باذن خداوندی اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی مشکلیں حل فرماتے ہیں۔

انشاء اللہ عزوجل۔ صلوعلی الحبیب (صلی اللہ تعالیٰ علی محمد ﷺ)

## دلیل نمبر 186

## نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں دیوبندیوں کے مولوی قاسم نانوتوی کا التجاء کرنا

مدد کر اے کرم احمد ﷺ۔ کہ تیرے سوا
نہیں ہے قاسم بے کس کا کوئی حامی کار
جوآپ ﷺ ہی ہم کو نہ پوچھیں گے تو کون پوچھے گا
بنے گا کون آپ ﷺ کے سوا ہمارا غمخوار

حوالہ

☆ الشہاب الثاقب ص 191 شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی صاحب دیوبندی

☆ فضائل اعمال باب درود شریف مولانا زکریا سہارنپوری دیوبندی ص 898

Marfat.com

## تبصرہ

کیوں جناب علمائے دیوبند و تبلیغی جماعت والو! آپ تو کہتے ہیں کہ نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں اپنی مصیبتیں بیان کرنا، آپ ﷺ سے مدد مانگنا شرک ہے، کفر ہے۔ آپ ﷺ کو نفع و نقصان کا مالک و مختار سمجھنا یا آپ ﷺ سے اپنی مرادیں مانگنا یہ سب کچھ آپ کفر اور شرک سمجھتے ہیں۔ لیجئے تازہ دم آپ کو آپ ہی کے ایک حکیم الامت صاحب کا عقیدہ پیش کر دیتا ہوں۔

## مولوی تھانوی کا فتویٰ مولوی قاسم پر ہی لگ گیا

مولوی اشرف علی تھانوی لکھتے ہیں:

کسی کو دُور سے پکارنا اور سمجھنا کہ اس کو خبر ہو گئی، کسی کو نفع و نقصان کا مختار سمجھنا، کسی سے مرادیں مانگنا یا روزی یا اولاد مانگنا یہ تمام کفر و شرک کی باتیں ہیں۔ دیکھیں کتاب بہشتی زیور ص 46 مولوی اشرف علی تھانوی۔

## لیجئے صاحب جی ایک اور حوالہ

آپ کے مولوی اسماعیل کیا لکھتے ہیں:

اکثر لوگ پیروں کو اور پیغمبروں کو اور اماموں کو شہیدوں کو، پریوں کو فرشتوں کو مشکل کے وقت پکارتے ہیں اور ان سے مرادیں مانگتے ہیں اور ان کی منتیں مانتے ہیں۔ حاجت روائی کے لئے ان کی نذر و نیاز کرتے ہیں اور بلا کو ٹالنے کے لئے اپنے بیٹوں کو ان کی طرف نسبت کرتے ہیں۔ کوئی اپنے بیٹے کا نام عبدالنبی رکھتا ہے، کوئی علی بخش، کوئی حسین بخش، کوئی پیر بخش، کوئی مدار بخش اور کوئی سالار بخش، کوئی غلام محی الدین، کوئی غلام معین الدین ان کے جینے کے لئے کوئی کسی کی چوٹی رکھتا ہے۔ کوئی کسی کے نام کی بدھی پہناتا ہے، کوئی کسی کے نام کی بیڑی ڈالتا ہے، کوئی کسی کے نام کے جانور کرتا ہے، کوئی مشکل کے وقت دہائی دیتا ہے۔ غرضیکہ جو کچھ ہندو اپنے بتوں سے کرتے ہیں سو وہ سب کچھ یہ

Marfat.com

جھوٹے مسلمان انبیاء اور اولیاء سے کرتے ہیں اور دعویٰ مسلمانی کا کئے جاتے ہیں۔
چنانچہ یہ سب کچھ شرک اور کفر ہے۔

دیکھیں حوالہ

تقویۃ الایمان مولوی اسماعیل دہلوی پہلا باب توحید وشرک کے بیان میں ص 24

## ان دو حوالوں پر تبصرہ

مجھے ان مولویوں کی کتابوں سے یہ عبارتیں پڑھ کر معلوم ہوتا ہے کہ ان لوگوں کے سینے میں عشق رسول ﷺ نہیں بلکہ عداوت رسول ﷺ ہے کہ ان مولویوں نے بتوں میں اور نبیوں میں کوئی فرق نہ چھوڑا۔ نبیوں کو معاذ اللہ بتوں سے ملا دیا اور مسلمانوں میں اور ہندوؤں اور سکھوں میں کوئی فرق نہ چھوڑا۔

## ایسا بد عقیدہ رکھنے والی مٹھی بھر جماعت کو چیلنج

میں ان لوگوں کو سر عام ڈنکے کی چوٹ پر چیلنج کرتا ہوں کہ یہ جو آپ کے مولوی صاحبان ہیں۔ جنہوں نے یہ عبارتیں لکھی ہیں جو ہم نے ابھی آپ کے سامنے پیش کی ہیں کہ انبیاء کرام سے مدد مانگنا، ان کو مشکل کشاء سمجھنا، ان کے نام کی دہائی دینا، ان کو دور سے مدد کے لئے پکارنا وغیرہ۔ اب میرا سوال یہ ہے کہ آپ اپنے مولوی قاسم نانوتوی پر کیا فتویٰ صادر فرمائیں گے۔ حالانکہ وہ بھی تو نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں کرم کی بھیک مانگ رہا ہے اور یہ بھی کہہ رہا ہے کہ یا رسول اللہ! آپ کے سوا ہمارا کوئی مددگار اور حامی نہیں ہے۔ یا رسول اللہ! اگر ہم پر آپ ﷺ نظر کرم نہیں فرمائیں گے تو پھر ہماری بات کون پوچھے گا۔ کیونکہ آپ ﷺ ہمارے غمخوار ہیں۔ اب ہے کوئی معترض جو اپنے مولوی قاسم پر کفر وشرک کا فتویٰ لگائے۔ مولوی قاسم نے یہاں ہی بس نہیں کیا بلکہ مزید عرض کرتے ہیں۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 187

## مولوی قاسم سے پھر نہ رہا گیا

اُمیدیں لاکھوں ہیں مگر بڑی اُمید ہے یہ
کہ ہو سگان مدینہ میں میرا نام شمار
جیوں تو ساتھ تیرے سگان حرم کے پھروں
مروں تو کھائیں مجھے مدینہ کے مور و مار

حوالہ جات

☆ اکابر دیوبند اور عشق رسول ﷺ ص 210 مصنف محمد ارسلان بن اختر، مکتبہ ارسلان لاہور۔

☆ الشہاب الثاقب ص 193 مولوی حسین احمد مدنی دیوبندی

☆ فضائل اعمال باب درود شریف ص 898 مولوی زکریا سہارنپوری دیوبندی

### تبصرہ

حضرت جی آپ تو کہتے ہیں کہ غلام نبی یا غلام رسول نام رکھنا شرک ہے۔ آپ کے مولوی صاحب نے تو یہاں پر حد ہی کر دی۔ عرض کی: یارسول اللہ! مجھے آپ ﷺ کی بارگاہ سے امیدیں تو بہت ہیں مگر سب سے بڑی امید یہ ہے کہ میرا نام بھی آپ ﷺ کے مدینہ شہر میں رہنے والے کتوں میں آجائے۔ جتنی دیر میں زندہ رہوں، میرے گلے میں آپ ﷺ کی غلامی کا پٹہ ہو اور میں آپ ﷺ کے شہر کے کتوں کے ساتھ اپنی زندگی بسر کردوں اور جب مروں تو مجھ کو آپ ﷺ کے شہر کے درندے وغیرہ کھا جائیں۔ اب ہے کوئی ایسا مولوی جو اپنے مولوی قاسم پر کفر و شرک کا فتویٰ لگائے؟

Marfat.com

## دلیل نمبر 188

# مولوی اشرف علی تھانوی کا نبی پاک ﷺ کی بارگاہ میں فریاد کرنا

دستگیری کیجئے میرے نبی ﷺ
کشمکش میں تم ہی ہو میرے نبی ﷺ
جز تمہارے ﷺ ہے کہاں میری پناہ
فوج کلفت مجھ پہ آ غالب ہوئی
ابن عبد اللہ ﷺ زمانہ ہے خلاف
اے میرے مولا ﷺ خبر لیجئے میری
میں ہوں بس اور آپ کا در یارسول ﷺ
ابر غم گھیرے نہ پھر مجھ کو کبھی

حوالہ

☆ نشر الطیب فی ذکر النبی الحبیب ﷺ ص 173 مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی۔

# مولوی تھانوی اپنے ہی فتویٰ کی زد میں آ گئے

تبصرہ: کیوں جناب پھنس گئے نہ آپ کے حکیم الامت صاحب بھی۔ اپنی پہلی کتاب بہشتی زیور میں تو یہ فتویٰ لکھ دیا کہ کسی کو دور سے پکارنا اور یہ سمجھنا کہ اس کو خبر ہو گئی، کسی کو نفع ونقصان کا مالک سمجھنا، کسی سے مرادیں مانگنا، یہ سب کچھ شرک ہے۔

(بہشتی زیور ص 46)

اب تھانوی صاحب خود ہی اپنے اور اپنے مولوی اسماعیل کے فتویٰ کی زد میں آ کر کتنا بڑا شرک کر رہے ہیں اور کتنا بڑا شرک اپنی کتاب نشر الطیب میں لکھ رہے ہیں۔ ہندوستان میں بیٹھ کر آپ کا حکیم الامت نبی پاک ﷺ کی بارگاہ سے مدد مانگ رہا

Marfat.com

ہے۔ یارسول اللہ ﷺ میری مدد کیجئے۔ اگر میرا نبی ﷺ دور سے کسی کی فریاد سن نہیں سکتا تھا اور مدد کر نہیں سکتا تھا تو تھانوی صاحب کے متعلق کیا فیصلہ ہے کہ وہ پاگل ہیں یا کہ مشرک؟ پھر کہتا ہے کہ میری ہر مصیبت کے وقت آپ ﷺ میرے پیشوا ہوں۔ پھر کہتا ہے کہ آپ ﷺ کے علاوہ میری جہاں میں کوئی پناہ نہیں ہے۔ اتنا بڑا شرک کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کو بھی بھول گیا آپ کا تھانوی صاحب۔ اللہ تعالیٰ کی پناہ کو چھوڑ کر نبی پاک ﷺ سے پناہ مانگ رہا ہے۔ ہے کوئی جس نے مائی کا دودھ پیا ہو، لگائے تھانوی صاحب پر فتویٰ۔ پھر عرض کرتا ہے کہ اے ابن عبداللہ سارا زمانہ میرا دشمن ہے، کوئی بھی دوست نہ رہا، سب اپنے پرائے دشمن بن گئے۔ اے میرے مولا، اے میرے مددگار، اب آپ ﷺ ہی کی بارگاہ میں عرض کر رہا ہوں کہ خدارا میری خبرگیری کیجئے۔ پھر آگے عرض کرتے ہیں: یارسول اللہ! میں تو بس اب آپ کے در پر پڑا ہوا ہوں۔ اب مجھے دُنیا کا کوئی غم اور مصیبت پریشان نہ کرے۔ مولوی صاحب آپ کا حکیم الامت صاحب تو نبی پاک ﷺ کو وصال کے بعد یارسول اللہ ﷺ بھی کہہ رہا ہے اور مدد بھی مانگ رہا ہے۔ اب فیصلہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

## دلیل نمبر 189

## آپ کے پیرومرشد حاجی امداداللہ مہاجر مکی کا عقیدہ

نبی پاک ﷺ کو مشکل کشاء مان لیا

یارسول کبریا ﷺ

فریاد ہے یا محمد مصطفیٰ ﷺ فریاد ہے

آپ ﷺ کی امداد ہو میرا یا نبی ﷺ

حال ابتر ہوا فریاد ہے

سخت مشکل میں پھنسا ہوا ہوں آج کل

Marfat.com

اے میرے مشکل کشاء ﷺ فریاد ہے
چہرۂ تاباں تو دکھلا دیجئے مجھے
تم ﷺ سے اے نورِ خدا ﷺ فریاد ہے
قید غم سے اب چھڑا دیجئے مجھے
ما شہ ﷺ ہر دو سرا ﷺ فریاد ہے

حوالہ

☆ نالہ امداد غریب مناجات ص 90/91

غور فرمائیں قارئین گرامی!

ایک مرتبہ میں پھر آپ کو دعوت دیتا ہوں کہ مولوی اسماعیل دہلوی اور اشرف علی تھانوی کا فتویٰ پڑھیں کہ اکثر لوگ مشکل کے وقت ولیوں، پیغمبروں کو پکارتے ہیں۔ ان کی بارگاہ میں اپنی مصیبتیں بیان کرتے ہیں، ان کو مشکل کشاء مانتے ہیں۔ وہ مشرک ہیں، کافر ہیں اور ہندوؤں سے بھی بدتر ہیں۔ دیکھیں مذکورہ حوالہ جات۔

☆ تقویۃ الایمان ص نمبر 24 ☆ بہشتی زیور ص نمبر 46

معزز قارئین گرامی خدارا اب یہاں سنجیدگی سے سوچئے کہ دیوبندیوں، تبلیغیوں کے پیرومرشد میرے نبی ﷺ کی بارگاہ میں کیا عرض کرتے ہیں: یارسول اللہ! آپ کی بارگاہ میں میری فریاد ہے۔ یارسول اللہ ﷺ میرا حال ابتر ہو گیا ہے۔ آپ ﷺ میری مدد فرمائیے۔ پھر آگے عرض کرتا ہے کہ آج کل میں سخت مشکلوں میں پھنس گیا ہوں۔ یارسول اللہ ﷺ آپ مشکل کشاء ہیں۔ میری بھی مشکل حل کیجئے۔ اے نورِ خدا اب تو اپنا نورانی خوبصورت جلوہ دکھادو۔ میری آنکھیں آپ ﷺ کے چہرے کی زیارت کے لئے ترس گئی ہیں۔ دیوبندیو، تبلیغیو! بات کرو۔ آپ کے پیرومرشد تو نبی پاک ﷺ سے فریاد بھی کر رہے ہیں اور نبی پاک ﷺ کو مشکل کشاء بھی مان رہے ہیں۔ حالانکہ آپ کے حکیم الامت اور اسماعیل دہلوی کا دعویٰ ہے کہ جو شخص یہ عقیدہ رکھے وہ مشرک ہے، کافر

Marfat.com

ہے۔ اب آپ کا فیصلہ حاجی صاحب کے متعلق مولوی اشرف علی تھانوی، مولوی قاسم نانوتوی کے متعلق کیا ہوگا۔ جبکہ یہ وہ کام کر رہے ہیں جو شرک اور کفر کی طرف لے کر جاتے ہیں۔

بہت سنتے تھے پہلو میں شور دل کا
جب نکالا تو فقط اِک قطرہ خون کا نِکلا

## دلیل نمبر 190

حاجی امداد اللہ مزید لکھتے ہیں

کر کے نثار آپ پہ گھر بار یارسول ﷺ
اب آپڑا ہوں آپ کے دربار یارسول ﷺ
اچھا ہوں یا برا ہوں غرض جو کچھ ہوں سو ہوں
پر ہوں تیرا تم ہو میرے مختار یارسول ﷺ
تم نے بھی گر نہ لی خبر اس حال زار کی
کیا غم ہے گرچہ ہوں میں بہت خوار یارسول ﷺ
گھیرا ہے ہر طرف سے مجھے درد و غم نے آہ
اب زندگی بھی ہو گئی دشوار یارسول ﷺ
ہو آستانہ آپ کا امداد کی جبیں
اور اس سے بھی زیادہ کچھ نہیں درکار یارسول ﷺ

حوالہ

☆ گلزار معرفت ص 205 حاجی امداد اللہ مہاجر مکی

Marfat.com

دلیل نمبر 191

## میری کشتی کنارے پر لگاؤ یارسول اللہ ﷺ

مزید عرض کرتے ہیں حاجی صاحب کی فریاد

جہاز امت کا حق نے کر دیا آپ ﷺ کے ہاتھوں میں
بس اب چاہو ڈباؤ یا تراؤ یارسول اللہ ﷺ
پھنسا ہوں بیطرح گرداب غم میں نا خدا ہو کر
میری کشتی کنارے پر لگاؤ یارسول اللہ ﷺ

حوالہ: گلزار معرفت ص 205

کیوں جناب والا کیا سمجھ آئی کہ آپ کے پیرومرشد نے تو حد کر دی۔ اگر ہم یہی عقیدہ بیان کریں تو ہم پر کفر و شرک کے فتوے لگ جائیں اور اگر آپ کے بزرگ بیان کریں تو عشر زکوٰۃ کا مال سمجھ کر کھا پی جاتے ہو اور ڈکار بھی نہیں مارتے اور آپ کی توحید میں بھی فرق نہیں پڑتا۔ کسی شاعر نے کیا خوب کہا:

ہم کھانستے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
آپ کھنگورے بھی ماریں تو چرچا نہیں ہوتا

اگر یہ عقیدہ جو ہم نے آپ کے بزرگوں کا بیان کیا ہے۔ اگر غلط ہے تو لگاؤ کفر و شرک کا فتویٰ اگر اپنے بزرگوں کو فتویٰ کی زد سے بچانا چاہتے ہو تو مان جاؤ سنی سچے ہیں۔

دلیل نمبر 192

## حاجی امداد اللہ مہاجر صاحب کا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مشکل کشاء ماننا

دُور کر دل سے حجاب جہل و غفلت میرے رب
کھول دے دل میں درِ علمِ حقیقت میرے رب

Marfat.com

## ہادی عالم علی رضی اللہ عنہ مشکل کشاء کے واسطے

حوالہ

☆ ارشاد مرشد ص 103 حاجی امداد اللہ مہاجر مکی

تبصرہ:

اوہ ہو مولوی صاحب یہ کیا ہو گیا۔ آپ تو نبی کریم ﷺ کو مشکل کشاء ماننے والوں کو کافر و مشرک، بے ایمان اور نہ جانے کیا کیا فتویٰ بازی کرتے تھے۔ آپ کے پیرو مرشد نے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مشکل کشاء مان کر آپ کے منہ پر ایسا زبردست طمانچہ مارا کہ آپ کسی کو منہ دکھانے کے قابل نہیں رہے۔ حاجی صاحب فرماتے ہیں کہ اے میرے بیٹو! اگر تم مجھے اپنا پیر و مرشد مانتے ہو تو پھر میرا کہا مان لو۔ نبی کریم ﷺ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مشکل کشاء جان لو۔ مولوی صاحب مجھے بڑے ہی دکھ کے ساتھ یہ عرض کرنے پر مجبور ہونا پڑا ہے کہ اب آپ لوگوں کے پاس دو ہی راستے ہیں۔ ایک طرف تو آپ کے پیر و مرشد کا ایمان اور محبت سے بھرا ہو عقیدہ ہے۔ دوسری طرف ایسا عقیدہ رکھنے والوں کو آپ کے مولانا اسماعیل صاحب نے اور حکیم الامت صاحب نے کافر و مشرک بتایا ہے۔ حالانکہ خود بھی وہ نبی کریم ﷺ کو مشکل کشاء مان کر، حاجت روا مان کر اپنے ہی فتویٰ کے مطابق کفر و شرک کی سیڑھی پر سوار ہو گئے ہیں۔ اب آپ لوگوں کی مرضی ہے کہ ایک طرف شرک ہے اور ایک طرف آپ کے پیر و مرشد کی عقیدت و محبت ہے۔ اگر آپ شرک کا فتویٰ لگائیں گے تو پھر آپ کی پوری جماعت مشرک بنتی ہے۔ کیونکہ آپ کے عقیدے کی بنیاد ان لوگوں نے رکھی ہے جن کے متعلق آپ شرک کا فتویٰ دیں گے۔ اگر آپ شرک کا فتویٰ نہیں دیتے جو کہ یقینی بات ہے کہ آپ نہیں دیں گے تو پھر ثابت ہوا کہ ہمارا عقیدہ اہل سنت و جماعت کا سچا ہے اور اسی عقیدے پر نجات ہے۔

(آگے محترم آپ کی مرضی)

Marfat.com

## دلیل نمبر 193

# حاجی صاحب کا اپنے پیرو مرشد سے مدد مانگنا

حاجی امداد اللہ مہاجر مکی صاحب اپنے پیرو مرشد میاں جیو نور محمد کی شان میں لکھتے ہیں

تم ہو اے نور محمد خاص محبوب خدا
ہند میں ہو نائب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ
تم مددگار مدد امداد کو پھر خوف کیا!
عشق کی برن کے باتیں کانپتے ہیں دست و پا
اے شہ نور محمد وقت ہے امداد کا
آسرا دُنیا میں ہے از بس تمہاری ذات کا
تم سواروں سے ہرگز نہیں ہے التجاء
بلکہ دن محشر کے بھی جس وقت قاضی ہو خدا
آپ کا دامن پکڑا کر یہ کہوں گا برملا
اے شہ نور محمد وقت ہے امداد کا

حوالہ

☆امداد المشتاق مصنف مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی ص 121

تبصرہ:

حضرت یہاں پر حاجی امداد اللہ مہاجر مکی آپ کے پیرو مرشد اپنے مرشد میاں نور محمد کو مشکل کشاء مان کر حاجت روا جان کر اپنی تمام عرض و معرض اپنے پیر صاحب کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔ لکھتے ہیں کہ جب قیامت کے دن اللہ تعالیٰ لوگوں کے درمیان فیصلہ کرے گا تو میں تو اپنے پیرو مرشد کا دامن پکڑ کر عرض کروں گا ''اے میرے

Marfat.com

پیرومرشد اس مصیبت کے وقت میری مدد کرو"۔ مولانا صاحب، اگر حاجی صاحب کے پیرومرشد کو اللہ تعالیٰ نے اتنی طاقت اور اختیار دے رکھا ہے کہ وہ مشکل کے وقت اپنے مریدوں کی مدد کر سکتا ہے، ارے عقل کے اندھو! پھر میرے نبی کریم ﷺ کی شان کا کیا عالم ہوگا جو محبوب خدا ﷺ ہیں۔ اگر حاجی صاحب مشکل کے وقت اپنے پیرومرشد کو پکار سکتے ہیں۔ اگر ان کے اوپر کوئی کفر وشرک کا فتویٰ نہیں لگ سکتا تو یقیناً ہم بھی مشکل کے وقت اپنے آقا کریم ﷺ کی بارگاہ میں عرض ومعروض کر لیں تو ہم پر بھی کوئی فتویٰ نہیں۔ اگر ہم یارسول اللہ ﷺ مدد کہہ لیں تو ہم مشرک اور کافر ہو جائیں۔ بقول آپ کی خود ساختہ اور من گھڑت کی شریعت کے مطابق اگر آپ کے پیرومرشد ایسا عقیدہ اپنے پیر کے متعلق رکھیں تو کوئی فتویٰ نہیں ہے۔ بقول شاعر مشرق علامہ اقبال کے

ہر ایک پر تو لگا دیتا ہے کفر کا فتویٰ
اسلام کوئی تیرے باپ کی جاگیر نہیں ہے

بلے او چالاک مولویو!

## دلیل نمبر 194

# مرید کو مرشد کی قبر سے روزانہ پیسوں کا ملنا

حاجی امداد اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ میرے پیرومرشد کا ایک جولاہا مرید تھا۔ بعد انتقال کے حضرت کے مزار شریف پر عرض کیا کہ حضرت میں بہت پریشان اور روٹیوں کو محتاج ہوں۔ کچھ دستگیری فرمایئے حکم ہوا کہ تم کو ہمارے مزار شریف سے دو آنے یا آدھ آنہ روز ملا کرے گا۔ ایک مرتبہ میں زیارت کو گیا۔ مزار شریف پر وہ شخص بھی وہاں حاضر تھا۔ اس نے کل کیفیت بیان کر کے کہا کہ مجھ کو ہر روز وظیفہ مقرر یہیں قبر سے ملا کرتا ہے۔

حوالہ:

☆ امداد المشتاق مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی ص 123

Marfat.com

**تبصرہ:**

مولوی صاحب ارے یہ کیا قیامت ٹوٹ پڑی کہ آپ کے حاجی صاحب کے مزار سے اس کے مرید کو روزانہ روپے ملتے تھے۔ مرید پیر صاحب کی قبر پر آ کر اپنی تنگدستی کا رونا رویا۔ اپنی مشکلات کو قبر پر بیان کیا۔ پھر پیر صاحب کی کرامت دیکھئے کہ مرید کی گفتگو کو سن بھی رہے ہیں، سمجھ بھی رہے ہیں اور روزانہ پیسے دے کر مدد بھی کر رہے ہیں۔ مولوی صاحب یہ کیا ہو رہا ہے۔ قبر پر جا کر مصیبتوں کو عرض کر کے صاحب قبر سے مدد مانگنا پھر وہاں سے پیسوں کا ملنا۔ اچھا یہ بات میری سمجھ میں نہیں آتی کہ قبر میں کون سا پیر صاحب نے حبیب بنک کھولا ہوا تھا یا وہاں کوئی نیشنل بنک کی برانچ میں آپ کے پیر صاحب کا اکاؤنٹ کھلا ہوا تھا جہاں سے منی ٹرانسفر ہوتی تھی۔ یا اے ٹی ایم مشین تھی جو خفیہ کوڈ سے پیسے نکالتی تھی جس کے کوڈ کا پیر صاحب یا مرید کو علم تھا۔ بھائی ہماری سمجھ سے تو یہ چیز بالاتر ہے۔ بہر حال ہمیں یہ معلوم ہو گیا کہ آپ کے بزرگوں کا یہ عقیدہ تھا کہ صاحب قبر کی قبر پر جا کر اپنی پریشانی بیان کرنا، ان سے مدد مانگنا، مشکل حل کروانا اور آپ کے پیروں کا قبر میں پڑے ہوئے لوگوں کی حاجت روائی کرنا، مشکل کشائی کرنا، ان کو اپنے مزاروں سے پیسے دے کر مدد کرنا ثابت ہے۔ ارے جب آپ کے بزرگوں کے یہ عقیدے ہیں تو پھر آپ کو کیا ہو گیا ہے کہ ماننے کا نام تک نہیں لیتے۔

**دلیل نمبر 195**

## مرید کے لئے شیخ مشکل کشاء ہے

جب مرید کو کوئی مشکل پیش آتی ہے اور مرید اس سے نجات پانے کا حاجت مند ہوتا ہے تو شیخ کی طرف توجہ کرتا ہے تو فوراً وہ مشکل بعونہ تعالیٰ حل ہو جاتی ہے۔

حوالہ: امداد السلوک ص 133 مولانا رشید احمد گنگوہی دیوبندی

Marfat.com

دلیل نمبر 196

## مولانا قاسم نانوتوی کے اختیارات

## روزہ توڑ دینے پر بھی ثواب

حضرت والد مرحوم نے فرمایا کہ حضرت مولانا رفیع الدین صاحب فرماتے تھے کہ میں نے کبھی حضرت نانوتوی کے خلاف نہیں کیا۔ ایک دن چھتہ کی مسجد میں حاضر ہوا۔ حضرت نانوتوی احاطہ مسجد میں ہولے بھنے ہوئے تناول فرما رہے تھے۔ فرمایا کہ آیئے مولانا! میں نے عرض کیا حضرت میرا تو روزہ ہے۔ تھوڑی دیر تامل کر کے پھر یہی فرمایا کہ آیئے مولانا!۔ میں فوراً بلا تامل کھانے بیٹھ گیا۔ حالانکہ عصر کی نماز ہو چکی تھی۔ افطار کا وقت بھی قریب تھا۔ حضرت نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس سے زائد آپ کو ثواب عطا فرمائے گا جتنا کہ روزہ میں ہوتا ہے۔ چنانچہ مجھے اس افطار کے بعد کچھ ایسی کیفیت ولذت محسوس ہوئی کہ میں نے کبھی روزہ کی حالت میں بھی نہیں دیکھی تھی۔

حوالہ

☆ ارواح ثلاثہ حکایت نمبر 373 ص 305 مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی

استغفر اللہ! معزز قارئین گرامی دیکھے آپ نے مولوی قاسم علی صاحب کے اختیارات کہ ایک تو مولوی رفیع الدین کا روزہ تڑوادیا دوسرا فرما رہے ہیں کہ جتنا ثواب تم کو روزہ کی حالت میں ملنا تھا، اس سے زیادہ ثواب روزہ توڑنے میں ملا ہے۔ پھر مولانا صاحب کی عقیدت دیکھیں کہ جو مزہ اس دن آیا تھا وہ کبھی روزے کی حالت میں بھی نہیں آتا تھا۔ واہ جی واہ۔ دلیری ہو تو ایسی ہو۔

خود آپ ہی اپنی اداؤں پر غور کیجیے
ہم کہیں گے تو پھر شکایت ہو گی

Marfat.com

## دلیل نمبر 197

# مولانا رشید احمد گنگوہی کے اختیارات

## رشید گنگوہی کے بندے دوزخ میں نہیں جائیں گے

ایک صاحب گنگوہ میں حضرت رشید احمد گنگوہی کی مسجد میں بہت رویا کرتے تھے۔ ویسے بھی بہت روتے تھے۔ ایک مرتبہ مولانا رشید احمد گنگوہی نے اس سے دریافت کیا کہ تم اتنا کیوں روتے ہو؟ کیوں اتنا پریشان رہتے ہو؟ اس نے عرض کیا حضرت دوزخ سے بہت ڈر لگتا ہے۔ وہ آگ کیسے برداشت ہوگی؟ فرمایا نہیں نہیں گھبرانے کی کوئی بات نہیں۔ مجھ سے وعدہ کیا گیا ہے کہ تیرے بندوں یا آدمیوں کو دوزخ میں نہیں بھیجا جائے گا۔

حوالہ

☆ اکابر دیوبند اور عشق رسول ﷺ ص 62 تصنیف مولانا محمد ارسلان بن اختر مکتبہ ارسلان

معزز قارئین گرامی! اگر آپ اس کتاب کو خصوصی توجہ کے ساتھ پڑھ رہے ہیں تو میں یہاں پر تھوڑی سی وضاحت کر دوں۔ ان کے مشہور و معروف مولوی عزیر احمد صدیقی کی ایک کتاب ارمغان عرب یعنی تقویۃ الایمان کا سلیس اور تفہیمی متن معہ فاتحہ تعارف جو اس وقت میرے سامنے پڑی ہے۔ مکتبہ جاء الحق نے اس کو شائع کیا ہے۔ اس کتاب کے صفحہ نمبر 87 پر مولوی اسماعیل دہلوی کا نمک خور غلام عزیر احمد صدیقی لکھتا ہے کہ مخلوق سے نسبت رکھنے والے نام جیسے غلام محمد، علی بندہ، کنیز فاطمہ، غلام حسین وغیرہ یہ سب نام مشرکانہ نام ہیں۔ ان سے پرہیز کرنا چاہیے۔ یعنی مولوی صاحب کہتے ہیں کہ اپنی اولاد کے یہ نام مت رکھنا کیونکہ یہ نام کافروں اور مشرکوں کے ہیں (استغفر اللہ ہزار بار استغفر اللہ)

Marfat.com

## دیوبندیوں کو چیلنج

میں ایسا بدعقیدہ رکھنے والوں کو کھلے لفظوں میں چیلنج کرتا ہوں کہ یہ لکھنے والو! یہ نام جو میں نے ابھی اس بے ایمان ظالم کی کتاب سے نقل کر کے لکھے ہیں کہ یہ نام مشرکانہ نام ہیں۔ مجھے پوری تاریخ اسلام میں سے کوئی بھی ایسا کافر یا مشرک مرد یا عورت دکھادو جس کا نام غلام محمد یا علی بندہ ہو، یا غلام حسین، یا کنیز فاطمہ ہو۔ مولوی صاحب خدا کا خوف کھاؤ، کیوں عوام کو گمراہ کرتے ہو؟ غلام محمد نام مشرکوں کا نہیں ہے بلکہ حضور ﷺ کے غلاموں کا نام ہے۔ ان کے دوسرے گرو جی نے بھی تقویۃ ایمان میں لکھا ہے کہ عبدالنبی نام رکھنا شرک ہے۔ تو اب یہ جو واقعہ ہم نے بیان کیا ہے۔ اس میں تو مولوی رشید احمد گنگوہی صاحب کھلے لفظوں میں دعویٰ کے ساتھ کہہ رہے ہیں کہ میرے آدمیوں کو میرے بندوں کو جہنم میں نہیں بھیجا جائے گا۔ ارے جب تمہارا مولوی مخلوق خدا کو اپنا بندہ، اپنا آدمی، اپنا غلام کہہ سکتا ہے اور کفر و شرک نہ لگے تو جو نبی پاک ﷺ کے غلام ہوں گے ان کی شان کا کیا عالم ہوگا؟ پھر مجھے یہ بھی بتاؤ کہ مولوی رشید احمد صاحب سے کس نے یہ وعدہ کیا کہ تیرے آدمیوں کو دوزخ میں نہیں بھیجا جائے گا۔ اگر یہ کہے کہ یہ وعدہ نبی کریم ﷺ نے کیا ہے پھر تو اختیارات رسول ﷺ ثابت ہو گئے۔ اگر کہے کہ جی ڈائریکٹ اللہ تعالیٰ نے وعدہ کیا ہے تو اللہ تعالیٰ تو کسی سے اس طرح وعدہ کرتا نہیں ہے جس طرح مولوی صاحب دعویٰ کے ساتھ لکھ رہے ہیں۔ خدا کا خوف کھاؤ۔ مولوی صاحب اگر وعدہ حضور ﷺ نے کیا ہے تو اختیارات کو مان جاؤ اگر خدا نے کیا ہے تو قرآن و حدیث سے دلیل پیش کرو ورنہ جھوٹوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے اب آپ کی مرضی ہے تین راستے ہیں جس کو مرضی چاہے اختیار کر لو جاؤ آپ کو ہم اختیارات دیتے ہیں کیا یاد کرو گے مولوی صاحب۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 198

## مولانا تھانوی صاحب کے اختیار اتھانہ بھون

## مولوی اشرف علی کی وجہ سے غرق ہونے سے بچا ہوا ہے

ایک صاحب تھانہ بھون کے رہنے والے دہلی میں کسی مجذوب کے پاس دُعا کے لئے حاضر ہوئے تو اس نے کہا کہ تھانہ بھون ابھی تک غرق نہیں ہوا ہے؟ اس نے عرض کیا حضرت میں تو دُعا کے واسطے حاضر ہوا ہوں اور آپ بددعا فرمارہے ہیں۔ جواب دیا کہ تھانہ بھون اب تک ضرور غرق ہو جاتا مگر وہاں دو شخص ہیں، ایک مردہ ایک زندہ۔ ایک تو شاہ ولایت صاحب وہاں لیٹے ہوئے ہیں۔ ان بزرگ کا تھانہ بھون میں مزار ہے اور ایک مولانا اشرف علی تھانوی صاحب ہیں۔ ان دونوں بزرگوں کی برکت سے تھما ہوا ہے۔

حوالہ

☆ ارواح ثلاثہ حکایت نمبر 430 ص 364 مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی

## دلیل نمبر 199

## اختیارات جناب غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ آپ نے مرغا زندہ کر دیا

حضرت غوث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں ایک عورت اپنے لڑکے کو سپرد کر گئی۔ کچھ روز کے بعد آ کر دیکھا کہ لڑکا نہایت لاغر اور دبلا ہو رہا ہے۔ اس کو بے حد رنج ہوا۔ وہ حضرت کی خدمت میں کچھ عرض کرنے آئی۔ کیا دیکھتی ہے کہ حضرت غوث پاک رحمۃ اللہ علیہ مرغ کا گوشت کھا رہے ہیں تو اور بھی جل بھن گئی۔ عرض کیا حضرت آپ تو مرغ کھائیں اور میرے بیٹے کو سکھا دیا۔ آپ نے یہ سن کر جو ہڈیاں کھائے ہوئے مرغ کی آپ کے سامنے رکھی تھیں، ان کی طرف انگلی سے اشارہ کر کے فرمایا کہ ''قم باذن اللّٰہ'' اللہ کے حکم

Marfat.com

سے کھڑا ہو جا۔ وہ مرغ بن کر چل دیا۔ اس وقت حضرت نے اس عورت سے فرمایا کہ جس وقت تیرا بیٹا اس قابل ہو جائے گا اس کو بھی مرغ کھلایا جائے گا۔

حوالہ: حضرت تھانوی کے پسندیدہ واقعات ص 173 مرتب ابوالحسن اعظمی استاذ دار العلوم دیو بند مکتبہ الحسن رائیونڈ۔ حضرت جی آپ لوگ تو کہتے ہیں کہ معاذ اللہ نبی ﷺ کر کچھ نہیں سکتے یہاں تو معاملہ ہی برعکس ہے یہاں پر تو حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ مردوں کو زندہ کر رہے ہیں اگر آپ لوگوں کے بڑے ان باتوں کو مان کر یہ چیزیں اپنی کتابوں میں لکھ گئے ہیں تو آپ کیوں نہیں مانتے کہ یارسول اللہ! کہنے والے سچے ہیں۔

## دلیل نمبر 200

# حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ نے توڑ وبتا ہوا جہاز بچا دیا

ایک دن حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ سات اولیاء اللہ کیساتھ بیٹھے تھے نظر بصیرت سے ملاحظہ فرمایا کہ ایک جہاز قریب غرق ہونے کے ہے آپ نے ہمت وتوجہ باطنی سے اس کو غرق ہونے سے بچالیا

حوالہ: امداد المشتاق الی اشرف الاخلاق ص 46 مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی

## دلیل نمبر 201

# مرید نے قبر میں غوث پاک رضی اللہ عنہ کے نام کا تعارف کروایا تو مصیبت حل ہوگئی

مولانا شاہ فضل الرحمان صاحب سے میں نے سنا فرماتے تھے کہ حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا دھوبی مرا۔ جب مرا اور اس سے قبر میں سوال ہوا کہ مَن رَّبُّكَ، وَمَا دِينُكَ؟ تو اس نے جواب دیا کہ میں تو بڑے پیر صاحب کا مرید ہوں اس پر فرشتے نے اسے ہنس کر چھوڑ دیا

حوالہ: حضرت تھانوی کے پسندیدہ واقعات ص نمبر 33، مرتب مولانا ابوالحسن اعظمی استاذ دار العلوم دیو بند مکتبہ الحسن رائیونڈ

Marfat.com

## دلیل نمبر 202

# حاجی امداد مہاجر مکی کے اختیارات

## حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نے بھی ڈوبتوں کو بچالیا

فرمایا کہ خدا جانے لوگ مجھے کیا سمجھتے ہیں اور میں کیا ہوں؟ محبوب علی نقاش نے آ کر بیان کیا کہ ہمارا اگبوٹ تباہی میں تھا میں مراقب ہو کر آپ سے ملتجی ہوا آپ نے مجھے تسکین دی اور آگبوٹ کو تباہی سے نکال دیا

حوالہ

☆ امداد المشتاق مولوی اشرف علی تھانوی ص نمبر 130

## دلیل نمبر 203

## حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ کی مریدنی نے اپنے مردہ بیٹے کو زندہ کر دیا

ان بزرگ کے ایک مرید بیان کرتے ہیں کہ ہمارے پیر کی ایک مریدنی تھی۔ انکا لڑکا مکتب میں پڑھتا تھا۔ استاد نے کسی کام کو بھیجا۔ وہ کہیں پانی میں جا گرا اور ڈوب کر مر گیا۔ استاد کو خبر ہوئی اس نے جا کر حضرت سری سقطی رحمۃ اللہ علیہ کو خبر دی۔ آپ اُٹھ کر اس مریدنی کے گھر گئے اور صبر کی نصیحت کی۔ وہ مریدنی عرض کرنے لگی حضرت آپ یہ صبر کا مضمون کیوں فرما رہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ تیرا بیٹا ڈوب کر مر گیا ہے۔ تعجب سے کہنے لگی کہ میرا بیٹا؟ انہوں نے فرمایا کہ ہاں تیرا بیٹا۔ کہنے لگی کہ میرا بیٹا کبھی نہیں ڈوبا اور یہ کہہ کر اس جگہ پہنچ گئی اور جا کر بیٹے کا نام لے کر پکارا۔ اے ظاراس۔ اس نے جواب دیا ”جی اماں“ اور پانی سے زندہ نکل کر چلا آیا۔

حوالہ: بہشتی زیور ص 475 مولوی اشرف علی تھانوی دیوبندی

Marfat.com

## دلیل نمبر 204

## ایک شخص کی مردہ بیٹی کو میرے نبی کریم ﷺ نے زندہ کر دیا

مواہب اللدنیا میں امام فخر الدین رازی اور دلائل النبوت میں امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ یہ قصہ نقل فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ میں اس وقت ایمان لاؤں گا جب آپ ﷺ میری مری ہوئی لڑکی کو دوبارہ زندہ کریں گے۔ نبی کریم ﷺ نے اس کی قبر پر کھڑے ہو کر آواز دی۔ ''اے فلاں'' اسی وقت لڑکی قبر سے نکل کر کہنے لگی۔ لبیک وسعدیک یارسول اللہ!۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ کیا تو دُنیا میں دوبارہ آنا پسند کرتی ہے؟ اس نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے دُنیا کی نسبت آخرت کو بہتر پایا ہے۔ اس کے والد نے فوراً کلمہ پڑھ لیا۔

حوالہ

☆ مدارج النبوت جلد اول ص 260 شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

☆ الشمامۃ العنبریہ من مولد خیر البریہ ص 71 نواب صدیق حسن خاں بھوپالی وہابی

## دلیل نمبر 205

## حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے بیٹوں کو زندہ فرما دیا

جب نبی کریم ﷺ ان کے گھر مہمان بن کر تشریف لے گئے تھے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے ایک بکرا ذبح کیا تھا۔ ان کے بڑے لڑکے نے یہ دیکھ کر کہ باپ نے کس طرح بکرے کو ذبح کیا ہے۔ اپنے چھوٹے بھائی کو لٹا کر گلے پر چھری چلا دی۔ جب ان کی ماں نے یہ صورتحال دیکھی تو دوڑ کر ان کی طرف آنے لگی۔ بڑے لڑکے نے جب یہ دیکھا کہ ماں آرہی ہے تو اس نے بالا خانے سے چھلانگ لگا دی اور وہ بھی گر کر مر گیا۔ پھر نبی کریم ﷺ نے ان دونوں کو زندہ کر دیا۔

حوالہ: مدارج النبوت ص 260

Marfat.com

## دلیل نمبر 206

# میرے نبی کریم ﷺ کے وسیلہ سے
# ایک بوڑھی مائی کا جوان بیٹا زندہ ہو گیا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک انصاری جوان تھا۔ اس نے وفات پائی۔ اس کی اندھی بوڑھی مائی تھی کہ لوگوں نے اس جوان پر کپڑا ڈال دیا اور اس کی ماں سے لوگ افسوس کرنے لگے۔ اس نے کہا کہ کیا میرا لڑکا مر گیا ہے؟ لوگوں نے کہا ''ہاں''۔ وہ کہنے لگی ''خداوند تو میری فریاد رسی کرے گا۔ اے خدا تو مجھے اس مصیبت میں نہ ڈال''۔ ہم ابھی وہاں سے ہٹے بھی نہیں تھے کہ ہم نے مردہ کے چہرے سے چادر کو ہٹا کر دیکھا تو وہ زندہ تھا۔ پھر اس نے ہمارے ساتھ کھانا کھایا۔ یہ اس عورت کا رسول اللہ ﷺ کے حضور میں استغاثہ کرنے کی برکت سے تھا۔

حوالہ

☆ مدارج النبوت جلد اول ص 261 شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی

## دلیل نمبر 207

# نبی کریم ﷺ کا اپنے والدین کریمین کو زندہ کرنا

نبی کریم ﷺ کا اپنے والدین کریمین کا زندہ فرمانا اور ان کا ایمان لانا جیسا کہ حدیث شریف میں آیا ہے۔ لیکن محدثین ان احادیث کی صحت میں کلام کرتے ہیں اور بعض متاخرین انہیں ثابت کر کے درجہ اعتبار تک پہنچاتے ہیں۔

حوالہ ☆ مدارج النبوت جلد اول ص 261

☆ الخصائص الکبریٰ (امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ)

☆ فتاویٰ رضویہ (امام احمد رضا خاں بریلوی)

Marfat.com

## دلیل نمبر 208

## غیر مقلدوں کی کتاب سے حوالہ

وہابیوں، غیر مقلدوں کے امام اور ان کے پیر و مرشد نواب صدیق حسن خاں بھوپالی صاحب لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کے ماں باپ کو زندہ کیا یہاں تک کہ وہ آپ ﷺ پر ایمان لائے۔

حوالہ

☆ الشمامۃ العنبریہ من مولد خیر البریہ ص 71 نواب صدیق حسن خاں بھوپالی

## دلیل نمبر 209

## تکلیف کے وقت نبی کریم ﷺ سے مدد مانگنا جائز ہے

لفظ یارسول اللہ! بلا لحاظ معنی اس طرح نکلا ہے جیسے لوگ بوقت مصیبت و تکلیف ماں باپ کو پکارتے ہیں تو بلا شک جائز ہے۔

حوالہ

☆ الشہاب الثاقب مولوی حسین احمد مدنی دیوبندی ص 208

## دلیل نمبر 210

## تکلیف کے وقت یا محمد ﷺ کہنا

عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بنِ سَعْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ خَدِرَت رِجلُ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ لَہُ رَجُلٌ اذکُر أَحَبَّ النَّاسِ اِلَیکَ فَقَالَ یَا مُحَمَّدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

ترجمہ: حضرت عبد الرحمٰن بن سعد کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا پاؤں سُن ہو گیا تو ایک آدمی نے ان سے کہا کہ آپ اپنے نزدیک لوگوں میں سے

Marfat.com

سب سے زیادہ محبوب کو یاد کرو۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ''یا محمد ﷺ''

حوالہ جات

☆الادب المفرد امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ باب مایقول الرجل اذا خدرت رجلہ حدیث نمبر 964 ص 425

☆عمل الیوم واللیلۃ امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ جلد نمبر 1 ص 131

اس میں یہ الفاظ ہیں 'عن الهيثم بن الحنش قال كنا عند عبد الله بن عمر فخدرت رجله فقال له رجل اذكر احب الناس اليك فقال يا محمد قال فقام فكانما نشط من عقال۔

امام نسائی سے مروی ہے کہ ہیثم بن حنش روایت کرتے ہیں کہ ہم حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ کا پاؤں شل ہو گیا۔ کسی نے ان سے کہا کہ اپنے سب سے زیادہ محبوب ہستی کو یاد کیجئے۔ چنانچہ انہوں نے کہا ''یا محمد ﷺ'' اسی وقت ان کا پاؤں کھل گیا۔ دیکھئے مذکورہ حوالہ۔

☆ابن الجعد فی المسند جلد نمبر 1 ص 369 حدیث نمبر 2539

☆الطبقات ابن سعد جلد نمبر 4 ص 154

☆عمل الیوم واللیلۃ امام ابن اسنی ص 188

☆التاریخ امام یحیٰ بن معین جلد نمبر 4 حدیث نمبر 2953 ص 24

☆الشفاء شریف قاضی عیاض مالکی رحمۃ اللہ علیہ جلد نمبر 1 ص 498

☆مدارج النبوت جلد اول ص 374

☆الداء والدوا نواب صدیق حسن خاں بھوپالی وہابی ص 156

☆ہدیۃ المہدی مولوی وحید الزمان حیدر آبادی وہابی ص 65

اس حدیث میں بتایا جا رہا ہے کہ حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما کا پاؤں جب سُن ہو گیا تو دوستوں سے اس کی شکایت کی تو لوگوں نے عرض کیا حضرت جو آپ کو سب لوگوں سے زیادہ پیارا ہے۔ اس مصیبت اور پریشانی کو دور کرنے کے لئے اس کا نام لیجئے۔ تو حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فوراً یا محمد ﷺ کہا تو وہ مصیبت پریشانی فوراً ختم ہو گئی

Marfat.com

اور پاؤں بالکل ٹھیک ہو گیا۔اس حدیث سے ثابت ہوا کہ مشکل کے وقت اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کا نام مبارک لینا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سنت مبارکہ ہے۔لہٰذا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے نقش قدم پر چلا جائے تا کہ اللہ اور اس کا رسول ﷺ خوش ہو جائے۔

## دلیل نمبر 211

## مشکل وقت میں نبی پاک ﷺ کی پناہ مانگنا

عَنْ اَبِی مَسعُودٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنهُ اَنَّهٗ كَانَ يَضرِبُ غُلَامَهٗ فَجَعَلَ يَقُولُ اَعُوذُ بِاللّٰهِ قَالَ فَجَعَلَ يَضرِبُهٗ فَقَالَ اَعُوذُ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ فَتَرَكَهٗ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ اَللّٰهُ اَقدَرُ عَلَيكَ مِنكَ عَلَيهِ قَالَ فَاَعتَقَهٗ ۔

ترجمہ: حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے غلام کو مارنا شروع کیا تو غلام یہ کہنے لگا کہ میں اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتا ہوں۔ حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ نے اسے پھر مارا تو وہ بولا میں اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کی پناہ مانگتا ہوں۔ حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ نے اس کو چھوڑ دیا۔ نبی پاک ﷺ نے فرمایا کہ تم اس پر جتنی قدرت رکھتے ہو اللہ تعالیٰ کی قسم اللہ تعالیٰ تم پر اس سے زیادہ قدررت رکھتا ہے۔ حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ نے اس غلام کو آزاد کر دیا۔

حوالہ

☆ صحیح مسلم شریف جلد دوم کتاب الایمان باب صحبۃ المممالیک حدیث نمبر 4196 ص 553

تبصرہ:

اس حدیث مبارکہ سے ثابت ہوا کہ مشکل کے وقت میں نبی پاک ﷺ کا نام مبارک لے کر پناہ مانگنا اور مصیبت کے وقت آپ ﷺ کے نام مبارک کی دوھائی دینا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا طریقہ ہے وگرنہ حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ اور آپ کے غلام دونوں پر فتویٰ

Marfat.com

لگے گا کہ غلام نے مصیبت کے وقت نبی پاک ﷺ کا نام کیوں لے کر پناہ مانگی اور ابو مسعود رضی اللہ عنہ نے نبی پاک ﷺ کا نام مبارک سن کر غلام کو پناہ کیوں دی؟ اب پاکستان میں کون سا ایسا مفتی یا قاضی ہے جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے عمل پر فتویٰ لگائے ایک طرف تو آپ کے مولوی صاحبان کی تحریریں ہیں کہ مشکل کے وقت نبی پاک ﷺ کا نام لینا آپ ﷺ کے نام کی دوھائی دینا شرک ہے دوسری طرف حدیث سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عقیدہ ثابت ہے تو معلوم ہوا آپ کے مولوی صاحبان کی نظریاتی سوچ غلط ہوسکتی ہے قرآن وحدیث غلط نہیں ہوسکتے اور نہ ہی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا عقیدہ غلط ہوسکتا ہے کیونکہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہ نے ڈائریکٹ دین میرے نبی ﷺ سے سیکھا ہے اس لیے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے عمل کو اگر تنقید کا نشانہ بناؤ گے تو پھر اللہ اور رسول ﷺ بھی محفوظ نہیں رہیں گے۔ بہتری اسی میں ہے کہ قرآن وحدیث کو مان کر اہلسنّت کے حق سچ ہونے کا اقرار کر لو اور یقین جانو نجات بھی اسی میں ہے۔

## دلیل نمبر 212

وَعَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ اَنَّ سَفِينَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْطَأَ الْجَيْشَ بِاَرْضِ الرُّوْمِ اَوْ اُسِرَ فَانْطَلَقَ هَارِبًا يَلْتَمِسُ الْجَيْشَ فَاِذَاهُوَ بِالْاَسَدِ فَقَالَ يَا اَبَا الْحَارِثِ اَنَا مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ كَانَ مِنْ اَمْرِيْ كَيْتَ وَ كَيْتَ فَاقْبَلَ الْاَسَدُ لَهٗ بَصْبَصَةً حَتّٰى قَامَ اِلٰى جَنْبِهٖ كُلَّمَا سَمِعَ صَوْتًا اَهْوٰى اِلَيْهِ ثُمَّ اَقْبَلَ يَمْشِيْ اِلٰى جَنْبِهٖ حَتّٰى بَلَغَ الْجَيْشَ ثُمَّ رَجَعَ الْاَسَدُ۔

ترجمہ: حضرت ابن منکدر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ نبی پاک ﷺ کے آزاد کردہ غلام روم شہر کی زمین میں لشکر کا راستہ بھول گیا یا قید کیا گیا تو وہ کافروں کے ہاتھ سے بھاگ کر نکل گیا۔ اس حال میں کہ وہ

Marfat.com

لشکر کو ڈھونڈتا تھا۔ اچانک وہ ایک جنگل میں ایک بہت بڑے شیر سے ملا اور کہا اے ابوالحارث میں رسول اللہ ﷺ کا آزاد کردہ غلام ہوں اور اپنی تمام ترکیفیت اس کو سنائی۔ چنانچہ شیر اپنی دُم کو ہلاتا ہوا یہاں تک کہ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کے پہلو میں کھڑا ہو گیا۔ تو جب شیر کوئی خوفناک آواز سنتا تو اس کی طرف قصد کرتا اور چلتا تھا وہ سفینہ رضی اللہ عنہ کے پہلو میں جب سفینہ رضی اللہ عنہ لشکر میں پہنچ گیا تو وہ شیر واپس لوٹ آیا۔

حوالہ جات

☆ مشکوۃ شریف جلد سوم باب الکرامات دوسری فصل حدیث نمبر 5695 ص 203

☆ مدارج النبوت جلد دوم ص 589

☆ علامہ بغوی کی شرح السنہ

تبصرہ:

مولانا صاحب حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کو یہ عقیدہ کس نے سکھایا تھا کہ اس مشکل اور مصیبت کے وقت نبی پاک ﷺ کا نام مبارک لے کر مصیبت دور کروالو اور یہ بھی بتاؤ کہ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کے اس عمل پر کیا فتویٰ ہوگا؟ اگر آپ شرک کہیں گے تو خود کافر ہو جائیں گے کیونکہ توہین صحابہ رضی اللہ عنہ کفر ہے۔ اگر آپ یہ کہیں کہ جی حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ نے ٹھیک ہی کیا ہے تو پھر ہمارا مسلک سچا ہوا اور یہ بھی ثابت ہوا کہ باقی تمام فرقے اہلسنّت سے ہٹ کر گمراہ ہیں اس لیے حضرت صاحب خدارا گمراہ لوگوں کو چھوڑ کر ان لوگوں کے ساتھی بن جاؤ جو صراط مستقیم پر ہیں یہ بھی ثابت ہوا کہ جنگل کا شیر درندہ بھی نبی پاک ﷺ کے نام کا حیا کرتا ہے حضرت سفینہ کا یہ عقیدہ تھا کہ

مجھے دُنیا والو لا وارث نہ سمجھو
وارث ہیں میرے وہ پیارے محمد ﷺ

Marfat.com

ٹوٹے دلوں کے سہارے محمد ﷺ
ہیں بیچاروں کے چارے محمد ﷺ
میں قبر و حشر میں اور پل سے گذرتے
لگاؤں گا تیرے ہی نعرے محمد ﷺ

## دلیل نمبر 213

وہابیوں کے چوٹی کے امام ابن تیمیہ لکھتے ہیں:

فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالیٰ هَدَانَا نَبِيِّهٖ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَخرَجنَا بِهٖ مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّورِ وَاٰتَانَا بِبَرَكَةِ رِسَالَتِهٖ وَ يُمنِ سِفَارَتِهٖ خَيرَ الدُّنيَاءِ وَالاٰخِرَةِ ۔

ترجمہ: بیشک اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنے نبی محمد ﷺ کے وسیلے سے ہدایت عطا فرمائی ہے اور ہمیں آپ ﷺ کے وسیلے سے تاریکیوں سے نور کی طرف نکالا ہے اور اس نے آپ ﷺ کی رسالت کی برکت سے ہم کو دُنیا اور آخرت کی خیرات عطا فرمائی۔

حوالہ: ☆ الصارم المسلول ص 9

## دلیل نمبر 214

وہابیوں کے امام ابن قیم لکھتے ہیں:

اِنَّ كُلَّ خَيرٍ نَالَتهُ اُمَّتِهٖ فِي الدُّنيَا وَالاٰخِرَةِ فَاِنَّهَا عَلَى يَدِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

ترجمہ: دُنیا و آخرت میں جو نعمت آپ ﷺ کی امت کو ملی ہے وہ حضور ﷺ ہی کے ہاتھ سے ملی ہے۔

حوالہ ☆ زاد المعاد علی ہامش الزرقانی جلد 1 ص 373

Marfat.com

## دلیل نمبر 215

# نواب صدیق حسن خاں بھوپالی کا عقیدہ

وہابیوں غیر مقلدوں کے امام نواب صدیق حسن خاں بھوپالی صاحب بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں یوں عرض کرتے ہیں:

از تو می خواہم رسول اللہ ﷺ مراد خویش را
چشم امیدم نمی گردو بروئے غیر باز

ترجمہ: یارسول اللہ! میں آپ ﷺ سے اپنی مراد طلب کرتا ہوں۔ مجھے اُمید ہے کہ میں اپنی حاجت کسی اور کے پاس نہ لے کر جاؤں گا۔

حوالہ: نفع الطیب ص 21

## دلیل نمبر 216

مزید لکھتے ہیں:

آپ ﷺ قبل فتح مکہ کے زمین جاگیر میں دے دیتے تھے۔ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو ساری زمین کا مالک بنا دیا تھا۔

حوالہ: الشمامة العنبر یہ ص 51 نواب صدیق حسن خاں بھوپالی

## دلیل نمبر 217

# الطاف حسین حالی لکھتے ہیں

غیر مقلدوں اور دیوبندیوں کے متفقہ امام، جس نے اپنے کلام میں یہ اشعار لکھے ہیں

اے خاصہ خاصانِ رُسل وقت دُعا ہے
اُمت پہ تیری آکے عجب وقت پڑا ہے

Marfat.com

فریاد ہے اے کشتیٔ اُمت کے نگہباں
بیڑا تباہی کے قریب آن لگا ہے

اے چشمۂ رحمت بابی و انت امی
دُنیا پہ تیرا لطف سدا عام رہا ہے

☆ مسدس حالی ص 109/111

## دلیل نمبر 218

## دیوبندی مولوی سرفراز گکھڑوی کا عقیدہ

امت کو جو کچھ بھی ظاہری اور باطنی کامیابیاں نصیب ہوئی ہیں تو وہ آپ ﷺ ہی کی بدولت اور آپ ﷺ ہی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے عطا کی ہیں۔

حوالہ☆ دل کا سرور ص 152

## دلیل نمبر 219

## دیوبندیوں کی متفقہ گواہی

فَهُوَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيٌّ فِي قَبْرِهِ الشَّرِيفِ يَتَصَرَّفُ فِي الْكَوْنِ بِإِذْنِ اللَّهِ تَعَالَىٰ كَيْفَ شَآءَ ۔

ترجمہ: حضرت ﷺ اپنی قبر میں زندہ ہیں، باذن خداوندی کون وجہاں میں جو چاہتے ہیں تصرف فرماتے ہیں۔

حوالہ: المہند علی المفند ص 126

Marfat.com

## دلیل نمبر 220

## حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی کا محبت بھرا عقیدہ

بنظر نمی آید مر مگر آنحضرت ﷺ کہ جائے دست زدن اندوہگین ست در ہر شدتے۔

ترجمہ: ہمیں نظر نہیں آتا مگر آنحضرت ﷺ ہر مصیبت کے وقت غمخواری فرماتے ہیں۔

مزید عرض کرتے ہیں:

جائے پناہ گرفتن بندگان وگریز گاہ ایشاں دروقت خوف ایشاں روزِ قیامت

ترجمہ: حضور ﷺ قیامت کے دن خوف زدوں اور خوف سے بھاگنے والوں کی جائے پناہ ہیں۔

پھر لکھتے ہیں:

اے بہترین خلق خدا وائے بہترین عطا کنندہ والے کسیکہ امید وداشتہ شود برائے ازالہ مصیبتے۔

ترجمہ: اے خلق خدا میں بہترین ایسے بہترین عطا کرنے والے اور مصیبت کے وقت امیدوار کی مصیبت ٹالنے والے۔

پھر کہا:

تو پناہ ہندہ از ہجوم کردن مصیبتے

آپ ﷺ مصیبتوں کے ہجوم سے پناہ دینے والے ہیں

حوالہ☆ نعتیہ قصیدہ اطیعب العم ص 65

معزز قارئین گرامی!

اگر کتاب کی طوالت کا ڈر نہ ہوتا تو میں ان لوگوں کے مزید اور بھی ایسے عقیدے

Marfat.com

نقل کرتا جس میں انہوں نے میرے آقا ﷺ کو مالک ومختار مانا ہے۔ آپ ﷺ کی بارگاہ میں اپنی مصیبتیں پیش کی ہیں۔ آپ ﷺ کو مشکل کشا، حاجت روا مانا ہے۔ ان وہابیوں، دیوبندیوں کے بڑوں نے تو سب کچھ تسلیم کرلیا لیکن یہ بدبخت ایسے ہیں کہ سوائے انکار کے اور کچھ نہیں کر سکتے ہیں۔ تو ہم نے جو دلائل قرآن وحدیث اور معترضین کی کتب سے پیش کئے ہیں۔ ان سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ ﷺ مختار کل ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی کروڑوں رحمتیں آپ ﷺ پر نازل ہوں (آمین)

## کفر کی ایک خفیہ سازش

ایک سوال ہر مسلمان کے ذہن میں ابھرتا ہے۔ جس کا اکثر لوگ بعض دفعہ اظہار بھی کرتے ہیں۔ مگر سوال کرتے ہیں اس پر سنجیدگی سے غور نہیں کرتے۔ اگر سنجیدگی سے غور بھی فرمائیں تو سمجھنا کوئی مشکل نہیں کہ اصل مسئلہ کیا ہے۔

سوال یہ ہے کہ

جب ہر فرقے والا بندہ یہ دعویٰ کرتا ہے کہ ہم مسلمان ہیں۔ اللہ اور اس کے رسول ﷺ پر ایمان رکھتے ہیں۔ پھر یہ اختلاف کیوں ہیں؟ کوئی کہتا ہے کہ نبی پاک ﷺ کو اختیارات حاصل ہیں۔ کوئی کہتا ہے کہ وہ محض مجبور ہیں (معاذ اللہ) کچھ نہیں کر سکتے۔ سب اختیارات اللہ وحدہ لاشریک کو ہی ہیں۔ دیگر ایسے اختلافات جن میں نور بشر، حاضر وناظر، علم غیب، ندائے یارسول اللہ وغیرہ۔ یہ سب مسائل آتے ہیں آخر یہ کیوں ہیں؟ جبکہ سب کا خدا ایک، رسول ایک اور سب قرآن وحدیث کو ماننے کے دعویدار ہیں۔ اگر سب قرآن وحدیث پر ایمان رکھتے ہیں تو پھر یہ اختلاف کیوں ہے؟

تو ہم عرض کرتے ہیں کہ یہ تمام تر اختلافات ہندوستان میں انگریزوں کے قبضہ کے بعد پیدا ہوئے ہیں۔ اس سے پہلے اس علاقہ میں ان مسائل اور اختلافات کا وجود تک نہیں تھا۔ سب کے سب لوگ سچے پکے مسلمان تھے۔ یہ مسائل کسی کے ذہن میں بھی نہیں تھے۔ بلکہ اس سوچ کو بھی گناہ اور کفر جانتے تھے کہ کوئی شخص یہ کہے کہ حضور

Marfat.com

پاک ﷺ کو علم غیب نہیں تھا۔ پس وہ ہماری طرح بشر تھے اور ان کو کسی قسم کا اختیار نہیں وغیرہ وغیرہ بلکہ ہر مسلمان نبی پاک ﷺ کو ساری کائنات سے اعلیٰ اور افضل جانتا تھا اور یہ عقیدہ رکھتا تھا کہ ہر کمال اور ہر خوبی جو پیدا کی گئی ہے وہ میرے نبی کریم ﷺ کو عطاء کردی گئی ہے اور اس کے علاوہ اور بھی کمال اللہ کریم نے حضور سرور کائنات ﷺ کو عطاء فرمادیئے ہیں کوئی نبی اور رسول اور دیگر مخلوق میں سے بھی ہمارے آقا ﷺ کے ہم پلہ نہیں ہے۔ الحتصر مسلمانوں کا یہ محبت اور عقیدت سے بھرا ہوا یہ عقیدہ عیسایت کی نفی کرتا تھا اور انگریز کو مسلمانوں کا یہ عشق بھرا عقیدہ گوارہ نہیں تھا۔ یہ عقیدے کی پختگی اس کی حکومت کیلئے خطرہ ثابت ہوسکتی تھی اور پھر ثابت ہوئی کہ پاکستان معرض وجود میں آگیا اور انگریز کو ہندستان خالی کرنا پڑا۔ الحتصر انگریز کو بھی یہ قطعاً گوارہ نہیں کہ کوئی شخص حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے بڑھ کر حضور پاک ﷺ کو مانے اور فضیلت دے۔ چنانچہ انگریز نے مسلمانوں کے خلاف ایک سازش تیار کی کہ ان مسلمانوں کے مذہبی رہنماؤں میں سے چند ایسے مذہبی رہنما تلاش کرو جو نفس کے بندے ہوں اور مال و دولت ان کی کمزوری ہو اور ان کو ہر قسم کی سہولت دے کر نوازا جائے۔ پھر ان سے عیسایت کے تحفظ کا کام لیا جائے کیونکہ انگریز کو یہ بات پسند نہیں تھی کہ کوئی شخص یہ کہے کہ حضور پاک ﷺ جنابِ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے افضل ہیں۔ چنانچہ انگریز نے چند ایسے لوگ تلاش کر لئے پھر ان کو مال و دولت سے نوازا تو ان مولویوں نے دنیا کے بدلے دین کو بیچ کر انگریز کے پروگرام کو عملی جامہ پہنانے کیلئے تیار ہو گئے۔

## انگریز کا پروگرام کیا تھا۔۔۔؟

اب یہاں پر بھی ایک سوال جنم لیتا ہے کہ آخر انگریز چاہتا کیا تھا اور اس کا پروگرام کیا تھا۔ جس کو پورا کرنے کیلئے چند ملاں خریدے اور اتنی زبردست پلاننگ کی تو وہ واضع ہے کہ جیسے ہم پیچھے اشارہ دے چکے ہیں۔ کہ انگریز یہ چاہتا تھا کہ ہمارے نبی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی فضیلت ثابت کی جائے یعنی معاذ اللہ جو کمال حضرت عیسیٰ علیہ السلام میں تھے وہ کسی اور

Marfat.com

میں نہیں تھے۔ یعنی وہ کمال امام الانبیا ﷺ میں بھی نہیں تھے جو جنابِ عیسیٰ علیہ السلام میں تھے (استغفر اللہ ہزار بار استغفر اللہ) اور نبی کریم ﷺ تو بس ایک عام آدمیوں کی طرح بشر تھے جیسے ہم ہیں نہ وہ کچھ کر سکتے تھے اور نہ ہی ان کو کسی قسم کا اختیار حاصل تھا اور نہ ہی وہ کوئی علم رکھتے تھے (معاذ اللہ) اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام مردے زندہ کرتے تھے غیب کا علم جانتے تھے، اندھوں کو آنکھیں دیتے تھے، بیماروں کو شفاء دیتے تھے اور کوڑھیوں کو شفاء دے سکتے تھے ان کو یہ سب اختیار حاصل تھے۔ انگریز نے فیصلہ کر لیا کہ جب تک جنابِ عیسیٰ علیہ السلام کی فضیلت نبی پاک ﷺ پر ثابت نہ ہوگی عیسایت کو سخت خطرہ ہے۔ اگر یہ مسلمان اسی طرح نبی پاک ﷺ کی فضیلتیں بیان کرتے رہے کہ ہمارے نبی پاک ﷺ کو یہ بھی کمال حاصل تھا اور یہ اختیار بھی حاصل تھا وہ مردے زندہ کر سکتے تھے، بیماروں کو شفاء دے سکتے تھے اور کائنات کا علم رکھتے تھے جو ہو چکا ہے جو ہو رہا ہے اور جو ہونے والا ہے تمام چیزوں کا علم رکھتے تھے اور اسکے علاوہ سورج کا حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نماز کیلئے واپس لانا، چاند کے دو ٹکڑے کرنا دیگر کمالات اسی طرح بیان کرتے رہے نبی پاک ﷺ کی فضیلت حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ثابت ہوتی رہی تو عیسایت کو سخت خطرہ ہے اور ہمارا اقتدار بھی ختم ہو جائے گا۔ لہٰذا ہماری بہتری اسی میں ہے کہ مسلمانوں کے مذہبی رہنماؤں میں سے چند لوگوں کو خریدو اور انہی کے منہ میں سے کمالات مصطفیٰ ﷺ کی نفی کرواؤ اس سے ایک تو عیسایت کو فائدہ ہوگا اور دوسرا مسلمان مختلف گروہوں میں تقسیم ہو جائیں گے۔ جس سے انکی طاقت ختم ہو جائے گی اور ہمارے اقتدار کو مضبوطی حاصل ہوگی یہ تھا انگریز کا پروگرام جس میں اس نے کچھ کامیابی بھی حاصل کر لی۔ چنانچہ انگریز کے خریدے ہوئے ملاؤں نے اس کے پروگرام پر عمل کرنا شروع کر دیا۔

## انگریزی ملاؤں کی تبلیغ

چنانچہ پروگرام کے مطابق ان ضمیر فروش لوگوں نے نبی کریم ﷺ کے کمالات کا انکار شروع کر دیا کہ حضور ﷺ یہ نہیں کر سکتے، وہ نہیں کر سکتے۔ آپ ﷺ کو علم نہیں

Marfat.com

تھا۔ اختیارات نہیں تھے۔ وہ بس ہماری ہی طرح بشر تھے وغیرہ وغیرہ۔ مگر یہ سب کچھ انگریز کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے اور مال و دولت کے لالچ میں کرنا شروع کیا۔ مگر اس وقت کے علمائے حق کب یہ گوارہ کر سکتے تھے کہ کوئی شخص نبی کریم ﷺ کے کمالات کا انکار کرے پھر خود کو مسلمان بھی کہلوائے۔ چنانچہ علمائے حق نے ایسے لوگوں کا تعاقب کیا۔ مگر ان انگریزی مولویوں کو انگریز حکومت کی حمایت حاصل تھی جس سے مسلمانوں کے غیض و غضب سے محفوظ رہے۔ ساتھ ساتھ انہوں نے اپنے دفاع کے لئے توحید خداوندی کا لبادہ بھی اوڑھ لیا کہ ہم سب کچھ مسئلہ توحید کے لئے کر رہے ہیں اور لوگوں کو کفر و شرک سے بچانے کے لئے کر رہے ہیں۔ یہ ان لوگوں کا فریب تھا۔ وہ در اصل عیسائیت کا تحفظ کر رہے تھے اور انگریز کے پروگرام پر عمل کر رہے تھے۔ کیونکہ جب تک نبی کریم ﷺ کے کمالات اور اختیارات کا انکار نہ کیا جائے، عیسائیت کا تحفظ نہیں ہو سکتا۔ اور آپ اگر تھوڑا سا ان کے عقائد پر غور کریں گے تو ان منکرین کے عقائد سے عیسائیت کی حمایت نظر آئے گی اور اسلام سے بغاوت نظر آئے گی۔

## دلیل نمبر 221

## اختیارات جناب عیسیٰ علیہ السلام

وَرَسُولًا اِلٰی بَنِیٓ اِسۡرَآءِیۡلَ اَنِّیۡ قَدۡ جِئۡتُکُمۡ بِاٰیَۃٍ مِّنۡ رَّبِّکُمۡ اَنِّیۡۤ اَخۡلُقُ لَکُمۡ مِّنَ الطِّیۡنِ کَہَیۡـَٔۃِ الطَّیۡرِ فَاَنۡفُخُ فِیۡہِ فَیَکُوۡنُ طَیۡرًۢا بِاِذۡنِ اللّٰہِ وَاُبۡرِیُٔ الۡاَکۡمَہَ وَالۡاَبۡرَصَ وَاُحۡیِ الۡمَوۡتٰی بِاِذۡنِ اللّٰہِ وَاُنَبِّئُکُمۡ بِمَا تَاۡکُلُوۡنَ وَمَا تَدَّخِرُوۡنَ فِیۡ بُیُوۡتِکُمۡ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیَۃً لَّکُمۡ اِنۡ کُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِیۡنَ ۔ (پارہ نمبر 3 سورۃ آل عمران آیت نمبر 49)

ترجمہ: اور رسول ہوگا بنی اسرائیل کی طرف یہ فرماتا ہوا کہ میں تمہارے پاس ایک نشانی لایا ہوں تمہارے رب کی طرف سے کہ میں تمہارے لئے مٹی

Marfat.com

سے پرند کی سی صورت بناتا ہوں۔ پھر اس میں پھونک مارتا ہوں اور وہ فوراً پرندہ بن جاتی ہے اللہ تعالیٰ کے حکم سے اور میں شفاء دیتا ہوں مادرزاد اندھے کو اور سفید داغ والے کو اور میں مردے زندہ کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے حکم سے اور تمہیں بتاتا ہوں جو تم کھاتے ہو اور جو تم اپنے گھروں میں جمع رکھتے ہو۔ بیشک ان باتوں میں تمہارے لئے بہت بڑی نشانی ہے اگر تم ایمان رکھتے ہو۔

**تبصرہ:**

قرآن کریم کے ان الفاظ سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ کریم نے جناب عیسیٰ علیہ السلام کو یہ اختیارات عطا فرمائے تھے۔ ایک تو وہ مٹی کا پرندہ بناتے، پھر اس میں پھونک مارتے تو وہ پرندہ اڑنا شروع کر دیتا یعنی زندہ ہو جاتا۔ واقعتاً پرندہ بن جاتا۔ دوسرا اختیار یہ تھا کہ آپ کی بارگاہ میں کوئی کوڑھی آتا تو وہ عرض و معروض کرتا تو جناب عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے اختیار دیا ہے کہ اس کو شفاء دے سکتے ہیں۔ پھر تیسرا اختیار یہ تھا کہ اگر کوئی نابینا ہو تو اس کو بینائی دے سکتے ہیں۔ چوتھا اختیار یہ تھا کہ مردہ کو زندہ کر سکتے تھے۔ پانچواں یہ کہ جو آدمی گھر سے کھا کر آئے اور جو گھر میں بچا ہوا ہو وہ بھی بتا سکتے ہیں کہ تو فلاں چیز کھا کر آیا ہے اور اتنی کھا کر آیا ہے اور اتنا باقی تیرے گھر میں موجود ہے۔ یعنی علمِ غیب بھی رکھتے ہیں۔ یہ سب کمالات و اختیارات اللہ تعالیٰ نے جناب عیسیٰ علیہ السلام کو عطا فرمائے ہیں۔ اب ان اختیارات کا اقرار کرنا نہ کفر ہے اور نہ ہی شرک ہے۔ بلکہ جو ان کمالات اور اختیارات کو نہ مانے وہ کافر ہے، بے ایمان ہے، قرآن و حدیث کا منکر ہے جو آپ کے کمالات کو تسلیم نہ کرے۔ سبھی اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ ہاں جناب عیسیٰ علیہ السلام یہ سب کچھ کر سکتے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ کمالات و اختیارات جناب عیسیٰ علیہ السلام کو دیئے تھے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے آپ ایسا کر سکتے تھے۔ اگرچہ ان کمالات و اختیارات کا ذکر تو قرآن نے کیا ہے مگر کوئی عیسائی بھی ان کا انکار نہیں کرتا حالانکہ وہ قرآن کریم پر ایمان

Marfat.com

نہیں رکھتے۔ یعنی خواہ عیسائی ہو یا مسلمان ہو، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ان اختیارات کا انکار نہیں کر سکتا اور کمال کی بات یہ ہے کہ جو لوگ نبی کریم ﷺ کے اختیارات کے منکر ہیں وہ بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ان اختیارات کے منکر نہیں۔ اگر ان لوگوں سے پوچھو کہ ہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو یہ اختیارات حاصل تھے یا نہیں؟ تو وہ لوگ اقرار کریں گے کہ ہاں اللہ تعالیٰ نے یہ اختیارات دیئے ہیں اور وہ ایسا کر سکتے ہیں۔ کیونکہ جناب عیسیٰ علیہ السلام کے ان اختیارات کا انکار کفر ہے۔ اس لئے کہ قرآن کریم کی نص سے ثابت ہو رہا ہے اور نص کا انکار کفر ہے۔ لہٰذا اقرار ضروری ہے۔ تو ہم عرض کریں گے کہ اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اختیارات کا اقرار کفر وشرک نہیں ہے تو نبی کریم ﷺ کا اختیارات کا اقرار کیسے کفر وشرک ہو سکتا ہے؟ جو اللہ وحدہ' لاشریک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اختیارات دے سکتا ہے، کیا وہ اپنے محبوب ﷺ کو نہیں دے سکتا؟ اگر نبی کریم ﷺ کے اختیارات کا انکار کرنا ہے تو پھر قرآن وحدیث سے یہ ثابت کرنا ہو گا کہ اللہ کریم نے جناب عیسیٰ علیہ السلام کو تو یہ اختیارات عطا فرمائے تھے مگر حضور پاک ﷺ کو عطا نہیں فرمائے تھے۔ جو یہ منکرین اختیارِ رسول ﷺ قیامت تک ثابت نہیں کر سکتے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر اختیارات حضرت عیسیٰ علیہ السلام ماننے سے توحید کو کوئی خطرہ نہیں تو نبی کریم ﷺ کے اختیارات کو تسلیم کرنے سے بھی توحید کو کوئی خطرہ نہیں ہے۔ مگر اصل مسئلہ وہی ہے کہ انگریز حکومت کو راضی کرنے کے لئے یہ لوگ ضمیر اور ایمان کا سودا کر چکے تھے اور انگریز حکومت کو یہ گوارہ نہیں تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مقابلے میں نبی کریم ﷺ کی افضلیت ثابت کی جائے۔ کیونکہ اس سے عیسائیت کو سخت نقصان تھا اور ان کو بوجہ عیسائی ہونے کے یہ گوارہ بھی نہیں تھا۔ چنانچہ انگریز نے ان لوگوں کو خرید کر حضور ﷺ کے کمالات واختیارات کا انکار کروایا اور مسلمان گروہ بندی کا شکار ہو گئے۔ ظاہر ہے کہ جب کوئی قوم مختلف گروہوں میں تقسیم ہو گی تو وہ کمزور ہی ہو گی۔ پس یہ انگریز حکومت کی خواہش تھی جو ان لوگوں نے پوری کر دی۔ چاہیے تو یہ تھا کہ جہاں جناب عیسیٰ علیہ السلام کے اختیارات وکمالات کا اقرار

Marfat.com

کرتے ہیں وہاں یہ لوگ نبی کریم ﷺ کے کمالات و اختیارات بھی بیان کرتے تا کہ مسلمانوں کے ایمان اور زیادہ مضبوط ہوتے اور عیسائیت کو معلوم ہوتا کہ اگر وہ نجات چاہتے ہیں تو ان کے لئے ضروری ہے کہ حضور ﷺ پر ایمان لائیں اور ایمان تب لا سکتے ہیں جب تمام نبیوں سے حضور ﷺ کو افضل ثابت کیا جائے۔ کمالات میں، اختیارات میں، علم میں ہر چیز میں اعلیٰ و افضل ثابت کیا جائے۔ تب عیسائی کلمہ پڑھے گا ورنہ نہیں۔ مگر ان منکرین رسول ﷺ نے صرف انگریز حکومت کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے نبی کریم ﷺ کے اختیارات و کمالات بیان نہیں کئے اور قرآن و حدیث کا انکار کیا۔ تو جب علمائے حق نے انگریزی مولویوں کا تعاقب کیا اور قوم کو بتایا کہ یہ صرف اور صرف پیٹ کے بندے ہیں، دُنیا حاصل کرنے کے لئے یہ لوگ توہین رسول ﷺ کرتے ہیں اور کمالات رسول ﷺ اور اختیارات رسول ﷺ کا انکار کر رہے ہیں۔ تو ان لوگوں نے توحید کا لبادہ اوڑھ لیا کہ ہم تو صرف مسئلہ توحید کا تحفظ کرتے ہیں۔ یہ ان لوگوں کا دھوکہ تھا اور فریب تھا۔ اگر جناب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اختیارات و کمالات کا اقرار کرنے سے توحید کو کوئی فرق نہیں پڑتا تو نبی کریم ﷺ کے کمالات و اختیارات کا اقرار کرنے سے بھی توحید کو کوئی خطرہ نہیں اور پھر ایک مومن کو یہ بات زیب نہیں دیتی کہ وہ نبی کریم ﷺ کے کمالات بیان کرنے میں بخل کرے اور مومن ایسا کرتا بھی نہیں۔ یہ بخل صرف منافق کرے گا۔ کامل مومن ایسا کبھی نہیں کرے گا۔ بلکہ نبی کریم ﷺ کا غلام تو نبی کریم ﷺ کی فضیلت بیان کرے گا جو قرآن و حدیث میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ نے بیان کی ہے۔ اب ان دو نمبر مولویوں کو چاہیے تو یہ تھا کہ عیسائیت کے مقابلے میں نبی کریم ﷺ کے فضائل بیان کرتے۔ جیسے کہ نبی کریم ﷺ نے مردوں کو زندہ کیا ہے اور اپنے مسلمان بھائیوں کو بتاتے کہ اگر جناب عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے یہ اختیار دیا ہے کہ آپ علیہ السلام مردوں کو زندہ کرتے تھے تو اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی کریم ﷺ کو بھی اختیار دیا ہے کہ آپ ﷺ نے بھی مردوں کو زندہ کیا ہے۔

Marfat.com

## المختصر

قرآن پاک سے یہ ثابت ہے کہ خالق کائنات نے جناب عیسیٰ علیہ السلام کو یہ اختیارات عطا فرمائے تھے کہ وہ مردہ کو زندہ کر سکتے تھے۔ کوڑھیوں کو شفاء دے سکتے تھے۔ اندھوں کو آنکھیں دے سکتے تھے۔ مٹی کا پرندہ بنا کر پھونک مار کر اللہ کریم کے حکم سے اُڑا سکتے تھے اور یہ سب کمالات اللہ کریم نے عطا فرمائے تھے۔ یہ سب کچھ آپ اللہ کریم کے حکم سے کرتے تھے۔ اگر ان اختیارات کا اقرار کوئی شرک نہیں ہے تو پھر حضور نبی کریم ﷺ کے متعلق یہ عقیدہ رکھا جائے کہ اللہ کریم نے نبی پاک ﷺ کو فلاں فلاں اختیار دیا ہے تو وہ بھی کفر و شرک نہیں ہے۔ یا پھر یہ ثابت کرنا ہوگا کہ اللہ کریم کسی کو اختیارات دیتا ہی نہیں ہے۔ اگر یہ ثابت کرو گے پھر اختیارات رسول ﷺ کا انکار کر سکتے ہو ورنہ نہیں۔ مگر یہ لوگ کبھی بھی ثابت نہیں کر سکتے۔

## دلیل نمبر 222

## حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے مردہ زندہ کیا

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک دن حواریوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے درخواست کی کہ اگر آپ علیہ السلام حکم خدا سے کسی ایسے مردے کو زندہ کرتے جس نے حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کو دیکھا ہوتا کہ اس سے ہمیں اور مزید معلومات حاصل ہوسکتیں۔ آپ علیہ السلام ان لوگوں کو لے کر چلے۔ ایک ٹیلے پر پہنچ کر وہاں کی مٹی اٹھائی اور فرمایا کہ جانتے ہو یہ کون ہے؟ انہوں نے کہا کہ اللہ اور اس کے رسول کو علم ہے۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا یہ پنڈلی ہے حام بن نوح علیہ السلام کی۔ پھر آپ علیہ السلام نے اس ٹیلے پر اپنی لکڑی مار کر فرمایا اللہ تعالیٰ کے حکم سے کھڑا ہو جا۔ اسی وقت ایک بوڑھا سا آدمی اپنے سر سے مٹی جھاڑتا ہوا کھڑا ہو گیا۔ آپ علیہ السلام نے اس سے پوچھا کہ کیا تو بڑھاپے میں مرا تھا؟ اس نے کہا نہیں، مرا تو میں جوانی میں ہی تھا لیکن اب دل پر یہ دہشت بیٹھی کہ قیامت قائم ہو

Marfat.com

گئی ہے۔ اس دہشت نے بوڑھا کر دیا ہے۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا کہ اچھا! حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کی بابت اپنی معلومات بیان کرو۔ اس نے کہا وہ بارہ سو ہاتھ لمبی اور چھ سو ہاتھ چوڑی تھی۔ تین درجوں کی تھی۔ ایک میں جانور اور چوپائے تھے۔ دوسرے میں انسان اور تیسرے میں پرند۔ جب جانوروں کا گوبر پھیل گیا تو اللہ تعالیٰ نے حضرت نوح علیہ السلام کی طرف وحی فرمائی کہ ہاتھی کی دم ہلاؤ۔ آپ علیہ السلام کے ہلاتے ہی اس سے خنزیر نر و مادہ نکل آئے اور میلا کھانے لگے۔ چوہوں نے جب اس کے تختے کترنے شروع کئے تو حکم ہوا کہ شیر کی پیشانی پر انگلی لگا۔ اس سے بلی کا جوڑا نکلا اور چوہوں کی طرف لپکا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دریافت کیا کہ حضرت نوح علیہ السلام کو شہروں کے غرقِ آب ہونے کا علم کیسے ہو گیا؟ اس نے کہا کہ آپ علیہ السلام نے کوے کو خبر لینے کے لئے بھیجا لیکن وہ ایک لاش پر بیٹھ گیا اور دیر تک نہ آیا۔ آپ علیہ السلام نے اس کے لئے ہمیشہ ڈرتے رہنے کی بد دعا کی۔ اس لئے وہ گھروں سے مانوس نہیں ہوتا۔ پھر آپ نے کبوتر کو بھیجا وہ اپنی چونچ میں زیتون کے درخت کا پتا اور اپنے پنجوں میں خشک مٹی لے کر آیا۔ اس سے معلوم ہو گیا کہ شہر ڈوب چکے ہیں۔ آپ علیہ السلام نے اس کے گلے میں خصرہ کا طوق ڈال دیا اور اس کے لئے امن و انس کی دُعا کی۔ پس وہ گھروں میں رہتا سہتا ہے۔

حوالہ☆تفسیر ابن کثیر جلد دوم پارہ نمبر 12 تفسیر سورۃ ھود ص 475

## دلیل نمبر 223

حضرت عیسیٰ علیہ السلام مردوں کو بلاتے تھے تو وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اور اس کی قدرت سے جیتے جاگتے قبروں سے نکل آتے تھے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جب کسی میت کو زندہ کرنے کا ارادہ فرماتے تو دو رکعت نماز پڑھتے۔ پہلی رکعت میں تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ اور دوسری رکعت میں الٓمٓ تَنْزِيلُ پھر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کرتے پھر سات اسمائے باری پڑھتے

يَا قَدِيمُ ۔ يَا خَفِيُّ ۔ يَا دَائِمُ ۔ يَا فَرْدُ ۔ يَا وِتْرُ ۔ يَا اَحَدُ ۔ يَا صَمَدُ

Marfat.com

حوالہ☆تفسیر ابن کثیر جلد دوم پارہ نمبر 7 تفسیر سورۃ المائدہ ص 32

تو ان دلائل سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے جناب عیسیٰ علیہ السلام کو اختیارات عطا فرمائے تھے۔

## دلیل نمبر 224

## حضرت سلیمان علیہ السلام کے اختیارات

آیت مبارکہ: وَلِسُلَیْمٰنَ الرِّیْحَ عَاصِفَةً تَجْرِیْ بِاَمْرِهٖٓ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِیْ بٰرَكْنَا فِیْهَا وَكُنَّا بِكُلِّ شَیْءٍ عٰلِمِیْنَ ۔

(پارہ نمبر 17 سورۃ الانبیاء آیت نمبر 81)

ترجمہ: حضرت سلیمان علیہ السلام کے لئے ہم نے تیز ہوا کو مسخر کر دیا کہ اس کے حکم سے چلتی تھی۔ اس زمین کی طرف جس میں ہم نے برکت رکھی اور ہم کو ہر چیز معلوم ہے۔

### مزید حکم ربانی

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَهَبْ لِیْ مُلْكًا لَّا یَنْۢبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۝ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّیْحَ تَجْرِیْ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَیْثُ اَصَابَ ۝ وَالشَّیٰطِیْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍ ۝ وَّاٰخَرِیْنَ مُقَرَّنِیْنَ فِی الْاَصْفَادِ ۝ هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۝

ترجمہ: حضرت سلیمان علیہ السلام نے عرض کیا ''اے اللہ مجھے بخش دے اور مجھے ایسا ملک عطا فرما جو میرے بعد کسی شخص کے لائق نہ ہو۔ تو بڑا ہی دینے والا ہے۔ پس ہم نے ہوا کو ان کے ماتحت کر دیا۔ وہ آپ علیہ السلام کے حکم سے جہاں آپ چاہتے بہ نرمی پہنچا دیا کرتی تھی اور طاقتور جنات کو بھی ان کا ماتحت کر دیا۔ ہر عمارت بنانے والے کو اور غوطہ خور کو اور دوسرے جنات کو بھی جو

Marfat.com

زنجیروں میں جکڑے رہتے۔ یہ ہے ہمارا عطیہ۔ اب تو احسان کر یا روک رکھ، کچھ حساب نہیں۔ (پارہ نمبر 23 سورۃ ص آیات 35 تا 39)

## دلیل نمبر 225

## حضرت سلیمان علیہ السلام کے تابع چیزیں

ہم نے زور آور ہوا کو حضرت سلیمان علیہ السلام کے تابع کر دیا تھا۔ جو انہیں ان کے فرمان کے مطابق برکت والی زمین یعنی ملک شام پہنچا دیا کرتی تھی۔ ہمیں ہر چیز کا علم ہے۔ آپ علیہ السلام اپنے تخت پر معہ اپنے لاؤ لشکر اور سامان اسباب کے بیٹھ جایا کرتے تھے اور پھر آپ علیہ السلام جہاں جانا چاہتے تھے ہوا آپ علیہ السلام کو آپ علیہ السلام کے فرمان کے مطابق گھڑی بھر میں وہاں پہنچا دیتی تھی۔ تخت کے اوپر سے پرندے اپنے پر کھول کر آپ علیہ السلام پر سایہ کرتے تھے۔ حضرت سعید ابن جبیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ چھ ہزار کرسی لگائی جاتی۔ آپ علیہ السلام کے قریب مومن انسان بیٹھتے تھے ان کے پیچھے مومن جن ہوتے۔ پھر آپ کے حکم سے پرندے سایہ کرتے۔ پھر آپ علیہ السلام ہوا کو حکم کرتے تو وہ آپ کو لے چلتی۔ اسی طرح سرکش جنات بھی اللہ تعالیٰ نے آپ کے قبضہ میں کر دیئے تھے جو سمندروں میں غوطے لگا کر موتی اور جواہر وغیرہ نکال کر لے آیا کرتے تھے اور بھی بہت سے کام کاج کرتے تھے اور شیاطین بھی آپ کے ماتحت تھے جو زنجیروں میں بندھے رہتے تھے۔ اور ہم ہی سلیمان علیہ السلام کے محافظ و نگہبان تھے۔ کوئی شیطان آپ کو برائی نہیں پہنچا سکتا تھا۔ بلکہ سب کے سب آپ کے ماتحت، فرمانبردار اور تابع تھے۔ کوئی آپ کے قریب بھی نہیں پھٹک سکتا تھا۔ آپ کی حکمرانی ان پر چلتی تھی۔ جسے چاہتے قید کرتے تھے، جسے چاہتے آزاد کر دیتے تھے۔

حوالہ ☆ تفسیر ابن کثیر جلد سوم پارہ نمبر 17 سورۃ الانبیاء ص 387

Marfat.com

## دلیل نمبر 226

## آپ کے اختیارات پر حدیث مبارکہ کی تائید

ابن ابی شیبہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ ملک الموت حضرت سلیمان علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کی مجلس میں بیٹھے ہوئے لوگوں میں سے ایک شخص کی طرف بڑے غور سے دیکھ رہے تھے۔ جب ملک الموت چلے گئے تو اس شخص نے حضرت سلیمان علیہ السلام سے دریافت کیا کہ یہ کون شخص تھا؟ آپ علیہ السلام نے فرمایا یہ ملک الموت تھا۔ اس نے عرض کیا وہ میری طرف اس طرح دیکھ رہے تھے جس طرح میری روح قبض کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا: اب تم کیا چاہتے ہو؟ اس نے عرض کیا آپ علیہ السلام مجھے ہندوستان پہنچا دیں۔ آپ علیہ السلام نے ہوا کو حکم دیا۔ ہوا نے اس شخص کو ہندوستان پہنچا دیا۔ پھر ملک الموت تشریف لائے تو حضرت سلیمان علیہ السلام نے حضرت عزرائیل علیہ السلام سے دریافت فرمایا کہ تم اس شخص کی طرف غور سے کیوں دیکھ رہے تھے؟ ملک الموت نے عرض کیا مجھے اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم تھا کہ اس شخص کی روح ہندوستان میں قبض کرنی ہے اور میں اس پر تعجب کر رہا تھا کہ یہ آپ کے پاس بیٹھا ہوا ہے اور ہندوستان کیسے پہنچے گا؟

•حوالہ☆ شرح الصدور علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ ص 106

## دلیل نمبر 227

## اختیارات حضرت موسیٰ علیہ السلام

## آپ کی دُعا سے مردے زندہ ہو گئے

وَاِذْ قُلْتُمْ یَا مُوْسٰی لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰی نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ۝ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ

Marfat.com

تَشْكُرُونَ ٥

ترجمہ: اور جب تم نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا تھا کہ جب تک ہم اپنے رب کو اعلانیہ نہ دیکھ لیں، ہرگز ایمان نہ لائیں گے۔ تم پر تمہارے دیکھتے ہوئے بجلی گری لیکن پھر ہم نے تم کو موت کے بعد زندہ کر دیا تا کہ تم شکر گذار بنو۔ (پارہ نمبر 1 سورۃ البقرہ آیات 56-55)

تبصرہ:

جناب حضرت موسیٰ علیہ السلام جب اپنے ساتھ بنی اسرائیل کے 70 آدمیوں کو لے کر اللہ تعالیٰ کے وعدے کے مطابق کوہِ طور پر گئے اور ان لوگوں نے کلام الٰہی سنا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے عرض کرنے لگے کہ ہم تو تب مانیں گے جب اللہ تعالیٰ کو اپنے سامنے نہ دیکھ لیں۔ اس گستاخانہ سوال پر ان پر آسمان سے ان کے دیکھتے ہوئے بجلی گری اور ایک سخت ہولناک آواز بلند ہوئی۔ جس سے سب کے سب مر گئے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام یہ دیکھ کر گریہ وزاری کرنے لگے اور زور رو کر جناب باری تعالیٰ میں عرض کرنے لگے "اے اللہ! میں بنی اسرائیل کو کیا جواب دوں گا۔ یہ جماعت تو ان کے سرداروں اور بہترین لوگوں کی تھی"۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام یونہی خشوع وخضوع کے ساتھ دُعا مانگتے رہے یہاں تک پروردگار نے ان کی اس دُعا کو قبول فرمایا اور ان مردوں کو زندہ کر دیا۔

حوالہ☆تفسیر ابن کثیر جلد اول پارہ نمبر 1 تفسیر سورۃ البقرہ ص 112

## دلیل نمبر 228

## حضرت موسیٰ علیہ السلام کو زندگی اور موت کا اختیار

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ أُرْسِلَ مَلَكُ الْمَوْتِ إِلٰى مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامِ فَلَمَّا جَاءَهُ صَكَّهُ فَرَجَعَ إِلٰى رَبِّهٖ فَقَالَ أَرْسَلْتَنِي إِلَى عَبْدٍ لَا يُرِيدُ الْمَوْتَ قَالَ ارْجِعْ إِلَيْهِ فَقُلْ لَهُ يَضَعُ

Marfat.com

يَدَهُ عَلَى مَتْنِ ثَوْرٍ فَلَهُ بِمَا غَطَتْ بِهِ يَدُهُ بِكُلِّ شَعْرَةٍ سَنَةٌ قَالَ أَيْ رَبِّ ثُمَّ مَاذَا؟ قَالَ ثُمَّ الْمَوْتُ قَالَ فَالْآنَ قَالَ فَسَأَلَ اللّٰهَ أَنْ يُدْنِيَهُ مِنَ الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ رَمْيَةً بِحَجَرٍ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ ثُمَّ لَأَرَيْتُكُمْ قَبْرَهُ إِلَى جَانِبِ الطَّرِيقِ تَحْتَ الْكَثِيبِ الْأَحْمَرِ ۔

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ موت کا فرشتہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس بھیجا گیا۔ جب وہ آیا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اس کے طمانچہ جڑا اور اس کی آنکھ پھوڑ دی وہ پروردگار کے پاس لوٹ کر گیا اور عرض کیا تو نے مجھے اپنے ایسے بندے کے پاس بھیجا جو مرنا نہیں چاہتا۔ پروردگار نے فرمایا تو پھر اس کے پاس جا اور اس سے کہنا کہ ایک بیل کی پیٹھ پر اپنا ہاتھ رکھو۔ جتنے بال اس کے ہاتھ تلے آئیں، اتنے برس وہ زندہ رہے گا۔ عزرائیل آئے اور پروردگار کا یہ پیغام پہنچایا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرمایا پروردگار پھر اس کے بعد کیا ہونا ہے؟ فرمایا پھر مرنا ہے۔ غرض ہر جاندار کے لئے موت ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا تو پھر ابھی سہی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پروردگار سے یہ التجاء کی کہ مجھ کو مقدس زمین، بیت المقدس سے ایک پتھر کی مار کے برابر نزدیک کر دے۔ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں وہاں ہوتا تو تم کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر بتا دیتا۔ راہ کے کنارے لال ٹیلے کے تلے۔

حوالہ جات

☆ صحیح بخاری شریف جلد اول کتاب الجنائز حدیث نمبر 1258 ص 596

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب بدء الخلق حدیث نمبر 629 ص 329

☆ صحیح مسلم شریف جلد سوم کتاب الفضائل حدیث نمبر 6025 ص 282

Marfat.com

☆سنن نسائی جلد دوم حدیث نمبر 2061 ص 108

☆مشکوٰۃ شریف جلد سوم باب بدء الخلق وذکر الانبیاء علیہ السلام پہلی فصل حدیث نمبر 5467 ص 112

## تبصرہ:

معزز قارئین گرامی قرآن پاک کی آیت مبارکہ اور حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے نبی جناب کلیم اللہ علیہ السلام کو اختیارات عطا فرمائے ہیں کہ آپ کی دُعا سے اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل کے 70 سرداروں کو دوبارہ زندگی جیسی نعمت سے مالا مال کر دیا۔ حالانکہ اگر ایک سانس بھی انسان کا باقی ہو تو موت نہیں آ سکتی۔ موت اس وقت آتی ہے جب انسان کا کھانا پینا، سانس لینا، تقدیر کے کاغذوں میں ختم ہو گیا ہو۔ معلوم ہوا اللہ تعالیٰ نے اپنے پیاروں کو یہ کمالات عطا فرمائے ہیں اور یہ اختیارات دے دیئے ہیں کہ جب ان کے ہاتھ مبارک اللہ کریم کی بارگاہ میں اٹھ جائیں اور ان کے لب پر جنبش آ جائے تو اللہ تعالیٰ ان کی دُعاؤں سے مردے زندہ کر دیتا ہے اور حدیث سے یہ بھی ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاء کرام کو زندگی اور وصال کا اختیار تک دیا ہوتا ہے۔ حالانکہ حضرت عزرائیل علیہ السلام مقررہ وقت پر پہنچے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کو ایک طمانچہ مارا۔ وہ دوبارہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں لوٹ کر گئے۔ یہ تمام تر واقعہ اس بات کی ترجمانی کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نیک اور پیارے بندوں کو اختیارات عطا فرمائے ہیں۔

## دلیل نمبر 229

## حضرت حزقیل علیہ السلام کی دُعا سے مردے زندہ ہو گئے

حدیث کا ترجمہ:

کچھ لوگ طاعون کے مارے اپنے شہر کو چھوڑ کر بھاگے تھے۔ ایک بستی میں جب پہنچے وہیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے مر گئے۔ اتفاق سے اللہ تعالیٰ کے ایک نبی حضرت حزقیل

Marfat.com

علیہ السلام کا وہاں سے گذر ہوا۔ ان کی دُعا سے اللہ تعالیٰ نے ان کو دوبارہ زندہ کر دیا۔ ایک روایت کے مطابق ان کی تعداد 40 ہزار تھی۔

(حوالہ: تفسیر ابن کثیر جلد اول تفسیر سورۃ البقرہ ص 318 ترجمہ مولوی محمد صاحب جونا گڑھی وہابی)

## دلیل نمبر 230

## اختیارات حضرت یوسف علیہ السلام

قَالَ اجْعَلْنِیْ عَلٰی خَزَآئِنِ الْاَرْضِ اِنِّیْ حَفِیْظٌ عَلِیْمٌ ○

ترجمہ: حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا آپ مجھے ملک کے خزانوں پر مقرر کر دیجئے۔ میں حفاظت کرنے والا اور باخبر ہوں۔

وَکَذٰلِکَ مَکَّنَّا لِیُوْسُفَ فِی الْاَرْضِ یَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَیْثُ یَشَآءُ نُصِیْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ وَلَا نُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ ○

اسی طرح ہم نے حضرت یوسف علیہ السلام کو ملک کا قبضہ دے دیا کہ وہ جہاں کہیں چاہے رہے سہے۔ ہم جسے چاہیں اپنی رحمت پہنچا دیتے ہیں اور ہم نیک کاروں کا ثواب ضائع نہیں کرتے۔ (پارہ نمبر 13 سورۃ یوسف)

## دلیل نمبر 231

حافظ ابن کثیر لکھتے ہیں:

مصر کی زمین میں یوں حضرت یوسف علیہ السلام کی ترقی ہوئی۔ اب ان کے اختیار میں تھا کہ جس طرح چاہیں تصرف فرمائیں اور جہاں چاہیں مکانات تعمیر کروائیں۔

حوالہ☆ تفسیر ابن کثیر جلد سوم پارہ نمبر 13 تفسیر سورۃ یوسف ص 2

Marfat.com

## دلیل نمبر 232

# حضرت یوسف علیہ السلام کا اقرار کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے ملک عطا فرمایا

رَبِّ قَدْ اٰتَیْتَنِیْ مِنَ الْمُلْکِ وَعَلَّمْتَنِیْ مِنْ تَاْوِیْلِ الْاَحَادِیْثِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ○ (سورۃ یوسف پارہ نمبر 13)

ترجمہ: اے میرے پروردگار تو نے مجھے ملک عطا فرمایا اور تو نے مجھے خواب کی تعبیر سکھائی۔ اے آسمان وزمین کے پیدا کرنے والے تو ہی دُنیا و آخرت میں میرا والی اور کارساز ہے۔ تو مجھے مسلمان مار اور نیکوں کے ساتھ ملا دے۔

## تبصرہ:

قرآن پاک کی مذکورہ آیت سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیارے نبی جناب حضرت یوسف علیہ السلام کو ملک مصر کی بادشاہی اور حکومت عطا فرمائی ہے اور جب کسی کو کسی ملک کی سلطنت دی جاتی ہے تو پھر اس کو اختیارات بھی عطا کئے جاتے ہیں۔ اختیارات کے بغیر حکومت کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ تو قرآن پاک سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو بادشاہی بھی عطا کی تھی اور ملک میں اختیارات وتصرفات بھی عطا کئے تھے۔ جس طرح آپ کا جی چاہے آپ کر سکتے تھے۔ اگر کوئی شخص ان اختیارات کا انکار کرے تو وہ کافر ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ ارے جو شخص حضرت یوسف علیہ السلام کے کمالات واختیارات یا دیگر انبیاء کرام کے اختیارات کا انکار کرے وہ کافر ہے تو جو کلمہ پڑھ کر میرے نبی پاک ﷺ کے اوصاف حمیدہ کا انکار کرے وہ کیسے مسلمان رہ سکتا ہے؟

Marfat.com

## دلیل نمبر 233

## حضرت یعقوب علیہ السلام کے وسیلہ سے مصر میں قحط ختم ہوگیا

حافظ ابن کثیر لکھتے ہیں کہ یہ بات مشہور ہے کہ جو قحط سالی کے سال باقی تھے وہ حضرت یعقوب علیہ السلام کی تشریف آوری کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے دور کر دیئے۔

حوالہ: ابن کثیر جلد سوم تفسیر سورۃ یوسف ص 15

## دلیل نمبر 234

## حضرت ذوالقرنین علیہ السلام کے اختیارات و بادشاہی

آیت مبارکہ: وَيَسْـَٔلُونَكَ عَن ذِى ٱلْقَرْنَيْنِ قُلْ سَأَتْلُو عَلَيْكُم مِّنْهُ ذِكْرًا ۝ إِنَّا مَكَّنَّا لَهُۥ فِى ٱلْأَرْضِ وَءَاتَيْنَٰهُ مِن كُلِّ شَىْءٍ سَبَبًا ۝

(پارہ نمبر 16 سورۃ الکہف)

ترجمہ: اے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم یہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ذوالقرنین کا واقعہ دریافت کر رہے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما دیں، میں ان کا تھوڑا سا حال تمہیں پڑھ کر سناتا ہوں۔ ہم نے اسے زمین میں قوت عطا فرمائی تھی اور اس کو ہر چیز کے سامان بھی عنایت کر دیئے تھے۔

### تبصرہ

حضرت ذوالقرنین علیہ السلام مشرق سے مغرب تک سیاحت کر آئے تھے۔ اس لئے ان کو ذوالقرنین کہا گیا ہے۔ ہم نے اسے بہت بڑی سلطنت دے رکھی تھی۔ ساتھ ہی قوت و لشکر آلاتِ حرب، سب کچھ ہی دے رکھا تھا۔ مشرق سے مغرب تک اس کی سلطنت تھی۔ عرب و عجم سب اس کے ماتحت تھے۔ ہر چیز کا اسے علم دے رکھا تھا۔ زمین کے ادنیٰ اعلیٰ نشانات بتلا دیتے تھے۔ تمام زبانیں جانتے تھے۔ جس قوم سے لڑائی ہوتی

Marfat.com

اس کی زبان بول لیتے تھے۔

## دلیل نمبر 235

## حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے ایک سوال

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے ایک مرتبہ سوال پوچھا گیا کہ ذوالقرنین علیہ السلام مشرق و مغرب تک کیسے پہنچ گیا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا سبحان اللہ، اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے بادلوں کو مسخر کر دیا تھا اور تمام اسباب مہیا کر دیئے تھے اور پوری قوت و طاقت دے دی تھی۔

حوالہ

☆تفسیر ابن کثیر جلد سوم پارہ 16 تفسیر سورۃ الکہف ص 272-271

قارئین گرامی قرآن پاک کی آیات مبارکہ اور تفسیر سے یہ بات بھی ثابت ہوگئی کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ذوالقرنین علیہ السلام کو اختیارات، دولت، علم، قوت مطلب کہ ہر چیز عطا فرما دی تھی اور بادلوں کو آپ کے لئے مسخر کر دیا گیا تھا۔ یعنی کہ آپ علیہ السلام کو یہ اختیارات حاصل تھے کہ جس طرح آپ علیہ السلام چاہیں ان سے تمام کام لے سکتے تھے۔

## دلیل نمبر 236

## جناب حضرت داؤد علیہ السلام کے اختیارات

آیت مبارکہ: إِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهُ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِشْرَاقِ ۝ وَالطَّيْرَ مَحْشُورَةً كُلٌّ لَّهُ أَوَّابٌ ۝ وَشَدَدْنَا مُلْكَهُ وَآتَيْنَاهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ۝ (سورۃ ص پارہ نمبر 23 آیات نمبر 18 تا 20)

ترجمہ: ہم نے پہاڑوں کو اس کے تابع کر رکھا تھا کہ اس کے ساتھ شام کو اور صبح کو تسبیح خوانی کریں اور اڑتے جانور جمع ہو کر سب کے سب اس کے زیر

Marfat.com

فرمان رہتے اور ہم نے اس کی سلطنت کو مضبوط کر دیا تھا اور اسے حکمت دی تھی اور بات کا فیصلہ سمجھا دیا تھا۔

تبصرہ:

قرآن پاک کے ان الفاظ سے حضرت داؤد علیہ السلام کے اختیارات ثابت ہو رہے ہیں۔ رب العالمین فرما رہا ہے کہ میں نے جناب داؤد علیہ السلام کے لئے پہاڑ مسخر کر دیئے ہیں۔ اب جبکہ جناب داؤد علیہ السلام جو بھی حکم فرمائیں گے پہاڑوں کو اس کی تعمیل کرنا ہو گی۔ یہ وہ اختیارات ہیں جن پر اہلسنّت کا ایمان ہے اور یہ عقیدہ قرآن پر ایمان ہے، کفر و شرک نہیں ہے۔ بلکہ اس کا انکار گمراہی، جہالت اور قرآن کریم کی مخالفت ہے۔ کیونکہ جب اللہ کریم اعلان فرما رہا ہے کہ ہم نے داؤد علیہ السلام کے لئے پہاڑ مسخر کر دیئے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ان کو یہ اختیار دیا ہے۔ اب داؤد علیہ السلام کو یہ اخیار حاصل ہے کہ جس پہاڑ کو چاہیں جو چاہیں حکم فرمائیں اور آپ علیہ السلام جو بھی حکم فرمائیں گے پہاڑ کو اس پر عمل کرنا ہو گا۔ اور پھر فرمایا کہ پرندوں کو ہم نے جمع کر کے ان کو بھی حکم دے دیا کہ میرا نبی جناب داؤد علیہ السلام تمہیں جو بھی حکم دے دیں، تم اس کے پابند ہو اور جناب داؤد علیہ السلام کو پرندوں پر بھی اختیار دے دیا گیا۔ اب ہر پرندہ آپ کے حکم کی تعمیل کرے گا۔ کیونکہ نبی علیہ السلام کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ پرندوں سے جو چاہیں کام لیں وہ کریں گے۔ آپ علیہ السلام جو چاہیں حکم دیں وہ تعمیل کریں گے۔ اور پھر فرمایا کہ آپ کو تمام اختیارات دے کر آپ کی سلطنت بادشاہی کو آپ کے لئے مضبوط کر دیا ہے۔ سلطنت تو اس وقت تصور کی جائے گی جب اختیارات کو تسلیم کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ سمجھ کی توفیق عطا فرمائے۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 237

# جناب حضرت داؤد علیہ السلام اور جناب حضرت سلیمان علیہ السلام کے متفقہ اختیارات

آیت مبارکہ: وَلَقَدْ اٰتَیْنَا دَاوٗدَ وَسُلَیْمٰنَ عِلْمًا وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ فَضَّلَنَا عَلٰی كَثِیْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝ وَوَرِثَ سُلَیْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّیْرِ وَاُوْتِیْنَا مِنْ كُلِّ شَیْءٍ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِیْنُ ۝ (سورۃ النمل پارہ نمبر 19 آیت نمبر 15-16)

ترجمہ: ہم نے یقیناً داؤد علیہ السلام اور سلیمان علیہ السلام کو علم دے رکھا تھا اور دونوں نے کہا تمام تعریف اس اللہ کے لئے ہے جس نے ہمیں اپنے بہت سے ایماندار بندوں پر فضیلت عطا فرمائی ہے۔ داؤد علیہ السلام کے وارث سلیمان علیہ السلام ہوئے اور کہنے لگے لوگو! ہمیں پرندوں کی بولی سکھائی گئی ہے اور ہمیں سب کچھ عطا کیا گیا ہے۔ بیشک یہ بالکل کھلا ہوا فضل الٰہی ہے۔

### تبصرہ مذکورہ آیت مبارکہ

ان آیات میں اللہ تعالیٰ نے اپنی ان تمام نعمتوں کی خبر دی ہے جو اس نے اپنے بندوں حضرت داؤد علیہ السلام اور حضرت سلیمان علیہ السلام پر انعام فرمائی تھی کہ کس طرح دونوں جہاں کی دولت سے انہیں مالا مال فرما دیا۔ ان نعمتوں کے ساتھ ساتھ اپنے شکریے کی بھی توفیق دی تھی۔ دونوں باپ بیٹا ہر وقت اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر اس کی شکر گذاری کیا کرتے تھے اور اس کی تعریفیں بیان کیا کرتے تھے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی نعمتیں یاد کرتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ یہ پورا ملک اور یہ زبردست طاقت انسان، جن، پرند سب

Marfat.com

تابع فرمان ہیں۔ پرندوں کی زبان بھی سمجھ لیتے ہیں۔ یہ خاص اللہ تعالیٰ کا فضل وکرم ہے جو کسی انسان پر نہیں ہوا۔ ساتھ ہی یہ نعمت بھی حاصل ہوئی تھی کہ ایک بادشاہت میں جن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے سب حضرت سلیمان علیہ السلام کو قدرت نے مہیا کردی تھیں۔ یہ تھا اللہ تعالیٰ کا کھلا احسان آپ علیہ السلام پر۔

حوالہ

☆تفسیر ابن کثیر جلد چہارم پارہ 19 تفسیر سورۃ النمل ص 58

## دلیل نمبر 238

## اختیارات حضرت آصف بن برخیا رضی اللہ عنہ

قَالَ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِيْ بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ مُسْلِمِيْنَ ۝ قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ وَاِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ ۝ قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ اِلَيْكَ طَرْفُكَ فَلَمَّا رَاٰهُ مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ فَضْلِ رَبِّيْ ۝

ترجمہ: سلیمان علیہ السلام نے فرمایا درباریو! تم میں کون ہے کہ وہ اس کا تخت میرے پاس لے آئے قبل اس کے کہ وہ میرے حضور مطیع ہو کر حاضر ہوں۔ ایک بڑا خبیث جن بولا کہ وہ تخت حضور میں حاضر کردوں گا۔ قبل اس کے کہ حضور اجلاس برخاست کریں۔ اور میں بیشک اس پر قوت والا امانت دار ہوں۔ پھر اس نے عرض کی جس کے پاس کتاب کا علم تھا کہ میں حضور اسے حاضر کردوں گا ایک پلک جھپکنے سے پہلے۔ پھر جب سلیمان علیہ السلام نے تخت کو اپنے پاس رکھا دیکھا تو کہا کہ یہ میرے رب کے فضل سے ہے۔

(پارہ نمبر 19 سورۃ النمل آیت 38 تا 40)

Marfat.com

## تبصرہ:

حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کون ہے جو بلقیس کا تخت لائے؟ ایک جن نے عرض کیا حضور میں لاتا ہوں۔ فرمایا کتنی مدت میں؟ جن نے عرض کیا حضور دربار ختم ہونے سے پہلے پیش کرسکتا ہوں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ کوئی اس سے جلدی لانے والا بھی ہے؟ تو حضرت سلیمان علیہ السلام کی امت کا ایک عالم باعمل کھڑا ہوگیا جو کتاب کا علم رکھتا تھا۔ عرض کرنے لگا حضور میں حاضر خدمت کر دیتا ہوں۔ فرمایا کتنی مدت میں؟ تو حضرت آصف بن برخیا رضی اللہ عنہ جو عالم تھے عرض کرنے لگے کہ حضور آپ حکم دیں میں زیادہ وقت نہیں لوں گا۔ آنکھ جھپکنے سے پہلے سب کچھ کرسکتا ہوں۔ چنانچہ ادھر حضرت سلیمان علیہ السلام نے حکم کیا اور تخت بلقیس سامنے دیکھا۔ اب قرآن پاک سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں میں سے بعض کو اختیارات عطا فرمائے ہیں اور پھر ان کو اپنے اختیارات کا علم بھی ہے۔ اگر اختیارات نہ دیئے ہوتے تو حضرت آصف بن برخیا یہ کبھی بھی دعویٰ نہ کرتے کہ میں آنکھ جھپکنے سے پہلے تخت پیش کرسکتا ہوں۔ چنانچہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے حضرت آصف بن برخیا نے اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے اختیارات استعمال کرتے ہوئے تخت پیش کر دیا۔ اب غور طلب بات یہ ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ یہ اختیارات عطا نہ فرماتا تو حضرت آصف بن برخیا کیسے تخت لا سکتے تھے؟ لہٰذا تسلیم کرنا پڑے گا کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو اختیار دیتا ہے۔ جیسا کہ فرمایا گیا کہ میرے اللہ کا فضل ہے اور اس کی مہربانی ہے جس نے یہ اختیار عطا فرمایا ہے کہ آصف بن برخیا تخت پیش کرسکتے ہیں۔ اب حضرت آصف بن برخیا کے اختیارات کو ماننا قرآن پر ایمان ہے۔ اگر کوئی شخص انکار کرے گا تو وہ قرآن کا انکار کر رہا ہے اور قرآن پاک کا انکار ایمان نہیں ہوسکتا۔ قرآن پاک کا انکار کفر ہے۔ لہٰذا ایمان والوں کو یہ عقیدہ رکھنا ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کو چاہے اختیارات دیتا ہے۔ جس طرح کہ قرآن پاک سے ثابت ہو رہا ہے۔

Marfat.com

## ایک اعتراض

بعض لوگ ہو سکتا ہے کہ یہاں ایک اعتراض پیدا کریں۔ اگر چہ ان کا یہ اعتراض فضول ہے۔ یہ اعتراض منافقت کی علامت اور عداوت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی دلیل ہوگا۔ اگر نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے عداوت نہ ہوتی تو یہ اعتراض وغیرہ پیدا نہ ہوتے۔ اعتراض یہ ہے کہ جناب معجزات کو بطور دلیل پیش نہیں کیا جا سکتا۔ لہٰذا نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے یا حضرت عیسیٰ علیہ السلام، یا حضرت سلیمان علیہ السلام اور حضرت داؤد علیہ السلام یا حضرت آصف بن برخیا کے واقعات جو قرآن سے پیش کیے گئے ہیں وہ ان کے معجزات ہیں۔

## جواب

اس کا جواب یہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام کو یہ خوبیاں عطا ہونا معجزہ میں ان کا استعمال انبیاء علیہم السلام کا اختیار ہے۔ جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو یہ اختیار تھا کہ وہ مٹی کا پرندہ بناتے۔ پھر اس میں پھونک ماریں تو وہ پرندہ اڑنے لگتا۔ مگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو یہ اختیار حاصل تھا کہ وہ جب چاہیں ایسا کر سکتے تھے۔ اسی طرح جناب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو کوڑھیوں کو شفاء دینے کا معجزہ عطا ہوا۔ آگے جناب عیسیٰ علیہ السلام کو اختیار حاصل ہیں کہ وہ جس کو چاہیں شفاء دیں۔ جس کو نہ چاہیں شفاء نہ دیں۔ جس کو چاہیں آنکھیں دیں اور جس کو چاہیں نہ دیں اور جب چاہیں دیں اور جب چاہیں نہ دیں۔ جس کا چاہیں مردہ زندہ کر دیں، جس کا نہ چاہیں نہ کریں۔ جب چاہیں مردہ زندہ کر دیں جب چاہیں نہ کریں۔ جس کو چاہیں بتائیں کہ تو فلاں چیز کھا کر آیا ہے، جس کو نہ چاہیں نہ بتائیں۔ یہ سب چیزیں ان کے اختیار میں ہیں۔ اسی طرح حضرت سلیمان علیہ السلام کو ہوا پر حکم جاری کرنے کا معجزہ دیا گیا مگر یہ حضرت سلیمان علیہ السلام کو اختیار حاصل تھا کہ جب چاہیں حکم جاری کریں اور جب نہ چاہیں نہ کریں۔ اسی طرح حضرت داؤد علیہ السلام کو اختیار حاصل ہے کہ جب چاہیں پرندوں کو یا پہاڑوں کو جو چاہیں حکم جاری فرما دیں اور جو نہ چاہیں نہ فرمائیں۔ یہ تمام تر اختیارات ان کو حاصل تھے کہ وہ جب چاہیں ان اختیارات

Marfat.com

کا استعمال کر سکتے تھے اور یہ تمام اختیارات اللہ تعالیٰ کی عطا سے ہیں۔

## ہر شخص کو اختیارات دیئے گئے ہیں

اختیارات کے مسئلہ پر یہ اختلاف ایک عجیب بات ہے اور ساتھ ہی ساتھ پریشانی ہوتی ہے کہ یہ لوگ جو اختیارات رسول ﷺ کا انکار کرتے ہیں کیا یہ لوگ قرآن و حدیث میں غور نہیں کرتے؟ اگر قرآن و حدیث میں غور کریں تو یہ مسئلہ کوئی مسئلہ ہی نہیں۔ اگر قرآن و حدیث کے علاوہ دُنیا کی طرف غور کریں۔ اگر دُنیا کی طرف بھی غور کرنے کی توفیق نہیں ملی تو کم از کم خود پر غور کریں۔ تب بھی یہ مسئلہ حل ہو جاتا ہے اور یہ جھگڑا ختم ہو سکتا ہے۔ مگر کیسے بیوقوف لوگ ہیں جو خود پر بھی غور نہیں کرتے۔ اگر یہ لوگ خود پر بھی غور کریں تو یہ مسئلہ حل ہو جائے گا کہ اللہ تعالیٰ نے ہر بندے کو اختیار دیئے ہیں۔ مثلاً اللہ کریم نے ہر بندے کو آنکھ عطا فرمائی ہے۔ ساتھ یہ اختیار بھی دیا ہے کہ اس کا اب غلط استعمال کرے یا صحیح۔ اللہ تعالیٰ نے ہاتھ عطا فرمائے ہیں اور ساتھ یہ اختیار بھی دیا ہے کہ ان سے نیکی کریں یا گناہ۔ پاؤں عطا فرمائے ہیں، نیکی کی طرف جائے یا برائی کی طرف۔ ہر عضو پر ہر بندے کو اختیار حاصل ہے۔ جیسے چاہے ان کو استعمال کرے۔ جائز استعمال کرے یا ناجائز بندہ کو اختیار دیا گیا ہے۔ اگر بقول معترض کے یہ کہا جائے کہ کسی کو کوئی اختیار حاصل نہیں پھر جزاء وسزا کا مسئلہ ختم ہوا۔ ہر گمراہ کہے گا کہ میں تو کچھ کر ہی نہیں سکتا تھا۔ اللہ تعالیٰ ہی کرتا ہے۔ میں تو بے گناہ ہوں (معاذ اللہ)۔ یعنی ہر جرم کرنے کے بعد وہ خود کو بیگناہ قرار دے گا کہ بندہ تو کچھ کر ہی نہیں سکتا، جو کچھ کیا ہے اللہ نے ہی کیا ہے۔ ان لوگوں کے عقیدے کے مطابق تو پھر مجرم بے گناہ ہیں۔ اور اگر کسی کو مجرم ثابت کرنا ہوگا تو پھر کہنا ہوگا کہ اللہ کریم نے تمہیں مختار بنایا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمہیں اختیار دیا ہے۔ چاہے نیکی کرے یا برائی کرے۔ لہٰذا جب تم کو اختیار تھا تو تمہیں چاہیے تھا کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق نیکی کی راہ اختیار کرتے۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ اللہ کریم نے ہر بندے کو اختیارات عطا فرمائے ہیں۔ اسی طرح جو لوگ ہم سے درجوں میں بلند ہیں

Marfat.com

ان کو اللہ کریم نے ہم سے زیادہ اختیار دیئے ہیں۔ یعنی ولی، غوث، قطب یا دیگر مقبولان بارگاہ خداوندی۔ اسی طرح انبیاء کرام سب سے زیادہ بلند درجے والے ہیں۔ ان کو سب سے زیادہ اختیارات عطا فرمائے ہیں۔ جیسا کہ آپ پچھلے اوراق میں قرآن وحدیث کے ثبوت سے پڑھ چکے ہیں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام جیسے چاہیں ہوا کو حکم دیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام جسے چاہیں آنکھ عطا فرمائیں، جسے چاہیں شفاء عطا کریں۔ جس مردے کو چاہیں زندہ کریں۔ اسی طرح ہمارے نبی کریم ﷺ کو اللہ کریم نے ساری خدائی کی بادشاہی عطا کی ہے۔ جیسے چاہیں کریں۔ جو چاہیں حکم جاری فرمائیں۔ کسی کو نمازوں میں رعایت عطا فرمائیں۔ کسی کو ریشم پہننے کی اجازت عطا فرمائیں۔ کسی کو سونے کے کنگن پہنائیں۔ کسی کو روزے کی حالت میں جرم ہو جانے پر کھجوریں دے کر خود کھانے اور اپنے بچوں کو کھلانے کا حکم دیں۔ یہ سب اختیارات نبی پاک ﷺ کو عطا کئے گئے ہیں۔ اور اگر نبی پاک ﷺ کے اختیارات کا انکار کیا جائے گا تو پھر نبی پاک ﷺ کے فیصلوں کا انکار کرنا پڑے گا اور اختلاف کرنا پڑے گا۔ اور جو شخص نبی پاک ﷺ کے فیصلوں کا انکار کرے گا وہ مومن نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ قرآن کریم کا فیصلہ ہے۔

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّىٰ يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا ○

(پارہ نمبر 5 سورۃ النساء آیت نمبر 65)

ترجمہ: تو اے محبوب ﷺ تیرے رب کی قسم وہ مسلمان نہ ہوں گے جب تک کہ آپس کے جھگڑے میں تمہیں حاکم نہ مانیں اور پھر جو کچھ آپ ﷺ حکم فرمائیں اپنے دلوں میں اس سے رکاوٹ نہ پائیں اور جی سے مان لیں۔

قرآن پاک کے ان الفاظ سے ثابت ہوا کہ جو نبی کریم ﷺ کے فیصلوں کو نہیں مانے گا وہ مومن نہیں ہوگا۔ لہٰذا نبی کریم ﷺ نے جو اختیارات استعمال کرتے ہوئے

Marfat.com

اپنے غلاموں کو رعایتیں دی ہیں وہ درست ہیں اور حضور ﷺ کے مختار کل ہونے کی دلیل ہیں۔ جو لوگ نبی کریم ﷺ کے اختیارات کو نہیں مانتے وہ ان فیصلوں کے خلاف ہیں جو نبی کریم ﷺ نے اپنے غلاموں کے بارے میں کیے ہیں وہ جو آپ پیچھے پڑھ چکے ہیں۔ جو بندہ نبی کریم ﷺ کے فیصلہ کے خلاف ہوگا وہ مومن نہیں ہوگا۔ لہٰذا ایمان اس بات میں ہے کہ حضور پاک ﷺ کو مختار کل مان لیا جائے ورنہ کافر ہے۔

دوسرے نمبر پر نبی کریم ﷺ کو پوری کائنات کی حکومت عطا فرمائی گئی ہے لہٰذا اختیارات بھی اتنے ہی وسیع ہوں گے۔ کیونکہ دوسرے نبی قوموں اور علاقوں کے نبی بن کر آئے ہیں جبکہ ہمارے آقا ﷺ ساری کائنات کے نبی بن کر آئے ہیں۔ لہٰذا نبی کریم ﷺ کو اختیارات بھی سب سے زیادہ عطا فرمائے گئے ہیں۔ تو ان تمام حوالہ جات جو قرآن وحدیث اور معترضین کی کتب سے پیش کیے گئے ہیں ان سے ثابت ہوا کہ اللہ کریم نے نبی کریم ﷺ کو مختار کل بنا کر بھیجا ہے۔ جو شخص اس عقیدہ پر نہیں ہے وہ قرآن وحدیث کا منکر ہے۔ جاہل اور گمراہ اور منافق ہے۔

## منکرین اختیارات مصطفیٰ ﷺ کے چند اعتراضات اور ان کے دندان شکن جوابات

گستاخانِ رسول ﷺ جو کہ درحقیقت اختیارات رسول ﷺ کے انکاری ہیں۔ قوم کو دھوکہ دینے کے لیئے چند آیات پیش کرتے ہیں۔ جن کو سن کر عام آدمی پریشان ہو جاتا ہے۔ ملاحظہ فرمائیں۔

### اعتراض نمبر 1

قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

ترجمہ: تم فرماؤ کیا اللہ کے سوا ان کی عبادت کرتے ہو جو نہ تمہارے کسی نقصان کے مالک ہیں اور نہ کسی نفع کے۔ اللہ تعالیٰ ہی خوب سننے اور پوری

Marfat.com

طرح جاننے والا ہے۔(پارہ نمبر 6 سورۃ المائدہ آیت نمبر 76)

**جواب**

اس وقت کے عیسائی جناب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا بت بنا کر اس کی پوجا کرتے تھے۔ اس کو اپنا الہ مانتے تھے تو اللہ کریم نے فرمایا اے محبوب کریم ﷺ ان عیسائیوں کو فرماؤ کہ کیا تم ایسے کو پوجتے ہو کہ نہ تو وہ تمہیں نقصان پہنچا سکتا ہے اور نہ نفع دے سکتا ہے۔ یعنی وہ بت جس کو تم پوجتے ہو وہ تمہیں نفع و نقصان نہیں دے سکتا۔ یہ تو بت ہے نہ یہ سنتا ہے اور نہ تمہیں جانتا ہے۔ یعنی نفع و نقصان تو بعد کی بات ہے یہ تو تمہاری حال پکار کو سنتا بھی نہیں یہ جانتا ہی نہیں کہ تم کون ہو اور کیا کہہ رہے ہو۔ تمہیں کیا تکلیف ہے اور تمہیں کیا چاہیے اور تم کیا مانگ رہے ہو۔ لہٰذا اس سے مانگو جو سنتا بھی ہے اور جانتا بھی ہے کہ میرا بندہ مجھ سے کیا مانگ رہا ہے۔ اس کو کیا چاہیے اور کتنا چاہیے۔ جو مالک یہ سب کچھ جانتا ہے اس کی عبادت کرو۔ وہی عبادت کے لائق ہے۔ اب آپ غور فرمائیں کہ ایسے لوگ کیسے مسلمان ہیں کہ جو آیات بتوں اور عیسائیوں کے لئے نازل ہوئی ہوں ان کو نبیوں اور بزرگوں اور مسلمانوں پر چسپاں کرتے ہیں۔ کیا یہی ان کا اسلام ہے؟ اور یہ ان کی توحید پرستی ہے؟ اتنی بڑی بد دیانتی کہ بعد بھی وہ لوگ خود کو مسلمان اور دوسروں کو مشرک و کافر کہتے ہیں۔ اسی کو کہتے ہیں چوری اور اوپر سے سینہ زوری۔ اگر بالفرض بت کی جگہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مراد لئے جائیں جیسا کہ معترض کہتے ہیں تو یہ مفہوم قرآن و حدیث کے خلاف ہوگا۔ کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تو لوگوں کو نفع دیتے تھے۔ کوڑھیوں کو شفاء دینا، اندھوں کو آنکھیں دینا، مردوں کو زندہ کرنا وغیرہ، قرآن سے ثابت ہے۔ لہٰذا ثابت ہوا کہ اس سے بت مراد ہیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نہیں ہیں۔ کیونکہ جو مفہوم قرآن و حدیث کے خلاف ہو وہ غلط ہوتا ہے درست نہیں ہوتا۔ لیکن اہلسنّت و جماعت کا عقیدہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو بھی سب اختیارات اللہ وحدہٗ لاشریک نے عطا فرمائے ہیں یا دیگر انبیاء کرام علیہم کو بھی جو اختیارات حاصل ہیں سب کے سب اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ ہیں۔

Marfat.com

ان کے پاس ذاتی اختیار کوئی بھی نہیں ہے۔ انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء عظام اس کی عطا کے بغیر کوئی اختیار نہیں رکھتے۔

## اعتراض نمبر 2

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِي نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَاشَآءَ اللّٰهُ ۔

(پارہ نمبر 9 سورۃ الاعراف آیت 188)

ترجمہ: (اے محبوب ﷺ) تم فرماؤ میں اپنی جان کے برے بھلے کا اختیار نہیں رکھتا مگر جو اللہ چاہے۔

معلوم ہوا کہ (معاذ اللہ) نبی ﷺ کو کسی قسم کا اختیار حاصل نہیں ہے۔ جب وہ اپنے بھلے برے کا اختیار نہیں رکھتے تو دوسروں کا کیا فائدہ کر سکتے ہیں؟ (استغفر اللہ ہزار بار استغفر اللہ)

## جواب

جب نبی پاک ﷺ نے کفار و مشرکین کو سمجھایا کہ کفر و شرک سے باز رہو، اللہ تعالیٰ پر ایمان لاؤ اور میری نبوت کو تسلیم کرو۔ کلمہ پڑھ کر مسلمان ہو جاؤ۔ اگر تم اللہ تعالیٰ کی توحید کا انکار کرتے رہے اور میری توہین کرنے سے باز نہ آئے، مجھ پر ایمان نہ لائے، میری دعوت کو ٹھکراتے رہے تو تم کو عذاب دیا جائے گا۔ تو نبی پاک ﷺ کے فرمانے کے بعد کفار نے نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں عرض کیا کہ لاؤ وہ عذاب جس کا تم ہمیں خوف دلاتے ہو۔ تو یوں کفار بار بار عذاب کا اصرار کرتے رہے تو کفار کے جواب میں اللہ کریم نے فرمایا کہ اے میرے پیارے محبوب ﷺ ان کفار سے کہو تم مجھے کہہ رہے ہو کہ عذاب لاؤ اور ہم پر نازل کرو، وہ عذاب تم پر میں نازل نہیں کروں گا، وہ عذاب تو تم پر اللہ وحدہٗ لاشریک نازل فرمائے گا۔ میں کسی پر عذاب نازل کرنے یا کروانے کے لئے

Marfat.com

نہیں آیا۔ میں تو صرف تمہیں اللہ تعالیٰ کا حکم پہنچا رہا ہوں اور میں تو صرف اسی کے حکم کا پابند ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے جو مجھے حکم دیا ہے میں نے تمہیں وہ پہنچا دیا ہے اور میں وہی کرتا ہوں جو میرا اللہ چاہے کیونکہ میں اس کی رضا چاہتا ہوں جو وہ چاہے میں وہی چاہتا ہوں اور جو میں چاہوں وہی اللہ چاہتا ہے۔ تو میں کسی کی بربادی نہیں چاہتا۔ میں چاہتا ہوں کہ تم اللہ کی عبادت کرو، کلمہ پڑھو اور مسلمان ہو جاؤ تاکہ تم لوگ عذاب سے بچ جاؤ۔ اس آیت کریمہ کا اصل مفہوم تو یہ ہے۔ مگر چند منکرین اختیارات رسول ﷺ نے ان الفاظ کی آڑ لے کر حضور سرورِ کائنات ﷺ کے اختیارات کا انکار کرنا شروع کر دیا کہ حضور ﷺ کچھ نہیں دے سکتے، آپ کچھ نہیں کر سکتے۔ (العیاذ باللہ تعالیٰ)

نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں اپنے مسائل پیش کرنا، عرض و معروض کرنا سب کا سب فضول، شرک اور کفر ہے۔ ان لوگوں کا یہ مفہوم بیان کرنا حقیقت کے خلاف اور عداوتِ رسول ﷺ ہے اور قرآن و حدیث کے بھی خلاف ہے اور اصحابِ رسول ﷺ کے بھی خلاف ہے۔ مگر حسد کی آگ نے ان لوگوں کو نہ دُنیا کا چھوڑا اور نہ دین کا اور ان لوگوں کو اس حسد اور ضد نے دوزخ کا ایندھن بنا دیا۔

## اعتراض نمبر 3:

وَيَعْبُدُونَ مِن دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنفَعُهُمْ وَيَقُولُونَ هَٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِندَ اللَّهِ (پارہ نمبر 11 سورۃ یونس آیت نمبر 18)

ترجمہ: اور یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو نہ ان کا کچھ بھلا کر سکیں اور نہ برا کر سکیں اور یہ کہتے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کے ہاں ہمارے سفارشی ہیں۔

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بھی نفع و نقصان یا بھلے برے کا اختیار نہیں رکھتا۔ انبیاء و اولیاء کسی کے کچھ بھی کام نہیں آسکتے۔ یہ کسی کے بھی نفع و نقصان کے مالک نہیں ہیں۔ (استغفر اللہ)

Marfat.com

## جواب:

کفار مکہ نے جو بت بنا رکھے تھے ان کے متعلق ان کا یہ عقیدہ تھا کہ یہ اللہ کے ہاں ہمارے سفارشی ہوں گے۔ ان کی سفارش کی وجہ سے ہم عذاب سے محفوظ ہو جائیں گے تو اللہ کریم نے ان کے باطل عقیدے کی تردید فرمائی ہے کہ تمہارا عقیدہ غلط ہے۔ یہ بت تمہیں نہ نفع دے سکتے ہیں اور نہ نقصان۔ یعنی یہ تو بت ہیں۔ یہ نہ تو بولنے کی طاقت رکھتے ہیں اور نہ ان کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ یہ بولیں اور جب یہ کچھ کر بھی نہیں سکتے تو ان کی پوجا کیوں کرتے ہو؟ لہٰذا ان کی پرستش سے باز رہو۔ ان کا اللہ تعالیٰ کے ہاں کوئی وقار نہیں ہے۔ اور تم لوگ ان کی پوجا کرتے ہو لہٰذا ان کو ماننا چھوڑ دو اور ان کی پرستش سے توبہ کرو۔ اور اگر تمہیں یہ خوف ہے کہ اگر ہم نے ان بتوں کو چھوڑ دیا تو نہ جانے کیا ہو جائے گا۔ تو تمہارا یہ گمان غلط ہے کیونکہ یہ نہ تو تمہیں کوئی نفع دے سکتے ہیں اور نہ تمہارا کچھ بگاڑ سکتے ہیں۔ یہاں بھی اللہ کریم نے بتوں کے متعلق فرمایا ہے۔ ان الفاظ سے حضور ﷺ و دیگر نبی ولی مراد نہیں ہیں۔ جو لوگ ان الفاظ سے مراد نبی یا ولی لیتے ہیں وہ گمراہ اور بے دین ہیں۔ جو نبیوں، ولیوں اور بتوں میں کوئی فرق نہیں کرتے اور قرآن پاک کے الفاظ پر بھی غور کرنے سے ثابت ہو رہا ہے کہ اس جگہ بت مراد ہیں۔ جیسے کہ کفار کا گمان تھا کہ یہ اللہ کے ہاں ہمارے سفارشی ہوں گے۔ تو اللہ کریم نے فرمایا یہ بت ہیں یہ تمہاری سفارش کر کے تمہیں نفع نہیں دے سکتے۔ یہ بت تمہاری سفارش نہیں کر سکتے مگر نبی پاک ﷺ اپنے غلاموں کی سفارش فرمائیں گے اور آپ ﷺ کی سفارش سے لاتعداد مجرم بخشے جائیں گے۔ یہ نفع حضور ﷺ اپنی امت کے گنہگاروں کو دیں گے۔ مگر بت نہیں دے سکتے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کے مقبول بندے بھی سفارش کریں گے اور اللہ تعالیٰ ان کی سفارش قبول فرمائے گا اور وہ گنہگار بخشے جائیں گے۔

Marfat.com

### اعتراض نمبر 4:

وَاِن یَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ وَاِن یَّمْسَسْكَ بِخَیْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ○ (پارہ نمبر 7 سورۃ الانعام آیت نمبر 17)

ترجمہ: اور اگر تجھ کو اللہ تعالیٰ کوئی تکلیف پہنچادے تو اس کے دور کرنے والا سوا اللہ تعالیٰ کے اور کوئی نہیں اور تجھ کو اللہ تعالیٰ کوئی نفع پہنچادے تو وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔

اس سے معلوم ہوا کہ اگر کسی کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی مصیبت، پریشانی یا بیماری آجائے تو کسی کو یہ اختیار حاصل نہیں کہ وہ دور کرسکے۔ اسی طرح اگر اللہ تعالیٰ کسی کی بھلائی چاہے تو کوئی کسی کا نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ تو معلوم ہوا کہ سب نبی ولی بے اختیار ہیں۔

### جواب:

یہاں بھی خطاب ان کفار و مشرکین سے ہے جو اللہ تعالیٰ کے سوا بتوں کی پوجا کرتے تھے اور ان کو اپنا مشکل کشاء تصور کرتے تھے تو اللہ کریم نے فرمایا اے محبوب ﷺ ان لوگوں کو سنا دو کہ بیوقوف نہ بنو۔ یہ بت تمہاری کچھ بھی مدد نہیں کرسکتے۔ اگر اللہ کریم تم لوگوں کو کسی مصیبت میں یا کسی بیماری میں مبتلا کردے تو یہ تمہیں کوئی نفع نہیں دے سکتے اور نہ ہی تم سے کوئی برائی دور کرسکتے ہیں۔ یہ تو صرف پتھر ہیں جو محض مجبور ہیں۔ پتھر تمہیں کیا فائدہ دے سکتے ہیں؟ یہ تو صرف کافروں کو سمجھایا جارہا ہے۔ اس مقام پر بتوں کی تردید کی جارہی ہے۔ مگر امتی ہونے کا دعویدار بتوں کی تردید میں آنے والی آیات اگر نبی پاک ﷺ پر چسپاں کرے تو ایک مسلمان خود اندازہ لگالے کہ وہ کیسا مسلمان ہے۔ جو بت اور نبی ﷺ میں فرق نہیں رکھتا یہ بہت بڑی بددیانتی ہے کہ نبی ﷺ اور بت میں فرق نہ کیا جائے اور صرف یہ بددیانتی ہی نہیں ہے بلکہ توہین نبوت بھی ہے اور ایسا شخص گمراہ اور بے دین ہے۔ دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ کیونکہ نبی پاک ﷺ کو تو اللہ

Marfat.com

تعالیٰ نے اختیارات دیئے ہیں اور آپ ﷺ اللہ تعالیٰ کی عطا سے با اختیار بندے ہیں۔
اگر نبی پاک ﷺ کے اختیارات کی نفی کرنی ہے تو کوئی ایک آیت پیش کرو جس سے ثابت ہوتا ہو کہ اللہ کریم کسی کو اختیارات دیتا ہی نہیں۔ مگر یہ لوگ قرآن وحدیث سے کبھی بھی ثابت نہیں کر سکیں۔ گے۔

## اعتراض نمبر 5

آیت مبارکہ: قُل اِنِّی لَآ اَملِكُ لَكُم ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا قُل اِنِّی لَن يُّجِيرَنِی مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ وَّلَن اَجِدَ مِن دُونِهٖ مُلتَحَدًا

(پارہ نمبر 29 سورۃ الجن آیت نمبر 22-21)

ترجمہ: تم فرماؤ میں تمہارے کسی بھلے برے کا مالک نہیں تم فرماؤ ہر گز مجھے اللہ تعالیٰ سے کوئی نہ بچائے گا اور ہر گز اس کے سوا کوئی پناہ نہ پاؤں گا۔

اس سے ثابت ہوا کہ نبی کسی بھلے برے کا اختیار نہیں رکھتا اور نہ ہی کسی اور کو کوئی اختیار حاصل ہے کہ اللہ تعالیٰ سے بچا سکے۔

## جواب:

قرآن پاک کے ان الفاظ کا مطلب قطعاً یہ نہیں جو موجودہ دور کے منکرین اختیار رسول ﷺ لیتے ہیں اور مسلمانوں کو سنا کر درِ رسول ﷺ سے مایوس کرتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اے کافرو! اگر تم میری دعوت کو قبول نہیں کرتے اور ایمان نہیں لاتے تو مجھے قطعاً کوئی اختیار نہیں کہ تمہیں نفع ونقصان دے سکوں۔ یعنی تمہیں کوئی نفع دے سکوں۔ مطلب یہ کہ میں تم کو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نہیں بچا سکتا، تمہاری حمایت نہیں کر سکتا۔ یعنی تم اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی مخالفت کرو۔ رسول ﷺ کی توہین کرو اور خدا کے مقابلے میں تم بتوں کی پوجا کرو تو میں تمہیں کوئی نفع نہیں دے سکتا۔ میں تمہیں نفع اس صورت میں دے سکتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ پر ایمان لے آؤ اور میری رسالت پر ایمان لا کر میری امت میں داخل ہو جاؤ۔ پھر تو میں تمہیں نفع دے سکتا ہوں اور تمہاری

Marfat.com

شفاعت کروا سکتا ہوں۔ اور اگر تم کافر ہی رہو تو میں تم کو کوئی نفع نہیں دے سکتا اور نہ ہی تمہیں کوئی نقصان دے سکتا ہوں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ میں تم پر عذاب نازل نہیں کروں گا اور نہ ہی عذاب دینا میرا کام ہے۔ کسی کو عذاب دینا اللہ تعالیٰ کے اختیار میں ہے۔ وہی عذاب دیتا ہے اور وہ رب کریم بھی کسی سے زیادتی نہیں کرتا۔ وہ عذاب تمہارے شرک کرنے کی سزا ہوگی۔ وہ تمہارا کیا ہی تمہارے اپنے کام آئے گا۔

آگے دوسری آیت میں فرمایا کہ "اے محبوب کریم ﷺ ان لوگوں میں اعلان فرما دو کہ اللہ تعالیٰ کے سوا مجھے ہرگز کوئی نہیں بچا سکتا۔ تو ابن جریر رحمۃ اللہ علیہ نے خضری سے روایت بیان کی ہے۔ جنات کے کسی سردار نے اپنے گروہ سے کہا تھا کہ محمد ﷺ چاہتے ہیں کہ ہم ان کو پناہ عطا کریں۔ اس لئے میں ان کو اپنی پناہ میں لیتا ہوں۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ دیکھیں تفسیر مظہری اور حضرت پیر محمد کرم شاہؒ صاحب الازہری بھیروی رحمۃ اللہ علیہ اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں جس کا مفہوم کچھ اس طرح سے ہے۔ ایک مشرکین کی جماعت نبی پاک ﷺ کے پاس حاضر ہوئی اور عرض کرنے لگی کہ آپ ﷺ ہمارے ساتھ مل جائیں۔ اللہ تعالیٰ کی عبادت چھوڑ دیں تو ہم سب کے سب آپ ﷺ کے محافظ بن جائیں گے۔ یعنی مشرک جن اور مشرک انسان سب کے سب تمہارے ساتھی اور محافظ بن جائیں گے تو پھر کوئی بھی پوری کائنات میں آپ کا کچھ بگاڑ نہیں سکتا۔ تو ان مشرکین کی بکواس کے جواب میں فرمایا کہ محبوب کریم ﷺ ان کفار و مشرکین کو اعلان فرما دو کہ میرا رب قادرِ مطلق ہے۔ وہ جو چاہے کرے اسے کوئی نہیں روک سکتا۔ تم تو محض مجبور ہو اور میرے رب کے سامنے تمہاری کوئی حیثیت نہیں ہے۔ اگر میرا رب مجھ سے ناراض ہو جائے تو مجھے میرے رب سے بچانے کی کسی میں کوئی طاقت نہیں ہے۔ اس ذات کے سامنے کسی کی کوئی مجال نہیں کہ دم مارے اور تم لوگ جو مجھے پناہ کی پیشکش کر رہے ہو تو سن لو! مجھے تمہاری پناہ کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ مجھے تو میرے رب کی پناہ ہی کافی ہے۔ تم لوگ میرا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے۔ اس آیت کا اصل مطلب یہ تھا۔ مگر ازلی بدبخت لوگوں

Marfat.com

نے ان آیات کو نبی کریم ﷺ کے کمالات و اختیارات کے خلاف پیش کر دیا جو صریح بد دیانتی ہے اور عداوت رسول ﷺ کی عظیم دلیل ہے۔ کیونکہ جن آیات میں فضیلت رسول ﷺ ظاہر ہوتی ہے ان آیات کریمہ کو کمالات رسول اللہ ﷺ کے انکار کیلئے پیش کرنا عداوت نہیں تو اور کیا ہے؟ اس لئے اللہ کریم نے فرمایا ہے کہ اے لوگو! ہوشیار رہنا، کچھ لوگ قرآن تو پڑھیں گے مگر گمراہ ہوں گے۔ کیونکہ ان کے دلوں میں بغض رسول ﷺ کی بیماری ہوگی۔ لہٰذا مسلمانوں کو محتاط رہنا چاہیے کہ ہر قرآن پڑھنے والے پر اندھا دھند اعتماد نہ کریں۔ اعتماد ان لوگوں پر کرو جن کا سینہ مدینہ ہو، جن کے دلوں میں عشق رسول ﷺ ہو۔

## اعتراض نمبر 6

قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰہُ سَمْعَکُمْ وَاَبْصَارَکُمْ وَخَتَمَ عَلٰی قُلُوْبِکُمْ مَّنْ اِلٰہٌ غَیْرُ اللّٰہِ یَاْتِیْکُمْ بِہٖ اُنْظُرْ کَیْفَ نُصَرِّفُ الْاٰیٰتِ ثُمَّ ھُمْ یَصْدِفُوْنَ ○ (پارہ نمبر 7 سورۃ الانعام آیت نمبر 46)

ترجمہ: تم فرماؤ بھلا بتاؤ تو اگر اللہ تمہارے کان آنکھ لے لے اور تمہارے دلوں پر مہر کر دے تو اللہ کے سوا کون خدا ہے کہ تمہیں یہ چیزیں لا دے۔ دیکھو ہم کس رنگ سے آیتیں بیان کرتے ہیں پھر وہ منہ پھیر لیتے ہیں۔

معلوم ہوا کہ کوئی نبی یا ولی کسی کو کچھ نہیں دے سکتا اور نہ ہی ان کو کسی قسم کا کوئی اختیار حاصل ہے۔ اور جن کے دلوں پر اللہ تعالیٰ مہر کر دے نہ ہی کوئی اس کو ہدایت دینے کا اختیار رکھتا ہے۔ یہ سب اختیارات اللہ تعالیٰ کو ہیں۔ اس کے علاوہ کسی کے پاس کوئی اختیارات نہیں ہیں۔

## جواب

یہاں اللہ کریم فرماتا ہے کہ اگر میں تمہاری بینائی لے لوں یعنی تمہاری آنکھیں لے لوں یا تمہارے کان لے لوں یعنی قوت سماعت لے لوں تو کون خدا

Marfat.com

ہے جو تمہیں یہ چیزیں دے سکے۔ اے کافرو! میں نے تمہیں یہ چیزیں یہ تمام نعمتیں عطا کی ہیں۔ ان پر کبھی غور وفکر کرو۔ لہٰذا میری عبادت کرو۔ ان پتھروں کی پوجا مت کرو۔ اگر میں تم سے اپنی دی ہوئی نعمتیں چھین لوں تو تمہارے ان خود ساختہ بتوں میں سے کون ہے جو تمہیں یہ نعمتیں واپس دے سکے۔ یہ اس لئے فرمایا گیا ہے کہ کافر اپنی تمام امیدیں ان پتھروں سے رکھتے تھے۔ تو اللہ تعالیٰ تو ان کافروں اور مشرکوں کے اس عقیدے کے تردید کر رہا ہے کہ اے کافرو! تمہارے یہ عقائد باطل ہیں۔ اگر اس آیت سے مراد نبی پاک ﷺ یا دیگر انبیاء کرام علیہم السلام یا اولیاء عظام لئے جائیں تو یہ استدلال باطل ہوگا۔ کیونکہ انبیاء علیہم السلام سے یہ چیزیں ثابت ہیں۔ جیسا کہ جناب عیسیٰ علیہ السلام نابینوں کو آنکھیں عطا فرماتے تھے۔ میرے آقا کریم ﷺ سے بھی یہ اختیارات ثابت ہیں کہ آپ ﷺ نے بھی نابینوں کو آنکھیں عطا فرمائیں۔ جو چیز قرآن وحدیث سے ثابت ہو تو جو استدلال قرآن وحدیث کے خلاف ہو وہ کبھی بھی درست نہیں ہوسکتا وہ باطل ہے۔ جو لوگ ان الفاظ کا مطلب یہ لیتے ہیں کہ معاذ اللہ کوئی نبی یا ولی کوئی چیز دے نہیں سکتا تو دراصل وہ لوگ قوم کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں۔ اصل میں ان لوگوں کے دلوں میں عداوت انبیاء کرام علیہم السلام ہے۔ اگر ان کے دلوں میں عداوت نہ ہوتی تو کبھی بھی نبیوں کا مقابلہ اللہ تعالیٰ سے نہ کرواتے۔ یہ مقابلہ کروانے کا اصل مقصد پہلے لوگوں کے دلوں سے عظمت انبیاء علیہم السلام نکالنا ہے۔ یہ لوگ کفر کی حمایت کرنا چاہتے ہیں اور رسولوں کی توہین کرنا چاہتے ہیں۔ اب ایک طرف تو جناب عیسیٰ علیہ السلام کا آنکھیں عطا کرنا قرآن سے ثابت ہے اور دوسری طرف ان گمراہ لوگوں کے بقول اگر یہ کہا جائے کہ کوئی نبی رسول کسی کو کچھ نہیں دے سکتا تو اس کا مطلب یہ نکلا کہ معاذ اللہ ثم معاذ اللہ جناب عیسیٰ علیہ السلام اور اللہ تعالیٰ کے درمیان مقابلہ تھا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ کوئی آنکھ نہیں دے سکتا۔ مگر جناب عیسیٰ علیہ السلام نے نابینوں کو آنکھیں دے کر مقابلہ جیت لیا۔ (العیاذ باللہ تعالیٰ)

Marfat.com

یہ لوگ کیسے مسلمان ہیں جو قرآن وحدیث کی بھی توہین کر رہے ہیں اور انبیاء علیہم السلام کو بھی معاف نہیں کرتے اور مسلمانوں کو کافر ومشرک کہہ رہے ہیں اور خدا پر بھی الزام لگا رہے ہیں۔ ایسے لوگوں سے میں دردمندانہ اپیل کرتا ہوں کہ خدارا اپنی موت کو یاد رکھو۔ اللہ تعالیٰ کو مالک یوم الدین مان کر اپنے باطل عقیدے سے توبہ کرلو اور برائے مہربانی اس مقابلہ بازی سے باز آجائیں۔ ان لوگوں کی نجات بھی اسی میں ہے اور قوم کا فائدہ بھی اسی میں ہے۔ کیونکہ اگر یہ لوگ ٹھیک ہوجائیں تو پوری قوم میرے آقا ﷺ کی غلامی میں ایک ہوسکتی ہے۔ لہٰذا اس آیت سے مراد بت ہیں، انبیاء علیہم السلام اور اولیاء عظام نہیں ہیں۔

معزز قارئین گرامی ایک بات ضرور ذہن میں رکھیں کہ ہمارا اہلسنّت وجماعت حنفی بریلوی یارسول اللہ! کہنے والوں کا یہ عقیدہ اور ایمان ہے کہ انبیاء اور اولیاء بلکہ کائنات میں جس کسی کے بھی پاس جو خوبی جو کمال ہے وہ سب کا سب میرے خدا کا عطا کردہ ہے۔ اگر کسی کو میرا رب کچھ نہ دے تو اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔ اور جس کو میرا خدا عطا کرے اس کے پاس اللہ تعالیٰ کی عطا سے سب کچھ ہوتا ہے۔ اب جو اختیارات انبیاء علیہم السلام اور اولیاء اللہ کے پاس ہیں وہ میرے خدا کے عطا کردہ ہیں۔ جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آنکھیں عطا کرنا، کوڑھیوں کو ٹھیک کرنا یا دیگر کمالات سب کے سب اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ ہیں۔ اسی طرح حضور نبی کریم ﷺ کے تمام کمالات اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ ہیں جیسے درختوں کو قوت سماعت عطا فرمانا اور ان کا بلانے پر حاضر خدمت ہونا۔ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ کو آنکھ عطا کرنا اور جنت کی بشارت دینا۔ یہ سب اختیارات ہونا قرآن و حدیث کے مخالف نہیں ہیں۔ کیونکہ قرآن کے الفاظ سے مراد بت ہیں نبی ﷺ ولی نہیں ہیں۔ اگر اس سے مراد نبی ﷺ یا ولی لئے جائیں گے تو پھر نبی پاک ﷺ کا آنکھ عطا فرمانا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا آنکھیں عطا کرنا قرآن کے خلاف ہوگا۔ جو شخص نبیوں کے عمل کو قرآن وحدیث کے خلاف کہے گا تو وہ شخص درحقیقت توہین انبیاء کر رہا ہے اور خدا اور

Marfat.com

قرآن وحدیث کی بھی توہین کر رہا ہے۔ لہٰذا عقائد اہلسنّت پر ہی رہ کر ایمان سلامت رہ سکتا ہے۔ بصورت دیگر گمراہی اور بے دینی ہے جو جہنم کا ایندھن بنا دے گی۔

## اعتراض نمبر 7

: آیت مبارکہ: قُلْ اَنَدْعُوْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ (پارہ نمبر 7 سورۃ الانعام آیت نمبر 71)

ترجمہ: تم فرماؤ کیا ہم اللہ کے سوا اس کو پوجیں جو ہمارا نہ بھلا کرے نہ برا اور الٹے پاؤں پلٹا دیئے جائیں بعد اس کے کہ اللہ نے ہمیں راہ دکھائی۔

اس سے معلوم ہوا کہ اللہ کے سوا کسی نبی، رسول اور ولی کو برے اور بھلے کا اختیار نہیں۔

## جواب:

وہی پرانا سبق۔ مولوی صاحب کی عقل ماری گئی اور بدنصیبی اتنی ہے کہ معاذ اللہ نبیوں، ولیوں اور بتوں میں فرق کرنے کی صلاحیت تک نہ رہی۔ قرآن پاک کے ان الفاظ میں کفار کو جواب دیا جا رہا ہے اور ان کے بتوں کی تردید کی جا رہی ہے۔ کیونکہ کافر مسلمانوں کو اپنے عقائد کی دعوت دیتے تھے کہ دیکھو تمہارے باپ دادا کا مذہب ہے۔ لہٰذا نبی کریم ﷺ کی باتوں کی طرف نہ جاؤ۔ یعنی خدا کی عبادت چھوڑ کر تم بتوں کی پوجا کرو۔ اسلام کو چھوڑ کر ہمارے ساتھی بن جاؤ۔ نبی کریم ﷺ کی غلامی ترک کر کے ہمارے ساتھ مل جاؤ اور پہلے کی طرح ہم مل جل کر رہتے ہیں۔ ہم سب ایک ہیں، ایک دوسرے کے رشتہ دار ہیں۔ ہمارے آپس میں تعلقات ہیں۔ لہٰذا نبی کریم ﷺ کا ساتھ چھوڑ کر ہمارے ساتھی بنو اور ہمارے بتوں کو برا نہ جانو۔ بلکہ یہ دعوت کافر نبی کریم ﷺ کو بھی دیتے تھے کہ تم جو چاہتے ہو ہم کرنے کے لئے تیار ہیں مگر ہمارے بتوں کی مخالفت نہ کرو۔ تو اس آیت میں کفار کی دعوت کا جواب دیا جا رہا ہے کہ اے محبوب ﷺ ان کفار و

Marfat.com

مشرکین سے فرمادو کہ کیا ہم اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر ان کی پوجا کریں جو پتھر ہیں۔ یہ نہ تو کسی کا بھلا کر سکتے ہیں اور نہ ہی کسی کا برا۔ یہ تمہارے ہی ہاتھوں سے تراشے ہوئے ہیں۔ جو خود بننے میں کسی کا محتاج ہو وہ کسی کا نفع ونقصان نہیں کر سکتا۔ ہمیں دعوت دینے والو! خود اپنی عقل کا ماتم کرو۔ تم ان باطل نظریات سے توبہ کرو اور اللہ وحدہٗ لاشریک کی عبادت کرو تا کہ تم جہنم سے بچ سکو۔ ہمیں تو اللہ کریم نے ہدایت دی ہے۔ ہمیں تو ہمارے نبی کریم ﷺ نے صراطِ مستقیم پر چلایا ہے اور اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا فضل ہم پر ہوا ہے۔ کیا ہم پھر الٹے پاؤں چلیں؟ یعنی پھر گمراہی کی دعوت دے رہے ہو۔ ہم تو کبھی بھی کفر اور گمراہی کی طرف واپس نہیں جا سکتے۔ یہ تو نبی کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف سے کفر کو جواب دیا جا رہا ہے جو اللہ کریم سکھا رہا ہے کہ ان کافروں اور مشرکوں کو یہ جواب دو۔ مگر بعض لوگوں کو ان کی بدبختی لے ڈوبی۔ ان لوگوں نے ضد اور دھڑے بندی کا شکار ہو کر یہ آیات نبی کریم ﷺ کے کمالات کی نفی میں پیش کر دیں۔ اب غور فرمائیں کہ کیا ایسے لوگ اپنے آپ کو مسلمان کہلوا سکتے ہیں؟ جو قرآن و حدیث پڑھ کر توہین رسول ﷺ کریں۔ یہ عمل تو کوئی منافق اور کافر ہی کر سکتا ہے مومن ہرگز نہیں کر سکتا۔ تو پھر ذرا سنجیدگی سے سوچیں کہ جو شخص قرآن و حدیث میں بے ایمانی کرے یعنی ہیرا پھیری کرے وہ کیا ہو سکتا ہے؟ اور یہ صرف اس لئے کرتے ہیں کہ ان لوگوں کے سینے میں نبی پاک ﷺ کی محبت نہیں ہے۔ اگر محبت ہوتی تو نہ قرآن و حدیث میں بے ایمانی کرتے اور نہ ہی کمالاتِ مصطفیٰ ﷺ کا انکار کرنے کے لئے اتنی محنت کرتے۔ بلکہ قرآن و حدیث کا اصل مفہوم پیش کر کے لوگوں کے دلوں میں عشقِ مصطفیٰ ﷺ پیدا کرتے اور اپنی آخرت سنوار لیتے۔

## اعتراض نمبر 8

آیت مبارکہ: قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَلَا تَحْوِيْلًا ۝ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ

Marfat.com

يَبْتَغُونَ إِلَى رَبِّهِمُ الْوَسِيلَةَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ وَيَرْجُونَ رَحْمَتَهُ وَيَخَافُونَ عَذَابَهُ إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ مَحْذُوراً۝

(پارہ نمبر 15 سورۃ بنی اسرائیل آیات 57-56)

ترجمہ: تم فرماؤ پکارو انہیں جن کو اللہ کے سوا معبود سمجھتے ہو تو وہ اختیار نہیں رکھتے تم سے تکلیف دور کرنے اور پھیر دینے کا۔ وہ مقبول بندے جنہیں یہ کافر پوجتے ہیں وہ آپ ہی اپنے رب کی طرف وسیلہ ڈھونڈتے ہیں کہ ان میں زیادہ کون مقرب ہے۔ اس کی رحمت کی امید رکھتے ہیں اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔ بیشک تمہارے رب کا عذاب ڈر کی چیز ہے۔

## جواب

حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

عن عبد اللّٰه اِلٰی رَبِّهِمُ الْوَسِيلَةَ قَالَ كَانَ نَاسٌ مِنَ الْإِنْسِ يَعْبُدُونَ نَاساً مِنَ الْجِنِّ فَاَسْلَمَ الْجِنُّ وَ تَمَسَّكَ هٰؤُلَاءِ بِدِيْنِهِمْ ۔

ترجمہ: اِلٰی رَبِّهِمُ الْوَسِيلَةَ اس کا شانِ نزول یہ ہے کہ کچھ آدمی جنوں کی پرستش کیا کرتے تھے۔ پھر ایسا ہوا کہ وہ جن مسلمان ہو گئے اور مشرک بد بخت شرک پر قائم رہے اور اس کی پرستش کرتے رہے۔

حوالہ

☆ صحیح بخاری شریف جلد دوم کتاب التفسیر باب قل ادعوا الذین زعتم من دونہ حدیث نمبر 1822 ص 909 ترجمہ مولوی وحید الزمان حیدر آبادی وہابی۔

☆ صحیح مسلم شریف جلد سوئم کتاب التفسیر حدیث نمبر 7512 ص نمبر 756

☆ تفسیر ابن کثیر جلد سوم پارہ نمبر 15 تفسیر سورۃ بنی اسرائیل ص 202

☆ تفسیر الحسنات جلد چہارم

Marfat.com

## قارئین گرامی!

یہ آیت عرب کی ایک مشرک جماعت کے حق میں نازل ہوئی جو جنات کے ایک گروہ کو پوجتے تھے اور وہ جنات جب اسلام لے آئے اور ان کے پوجنے والے اس سے بے خبر رہے تو اللہ تعالیٰ نے ان کو عار دلائی اور فرمایا کہ جنہیں تم پوج رہے ہو وہ ہمارے حضور سربسجود ہیں اور ہماری طرف ہمارے مقربین کا وسیلہ ڈھونڈ رہے ہیں۔ بخاری شریف کی حدیث اور دو تفسیروں سے ثابت ہے کہ وہ کافر اور مشرک جنات کی پوجا کرتے تھے اور ان کا یہ عقیدہ تھا کہ یہ جنات ہم سے مصائب دور کر سکتے ہیں۔ یعنی اگر ہم پر کوئی مصیبت آ گئی تو یہ دور کر دیں گے۔ تو جب وہ جنات مسلمان ہو گئے تو خالق کائنات نے فرمایا کہ اے کافرو! ان جنات کی پوجا کرنے والو اب تو سوچو کیا یہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں؟ کبھی بھی نہیں کریں گے۔ یہ تو تمہیں چھوڑ چکے ہیں اور مسلمان ہو چکے ہیں۔ میرے عذاب سے تو تمہیں پہلے بھی نہیں بچا سکتے تھے مگر اب تو وہ قطعاً تمہاری مدد نہیں کریں گے کیونکہ وہ تو مسلمان ہو چکے اور اپنے رب کے قرب کے لئے اللہ تعالیٰ سے امید بھی رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ہم پر مہربانی کرے گا اور ہمیں بخش دے گا اور اللہ کے عذاب سے ڈرتے بھی ہیں۔ اب اس آیت کا یہ مطلب لینا کہ کوئی نبی یا ولی کسی قسم کا کوئی اختیار نہیں رکھتا، یہ سراسر جہالت اور قرآن و حدیث میں من مانی کرنا ہے اور جو اللہ کریم کافروں سے فرما رہا ہے وہ مسلمانوں پر چسپاں اور پھر مسلمانوں پر کفر و شرک کے فتوے لگانا کون سا اسلام ہے۔ مگر ستیاناس ہو اس گروہ بندی کا کہ ضد میں آ کر یہ لوگ ایمان بھی گنوا بیٹھے کہ کہاں کی بات کہاں چسپاں کی جا رہی ہے۔ مگر یہ بات یاد رکھیں کہ ایسی جسارت کوئی غیر مسلم ہی کر سکتا ہے، مومن نہیں کر سکتا۔

لیجئے ایک اور حوالہ لیں کہ بتوں والی آیات مسلمانوں پر نیک لوگوں پر چسپاں کرنا کن لوگوں کا کام ہے۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 239

# خارجیوں اور بے دینوں کی خاص نشانیاں

وَ کَانَ ابنُ عُمَرَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ یَرَاھُم شِرَارَ خَلقِ اللّٰہِ وَقَالَ اِنَّھُم اَنطَلَقُوا اِلیٰ آیَاتٍ نَزِلَت فِی الکُفَّارِ فَجَعَلُوھَا عَلَی المُؤمِنِینَ۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما خارجی لوگوں کو مخلوق خدا میں سے بدترین سمجھتے تھے۔ کیونکہ ان لوگوں نے جو آیتیں کافروں کے باب میں اتری تھیں ان کو مسلمانوں پر چسپاں کردیا۔

حوالہ ☆ صحیح بخاری شریف جلد سوم کتاب استتابۃ المرتدین باب قتل الخوارج والملحدین بعد اقامۃ الحجۃ علیہم ص 806

معزز قارئین گرامی! حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما جیسے جلیل القدر جوان صحابی کے فتویٰ سے بھی یہ ثابت ہوگیا کہ کافروں، مشرکوں، بتوں کے متعلق جتنی بھی اللہ تعالیٰ نے آیات نازل کی ہیں وہ تمام کی تمام بتوں ہی کے متعلق ہیں۔ اب ان بتوں والی آیات کو اللہ تعالیٰ کے محبوب بندوں پر چسپاں کرنا مومنوں کا کام نہیں ہے بلکہ یہ کام خارجیوں کا اور بے دینوں کا کام ہے۔ اب ذرا ان لوگوں کو اپنے گریبان میں جھانک کر سوچنا چاہیے کہ ان کا یہ خود ساختہ عقیدہ اور فیصلہ ان لوگوں کو جہنم میں لے جائے گا۔ جن کا مشن ہی صرف یہی ہے کہ معاذ اللہ بتوں والی آیات کو انبیاء کرام علیہم السلام پر چیپ کر صرف اور صرف عوام کے سامنے یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ معاذ اللہ، اللہ تعالیٰ کے نبی ﷺ بے اختیار ہیں۔ وہ کچھ بھی نہیں کر سکتے۔ حالانکہ یہ عقیدہ قرآن وحدیث کے خلاف ہے۔ اگر بت بھی کچھ نہ کر سکتے ہوں اور انبیاء کرام علیہم السلام بھی کچھ نہ کر سکتے ہوں تو معاذ اللہ نبیوں اور بتوں میں کیا فرق رہ گیا ہے؟

Marfat.com

## توحید کی آڑ میں اسلام سے دشمنی

معزز قارئین گرامی! اصل مسئلہ یہ ہے کہ ایسے لوگ جو اختیارات و کمالات مصطفیٰ ﷺ کا انکار کرتے ہیں اصل میں یہ لوگ انگریز کے ایجنٹ ہیں۔ یہ تمام مسائل انگریز کے اشاروں پر شروع کئے گئے ہیں۔ آپ دیکھیں اور غور کریں گے تو انشاء اللہ بفضل خدا آپ جان جائیں گے کہ یہ بات حقیقت ہے کہ اختلافات انگریز حکومت نے شروع کروائے اور انگریز حکومت سے پہلے آپ کو ان اختلافات کا کہیں بھی وجود نظر نہیں آئے گا۔ کیونکہ انگریز مسلمانوں کو گروہ در گروہ تقسیم کرنا چاہتا تھا۔ چنانچہ اسے چند نفس کے بندے مل گئے۔ جنہوں نے چند ٹکوں کے عوض توہین قرآن، توہین اصحاب رضی اللہ عنہم کی اور توہین رسول ﷺ سے بھی باز نہ آئے اور غیر مسلموں کو مدد مہیا کی تا کہ یہود و نصاریٰ، ہندو، سکھ، ہر غیر مسلم دل کھول کر قرآن اور اسلام اور مسلمانوں کو تنقید کا نشانہ بنا سکے۔ چنانچہ ان لوگوں نے پیٹ کی خاطر صرف اور صرف دُنیا حاصل کرنے کے لئے مسلمانوں میں وہ فتنہ ڈال دیا ہے جو شاید صدیوں تک ختم نہ ہو سکے۔ جس سے ملک و قوم کا بہت بڑا نقصان ہوا ہے اور ہو رہا ہے اور ہوتا رہے گا۔ جس کی تلافی کبھی نہیں ہو سکے گی۔

### پہلا نقصان

وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ۔(پارہ نمبر 5)

ترجمہ: اگر وہ (یعنی قرآن پاک) غیر خدا کے پاس سے ہوتا تو ضرور اس میں بہت اختلاف پاتے۔

اللہ کریم فرما رہا ہے کہ اگر قرآن پاک غیر خدا کی طرف سے ہوتا یعنی یہ اللہ کا کلام نہ ہوتا تو اس میں بہت زیادہ اختلاف ہوتا۔ یہ قرآن پاک کی خصوصیت ہے کہ اس میں اختلاف نہیں ہے اور اختلاف کا نہ ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے مخلوق کا نہیں۔ جو لوگ اس میں اختلاف ثابت کرتے ہیں وہ مخلص مومن نہیں ہو سکتے۔

Marfat.com

اگر مخلص مومن ہوتے تو قرآن میں اختلاف ثابت نہ کرتے۔ جبکہ قرآن میں کوئی اختلاف نہیں ہے اور جن لوگوں نے بتوں والی آیات پڑھ کر نبیوں اور ولیوں پر چسپاں کر کے اختلاف ثابت کیا ہے اب ان لوگوں کے متعلق خود فیصلہ فرمائیں کہ اب ان لوگوں کے متعلق کیا فیصلہ کیا جا سکتا ہے اور ان لوگوں نے ایسا کیوں کیا؟ کیونکہ ایک مخلص مومن جو نبی کریم ﷺ کا پکا سچا غلام ہو، وہ تو ایسا نہیں کر سکتا۔ لہٰذا یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ان لوگوں نے صرف اور صرف انگریز حکومت کو خوش کرنے کے لئے قرآن میں اختلاف ثابت کیا اور مسلمانوں کا کباڑا کر دیا اور مسلمانوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کر دیا۔ ساتھ ساتھ ہی غیر مسلم قوتوں کو موقع فراہم کیا کہ وہ دل کھول کر مسلمانوں اور قرآن و حدیث پر اور اسلام پر تنقید کر سکیں۔ کیونکہ اب غیر مسلم یہ کہہ سکتے ہیں کہ یہ قرآن اللہ کا کلام نہیں ہے (معاذ اللہ)۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کے کلام میں اختلاف نہیں ہے۔ جو تم قرآن پاک پیش کرتے ہو اس میں تو سخت اختلاف ہے۔ تم کہتے ہو کہ نبی ﷺ معاذ اللہ کچھ نہیں جانتا اور نہ ہی اسے کچھ اختیار حاصل ہے اور نہ ہی نبی ﷺ نفع دے سکتا ہے اور نہ نقصان اور اہلسنّت کہتے ہیں کہ ہمارے نبی ﷺ مختار کل ہیں اور نفع دے سکتے ہیں اور ہر چیز کا علم رکھتے ہیں۔ دیگر ایسے مسائل جن میں یہ اختلاف پائے جاتے ہیں۔ اور دونوں گروہ اپنے مؤقف میں قرآن پیش کرتے ہیں۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ قرآن میں اختلاف ہے اور اختلاف سے یہ ثابت ہوا کہ یہ اللہ کا کلام نہیں ہے (معاذ اللہ)

یعنی غیر مسلم یہ اعتراض کر سکتے ہیں اور اعتراض کرتے بھی ہیں جس کا غیر مسلم کو جواب دینا انتہائی مشکل ہے تو کیا ان لوگوں نے توہین قرآن نہیں کی؟ یقیناً ان لوگوں نے توہین قرآن کی بھی ہے اور غیر مسلموں کو توہین کرنے کا موقع بھی فراہم کیا ہے اور اس جرم کی سزا اللہ کریم ان کو ضرور دے گا اور کبھی معاف نہیں کرے گا جب تک اپنے جرم سے توبہ نہیں کریں گے اور ان لوگوں کو چاہیے کہ توبہ کریں تا کہ آخرت بہتر ہو جائے۔

Marfat.com

## دوسرا نقصان

معزز قارئین گرامی!

آپ بغور سوچیں اگر غیر مسلم قوتیں ہماری نوجوان نسل سے جو مذہب سے پہلے بہت دور ہے ان کے سامنے یہ سوال کریں جیسا کہ یورپ میں ہماری نئی نسل کے سامنے یہ سوال کیا جا رہا ہے اور ہزاروں نوجوان گمراہ ہو چکے ہیں تو اندازہ لگائیں کہ اس کا کیا نتیجہ نکلے گا؟ ظاہر ہے کہ مذہب سے تو وہ لوگ پہلے ہی دور ہیں۔ اس سوال کے بعد ان کے پاس کوئی جواب نہیں ہوگا اور وہ مزید گمراہ ہوں گے اور نا قابل تلافی نقصان ہوگا۔ جس کے ذمہ دار وہ مذہبی رہنماء ہیں جو بتوں والی آیات نبی پاک ﷺ پر چسپاں کر کے اختلاف ثابت کرتے ہیں۔ مخلص مومن جو اسلام سے محبت کرنے والا ہے نبی پاک ﷺ کا مخلص غلام ہے وہ تو خون کے آنسو روئے گا کہ یہ کیسے مذہبی رہنماء ہیں، یہ کیسے دین اسلام کے علمبردار ہیں۔ جو دین اسلام کو تباہ و برباد کر رہے ہیں۔

## تیسرا نقصان

معزز قارئین گرامی!

اگر قرآن پاک پر اعتراض ہو جائے تو پھر نبی پاک ﷺ کی ذات بابرکات بھی محفوظ نہیں رہے گی کہ آپ ﷺ پر بھی یہ الزام ہوگا کہ (معاذ اللہ نقل کفر کفر نہ باشد، اللہ کریم ہزار بار معافی عطا فرمائے، آمین)

آپ ﷺ نے ویسے ہی فرما دیا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔ حقیقت میں یہ اللہ تعالیٰ کا کلام نہیں (معاذ اللہ)۔ اس لئے خود سوچیں اور اس ضد کو چھوڑیں اور اپنے فیصلے پر نظر ثانی کریں۔ قرآن پاک کو اور نبی کریم ﷺ کو اور اسلام کو غیر مسلموں کی تنقید کا نشانہ بننے سے محفوظ کریں جو ایک صحیح مسلمان اور سچے مومن کا کردار ہے وہ ادا کریں۔ اسی میں تمام کی نجات ہے۔

Marfat.com

## آخر کلام

بہر حال اس اختلاف سے ملک وقوم کو سخت نقصان ہوا ہے اور دشمن اسلام قوتوں کو مسلمانوں اور اسلام کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے کا موقع ملا ہے۔ جبکہ قرآن و حدیث میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ یہ اختلافات جو دانستہ طور پر پیدا کئے گئے ہیں۔ صرف اور صرف غیر مسلم قوتوں کو خوش کرنے کے لئے ایسا کیا گیا ہے۔ حقیقت میں نہ کوئی اختلاف تھا اور نہ کوئی اختلاف ہے۔ صرف ان لوگوں نے بتوں والی آیات انبیاء کرام علیہم السلام اور اولیاء عظام پر چسپاں کر کے غیر مسلم آقاؤں کو خوش کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا کلام سچا ہے اور اس میں قطعاً کوئی اختلاف نہیں ہے۔ جہاں پر بھی نفی کی گئی ہے وہاں یا تو بت مراد ہیں اور کہیں ذاتی اختیارات کی نفی کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی عطا کے بغیر کوئی کچھ نہیں کر سکتا۔ اس پر اہلسنّت کا ایمان ہے۔ ہر شخص میں جو بھی خوبی ہے، جو بھی کمال ہے خواہ انبیاء کرام علیہم السلام ہوں یا اولیائے امت ہوں یا دیگر مخلوق میں جو بھی کمال ہے سب اللہ کریم کا عطا کردہ ہے۔ لہٰذا نبیوں اور ولیوں میں جو بھی کمالات ہیں سب اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ ہیں۔ جیسے جناب عیسیٰ علیہ السلام کے کمالات مردوں کو زندہ کرنا، کوڑھیوں کو درست کرنا، اندھوں کو آنکھیں دینا، غیب کی خبریں دینا، ہمارے آقا ﷺ کا حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے بیٹوں کو زندہ کرنا۔ اللہ تعالیٰ کی عطا سے غیب جاننا، اپنے غلاموں کی مدد کرنا، صحابہ کرام کو حکم جاری فرمانا کہ جاؤ تم ریشم پہن لو یا دیگر احکام جو آپ پیچھے پڑھ چکے ہیں یہ سب اختیارات نبی کریم ﷺ کو اللہ کریم نے عطا فرمائے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی عطا سے حضور ﷺ مختار کل ہیں۔ انشاء اللہ عزوجل اور یہ اختیارات اللہ تعالیٰ نے خود اپنے حبیب ﷺ کو دیے ہیں جیسا کہ قرآن پاک میں بھی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

Marfat.com

## دلیل نمبر 240

آیت مبارکہ: وَ رَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَ يَخْتَارُ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ۔(پارہ نمبر 20 سورۃ القصص آیت نمبر 68)

ترجمہ: تیرا رب جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور چن کر مختار کر لیتا ہے ان میں سے کسی کو کوئی اختیار نہیں۔

## تبصرہ:

اس آیت سے بھی ثابت ہوا کہ کسی کے پاس ذاتی طور پر کوئی اختیارات نہیں ہیں لیکن جس کو اللہ چاہے چن لیتا ہے اور اس کو اختیارات عطا فرما دیتا ہے ہمارا عقیدہ ہے کہ کائنات میں جس طرح اپنے حبیب ﷺ کو خدا نے اپنے لیے چنا ہے اس کی مثال کہیں نہیں ملتی تبھی تو آپ ﷺ کو مالک و مختار بنا دیا ہے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ سمجھ کی توفیق عطا فرمائے (آمین)۔

## آخری التماس

معزز قارئین گرامی سے اور خصوصی طور پر علمائے حق اہلسنّت و جماعت حنفی بریلوی یارسول اللہ! کہنے والوں سے اپیل ہے کہ بتقاضائے بشریت، انسان خطا کار ہے۔ میرا یہ دعویٰ نہیں ہے کہ یہ کتاب میں مکمل طور پر ٹھیک لکھ پایا ہوں۔ اگر کہیں بھی آپ معزز حضرات کو کسی طرح کی غلطی یا کوئی کمی بیشی نظر آئے تو ازراہِ کرم مجھے ضرور مطلع فرمائیں تا کہ آئندہ نئے ایڈیشن میں اس کی تصحیح کی جائے اور اس کے علاوہ معزز علمائے کرام اور علم سے محبت رکھنے والے لوگ جو کہ میری آنکھوں کی ٹھنڈک اور میرے سر کا تاج ہیں، ان سے خصوصی طور پر عرض گذار ہوں کہ خاکسار کی اس ادنیٰ سی تصنیف کو پڑھ کر جہاں کہیں بھی اصلاح کی ضرورت ہو اپنا بھائی سمجھ کر اپنے قیمتی اور مفید مشوروں سے مجھ بندہ ناچیز کو مستفیض فرمائیں۔ شکریہ

Marfat.com

## اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عاجزی یارب العالمین!

میں تیرا عاجز بندہ تیرے عظیم دربار میں بوسیلۂ احمد مجتبیٰ ﷺ عرض گذار ہوں کہ میں نے تیری ہی عطا سے تیرے پیارے محبوب ﷺ کی بارگاہ میں ایک ادنیٰ سا ہدیہ پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ یارب العزت میری اس نیکی کو اپنے دربار میں شرف قبولیت سے سرفراز فرمانا۔ میری یہ ادنیٰ سی کوشش قیامت کے دن میرے گناہوں کا کفارہ بن جائے۔ یا اللہ اس کارِ خیر کو میرے لئے اس دُنیا میں عزت کا سبب اور آخرت میں ذریعہ نجات بنا دے۔ اس دُنیا میں اس کتاب کو عاشقانِ رسول ﷺ کی نظروں میں مقبول فرما۔ معزز قارئین گرامی کو یہ کتاب پڑھ کر حق سمجھنے اور عمل کرنے کی توفیق عطا فرما۔ میری، میرے والدین اور تمام امت محمد یہ ﷺ کی بخشش فرما۔ ہم جب تک زندہ رہیں دین اسلام پر قائم رہیں اور مرتے وقت گنبد خضریٰ کے مکین ﷺ کے نورانی چہرہ پاک کی زیارت نصیب فرما۔ مرتے وقت لبوں پر کلمہ طیبہ شریف نصیب ہو۔ زندگی شان کی دے، موت ایمان کی دے۔

میں سو جاؤں یا مصطفیٰ ﷺ کہتے کہتے
کھلے آنکھ صلِ علیٰ کہتے کہتے

آمین یا رب الغالمین بجاہ النبی الکریم الامین
صلی اللہ علیہ وسلم

فقیر درِ رسول کریم ﷺ
پیر سید شبیر حسین شاہ
خطیب مسجد سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا گنجی پور

Marfat.com

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

# کچھ اپنوں کی یادمیں

مَن یُطِعِ الرَّسُولَ فَقَد اَطَاعَ اللّٰہ

فرمان خداوندی عزوجل ہے کہ بے شک جس نے جناب رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کی اس نے اللہ عزوجل کی اطاعت کی۔

اس سے پیشتر کہ میں مرزا محمد جمیل شکوری رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں کچھ بیان کروں تو جناب حضرت مصطفیٰ ﷺ سے سچی اور بے لوث محبت اور عشق کی دولت سے سرفراز جگر گوشہ جناب مرزا محمد جمیل رحمۃ اللہ علیہ محترم جناب محمد عمر شکوری کا ذکر کرنا بھی مناسب سمجھا جن کی کوششوں اور مدد سے یہ کتاب "عطائے خدا اختیارات مصطفیٰ ﷺ" اشاعت کے مراحل سے گزری۔ میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو حضور ﷺ کی غلامی نصیب فرمائے۔ آمین ثم آمین

ظاہری طور پر مرزا محمد جمیل شکوری رحمۃ اللہ علیہ کی سیرت پاک آپ کی ظاہری کمالات حسن و کردار حسن و جمال ذات کا ذکر جمیل ہے۔ مگر حق یہ ہے کہ باطن از عارفاں پنہاں ہنوز جو کچھ بھی ضبط تحریر میں لایا گیا وہ اظہار عجز کے سوا کچھ نہیں۔ یہ دیکھنے والی آنکھ پر منحصر ہے کہ وہ کس مقام تک پہنچتی ہے ورنہ ظاہری طور پر مرزا محمد جمیل شکوری رحمۃ اللہ علیہ کی نا قابل رسائی بلندیاں اور لامتناہی عروج و کمال کا احاطہ کرنا کسی بھی انسان کے لئے ممکن نہیں۔ جہاں تک عارفان زمانہ کی نگاہیں ابھی تک عجز و درماندگی کی چوکھٹ پر سجدہ ریز ہیں اسی لیئے عاشق رسول ﷺ اور درویش حق قلندر لاہوری حضرت علامہ

Marfat.com

اقبال رحمۃ اللہ علیہ نے سچ فرمایا: "باطنش از عارفاں پنہاں ہنوز"۔ آخر میں میں اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ بوسیلہ آمد مجتبیٰ ﷺ محترم جناب مرزا محمد جمیل احمد شکوری کو بلندی درجات عطا فرمائے اور جنت الفردوس میں پیارے آقا ﷺ کا قرب نصیب فرمائے۔ آمین

دعا گو:

پیر سید شبیر حسین شاہ گنجی پور۔

## خصوصی التماس

معزز قارئین گرامی سے گزارش ہے کہ اس کتاب کو پڑھ کر میرے شفیق و مہربان والدِ مرحوم مرزا محمد جمیل شکوری کی روح پر نور کو تین مرتبہ درود شریف تین مرتبہ الحمد شریف تین مرتبہ قل شریف پڑھ کر ایصال ثواب کریں اللہ کریم آپ احباب کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

دُعا گو: فقیر درِ رسول ﷺ

مرزا محمد عمر شکوری

Marfat.com

عاشقانِ رسولﷺ کی خدمت میں قرآن و حدیث اور
معترضین کی کتب سے ۲۴۰ دلائل پر مشتمل مایہ ناز کتاب



# عطائے خدا عزوجل
# اختیاراتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم



شرفِ تالیف:
لانا پیر سید شبیر حسین شاہ

شاکر پبلی کیشنز لاہور

Marfat.com